یا ایھا الناس انا خلقنکم من ذکر و انثیٰ و جعلنکم شعوبا و قبائل لتعارفوا

الحمد للہ والمنہ کہ حضور سرورِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم کا نسب نامہ ایسے نئے طرز پر ہے جس میں اولوالعزم انبیاء علیہم السلام
خلفاء اربعہ صحابہ کرام و ائمہ اربعہ دیگر بزرگان صوفیاء عظام و سلاطین و عام مشاہیر سلاسل کے مع صحیح حالات تاریخی اس طریقے سے
درج ہیں کہ موجودہ نام تک نسل کا منتہی دکھا دیا گیا ہے۔ سادات حسنی حسینی زینبی علوی عباسی شیوخ
انصاری اسرائیل مغل افغان منہاس وغیرہ جس قدر مشہور اقوام ہیں سبکی آباو اجداد کی مکمل سوانح اور نسلی عبارت سے موجودہ آئندہ نسلوں کا

مرآۃ الانساب

۱۵ رجب ۱۳۳۵ھ

۱۰ اپریل ۱۹۱۷ء

ہونیکی وجہ سے سب کا مکمل نسب نامہ ہے اور ہو سکتا ہے
جسکو حسب ہدایش سرکار عمدۃ الاتبار عالیجناب محمد عبد الواجد خانصاحب رئیس بانسی ضلع بلند شہر جاگیردار آنریری مجسٹریٹ ممبر کونسل نائب ج...
جناب مولانا مولوی ضیاء الدین احمد صاحب علوی نقشبندی مجددی وکیل امروہی نے مرتب و تالیف کیا

اور باہتمام حافظ عبد الکریم
مطبع رحیمی منشی محمد عبد الرحیم واقع پرانی بنوں راجپوتانہ میں طبع ہو کر شائع ہوا

ناشر
ڈاکٹر محمد عبد الرحمن غضنفر
مؤسس و مدیر
الرحیم اکیڈمی
اے ۷/۱۷ اکرام آباد، لیاقت آباد، کراچی۔
موبائل: ۰۳۲۲-۲۸۶۷۴۸۰

بِاسْمِہٖ الْاَعْلٰی

وَكَاَيِّنْ مِّنْ اٰيَةٍ فِى السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ يَمُرُّوْنَ عَلَيْهَا وَهُمْ عَنْهَا مُعْرِضُوْنَ

اور بہت سی نشانیاں ہیں آسمان و زمین میں کہ گزرتے ہیں ان پر اور وہ ان سے منہ پھیرے ہوئے ہیں

مراۃ الانساب

للمحمد ضیاء الدین احمد العلوی

امروہی

مع اضافہ تذکرہ رحیمی

فَاَمَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فَهُمْ فِىْ رَوْضَةٍ يُّحْبَرُوْنَ

سو جو لوگ ایمان لائے اور اچھے کام کئے ہیں وہ باغ بہشت میں خوش و خرم ہوں گے

ناشر ڈاکٹر محمد عبدالرحمن غضنفر
مؤسس و مدیر
الرحیم اکیڈمی
اے-۷/۱۷ اکرام آباد، لیاقت آباد، کراچی۔
موبائل: ۰۳۲۲-۲۸۶۷۴۸۰

نام کتاب:............مرأۃ الانساب
تالیف:......مولانا ضیاء الدین علوی امروھویؒ۔
مع اضافہ......(تذکرۂ رحیمی) از مولانا ڈاکٹر محمد عبدالحلیم چشتی۔
ناشر:..........ڈاکٹر محمد عبدالرحمٰن غضنفر 0322-2867480
مؤسس و مدیر:......الرحیم اکیڈمی A 7/7 اکرم آباد لیاقت آباد کراچی، پاکستان۔
مطبع:......قریشی آرٹ پریس ناظم آباد کراچی۔
سنہ طباعت:......۵ محرم الحرام ۱۴۳۱ھ ۲۵ دسمبر ۲۰۰۹ء
تعداد:......۱۰۰۰
قیمت:......۳۰۰ روپے

ملنے کے پتے

مکتبہ سلطان عالمگیر ۵ لوئر مال اردو بازار لاہور	قدیمی کتب خانہ آرام باغ کراچی۔
میر محمد کتب خانہ آرام باغ کراچی۔	مکتبہ حمادیہ شاہ فیصل کالونی کراچی۔
دارالاشاعت اردو بازار کراچی۔	مکتبہ فاروقیہ شاہ فیصل کالونی کراچی۔
علمی کتاب گھر اردو بازار کراچی۔	اقبال بک سینٹر صدر کراچی۔
عباسی کتب خانہ جونا مارکیٹ کراچی۔	مکتبہ اصلاح و تبلیغ، حیدر آباد۔
ادارۃ الانور بنوری ٹاؤن کراچی۔	حاجی امداداللہ اکیڈمی حیدر آباد۔
اسلامی کتب خانہ بنوری ٹاؤن کراچی۔	حقانی کتب خانہ، لاڑکانہ۔
مکتبہ قاسمیہ بنوری ٹاؤن کراچی۔	مکتبہ امدادیہ سکھر۔
مکتبۃ القرآن بنوری ٹاؤن کراچی۔	مکی دارالکتب اردو بازار لاہور۔
مکتبہ رشیدیہ سرکی روڈ کوئٹہ	دارالکتاب عزیز مارکیٹ۔ اردو بازار، لاہور۔
مکتبہ بیت القلم، اسلام آباد۔	بخاری اکیڈمی، فیصل آباد۔

المیزان۔ ناشران و تاجران، الکریم مارکیٹ اردو بازار لاہور پاکستان۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نحمدہ و نصلی علی رسولہ الکریم

''مرأۃ الانساب اردو'' رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم، انبیاء علیہم السلام، خلفاء راشدین اور اولیاء کرام کے شجرۂ نسب کی جامع کتاب ہے، جو ''۱۳۳۵ھ۔۱۹۱۷ء'' کی تالیف ہے۔ یہ کتاب ۹۰ برس پہلے ''رحیمی پریس'' سے شائع کی گئی تھی اور ابا میاں کی خوش نصیبی تھی کہ اس کتاب کی کتابت کا قرعۂ فال ان کے نام نکلا، اور ابا میاں کو انبیاء و خاتم الرسل صلی اللہ علیہ وسلم اور ان کی آل و اولاد کا نسب نامہ لکھنے کی سعادت نصیب ہوئی۔

دوسری خوش نصیبی یہ ہے کہ اسے رحیمی پریس سے چھاپنے کا سہرا بھی انھی کے سر بندھا۔

تیسری بات خوشی کی یہ ہے کہ ''مرأۃ الانساب'' جیسی علمی کتاب جے پور جیسے غیر علمی شہر میں بزبان اردو شائع کی گئی۔

چوتھی یہ کہ ''مرأۃ الانساب'' اپنے موضوع کی سب سے پہلی اور اب تک غالباً آخری کتاب ہے جیسے راجپوتانہ جے پور میں اشاعت پذیر ہونے کا موقع ملا۔

رحیمی پریس غالباً (اس زمانے میں) کسی مسلمان کا قائم کردہ پہلا پریس تھا، جہاں سے اردو و فارسی کی متعدد کتابیں شائع ہوئیں، منجملہ ''مرأۃ الانساب'' اردو بھی ہے۔ جو حنائی اور سفید دو رنگوں میں پندرہ ۱۵ ہزار کی تعداد میں شائع ہوئی، جس کے بیشتر نسخے نواب صاحب نے خرید کر اہل علم کو تحفے میں دیئے۔ اس طرح کتاب ہاتھوں ہاتھ نکل گئی اور ۱۹۴۷ سے ہی اس کے نسخے نایاب ہوگئے اور جب سے اب تک اس کی دوبارہ اشاعت نہ ہوسکی تھی۔

اللہ تعالیٰ کا بڑا فضل و کرم ہے کہ ابا میاں کے سب سے چھوٹے بیٹے ''برادر عزیز ڈاکٹر محمد عبد الرحمٰن غضنفر مدیر ''الرحیم اکیڈمی کراچی'' سے اسے دوبارہ شائع کرنے کی سعادت حاصل کر رہے ہیں۔ اللہ تعالیٰ الرحیم اکیڈمی کو حسن قبول کی نعمت سے سرفراز فرمائے، میرے والد کے اس قلمی شاہکار کو اپنے دربار میں قبول فرمائے۔ آمین۔

ڈاکٹر محمد عبد الحلیم چشتی۔ ۱۰ ربیع الاول ۱۴۳۱ھ۔ ۲۰۱۰ء

هو الکبیر المتعال
کتبہ سیہ کار عبدالرحیم
۵ محرم ۱۳۵۹ھ
مرشدی ومولائی والدِ محترم محمد عبدالرحیم خاطر جیپوری رحمہ اللہ المتوفی ۱۸ جمادی الاول ۱۳۷۳ھ مطابق ۲۴ جنوری ۱۹۵۴ء کراچی

مراۃ الانساب کا ایک نادر قلمی نسخہ

از

کنور محمد اعظم علی خان خسروی نبیرہ نواب محمد عبدالواجد خان

محمد عبدالواجد علی خان، خلیفہ مجاز حضرت ضیاء معصوم نقشبندی مجددی رئیس بڈھانسی (ضلع بلند شہر۔ یو پی) جاگیردار ٹھکانہ جگر (نظامت پنڈون، ریاست جے پور) جب بار بار کے مسلسل اصرار کے بعد آخر کار ریاست جے پور کی سپریم جوڈیشنل کونسل کی ممبری سے سبکدوشی حاصل کرنے میں کامیاب ہوئے تو تیسری بار حج کے سفر کی نیت کرلی۔ کیونکہ کچھ عرصہ قبل ہی یکم ستمبر ۱۹۰۸ء کو حجاز ریلوے کا افتتاح ہو چکا تھا اس لئے ارادہ یہ ہو گیا کہ اس بار مدینہ منورہ میں حاضری اور سعادت حج حاصل کرنے سے پہلے عراق و شام وغیرہ میں مقاماتِ مقدسہ کی زیارت سے بھی مشرف ہوا جائے چنانچہ ایام حج سے گیارہ ماہ قبل ہی ۷ر محرم ۱۳۲۷ھ (۳۰ر جنوری ۱۹۰۹ء) کو اپنے بہت سے متعلقین و متوسلین و احباب کو (اپنے خرچ پر) ساتھ لے کر جے پور سے نکل کھڑے ہوئے اور بمبئی سے جرمن جہاز "بلڈ ونیا" پر سوار ہو کر عدن، پورٹ سعید اور یافا ہوتے ہوئے ۲ر اپریل ۱۹۰۹ء (۱۱ر ربیع الاوّل ۱۳۲۷ھ) کو بیت المقدس پہنچ گئے۔ جہاں ان دنوں باوجود شدید سردی کے بڑا اجتماع تھا، کیونکہ وہی زمانہ عیسائیوں کے مذہبی اجتماع کا بھی تھا اور یہودی بھی حضرت موسیٰ علیہ السلام کا جشنِ ولادت منانے کے لئے ہر طرف سے آئے ہوئے تھے۔

۳۰ر اپریل ۱۹۰۹ء تک اس علاقہ میں رہ کر انبیائے کرام، حضرت نوح علیہ السلام، حضرت داؤد علیہ السلام، حضرت سلیمان علیہ السلام، حضرت موسیٰ علیہ السلام، حضرت عزیز علیہ السلام، حضرت یونس علیہ السلام، حضرت یوسف علیہ السلام، حضرت ابراہیم علیہ السلام، حضرت اسحاق علیہ السلام، حضرت یعقوب علیہ السلام اور حضرت مریم (حضرت راحلہ (والدہ حضرت یوسف علیہ السلام) اور حضرت یعقوب علیہ السلام کی والدہ ماجدہ اور اصحاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم، حضرت ابو عبداللہؓ، حضرت عکاشہؓ، حضرت سلمان

فارسیؒ اور اولیائے کبار حضرت ابراہیم بن ادھمؒ وحضرت شبلیؒ کے مزارات مقدسہ اور کوہِ طور سینا اور قید خانہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی زیارت کی۔ اس کے بعد خلیل الرحمٰن سے تقریباً دو کوس پر حضرت لوط علیہ السلام کے مزار اور پھر دیگر زیارتوں کا ارادہ تھا کہ رات دس بجے سلطان عبدالحمید کی معزولی اور سلطان محمد رشاد خامس کی سربراہی کا اعلان ہوا۔ لہٰذا اس اندیشہ کی بناء پر کہ نہ جانے اس انقلاب سے کیا بدامنی پیدا ہو جس کے نتیجے میں راستے مخدوش ہو جائیں یا جہاز ریلوے بند ہو جائے، مزید زیارتوں کا ارادہ ملتوی کر دیا اور یکم مئی ۱۹۰۹ء کو نابلس بیسان کے اسٹیشن سے ریل میں سوار ہو کر دمشق پہنچ گئے۔ جہاں دیگر انبیاء کرام حضرت ذوالکفل علیہ السلام و یحییٰ علیہ السلام اور صحابۂ عظام حضرت بلال رضی اللہ عنہ، عبداللہ بن مکتوم رضی اللہ عنہ، جعفر طیار رضی اللہ عنہ، ابوہریرہ رضی اللہ عنہ، معاویہ رضی اللہ عنہ، مساعد رضی اللہ عنہ اور ہریمع رضی اللہ عنہ اور امہات المومنین حضرت ام حبیبہ رضی اللہ عنہا وام سلمہ رضی اللہ عنہا اور افراد ذریات رسول صلی اللہ علیہ وسلم، حضرت سکینہ بنت حسین رضی اللہ عنہا حضرت زینب بنت علی رضی اللہ عنہا، اور عبداللہ بن زین العابدین رضی اللہ عنہ اور اولیائے کبار، حضرت بہلولؒ دانا، شیخ اکبر محی الدین ابن عربیؒ، خالد کردی، عبدالغنی نابلسی، واسماعیل کردی اور سر مبارک حضرت حسین بن علی رضی اللہ عنہ کے مزارات کی زیارت سے مشرف ہوئے۔ دمشق سے روانہ ہو کر، ۷ ارمئی ۱۹۰۹ء کو مدینہ منورہ پہنچے، جہاں ۲۳ رشوال المکرم ۱۳۲۷ھ تک قیام کر کے مکہ مکرمہ تک آئے جہاں تیسری بار حج کی سعادت حاصل کر کے ہندوستان کے سفر پر روانہ ہو گئے۔

۱۷ اراپریل ۱۹۱۰ء کو ساچودہ مہینے بعد، جے پور واپس پہنچ گئے۔

مدینہ منورہ کے دوران قیام میں ان کی ملاقات حسن اتفاق سے حاجی محمد اسماعیل بخاری خوش نویس سے ہوئی جو وہاں کتب خانہ سلطانی میں شعبہ مخطوطات کے انچارج تھے، کتب خانہ میں ایک مستند و مکمل شجرہ حضرت آدم علیہ السلام سے سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم تک کا موجود تھا، جس کی نقل بخاری صاحب نے اپنے لئے کر رکھی تھی اس کا ذکر انہوں نے واجد علی خان سے کیا تو مؤخر الذکر نے کمال اشتیاق ظاہر کر کے اس کی ایک نقل جلد از جلد عطا کرنے کی بہ اصرار درخواست کی، کیونکہ روانگی میں تھوڑے ہی دن رہ گئے تھے۔ بخاری صاحب نے شب و روز محنت کر کے صرف تین دن میں اس کی ایک انتہائی خوشخط نقل بہتر (۷۲) فٹ طویل کاغذ پر کر کے اور اس کا مقابلہ کتب خانہ کے اصل شجرہ سے کر کے واجد علی خان کے حوالہ کر دی۔ جو اسے جے پور لے آئے، جہاں آ کر انہیں خیال ہوا کہ اس شجرہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ دیگر انبیائے کرام واصحاب نبوی صلی اللہ علیہ وسلم واولیائے کبار وعلمائے عظام اور ہندوستان و دیگر قریبی ممالک کے مقدس

مسلمانوں کے سلاسل انساب بھی اس میں شامل کئے جائیں اور آخر میں بطور ضمیمہ خود اپنے (لال خانی راجپوت)
خاندان کا شجرہ بھی لکھ دیا جائے۔ چنانچہ اس مہم پر مولوی سید عبدالقادر ٹونکی اور مولوی حاجی ضیاء الدین احمد امروہوی کو
مستقل مہمان رکھ کر مامور کر دیا۔

حسن اتفاق سے اسی زمانہ میں بخاری صاحب مذکور بھی مدینہ منورہ سے ہندوستان کی طرف
تشریف لائے۔ اور جے پور میں کافی طویل عرصہ واجد علی خان کے مہمان رہے، جن سے اس سلسلہ میں کافی
کیونکہ ان کی یادداشت بہت قوی تھی اور ان کے ذہن میں بہت سے مشہور سلاسل جو مدینہ منورہ کے شاہی کتب خانہ
میں تھے تقریباً محفوظ تھے۔ مولوی سیّد عبدالقادر ٹونکی تو کچھ عرصہ کے بعد ملازم ہو کر بنگال روانہ ہو گئے اور بخاری
صاحب بھی واپس مدینہ منورہ چلے گئے، لہٰذا تنہا مولوی حاجی ضیاء الدین احمد امروہی نے رات دن کی جانفشانی اور
دقت نظر سے مطلوبہ تمام سلاسل کو تاریخ واحادیث و سیر کی مذکورہ ذیل بہتر (۷۲) کتابوں سے تحقیق و تدقیق کے
۳۰ را پریل ۱۹۱۷ء کو (تقریباً سات سال کی محنت شاقہ کے بعد) مکمل کر لیا اور اس مجموعہ سلاسل کا نام "
الانساب" رکھا گیا۔ اس میں مجموعی طور پر چار ہزار پچپن (۴۰۵۵) سلاسل ہیں، جن میں سے اٹھاون (۵۸) انبیاء
کرام کے، چھیانوے (۹۶) خلفائے راشدین و صحابہ کرام کے، ستاون (۵۷) امہات المومنین و صحابیات کے
ایک سو ستر (۱۷۰) مشاہیر بزرگان دین اولیاء و علماء کے اور باقی تین ہزار چھ سو چوہتر (۳۶۷۴) ہندوستان
وایران اور افغانستان و ترکی اور بلاد عرب کے دیگر معروف و مشہور دنیاوی یا دینی وجاہت رکھنے والے خاندانوں اور
خان زادوں کے ہیں۔ اس کی تدوین و تصدیق کے لئے جن بہتر (۷۲) ماخذ سے استفادہ کیا گیا ان کے نام یہ
ہیں:۔

(۱) صحیح بخاری (۲) تفسیر کبیر (۳) تفسیر ابن السعود (۴) مواہب لدنیہ (۵) تفسیر قادری (۶) ازالۃ الخفا (۷) تاریخ
الخلفاء (۸) اصابہ فی تمیز الصحابہ (۹) مکتوبات امام ربانی (۱۰) تاریخ کامل ابن کثیر (۱۱) تاریخ ابن خلدون
(۱۲) مروج الذہب (۱۳) معادن الجواہر (۱۴) سبائک الذہب (۱۵) روضۃ الاحباب (۱۶) روضۃ الاصفیاء (۱۷)
خصائل کبریٰ (۱۸) نشر الطیب (۱۹) سیر الحبیب (۲۰) سرور المحزون (۲۱) انوار الاذکیا (۲۲) تاریخ عالم (۲۳)
نفحات الانس (۲۴) آداب المریدین (۲۵) جواہر فریدی (۲۶) فلاح (۲۷) ابن خلکان (۲۸) مقدمہ ابن
خلدون (۲۹) تاریخ اسلام (۳۰) قرۃ العیون شرح سرور المحزون (۳۱) ناسخ التواریخ (۳۲) نخبۃ التواریخ (۳۳)

تاریخ افغانستان (۳۴) امیر نامہ (۳۵) تاریخ بھوپال (۳۶) صولت افغانی (۳۷) اکبر نامہ (۳۸) آئینِ اکبری
(۳۹) حدائق الحنفیہ (۴۰) نسب نامہ انصاریان (۴۱) تاریخ روم (۴۲) احوال علمائے فرنگی محل (۴۳) عمدۃ الطالب
(۴۴) طبقات ناصری (۴۵) سیرۃ النبی ﷺ (۴۶) شجر العالم۔ (۴۷) عرائس القصص (۴۸) سرّ الشہادتین (۴۹)
جوامع الحکایات (۵۰) بحر الانساب (۵۲) کنز الانساب (۵۳) خلاصۃ التواریخ قلمی (۵۴) شجرہ قلمی، مدینہ منورہ
اس کتاب کی وجہ تالیف ہے (۵۵) فصول مسعودیہ (۵۶) مقامات سعدیہ (۵۷) ترغیب الترہیب (۵۸) شمائل
المشائخ (۵۹) سید الاقطاب (۶۰) تیسیر شرح جامع صغیر (۶۱) مخارج الولایت (۶۲) منتخب التواریخ (۶۳) مرأۃ
المداری (۶۴) سید المشائخ (۶۵) تاریخ دکن (۶۶) اسراریہ (۶۷) مقاصد العارفین فیض (۶۸) اشرف نامہ (۶۹)
تاریخ بلند شہر (۷۰) مرقع فیض (۷۱) تاریخ راجستھان از ٹاڈ (۷۲) تاریخ برن۔

اس کتاب کی تدوین وتحریر کے لئے واجد علی خان نے ۷/اپریل ۱۹۱۰ء سے ۳۰/اپریل ۱۹۱۷ء تک مولوی ضیاء الدین احمد امروہوی کو وقتاً فوقتاً مہینوں اپنا مہمان رکھ کر ان کے جملہ مصارف بھی برداشت کئے اور انہیں تحقیق وتدقیق کے سلسلہ میں ہندوستان بھر کے مختلف کتب خانوں میں جہاں جہاں جانا پڑا اس کے اخراجات بھی۔ جو ماہانہ رقم سات سال تک بطور حق المحنت دیتے رہے وہ الگ ہے۔ تکمیل تحریر کے بعد اس کی کتابت کے لیے بے پور کے بہترین وگراں ترین خوش نویس خطاط محمد عبد الرحیم (سابق پروفیسر اسلامی یونیورسٹی بہاول پور و حال مجلس دعوت وتحقیق اسلامی، کراچی سے منسلک مولانا محمد عبد الرشید نعمانی کے والد گرامی مرحوم) کی خدمات حاصل کی گئیں اور ان ہی کے ''مطبع رحیمی''، واقع ترپولیہ بازار، جے پور میں ایک سو اٹھاسی (۱۸۸) صفحات میں جہازی سائز ودبیز حنائی اور گالی کاغذ پر طبع کرائی۔ مولوی معین الدین اجمیری نے اپنی کتاب ''حیوۃ طیبہ'' (جو واجد علی خان کا تذکرہ ہے) میں تحریر کیا ہے کہ ''مراۃ الانساب'' کی طباعت پر تقریباً دو ہزار روپے صرف ہوئے۔ طباعت کے بعد اس کے تمام نسخے واجد علی خان نے مولوی ضیاء الدین احمد کو اس شرط پر فروخت کے لئے دے دیئے کہ جو نفع ہو خود رکھیں اور اصل لاگت واپس کردیں۔ احباب واعزا و ہندوستان کے مختلف شہروں کے کتب خانوں کو تحفۃً دینے کے لئے جو نسخے درکار تھے وہ مولوی صاحب سے اسی قیمت پر خرید لئے جس پر وہ دوسروں کو فروخت کرتے تھے۔ اس مجموعۂ سلاسل میں ہر نام ایک علیحدہ قسم کے دائرے میں تحریر ہے، جو بہ اعتبار موسوم کی حیثیت ووجاہت دینی یا دنیاوی تیرہ (۱۳) مختلف اقلیدسی اشکال کے ہیں، جو اللہ بخش نقاش کے فنکارانہ حسن کے مظاہر ہیں۔ اس کی طباعت بہ اہتمام حافظ محمد عبد الکریم مہتمم

شمس الدین مذکورۂ بالا مطبع رحیمی میں ہوئی۔

اب اس کتاب کے اس گمشدہ نادر قلمی نسخہ کا ذکر کرنا مقصود ہے جو اس تحریر کا محرّک ہے اور جسے واجد علی خان نے خود اپنے لئے تیار کرایا تھا، اس کا ہر ورق انتہائی دبیز وسفید براق، دونوں رخ سے مصفّٰی (گلیزڈ) امپورٹڈ آرٹ پیپر کی ۳۰×۲۰ سائز کی پوری شیٹ کا تھا۔ مولوی عبدالرحیم خطاط اور اللہ بخش نقاش نے اس پر اپنا اپنا پورا فن صرف کر دیا تھا۔ پورے سرورق کے علاوہ ہر ورق کے چاروں طرف ایک ایک انچ عریض حاشیہ میں مختلف موٹے اور باریک قلموں سے حسین طلائی ونقرئی ولاجوردی گلکاری کی گئی تھی۔ اس نسخہ کے لئے محمد معین الدین مرادآبادی (انجینئر) کے ذریعہ سے بلاد اسلامیہ کے تمام ممالک میں واقع مقدس زیارت گاہوں اور تاریخی عمارات ومقامات کے فوٹو اور نقشہ جات بھی حاصل کر کے شامل کر لئے تھے۔ جن پر ہر تاریخی مقام کا نام اور وجہ شہرت واہمیت بہت ہی خوشخط لکھوائی گئی تھی۔ تیار ہونے پر اس کا وزن معہ صندوق تقریباً ۲۰ سیر تھا۔ اس کی جلد اعلیٰ ترین ولایتی چمڑے کی بنوائی گئی جس پر کتاب کا نام وغیرہ اور نظر فریب گلکاری طلائی ونقرئی پختہ روشنائی سے کرائی گئی اور اس کے لئے خالص صندل سرخ کا ایک چوبی صندوق تیار کرایا گیا جس کے پیندے کی موٹائی دو انچ، ڈھکنے کی ڈیڑھ انچ اور چاروں دیواروں کی ایک انچ تھی، ڈھکن اور چاروں دیواروں کے بیرونی رخ پر انتہائی باریک کھدائی سے بیل بوٹے بنوا کر خالص ہاتھی دانت کی پچی کاری کرائی گئی۔ اوپر نیچے آٹھوں کونوں پر جوڑوں کی مضبوطی کے لئے پیتل کی موٹی چادر کی تکونی ''کھنیاں'' لگائی گئیں اور ان پر بھی باریک کھدائی سے گلکاری کی گئی۔ (جے پور ہمیشہ سے پیتل، تانبہ اور چاندی پر کھدائی کے لئے مشہور ہے اور اس کے کاریگر پہلے تو سب کے سب ہی لیکن اب بھی اکثریت مسلمان ہیں) نیچے ڈیڑھ ڈیڑھ انچ اونچے مضبوط اور منقش خم دار پیتل کے پائے لگائے گئے۔ بند کرنے کے لئے پیتل کے دو چوڑے چوڑے منقش ''پھپکے'' لگائے گئے، جب کہ پیچھے چار چوڑے چوڑے موٹی آہنی چادر کے قبضے لگائے گئے۔

اس سستے زمانے میں اس صندوق کی تیاری پر تقریباً پانچ سو روپے صندل کی لکڑی، ہاتھی دانت اور پیتل کے سامان کی قیمتوں اور لکڑی وپیتل کی کھدائی اور ہاتھی دانت کی پچی کاری کی اجرت پر لاگت آئی۔ پھر اس کے پیندے میں خالص کافور کی آدھی انچ موٹی تہہ کپڑے کی تھیلی میں بھر کر بچھائی گئی تا کہ کتاب کیڑوں سے محفوظ رہے۔ ہر دوسرے تیسرے مہینے نکال کر اسے دھوپ اور ہوا لگائی جاتی۔ جب کوئی نیا ملاقاتی آتا تو اسے بڑے فخر ومسرت سے دکھاتے تھے اور بہت عزیز رکھتے تھے۔

وہ نادر قلمی نسخہ ۱۱ر جون ۲۲ء (۱۴ر شوال ۱۳۴۰ھ) کو ان کی بعمر بہتر (۷۲) سال (ولادت ۳۱ر مئی ۱۸۴۸ء ۲۶ر جمادی الاخریٰ ۱۲۶۴ھ) انتقال کر جانے کے بعد ان کے بڑے صاحبزادے خورشید علی خان (کمانڈر انچیف ریاست جے پور، جاگیردار ٹھکانہ جگر، جے پور رئیس مڈراک، ضلع علی گڑھ) کی تحویل میں رہا۔ پھر ان کے فرزند اکبر و وارث جاگیر جے پور و ریاست مڈراک، کنور عبدالوہاب خان صاحب (یوپی کے مشہور خلافتی قائد) کے قبضہ اور پھر ان کے صاحبزادے کنور عبدالباقی خاں کے پاس رہا۔ جسے ۱۹۵۶ھ میں جب میں آخری بار ہندوستان گیا تھا تو میں نے خود دیکھا تھا۔ ان کے کوئی اولاد نرینہ نہیں ہوئی۔ صرف پانچ لڑکیاں چھوڑ کر ۲۹ر مئی ۱۹۷۵ء کو انتقال کر گئے اور یوں خورشید علی خان کا اولاد ذکور کا سلسلہ ختم ہو گیا۔

گذشتہ سال جب میں نے ''تاریخ لال خانیاں'' کی تدوین و تحریر کیلئے ان کی لڑکی مہ جبین سے کچھ کتابیں طلب کیں تو اس نادر قلمی نسخہ کے متعلق بھی دریافت کیا تھا جس کے جواب میں اس نے بعد تلاش بسیار مطلع کیا کہ اس قسم کا کوئی نسخہ ہی موجود ہے اور نہ کوئی ایسا خالی صندوق ہی کہیں ملا۔ سمجھ نہیں آتا کہ وہ علمی و تاریخی نادر روز گار فنی شہ پارہ کہاں گیا۔ عبدالوہاب خاں کے زمانے میں ایک شخص نے اس کیلئے بڑھاتے بڑھاتے دس ہزار روپے پیش کر دیئے تھے۔ کیونکہ اسے یقین تھا کہ یورپ یا انگلینڈ کا کوئی نہ کوئی کتب خانہ اس کی دوگنی سے زیادہ قیمت دے دے گا۔ لیکن وہ کسی قیمت پر اس خاندانی یادگار کو الگ کرنے پر تیار نہ ہوئے۔ اگر عبدالباقی خان نے اس کو فروخت کیا ہوتا یا آخری زمانہ علالت میں جب زندگی سے مایوسی ہو گئی تھی کسی کتب خانہ میں رکھوایا ہوتا تو یقیناً مجھے لکھتے یا دوستوں میں سے کسی سے یا اپنی بیوی اور بچیوں میں کسی سے ذکر کرتے۔ گمان غالب یہ ہے کہ ان کی طویل علالت کے دوران اور موت کے وقت اور بعد میں ان کے گھر میں کسی مرد کے نہ ہونے سے جو افراتفری پھیلی اور پھر ان کی موت کے ایک ہفتہ بعد ہی ان کی بیوی کے دماغی کینسر کی وجہ سے بیہوش ہو کر ہسپتال پہنچا دیئے جانے اور وہاں باوجود پانچ دفعہ دماغ کا نیچر آپریشن ہونے کے دس ماہ تک بے ہوش ہی رہ کر انتقال کر جانے کے بعد مزید ابتری پھیلی، اس زمانے میں کسی ایک ملازم یا آنے جانے والے کو جو اس نسخہ کی قدر و قیمت جانتا تھا۔ اسے غائب کرنے کا موقعہ مل گیا۔ اب نہ جانے وہ نادرۂ روزہ گار کہاں، کس ملک میں، کس کے پاس اور کس حالت میں ہے فی الحال تو وہ بھی ان علمی و تاریخی اور فنی نوادرات میں شامل ہو گیا ہے جو مسلمانوں کا گمشدہ خزانہ ہیں۔

اسی سلسلہ میں ایک اور علمی خزانے کے اتلاف کا ذکر بھی بے محل نہ ہوگا۔

واجد علی خان نے اپنی یو پی کی ریاست بڈھانی میں ایک اقامتی دینی درس گاہ، اپنے والد احمد علی خان نقشبندی، مجددی مظہری (خلیفہ، مجاز مولانا رحیم بخش اجمیری) متوفی یکم رمضان ۱۲۹۷ھ کی یادگار میں بنام مدرسہ احمدیہ حنفیہ'' قائم کی تھی۔ درسگاہ اوراس سے متصل اساتذہ وطلباء کی اقامت گاہ وکتب خانہ اور مسجد کے لئے بڑی عالی شان عمارات تعمیر کرائی تھیں۔ مقامی اور بیرونی طلباء سے کوئی فیس نہیں لی جاتی تھی بلکہ نوشت وخواند کا جملہ سامان بھی مفت فراہم کیا جاتا تھا۔ بیرونی طلباء کو جنہیں ان کے سرپرست کچھ نہیں بھیج سکتے تھے۔ ضروریات زندگی کے لئے وظیفہ بھی دیا جاتا تھا۔ اساتذہ اور مقیم طلباء کی خوراک ورہائش بھی بلا معاوضہ تھی۔ ان تمام مصارف کی کفالت کے لئے کئی مواضعات وقف علی اللہ کردیئے گئے تھے۔ مدرسہ میں ''درس نظامی'' کے علاوہ فارسی اردو اور حساب کی بھی تعلیم ہوتی تھی۔ اس سے ملحقہ کتب خانے میں ہر زبان اور ہر موضوع کی ہر ایک درسی کتاب کے کم از کم دس نسخے لازمی ہوتے تھے اور ان میں سے ہر ایک کے حواشی وشرح کے مختلف علماء کے لکھے ہوئے کئی کئی نسخے مزید برآں۔ غیر درسی کتب کی تعداد ان کے انتقال کے بعد (حسب تحریر مولوی معین الدین اجمیری مذکورۂ صدر) سات ہزار تھی۔ جن میں اس وقت کی تمام مصری مطبوعات، نیز عربی، فارسی اور اردو کی مختلف موضوعات پر تصانیف وتالیفات کے ہندوستانی مطبوعہ وقلمی نسخے شامل تھے۔ جو بیس ۲۰ تصانیف وتالیفات کے ہندوستانی مطبوعہ وقلمی نسخے شامل تھے۔ جو بیس ۲۰ تصانیف وتالیفات انہوں نے حق المحنت ادا کر کے مختلف علماء سے لکھوائیں اور اپنے خرچ پر طبع کرائیں ان میں سے ہر ایک کے متعدد نسخے بھی موجود تھے۔ مراۃ الانساب'' کے مطبوعہ نسخے تو کئی درجن تھے جن میں سے وقتاً فوقتاً آنے والے صاحب ذوق احباب واعزا کو تحفۃً دیئے جاتے تھے۔ ہندوستان کے طول وعرض میں شاید ہی کوئی ایسا علمی وادبی پرائیویٹ کتب خانہ یا پبلک لائبریری ایسی ہوگی جہاں اس کے نسخے نہ بھیجے گئے ہوں۔ واجد علی خان کے انتقال کے بعد ریاست بڈھانی کے وارث اور مواضعات موقوفہ کے متولّی ان کے چھوٹے صاحب زادے کنور منظور علی خان ہوئے۔ جن کی زیرنگرانی اگرچہ مدرسہ اور کتب خانہ میں کوئی توسیع وترقی نہیں ہوئی لیکن بہر حال قائم رہا۔ ان کے بعد جب ان کے بڑے صاحب زادے کنور طفیل احمد خان صاحب جائداد کے وارث، وقف کے متولی اور مدرسہ وکتب خانہ کے مہتمم ونگران ہوئے تو اگرچہ کتب خانہ تو برسوں تک بدستور رہا لیکن مدرسہ بتدریج تنزّلی کرتے کرتے مقامی بچوں کا مکتب رہ گیا۔ جب وہ تقسیم ہند کے کئی سال بعد مستقلاً پاکستان آنے کو ہوئے تو مولانا عبدالشاہد خان شروانی (سابق اسٹنٹ لائبریرین وانچارج شعبہ مخطوطات، مولانا آزاد لائبریری، مسلم یونیورسٹی، علی گڑھ) کے خط بنام

۳ر جولائی ۱۹۷۷ء کی تحریر کے مطابق ''بہت سی کتابیں کنور طفیل احمد خان مرحوم نے مختلف لوگوں کو فروخت کیں۔ ان کے بعد ان کے ملازم عبدالحمید نے جو اسی مکان میں ان کے ساتھ رہتا تھا، بعد میں بیچیں''۔

اسی طرح وہ نادر ذخیرہ کتب جو احمد علی خان اور پھر ان کے صاحب زادے واجد علی خان نے تقریباً ایک صدی میں نہ جانے کہاں کہاں سے کون کون سے قلمی و مطبوعہ علمی و تاریخی جواہر پارے فراہم کر کے جمع کیا تھا وہ اخلاف کی ناقدری سے غارت ہوا۔

مولوی معین الدین اجمیری نے ''حیوٰۃ طیبہ'' میں اس کتب خانہ کا ذکر کرتے ہوئے لکھا ہے کہ اس میں کیفیت و کمیت دونوں اعتبار سے کتابوں کا ذخیرہ ایسا ہے کہ ایک مستعد شخص ان کو دیکھ کر متبحر عالم بن سکتا ہے اور معمولی عالم مصنفین کی صف میں آسکتا ہے۔ نہایت جامع کتب خانہ ہے۔ کتابوں کی تعداد سات ہزار (۷۰۰۰) ہے۔ ہر فن کی فہرست جداگانہ ہے۔ اس طرح چالیس ۴۰ فہرستیں ہیں۔ جن کا معائنہ فقیر نے کیا ہے۔ اس سے کتب خانہ کی جامعیت کا اندازہ ہو سکتا ہے۔ بڑے بڑے شہر ایسے عظیم الشان کتب خانے سے خالی ہیں''

یہ تھا وہ مجموعہ نوادرات علم جسکے جواہرات کوڑیوں کے مول قدر ناشناساؤں نے بیچ دیئے۔ ناقدری اور ناخلفی کی حد تو یہ ہے کہ آج واجد علی خان کے تین سگے پوتوں (مقیم لاہور و شیخوپورہ) اور پڑپوتوں (مقیم حیدرآباد و کراچی) کے پاس خود واجد علی خان کی موسومہ بالا سوانح حیات (حیوٰۃ طیبہ) تک نہیں ہے، چہ جائیکہ اس ذخیرہ کا کوئی اور علمی و فنی شہ پارہ۔ میں نے بھی بصد دشواری مولوی معین الدین اجمیری کی یہ تالیف جے پور سے منگوائی ہے ورنہ تو خود مؤلف کے صاحبزادے باقی میاں کے پاس بھی نہیں ہے۔

آج جو نئی نسل پر اپنے اسلاف اور ان کے کارناموں سے غفلت کا الزام لگایا جا رہا ہے وہ نیا نہیں ہے، پچاس ساٹھ برس پہلے پیدا ہونے والی نسل بھی اسی ناقدر شناسی اور اسلاف فراموشی میں مبتلا ہے۔ ایک اور مثال اس کی سامنے آئی کہ نواب احمد سعید خان صاحب آف چھتاری کے دادا نواب محمود علی خان کی ایک سوانح عمری ۱۵ ھ میں چھپی تھی جو مجھے اپنی زیر فکر ''تاریخ لال خانیاں'' کے سلسلہ میں درکار تھی۔ میں نے ہندوستان میں احمد سعید خان صاحب سے پوچھا تو معلوم ہوا کہ انہیں تو اپنے سگے دادا کے اس تذکرے کے معرض وجود میں آنے تک کا علم نہیں۔ نہ جانے یہ نسلی خلیج (جنریشن گیپ) جس کے لئے آج کی پود مطعون ہے کب سے چل رہی ہے۔ اور کب تک چلے گی اللہ تعالیٰ ہی بہتر جانتا ہے۔ ماہنامہ "الحق" اکوڑہ خٹک، جلد ۱۳۔ شمارہ ۱۰، رمضان المبارک ۱۳۹۵ھ اگست ۱۹۷۸ء

پاسِ خاطر

خطِ نستعلیق آٹھویں صدی ہجری میں ایجاد ہوا۔ میر علی تبریزی اس کے موجد بیان کئے جاتے ہیں۔ سلطان علی مشہدیؒ (م ۹۱۹ھ) میر علی ہروی (م ۹۶۶ھ) اور میر عماد الحسنی قزوینی (م ۱۰۲۴ھ) رحمہم اللہ نے اسے اوجِ کمال تک پہنچایا۔

خطِ نستعلیق بابر بادشاہ کے ساتھ برصغیر پاک وہند میں آیا۔ اپنی گوناگوں خوبیوں کی بنا پر مقبولِ عام ہوا۔ دورِ اکبری میں محمد حسین کشمیریؒ اور عہدِ جہانگیری میں عبدالرحیم عنبریں قلمؒ نے نام پایا۔ ایران میں میر عماد الحسنیؒ کی شہادت کے بعد ان کے ہمشیرزادہ اور تلمیذ خاص آقا عبدالرشید دیلمیؒ نے ہندوستان کا رخ کیا۔ پہلے لاہور اور پھر آگرہ کو رونق بخشی۔ شاہجہان کے دربار تک شہرت پہنچی۔ رسائی اور پذیرائی ہوئی۔ شہزادہ داراشکوہ ان کے حلقہ تلمذ میں آئے۔ آقا صاحب نے ۱۰۸۱ھ میں آگرہ میں وفات پائی۔ کبیر السن تھے آقائے دیلمی کی روش خط اپنے محاسن فنی کی وجہ سے بہت جلد برصغیر میں پھیل گئی۔ یہاں کے خوشنویسوں نے بڑی تعداد میں اسے اختیار کیا۔ ان سے تین مکتب قائم ہوئے:۔

(۱) لاہور (۲) لکھنو اور (۳) دہلی۔

لاہوری مکتب کے نمائندہ محمد افضل لاہوری تھے۔ ''تذکرہ'' ''خوشنویسان'' کے مؤلف غلام محمد ہفت قلمی کا بیان ہے کہ محمد شاہ رنگیلا کے عہد میں منشی عبدالمجید پرویں رقم لاہوری نے خطِ نستعلیق میں قلمی اجتہاد کی داغ بیل ڈالی۔

لکھنوی مکتب میں حافظ نور اللہ اور قاضی نعمت اللہ لاہوری نے شہرت پائی۔ عبدالحلیم شرر نے اپنی تالیف ''گذشتہ لکھنو'' میں ان کا بلند الفاظ میں ذکر کیا ہے۔ ان کے سلسلہ تلمذ میں منشی شمس الدین اعجاز رقم جیسے باکمال خطاط پیدا ہوئے۔

انیسویں صدی عیسوی میں سرآمد خوشنویساں دہلی سید محمد امیر المعروف بہ ''میر پنجہ کش'' نے بڑی شہرت پائی۔ انہوں نے آقا عبدالرشید دیلمی کی تحریروں سے استفادہ کیا۔ ان سے خوشنویسوں کی ایک بڑی تعداد نے کسب فیض

کیا، جن میں بعض غیر مسلم بھی شامل ہیں۔ ان کے ایک شاگرد منشی بہاری لال دہلوی (م ۱۲۸۳ھ/۱۸۶۷ء) تھے، جن سے منشی ھیرالال جے پوری (م ۱۹۲۱، غالبًا) نے کتابت سیکھی۔ منشی ھیرالال سے جناب منشی محمد عبدالرحیم خاطر جے پوری (۱۳۷۳ھ/۱۹۵۴ء) نے یہ فن سیکھا۔ زیر نظر کتاب ''کریما خوشخط'' انہی کے دست مبارک کی لکھی ہوئی ہے۔

شیخ سعدی شیرازی رحمہ اللہ کی ''کریما'' اصلاحی ادب میں بڑا مقام رکھتی ہے۔ ہر زمانہ کے خوشنویسوں نے اسے مشق خط کے لئے انتخاب کیا ہے۔ طبقہ متاخرین میں منشی شمس الدین اعجاز رقم اور منشی عبدالغنی شیریں قلم (المعروف نھو) کی ''کریما جلی قلم'' خاص طور پر قابل ذکر ہے۔ منشی محمد عبدالرحیم صاحب بھی آقا دیلمی کی روش خط کے مقلد تھے۔ ان کے انداز تحریر اپنے اساتذہ فن کی جھلک لئے ہوئے ہے۔ جناب منشی محمد عبالرحیم خاطر خدایاد شب زندہ دار بزرگ تھے۔ سلسلہ عالیہ چشتیہ نظامیہ میں شرف بیعت واجازت رکھتے تھے۔ خطاطی کو رزق حلال کا ذریعہ بنایا۔ عمر بھر اس فن شریف سے وابستہ رہے۔ اللہ تعالیٰ نے اس رزق حلال کی برکت سے انہیں نیک وصالح اور عالم وفاضل اولاد عطا فرمائی۔

جن میں سب سے بڑے ہمارے مخدوم ومکرم عالم ربانی محقق عصر محدث وفقیہ حضرت مولانا محمد عبد الرشید نعمانی دامت برکاتہم (رحمہ اللہ) جن کی تصنیفات ''لغات القرآن'' اور ''ابن ماجہ اور علم حدیث'' سے علماء کرام استفادہ کر رہے ہیں۔

(۲) جناب مولانا عبدالعلیم ندوی صاحبؒ۔ (۳) جناب مولانا عبدالحلیم چشتی صاحب۔

(۴) جناب مظفر لطیف صاحبؒ۔ (۵) جناب عبدالرحمٰن غضنفر صاحب۔

اللہ تعالیٰ خاطر مرحوم کو اپنے جوار رحمت میں جگہ دے۔

''کریما'' کا خطی نسخہ ان کے خدمت گزار وسعادت مند فرزند جناب مظفر لطیف صاحب کے پاس موجود ہے۔ جناب مظفر لطیف صاحب لائق تحسین ہیں کہ وہ اپنے والد ماجد کی اس حسین یادگار کو منظرِ عام پر لے آئے ہیں۔ اللہ تعالیٰ انہیں جزائے خیر سے نوازے۔

نفیس الحسینی ۳ شعبان المعظم ۱۴۱۷ھ

نادر مخطوطات

محقق العصر مولانا محمد عبد الرشید نعمانی (رحمہ اللہ)

پرانے زمانے میں شرفاء کا دستور تھا کہ وہ عام طور پر اپنے بچوں کو تین چیزوں کی تعلیم دلایا کرتے تھے۔

(۱) خوشنویسی (۲) طب (۳) شاعری۔

بات یہ تھی کہ اس زمانہ میں شخصی سلطنت کا دور دورہ تھا اور یہ تینوں چیزیں حکام وقت کے تقرّب میں بڑی ممد و معاون تھیں اس لئے عام طور پر شرفا ان ہی تین پیشوں کو اختیار کیا کرتے تھے، سرکار دربار میں خوشنویس، طبیب اور شاعر کی بڑی قدر تھی، طبیب کی ضرورت سے تو کسی کو انکار نہیں ہوسکتا کہ دفع مرض کے لئے سب کو معالج کی ضرورت پڑتی ہے اور امراء کو تو اپنی عیاشی کے لئے بھی ان کی خدمات درکار تھیں، شاعری اصل میں تو اپنے جذبات کے اظہار کا ایک مؤثر ذریعہ ہے جس سے سامع اثر پذیر ہوئے بغیر نہیں رہ سکتا۔ لیکن شخصی اقتدار کے زمانے میں شاعری نے نشر و اشاعت کا محکمہ سنبھال رکھا تھا۔ یہ اپنے ممدوح کی عزّت و اجلال اور اس کے رعب و دبدبہ کے اظہار کا ایک اہم ذریعہ تھی۔ اس لئے ہر دربار میں شاعروں کا جمگھٹا لگا رہتا تھا۔ پھر اس زمانہ میں طباعت کا سلسلہ نہ تھا اور بعد کو جب طباعت کا فن ایجاد ہوا تو اس کو رواج پانے میں ایک مدت لگ گئی اس لئے ہر ملک میں کاتبوں کی بڑی تعداد پائی جاتی تھی کہ تعلیم و تعلم کا دار و مدار تمام تر کتابت ہی پر تھا پھر مسلمانوں میں فن کتابت کو اس لئے بھی ترقی ہوئی کہ ہماری شریعت نے تصویر کشی کی ممانعت کردی ہے، لہٰذا مسلمانوں نے اپنے ذوق لطیف کی پذیرائی کے لئے اپنی تمام مساعی کو خط حسین و جمیل بنانے کے لئے وقف کردیا اس سلسلہ میں مسلمانوں کی کاوشوں کا جائزہ لینا ہو تو تذکرہ خوشنویسیاں اور تاریخ خط و خطاطان پر جو کچھ عربی فارسی اور اردو میں لکھا گیا ہے اس کا مطالعہ کرنا چاہئیے۔

ہندوستان میں مسلمانوں میں عام طور پر تین خطوں کا رواج تھا۔

(۱) خط نسخ جس میں قرآن مجید کی کتابت ہوتی ہے۔

(۲) خط شفیعہ یا خط شکست جس کو خط دیوانی بھی کہا جاتا ہے کیونکہ سرکاری دفاتر کا عام خط یہی تھا۔

(۳) خط نستعلیق جس میں تمام اردو اور فارسی کی کتابیں لکھی جاتی تھیں اور اسی خط کو سب سے زیادہ قبولیت

حاصل تھی۔ اور آج بھی ہندو پاک میں اسی خط کو رواج عام کی سند حاصل ہے۔

غرض طب، شاعری اور خوشنویسی یہ تین پیشے ایسے تھے کہ جن کو عام طور پر ہندوستان میں شرفاء اختیار کیا کرتے تھے، کیونکہ سرکاری ملازمت کے حصول میں ان تینوں شعبوں کا بڑا دخل تھا۔ جب کوئی امیر یا وزیر بیمار پڑتا اور کسی طبیب کے علاج سے اچھا ہو جاتا تو پھر اس طبیب کو وابستہ دولت ہونے میں ذرا دیر نہ لگتی اور فوراً ہی سرکاری طبیبوں میں ملازمت مل جاتی تھی۔ اسی طرح جب کسی شاعر نے قصیدہ مدحیہ سے اپنے ممدوح کا دل لبھایا تو سرکاری شعرا میں اس کا شمار ہوا خلعت اور صلہ سے نوازا گیا یہی خوشنویسوں کا تھا کہ جب بھی کسی جشن مسرّت یا عید وغیرہ کے موقعہ پر کوئی عمدہ وصلی لکھ کر حاکم وقت کو پیش کی اس نے قدر کی نگاہ سے دیکھا اور پھر وابستگان دولت میں اس کو شامل کر لیا۔ سلطنت مغلیہ کے زوال تک یہ تینوں فن عروج پر تھے، بعد کو انگریز کے تسلط واقتدار کے زمانے میں جہاں مسلمانوں کا اقتدار ختم ہوا یہ چیزیں بھی ختم ہوگئیں۔ اب نہ خوشنویس باقی رہے نہ طبیب! مگر اس کا رنگ دگرگوں ہے۔ خط کے بارے میں بعض دماغ یہاں تک سوچ رہے ہیں کہ اگر نسخ ونستعلیق کی بجائے رومن رسم خط اختیار کر لیا جائے تو کیا مضائقہ ہے۔ اور انڈونیشیا نے تو رومن رسم خط سرکاری طور پر رائج کر ہی دیا ہے۔ مگر.........!

میں جے پور کا رہنے والا ہوں اور یہ اگرچہ ایک ہندو ریاست تھی لیکن مجھے خوب یاد ہے کہ میرے بچپن میں وہاں جمعہ کی تعطیل ہوتی تھی۔ سرکاری دفاتر میں عام طور پر مسلمان ساٹھ فی صد اور فوج پولیس میں نوے فیصد تک ہوتے تھے۔ دفاتر کی زبان اردو تھی۔ لیکن اب یہ قصہء ماضی ہے۔ انگریز نے اپنی سیاست وتدبیر سے ہندو مسلمانوں کے درمیان وہ خلیج حائل کی کہ دونوں قومیں ایک دوسرے کے خون کی پیاسی ہوگئیں ملک تقسیم ہو گیا اور اب ہر جگہ انگریزی کا دور دورہ ہے۔

میرے والد مرحوم منشی محمد عبدالرحیم صاحب خاطر (رحمۃ اللہ تعالیٰ) اور عم بزرگوار حافظ محمد عبدالکریم صاحب حافظ رحمۃ اللہ علیہ المتوفی ۱۳۶۵ھ جو والد مرحوم کے برادر کلاں تھے، جے پور کے نامی گرامی خوشنویسوں میں تھے، چنانچہ ''صحیفہ خوشنویسان'' کے مصنف نے ان دونوں کا تذکرہ اپنی کتاب میں درج کیا ہے۔ یہ کتاب ''انجمن ترقی اردو ہند'' نے علی گڑھ سے ۱۹۶۳ء میں شائع کی ہے۔

والد مرحوم (۱) خوشنویس ہونے کے ساتھ صاحب نظر بھی تھے ان کی نقد و بصیرت کا یہ عالم تھا کہ
دیکھتے ہی یہ بتا دیتے تھے کہ یہ کس دور کے خطاط کا قلم ہے۔ قدماء متوسطین و متاخرین غرض ہر دور کے خطاطوں کی روش
قلم اور شیوۂ خط کو پہچانتے تھے اور ان کی خصوصیات کو اچھی طرح واضح کرتے تھے۔ بارہا ایسا ہوا کہ گھر میں وصلیاں
ملط ہو گئیں اور وصلی پر کاتب کا نام درج نہ تھا مگر انہوں نے اپنے ذوق فن اور بصیرت خط کی بنا پر پھر سب کو علیحدہ علیحدہ
کیا اور ان کے باہمی ذوق پر روشنی ڈالی۔ والد مرحوم کی وصلیوں کے جمع کرنے کا بھی بڑا شوق تھا۔ قدیم و جدید
خطاطوں کے نمونہ ہائے خط کا ایک بڑا ذخیرہ جمع کر رکھا تھا۔ ۴۷ء میں جب تقسیم ملک ہوئی اور سراسیمگی
میں وطن کو خیر باد کہنا پڑا تو ایک پورا ٹرنک گھر میں وصلیوں سے بھرا ہوا چھوڑا تھا۔ گذشتہ سال جب میرا جے پور جانا ہوا
تو باوجود تلاش بسیار اس ٹرنک کا کچھ سراغ نہ مل سکا اس ٹرنک میں خفی و جلی ہر قسم کے نمونہ ہائے خط کا انبار تھا۔ والد مرحوم
کی مفردات سے لیکر فارغ الاصلاح ہونے تک کی تمام مشقیں استاد کی اصلاحیں بعینہ محفوظ تھیں اور ان کے علاوہ بہت
سے خوشنویسوں کے کتبات تھے۔ پاکستان میں جو وصلیاں آسکیں ان میں متعدد وصلیاں اور منشی ہیرالال جی کا مرقع
کراچی میوزیم میں داخل کیا جا چکا ہے۔ بروقت جو وصلیاں محفوظ رہ گئیں۔ وہ حسب ذیل ہیں۔

(۱) وصلی عبید اللہ، یہ متوسط قلم سے دیباچہ بوستان کے چھ اشعار ہیں جو نہایت ہی اعلیٰ کتابت کا نمونہ ہے۔
شیوہ خط سے استادی کی شان ظاہر ہوتی ہے۔ لیکن عبید اللہ کا تذکرہ کسی کتاب میں میری نظر سے نہیں گذرا۔

(۲) مشق آغا مرزا۔ یہ اس مشہور مشکل قطعہ کی مشق ہے جو خوشنویسوں کے یہاں زور قلم کے اظہار کے لئے
لکھا جاتا ہے۔

زیب زینت تخت چینی خستنی
بے چین چین تخت چین بنیشینی
بنشین بنیشین بہ بخشش فیض بخش
از بخشش فیض بخشش بنی

(۱) یہاں یہ بتانا مناسب معلوم ہوتا ہے کہ والد مرحوم کا انتقال ۱۸ ؍ جمادی الاول ۱۳۷۳ھ مطابق ۲۴ ؍ جنوری ۱۹۵۴ء میں کراچی میں ہوا تھا، مولوی احترام الدین شاغل نے صحیفہ خوشنویسان ص ۱۲۵ میں جو یہ لکھا ہے کہ یہیں (جے پور، راجستھان میں) انتقال ہوا صحیح نہیں ہے۔

یہ قطعہ ہم جنس الفاظ کی مشق کی بنا پر بہت ہی مشکل سمجھا جاتا ہے پھر اس میں یکساں کششیں اور دوائر ہیں جس میں یکسانی پیدا کرنا کمال فن کی دلیل ہے۔ آغا مرزا میر پنجہ کش کے تلمیذ رشید اور خطاطان ہند میں بڑے نامی ونامور ہیں، تذکرہ خوشنویساں مولانا غلام محمد ہفت قلم آثار الصنادید سر سید اور ارژنگ چین دبی پرشاد میں ان کا تذکرہ موجود ہے۔ وصلی پر اگرچہ موصوف کے دستخط نہیں لیکن والد مرحوم نے فرمایا تھا کہ یہ آغا مرزا کی مشق ہے اور جو صاحب نظر خوشنویس ہوگا اور آغا مرزا کے شیوہ سے واقف ہوگا وہ ان کے خط کو پہچان لے گا۔

(۳) وصلی ابوالمکارم قریشی، یہ ناد علیاً مظہر العجائب کے قطعہ پر مشتمل ہے ابوالمکارم قدیم خوشنویس ہیں شیوہ خط ایرانی ہے میر عماد کی روش پر لکھتے ہیں۔ اہل نظر ان کے کمال فن کی قدر کریں گے۔ یہ مخطوطہ ۱۱۷۷ھ کا ہے۔

(۴) خط غبار مرزا عباد اللہ بیگ، یہ قطعہ، یا من بک حاجتی وروحی بید یک الخ پر مشتمل ہے، مرزا عباد اللہ بیگ میر پنجہ کش دہلوی کے مشہور شاگرد ہیں۔ ان کا تذکرہ، تذکرہ خوشنویساں غلام محمد اور آثار الصنادید میں موجود ہے ان کے خط غبار کا نمونہ نایاب ہے لیکن سر کتابت کسی اور شخص نے درج کر دیا ہے جو غلط ہے۔

(۵) خط طغرا بمشکل است۔ یہ گلستان سعدی کی عبارت سے مزین ہے۔

(۶) وصلی مرزا عباد اللہ بیگ بخط جلی یہ موصوف کی ۱۲۷۲ھ شب جمعہ کی تحریر کردہ ہے، مرزا صاحب کا خط بھی بالکل نایاب ہے اور اتنے موٹے قلم کا لکھا ہوا تو کہیں نہیں ملتا۔ مرزا صاحب کا تذکرہ جیسا کہ ہم نے سابق میں تصریح کی تذکرہ خوشنویسان وغیرہ میں موجود ہے۔

(۷) وصلی رحیم اللہ صاحب۔ یہ ان کے خط جلی کا نمونہ ہے جو اس بیت پر مشتمل ہے۔

الٰہی تا جہاں باشی باقبال

جواں بخت وجواں دولت جواں سال

یہ ۱۲۹۲ھ کا لکھا ہوا ہے۔ رحیم اللہ صاحب آغا مرزا کے شاگرد رشید ہیں اور استاذ کے خط میں ایسا خط ملایا ہے کہ اگر اپنا نام نہ لکھیں تو پھر استاد اور شاگرد کے خط کو شناخت کرنا ہی مشکل ہو جائے۔ ان کا تذکرہ ''صحیفہ خوشنویسان'' شائع کردہ انجمن ترقی اردو ہند میں موجود ہے۔

(۸) وصلی رحیم اللہ صاحب مطلاء مذہب، یہ، اے آنکہ مملکت خویش پائندہ توئی والے قطعہ پر مشتمل ہے وصلی قابل دید ہے اور دہلوی اسکول کے کمال فن کا نمونہ ہے۔ سن کتابت ۱۲۹۱ھ ہے۔

(۹) وصلی محمد باقر زریں رقم یہ آنکس تراشناخت جاں راچہ کند والے قطعہ پر مشتمل ہے۔ لکھنوی اسکول کے مشہور خوشنویس ہیں۔ رحیم اللہ صاحب کا جو درجہ میر پنجہ کش کے دہلوی اسکول کے خطاطوں میں ہے وہی درجہ ان کا حافظ نور اللہ صاحب لکھنوی کے لکھنوی روش خط کے اساتذہ میں ہے یہ غالباً دو واسطوں سے حافظ نور اللہ صاحب کے شاگرد ہیں ان کا تذکرہ صحیفہ خوشنویساں میں ہے۔

(۱۰) وصلی محمد یعقوب صاحب مطلاّ جو دنیا بہ نگاہ چشم بینا نفسے، والے قطعہ پر مشتمل ہے۔ ان کا نام اگرچہ وصلی میں تحریر نہیں لیکن والد مرحوم نے یہی فرمایا تھا کہ یہ رحیم اللہ صاحب کے فرزند ہیں اور صاحب نظر جانتے ہیں کہ بیٹی کی روش باپ ہی کے طریقے پر ہوتی ہے اور وہ خوشنویسی میں ان ہی کے قدم بقدم ہیں ان کا تذکرہ بھی صحیفہ خوشنویساں میں موجود ہے۔ اگرچہ مؤلف صحیفہ نے انکو میر پنجہ کش صاحب کا شاگرد لکھا ہے اور ان کا وطن دہلی بتایا ہے۔ لیکن یہ صحیح نہیں بلکہ والد مرحوم کی تحقیق درست ہے ان کا وطن الور تھا ان کی بعض وصلیاں بہاولپور کے مرکزی کتب خانہ میں بھی موجود ہیں۔

(۱۱) وصلی میر پنجہ کش دہلوی مطلاّ جن کا اصل نام سید محمد امیر رضوی ہے۔ یہ ''قل ہواللہ'' پر مشتمل ہے۔ اور سال تحریر ۱۲۵۷ھ ہے میر صاحب کا نام نامی بزم خوشنویساں میں محتاج تعارف نہیں، تذکرہ خوشنویساں غرض تمام کتابوں میں ان کا تذکرہ موجود ہے۔

(۱۲) مشق میر پنجہ کش موصوف۔ یہ وصلی حسب ذیل مشقوں پر مشتمل ہے۔

(ا) تین تختیوں کی مشق ہے یعنی اب بابت حاجت کی۔

(ب) یاقنبر کنت الماس لی حضرت الیوم مثلی الخ

(ج) شب در بوستان با یکے از دوستاں اتفاق مبیت افتاد۔

(د) کئی جگہ پر میر صاحب کے دستخط ہیں۔ فقیر محمد امیر رضوی ''مشقہ العبد محمد امیر رضوی وغیرہ۔

(ہ) پشت پر روشنائی تیار کرنے کا نسخہ مرقوم ہے۔

اہل فن اساتذہ کی مشق کے دل و جان سے عاشق ہوتے ہیں کیونکہ بعض وقت مشق میں کوئی حرف ایسا نکل جاتا ہے کہ بالقصد لکھ دینا دشوار ہوتا ہے۔

(۱۳) وصلی محمد عبدالحق، جلی قلم یہ ۱۳۲۲ھ کی لکھی ہوئی کلمہ طیبہ کی تحریر ہے یہ والد مرحوم کے معاصر خوشنویس ہیں اور دہلی اسکول کی روش پر لکھتے ہیں اغلب یہ ہے کہ منشی رحیم اللہ صاحب یا ان کے صاحبزادے کے شاگرد ہیں اس وقت یاد نہیں کہ والد مرحوم نے ان کے بارے میں کیا کہا تھا۔

(۱۴) وصلی رستم خان یہ ۱۱۷۷ھ کی لکھی ہوئی ہے اس لحاظ سے کاتب حافظ نور اللہ اور میر پنجہ کش سے پہلے کا ہے۔ طرز خط ایرانی ہے، کتب تذکرہ مذکورہ بالا میں اس خطاط کا تذکرہ نہ ملا۔ اس وصلی میں حسب ذیل ایک قطعہ لکھا ہوا ہے۔ اب رخ درس ہوش و درزاں۔ اس قطعہ میں صفت یہ ہے کہ جملہ مفردات کی مشق ہو جاتی ہے الف سے لیکر یا تک تمام حروف الگ الگ اس میں آ گئے ہیں ایسے صرف دو قطعے استادان فن کے یہاں زیر مشق رہتے تھے ایک یہی قطعہ اور دوسرا۔ شراب موج زند در لباس ہر مدہوش کہ جس کو نظم پر دین میں نقل کیا گیا ہے۔

(۱۵) وصلی رام دہن یہ نادعلیا پر مشتمل ہے اور دہلوی اسکول کی نزاکت و رعنائی کی حامل ہے۔ سنہ کتابت ۱۲۶۳ھ ہے خط کی خوبی کا اندازہ دیکھنے سے تعلق رکھتا ہے۔ والد مرحوم فرماتے تھے کہ منشی رام دھن آغا مرزا کے شاگرد تھے۔ چنانچہ ان کے خط میں وہی استاذ کی شان نمایاں ہے ایرانی کاتب ابوالمکارم اور رام دھن دونوں کی نادعلی کو سامنے رکھ کر ہندوستانی اور ایرانی روش خط کا موازنہ کیا جا سکتا ہے۔

(۱۶) وصلی ملا محبوب۔ یہ نسخ کی وصلی ہے اور بہت خوب ہے ان کا تذکرہ کسی کتاب میں ہماری نظر سے نہیں گذرا۔

(۱۷) وصلی آقا عبدالرشید دیلمی۔ آقا رشید کا نام محتاج تعارف نہیں۔ افسوس ہے کہ اس وصلی پر ممدوح کے دستخط ثبت نہیں۔ مگر والد مرحوم نے جزم و یقین سے اس کو آقا کی وصلی ہی بتایا تھا۔ اور ان کے اس دعویٰ کی تصدیق آقا کی دوسری وصلیوں سے اس وصلی کو ملا کر اور خوب اچھی طرح ان کو دیکھ کر کی جا سکتی ہے صاحب نظر خوشنویس تو دیکھتے ہی پہچان لے گا کہ یہ آقا کا خط ہے۔

(۱۸) وصلی حافظ ابراہیم دہلوی۔ یہ مشہور و معروف خطاط ہیں ان کا تذکرہ مولانا غلام محمد نے تذکرہ خوشنویساں میں کیا ہے لیکن محشی سے ان کے عہد کے تعین میں خطا ہوئی ہے۔ مولانا غلام محمد لکھتے ہیں۔

"حافظ ابراہیم مرد خلیق و متقی و متورع، نستعلیق و نسخ بر وضع خوب می نوشت کہ کتابت شیریں و دلچسپ می نمود علاقہ کتابت بحضور داشت، و از استادان مرشد زادگان بودہ است" ص ۶۸۔

''مراد از لفظ حضور دریں کتاب ہر جا کہ ذکر شود ابوالنصر معین الدین اکبر شاہ ثانی است کہ از سنہ ہزار ودویست وبست ویک الی سنہ ہزار ودویست وپنجاہ وسہ در قلعہ دہلی ریاست داشت''

معین الدین در ہندوستان شاہزادہ را بلفظ مرشد زادہ خطاب می نمائند ودریں مورد اشارہ بہ پسران ابولنصر اکبر شاہ ثانی است'' ٦٨۔

لیکن یہ صحیح نہیں ہے بلکہ حضور سے یہاں مراد شاہ عالم ثانی (جن کے بارے میں مشہور مقولہ ہے کہ حکومت شاہ عالم از دلّی تا پالم) ہیں اور مرشد زادگان سے ان کی اولاد۔

یہ وصلی تاریخی وصلی ہے جو حافظ ابراہیم نے شاہ عالم ثانی کے ورود دہلی پر ۱۱۸۵ھ میں لکھ کر پیش کی تھی۔ شاہ عالم ثانی شروع میں یورپ میں مارے مارے پھرتے رہے اور پھر ۱۱۸۵ھ میں دہلی کے تخت پر متمکن ہوئے یہ قطعہ ان کی آمد کے موقع پر حافظ موصوف نے بطور تہنیت لکھ کر پیش کیا تھا جس کا آغاز اس طرح ہے۔

زہے خرم ایام وخوشتر لیالی
کہ آمد خداوند ملک وموالی

اور آخیر میں یہ شعر ہے۔

چنیں سال تاریخ جستم کہ باوا
مبارک قدوم شہنشاہ عالی

مصرعہ اخیر ''مبارک قدوم شہنشاہ عالی'' سے ۱۱۸۵ھ نکلتا ہے جو شاہ عالم کے درود دہلی کی تاریخ ہے اور وصلی پر بھی یہی سنہ تحریر ہے۔ آخر میں خود کاتب کے دستخط ان الفاظ میں ہیں قائلہ وکاتبہ حافظ ابراہیم۔ یہ دستخط نسخ میں ہیں اور اس طرح حافظ صاحب نے نسخ و نستعلیق دونوں میں خوشنویسی کا خوب خوب مظاہرہ کیا ہے۔

(۱۹) وصلی بخط نسخ۔ کاتب کا نام درج نہیں طرز خط یاقوت مستعصمی کی روش پر ہے۔ اس میں موءِ قلم سے جو کام کیا گیا ہے اور سونے کے حروف جس طرح بنائے گئے ہیں وہ دیکھنے کے قابل ہیں۔

(۲۰) وصلی خدایار۔ یہ خوشنویس خط نستعلیق کا خدائے فن معلوم ہوتا ہے۔ ابا میاںؒ جب کبھی اس کی وصلی دیکھتے تھے تو دیر تک دیکھتے رہتے اور پھر اس کے نوک پلک کی تعریف میں رطب اللّسان ہو جاتے، حیدر آباد دکن کے مشہور خوشنویس میر قادر علی صاحب نے جو شہر یار دکن کے زمرہ خوشنویساں میں ملازم اور ممتاز عہدہ پر مامور تھے اس

وصلی میں بعض مٹے ہوئے حروف پر سیاہی بھرنے کی کوشش کی لیکن وہ جس طرح اس مقصد میں ناکام رہے وصلی پر غور کرنے سے معلوم ہو جاتا ہے۔ خدایار کا تذکرہ ''صحیفہ خوشنویسان'' میں موجود ہے۔

(۲۱) وصلی سراج رقم۔ پورا نام محمد ابراہیم علی سراج رقم ہے۔ کاتب کے بارے میں مزید تفصیل معلوم نہیں سنہ کتابت غالباً ۱۲۴۳ھ ہے یہ وصلی اللہ و محمد علی و حسنین پر مشتمل ہے۔

(۲۲) قطعہ ...... بخوبی ہمچو مہ تابندہ باشی۔ یہ منشی پنالال تلمیذ منشی بہاری لال تلمیذ میر پنجہ کش کا لکھا ہوا ہے۔ ان کا تذکرہ صحیفہ خوشنویساں میں ہے۔

(۲۳ تا ۲۵) وصلی شیریں رقم۔ اس میں شک نہیں ان کی تحریر تنو ینی ہے۔ شیریں رقم کے باب میں [illegible] کوئی اطلاع نہیں۔ ان کا نام عابد علی تھا۔ ان کی تین وصلیاں ہیں۔

(۲۶، ۲۷) مفردات کی تختی اور بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ ہست کلید در گنج حکیم کاتب کا نام معلوم نہیں مگر خط میں پختگی اور صفائی ہے۔

(۲۸) وصلی فضل الرحمٰن خان۔ یہ خط نسخ و طغرا دونوں پر مشتمل ہے۔ اس میں صلوٰۃ تنجینا مرقوم ہے۔ وصلی قابل دید ہے۔ مولوی فضل الرحمٰن خان کا تذکرہ، تذکرہ کاملان رام پور اور صحیفہ خوشنویساں میں موجود ہے۔

(۲۹) وصلی عماد الدین احمد ...... یہ ''بابت'' کی تختی ہے اور خوشنویس کے کمال فن پر شاہد ہے۔ عماد الدین مذکور کے متعلق ہمیں معلوم نہ ہو سکا کہ کس عہد کے ہیں اور کون ہیں۔

اب یہ سب وصلیاں برادر عزیز مظفر لطیف کے قبضہ میں ہیں اور وہی ان کے مالک ہیں ان ہی کی فرمائش پر ان وصلیوں کا تعارف ایک نشست میں لکھ دیا گیا ورنہ اگر خصوصیات خط و خطاطاں پر تفصیل سے سیر حاصل بحث کی جاتی تو مضمون طویل ہو جاتا۔ پھر اب یہ فن تقریباً ختم ہو چکا ہے نہ لکھنے والے رہے نہ سمجھنے والے اس لئے تفصیل پر طبیعت آمادہ نہ ہو سکی۔

لا تقنطوا من رحمة الله

فقیر حافظ عبدالکریم بعمر ہشتاد سالگی تحریر نمود

وقت عصر ہفتدہم رجب ۱۳۶ سنہ ھ

تاریخِ وفات عمِ محترم جناب حافظ عبدالکریم حافظؒ مرحوم جے پوری

۱۱۔ شعبان المعظم ۱۳۶۵ھ مطابق ۱۱ جولائی ۱۹۴۶ء

الله اکبر عز اسمہ و تعالیٰ شانہ

بنذر حضور والا فر السرور عالی منزلت والا مرتبت ثریا جاہ
نواب سلطان جہان بیگم
خلد اللہ ملکہ و نعمتہ
جی سی آئی ای دام
اقبالہ

آنانکہ خاک را بنظر کیمیا کنند
آیا بود کہ گوشہ چشمی بما کنند

ہر چند نیم لایق درگاہ سلاطین ۔ نومید نیم
شاہان چہ عجب گر بنوازند گدا را گاہے بنگاہے

از دعاگوی حضور پر نور
محمد عبد الرحیم جیپوری
غفر اللہ ذنوبہ و ستر عیوبہ در
سنہ ۱۳۲۶ ہجری

سرور
مہر نور نیر
نہ ابر ترم کہ گوہر ریزم نہ
شمع جان گدازم کہ پروانہ وار تصدق
بشوم مجبور کلک سیاہ گلم و نام نامی در خط طغرای
تسعلیق بخط غبار نویسیم ۔ گر قبول افتد زہی عز و شرف

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ن والقلم وما یسطرون

۲ محرم ۱۳۵۹ھ

ز کلک سیہ کار عبدالرحیم

سبحان اللہ وبحمدہ سبحان اللہ العظیم وبحمدہ

۲ محرم سنہ ۱۳۵۹

خاکسار محمد عبدالرحیم غفر اللہ ذنوبہ و ستر عیوبہ

مرشدی و مولائی والد محترم محمد عبدالرحیم خاطر جیپوری رحمہ اللہ المتوفی ۱۸ جمادی الاول ۱۳۷۳ھ مطابق ۲۴ جنوری ۱۹۵۴ء کراچی

مقدمۃ الکتاب

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ان الحمد والنعمۃ لک والملک لا شریک لک

آنجاکہ کمال کبریائے تو بود | عالم نمے از بحر عطائے تو بود
ما را چہ حد حمد و ثنائے تو بود | ہم حمد و ثنائے تو سزائے تو بود

محمد رسول اللہ والذین معہ اشداء علی الکفار صلوٰۃ اللہ علیہ وعلیہم بعدد قطر الامطار الیٰ یوم القرار

اے ختم رسل کعبۂ مقصود توئی | در صورت ہر چہ ہست موجود توئی
آیات کمال حق عیان است بتو | آں ذات کہ در پردہ نہاں بود توئی

منعم حقیقی کا شکر و احسان اُسی قدر جتنی کہ اُسکی نعماے لا تعد و لا تحصی ہیں کہ اُسنے مجھ سے ندیم توفیق کو اپنے حبیب پاک کی غلامی کے طفیل غریق عصیاں کا رفیق کیا تاکہ برادران اسلام جو اپنے گھر کے انمول موتیوں کے دفینہ کو بھولکر غیروں کے سامنے دست آرزو پھیلانے پر بھی کاسۂ تمنا خالی لئے پھرتے ہیں پستی و ضلالت کے ہاتھوں سے مجبور ہیں اُنہیں بجائے اسکی خبر ہونیکے کہ ہمارے جلیل القدر آبا اس بُرے وقت میں کام آنیوالا خزانہ جمع کر گئے ہیں یہ بھی یاد نہیں کہ وہ کون تھے اُنکی کیا حیثیت تھی ہماری فلاح کے لئے اُنھوں نے کیا کیا تدبیریں کیں۔ ان حضرات کی خدمت میں انکے گھر کی خانہ تلاشی اور یاد رفتگان کا سبق آموز ورق پیش کروں۔ گو ہمارے اسلاف کی اُلوالعزمی تاریخ عالم کے صفحات پر آفتاب کی طرح چمک رہی ہے لیکن جب ہم اپنی حالت موجودہ پر خیال کرتے ہیں تو وہ خیالی قصص سے کچھ کم معلوم نہیں ہوتے۔ خدا مورخین اسلام کو اجر خیر عطا فرمائیے کہ اُنکے مدونہ واقعات کبھی کبھی سُن پاتے ہیں یا دیکھ لیتے ہیں تو اپنے آبا و اجداد کی بزرگی و عظمت کی تصویر اپنے خیال میں مرتسم ہو جاتی ہے۔ گو نتیجہ اسکا یہ تھا کہ بمقابلہ اُنکے ہمارے تمام واقعات تازیانۂ عبرت کا کام دیں مگر یہ دوا بھی اپنا اُلٹا اثر پیدا کرتی ہے بلکہ ہماری موجودہ حالت تو ایسی بے حسی میں ہے کہ اثر ہونے نہونے کا بھی احساس جاتا رہا۔ ہم

اپنے ظاہر و باطن کے باکمال ابا و اجداد پر نظر کریں تو علوم عالم کا کوئی طبقہ ایسا نہیں جو پرانے سیدھے سادھے مسلمانوں کی عالی ہمتی اور انکے جوہر شرافت کی تاباں قابلیت کا معترف نہو۔ انکے علوم و فنون سیاسی و تمدنی مراتب کے علاوہ صرف ایک تاریخ نویسی علم انساب کے محفوظ رکھنے میں اور نسبی جوہر کے کھرے اور کھوٹے کے امتیاز میں جسطرح انکا خیال تبحر علمی کو شامل تھا۔ دنیا میں آج کوئی قوم نہیں جو انکی ہمسری میں قدم آگے بڑہانے کو تیار ہو بالمقابل انکے ہماری جو دستگری کی حالت ہے وہ بالکل اسکے مصداق ہے ہم ہیں کہ جیسے کوئی کسی کا غلام ہے۔

(انکے باطنی کمالات) گو بذات خود آج وہ صفحۂ ہستی سے روپوش ہو کر ایسے ملک میں جا پہونچے ہیں کہ جہانسے واپسی کا قاعدہ نہیں بلکہ اپنے پس ماندگان کو بھی وہیں اپنے پاس آنیکا پتہ بتا گئے ہیں مثل روز روشن ابتک نمایاں ہیں جنکو انکی ذات کا قایم مقام سمجھا جاتا ہے۔ ایک وہ تھے جنکی ظاہری و باطنی مساعی جمیلہ نے ایک عالم کو اپنا شاکر و ممنون بنایا۔ افسوس ہے کہ انہیں نازک رگوں کی اولاد ایک ہم ہیں کہ اپنی ذاتی اصلاح بھی نہیں ہوتی۔ اس سے بڑھکر اور یہ رونا ہے کہ اگر ہم اپنے آپ کو ورطۂ ہلاکت و قعر ذلت سے نکالنے میں ساعی نہیں ہوتے یا اپنی منزل عروج تک پہونچنے کا خیال نہیں کرتے۔ تو ہم اس لایق بھی نہیں ہے کہ گاہ بگاہ اپنے آبا و اجداد و رہروان دین کے واقعات ہی دوہرالیا کریں یا انکی نصائح و رموز حکمت پر ہی نظر کرلیا کریں۔ شاید کسی وقت رگ حمیت جوش میں آجائے اور وہ روح بدن میں پیدا ہو جائے جو انسان کو اشرف المخلوقات کا مستحق اور جائز دعوی دار بناتی ہے جسکا ادنی نتیجہ یہ ہے کہ اس کا نام غیر فانی۔ اور اسکے اعمال تحسین تقلید کے خلعت سے قیامت تک آراستہ رہینگے۔ اور اسکے لئے دنیا میں ایسا نہونا عقل و بداہت کے خلاف ہے۔ کیونکہ غور کرلیا جاوے مخلوقات میں پسندیدہ اوصاف اور نیک خصلت اجناس و انواع قدر و قیمت داد و آفریں کے مستحق ہوتے ہیں مثلاً اشرف الحیوانات میں ہم تازی گھوڑے کی طرف خیال کریں تو وہ بلحاظ اپنے اصالت اور اسپر خوبو کی توصیف سے بمقابلہ اپنے دیگر ہمجنسوں کے قدر و قیمت میں دس بچاس کے بجائے سیکڑوں ہزاروں کی نسبت رکھتا ہے۔ پس وہ خلیفہ اللہ جسکی نسبت آبائی اور وہ خود تہذیب خلافت سے مہذب ہو کیسے قابل قدر نہوگا۔ چنانچہ ہمارے اس دعویٰ کی شہادت کیلئے صفحۂ ہستی پر ہزاروں مثالیں موجود ہیں۔ گو رفتار زمانہ کسی موقعہ پر اسے پست بھی کردے جیسے کہ ہماری موجودہ حالت ہے کہ

توت دانا ہمہ از خون جگر می بینم

لیکن اسکے جوہر کے بلند شرارے ہر حالت میں سر بفلک رہتے ہیں اور چشم بینا میں جو انکے اس عالم کے کارخانہ خواب و خیال نقش بر آب کے مصداق ہیں۔ اسلئے جب ہم اپنے وطن اصلی دار آخرت کے معاملات کو ساتھ لئے ہوئے سوچتے ہیں تو بھی انقیاد اسلامی کے قربان جائیے بڑی خوشی اور ایک خاص طمانیت حاصل ہوتی ہے اور از روئے حقیقت ہونی بھی بجا ہے کیونکہ جب عالم فانی کے واقعات دل خوش کن ہوتے ہیں تو ملک جاودانی جسکی ہر حالت اعلیٰ وارفع اسکی حیثیت کے موافق ہونی لازمی ہے۔ تو وہاں کی امید فلاح پر کسی کا خوش ہونا اور مردہ دل کا زندہ ہو جانا کوئی استعجاب نہیں اور جب اس مالک لازوال کا مالک الملوک شہنشاہ حقیقی اپنے شفقت آمیز مژدہ سے ہمیں مسرور کردے۔ اور حال یہ کہ اسکا ارشاد ہمارے ایمان غیبی میں مرتبہ عین الیقین و حق الیقین سے بسا زیادہ مصدق ہے۔ اسلام ہمکو بتا رہا ہے کہ جن اقوام کو انکی پاداش عمل میں ہلاک کیا حالانکہ وہ انکی سرکشی کا نتیجہ تھا تاہم باوجود اپنی بے نیازی کے اپنی رحمت سے انپر بھی اظہار شفقت کا حال اپنے خاص بندوں پر ظاہر فرمایا۔ وہ ہی رحیم ستار عیوب و غفار ذنوب ہے کہ اپنی بارگاہ عالی سے ہمیں مایوس ہونیکی تاکید اکید فرماتا ہے وَالَّذِينَ آمَنُوا وَاتَّبَعَتْهُمْ ذُرِّيَّتُهُم بِإِيمَانٍ

اَلْحَقْنَا بِهِمْ ذُرِّيَّتَهُمْ وَمَا اَلَتْنٰهُمْ مِّنْ عَمَلِهِمْ مِّنْ شَيْءٍ ط پس وہ افراد جنہوں نے اپنے نیزہ و شمشیر کی چمک سے اندھیری راتوں کو روشن کر دیا۔ جنہوں نے اسلام کی خوبیوں کا ایک ایک موتی ہزار ہزار قطرہ خون سے خریدا۔ تیغ قضا و قدر کے نیچے جنکے گلو مبارک سے رَضِیْنَا بِاللّٰہِ رَبًّا وَّبِمُحَمَّدٍ رَّسُوْلًا کے نعرے بلند ہوتے تھے بارگاہ الٰہی میں جنکا سر تسلیم ہمیشہ خم رہتا تھا جو اپنے مٹنے سے پہلے فنا ہو چکے اور فناء قلبی سے حیات جاوید حاصل کی۔ شرافت عظمیٰ کا لقب پایا رحمت حق کی اُنپر بارانی ہو کہ وہ اپنی اولاد میں بھی وہ اثر چھوڑ گئے جو قوت عمل و اطاعت خداوندی سے اپنا وہ جوہر دکھائیگا کہ ان پس ماندگان کو اُنکے مراتب پر پہونچا دے اور رب العلمین محض اپنے فضل سے اُنکے اباء کرام کی اُنسے آنکھیں ٹھنڈی کرے نہ یہ کہ اُنکے فضل میں سے کمی کیجا کر انکو کچھ حصہ دیا جاوے۔ بلکہ فضل و رحمت کا مینہ موسل دھار انپر برسے اور یہ اپنے ذاتی عمل کی بنا پر

دیگراں ہم بکنند آنچہ مسیحا میکرد

کے مصداق تام ہوں۔ بناءً علیہ اس مسکن خیالی میں بھی فخر و ناز کی شاہراہوں پر تیز گام ہونا کہاں تک بجانب ہوگا۔ پس ضروری ہے کہ ہم اپنے ابتدائی حالات اور اجداد و آباء کرام کے معمولات پر توجہ سے غور کریں کہ اُنمیں وہ کونسی شے تھی جسکی وجہ سے ہم اپنی نسبت اُنکی جانب مایۂ ناز سمجھتے ہیں اور اُنکے وہ کیسے مقبول اعمال تھے جنکا اتنا قوی اثر ہے کہ جو ہمارے نجات کے بھی باعث ہونگے۔ اور اسکے ساتھ اپنی نسبت کا علم بھی ضروری ہے تاکہ اپنے اجداد کے عادات و اخلاق کا آئینہ بنیں اور ایک دوسرے کے تعلقات سے واقف ہو کر جن امور کے ہم مامور بہ ہیں تمامہ اُنپر عمل پیرا ہوں۔ تاکہ دنیا میں ہم اُنکے خلف صدق اور یادگار مانے جاویں اور اسکی برعکس صورت میں اُنکے لئے ننگ و عار کا موجب ہوں جبتک کہ ہم متقدمین اور سلف صالحین کے طرز معاشرت سے وقوف حاصل نکرینگے نہ کوئی دنیوی بہبود ہماری طرف رخ کیگی اور نہ عاقبت میں ہم مونہہ دکھانیکے قابل ہونگے اور نہ دینی امورات جو راس فلاح ہیں ہمارے لئے کوئی وزنی شے ہوسکتی ہے۔ تعلیم جدیدہ کے دیرینہ ہونے پر بھی روزانہ کے نئے تجربات نے ہمکو خوب سوجھا دیا ہے کہ ہمارے بزرگوں کی حیات کے قصے اُنکی ابعد ممات بھی ہماری زندگی کے سنگین کارناموں سے بسا بہتر ہیں لیکن ہماری تعلیم کی تیز روشنی نے دوربینی کا فائدہ دینے کے خلاف ایسا چندھیا دیا ہے کہ پہلی بینائی بھی رخصت ہو گئی اور اپنا آیا بھی دیکھنا دشوار ہو گیا۔ مگر شکر ہے اس حالت کو پہونچکر ہمنے اب سنبھلنا شروع کیا اور فکر و تلاش ہے کہ عصاء موسوی حبل متین ہمارے ہاتھ لگ جائے تاکہ اُسکے سہارے سے کسی ید بیضا تک رسائی ہو اور ضیاء رفتہ کو حاصل کریں۔

قسمت حوالتم بخرابات میکند ہر چند اینچنیں شدم و آنچناں شدم

غنیمت ہے کہ ابھی وقت اور گنجایش ہے کہ تلافی مافات ہو سکے اور فَخَلَفَ مِنْ بَعْدِهِمْ خَلْفٌ اَضَاعُوا الصَّلٰوةَ وَاتَّبَعُوا الشَّهَوٰتِ فَسَوْفَ يَلْقَوْنَ غَيًّا ط کے غضبناک وعید کے نتیجہ سے خوفناک ہو کر مسلک و طریق سلف اتباع سنت خاتم الانبیا صلی اللہ علیہ وسلم سے وہ اپنی گم شدہ دولت رفتہ بصیرت حاصل کریں جو دارین میں ہمیں عروج و راہ نجات پر لیجانے کے لئے آگے دوڑتی ہو۔ اگر ہمارا یہ ارادہ قوی اور سچے دل سے ہو تو رحمت خداوندی بہت وسیع اور قریب تر ہے بلکہ وہ خود قریب ہے جیسا کہ ارشاد باری ہے وَنَحْنُ اَقْرَبُ اِلَيْهِ مِنْ حَبْلِ الْوَرِيْدِ ط اور احادیث سے اسکی مزید تصریح

یار نزدیکتر از من بمن است وین عجب بیں کہ من از وے دورم

وہ رحیم و کریم رب الارباب سب کچھ آسان کر سکتا ہے۔

قوم کے اس جادۂ عزت پر آنکو ان اوراق پریشاں سے جو دفاتر پارینہ کے عکس یا بانیان دین کے نقش و نگار کا آئینہ ہیں اور موجودہ نسلیں جو رابطۂ خاص کی وجہ سے اپنے اجداد تک منتہی ہیں اُنسے عروج و نزول کا عبرت خیز فرق مراتب ظاہر

ہوگا جو اہل بصیرت کو نصیحت سے

از نقش و نگار در و دیوار شکستہ   آثار پدید است صنادید عجم را

وَ

(فِیهِ آیَاتٌ بَیِّنَاتٌ)

ہبوط آدم علیہ السلام کے واقعات اُنکے خانہ بدر ہونیکے درد انگیز کیفیت زخم دل کی ٹیس بڑھا کر باطن کی مصلح ہوگی پھر عجب نہیں کہ حب الوطن من الایمان کی وجدانی طاقت ہمیں کھینچکر دار القرار میں پہونچادے۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اور دیگر اولو العزم انبیا علیہم السلام کی سبق آموز زندگی اُنکی رموز و حکمت روحانیت عظمی کا فیضان ہمارا دستگیر ہو۔ امم سابقہ کے حالات ملوک و جبابرہ کی سطوت و جبروت سے سَنُرِیهِمْ آیَاتِنَا فِی الْآفَاقِ کے معنی روشن ہوں۔ آج ہزاروں تعلیمیافتہ مسلمان اپنے انبیا علیہم السلام صحابہ کرام مشاہیر و اکابر و سلاطین اسلام بزرگان دین طبقات شرفا اور اُنکے حالات و خدمات اسلامی ذاتی اوصاف اصل و نسب سے کم واقف ہیں۔ مرآۃ الانساب اُنکیلئے امید ہے کہ ایک جام جہاں نما ثابت ہوگی۔ مواخات و صلہ رحمی کے اصل تعلقات باتباع حکم مصطفوی صلی اللہ علیہ وسلم تَعَلَّمُوا مِنْ أَنْسَابِكُمْ مَا تَصِلُونَ بِهِ أَرْحَامَكُمْ فَإِنَّ صِلَةَ الرَّحِمِ مَحَبَّةٌ فِی الْأَهْلِ مَثْرَاةٌ فِی الْمَالِ الحدیث اس سے بخوبی ظاہر ہیں فرق و اتصال باہمی امتیاز جملہ قبائل اسلام کا صاف دکھا دیا ہے تاکہ عامہ مسلمین کے کارآمد ہو اور ہر فریق کے آبا و اجداد کی یاد اُسکے ذہن میں تازہ ہوجاوے۔ ارباب کرم اگر اسکو نظر قبول سے دیکھیں اُنکا کرم۔ اور وہ اسکے اہل ہیں بصورت ناپسند عنایت سے پیش آئیں تو بحکم مَنْ صَنَّفَ فَقَدِ اسْتَهْدَفَ میں اُسکا مستوجب ہوں اور کچھ شکایت نہیں۔

نقادان فن اور اہل بصیرت سے یہ التماس ہے کہ میری ہیچمدانی و کم علمی سے کوئی لغزش ہوئی ہو یا غلطی نظر سے گزرے اُسکی اصلاح سے اپنی کارآمد بنالیں اور مجھے معذور خیال فرما کر معاف فرماویں کیونکہ ہر فن کی دشواریاں اہل فن سے پوشیدہ نہیں اور محنت کی قدر اُسکے کرنیوالے ہی جانا کرتے ہیں۔ مجھے جائز و ناجائز تحسین و آفریں کی آرزو نہیں اور نہ اس تالیف سے یہ منشاء ہے

گرچہ بدنامی است نزد عاقلان   مانمیخواہیم ننگ و نام را

بلکہ ایک امتثال امر تھا جسکی تکمیل کیگئی یعنی سرکار محمد عبد الواجد علی خاں صاحب رئیس بڈھانسی و جاگیردار بلندشہر سابق ممبر جوڈیشل محکمہ محتشمہ عالیہ کونسل راج سوائی جیپور کا شکرگذار ہوں جنکے ظل عاطفت میں اُنکے شوق علمی اور فرمائش کے مطابق اسکی تالیف ہوئی اور جناب ممدوح نے اپنی فیاضی و عالی ہمتی سے اسکو جمع کرا کے اپنی ایک بیش بہا یادگار قائم کی۔ باری تعالے کا احسان ہے کہ آپکا وجود باجود رؤساء نامدار میں بلحاظ دینداری و مشاغل دینیہ بالخصوص موجودہ زمانے میں نہایت مغتنمات سے ہے۔ پروردگار عالم اُنکی حسنات کا دارین میں اجر دے اور اپنے شوق وصال و نور ایمان پر خاتمہ فرمائے۔ بحرمتہ النبی و آلہ الامجاد

این دعا از من و از جملہ جہاں آمین باد

اپنے قابل رفیق مولوی سید عبد القادر صاحب ٹونکی کا بھی خصوصیت اور مشکوری کے ساتھ ذکر کرتا ہوں جو ایک عرصہ تک دوران تالیف میں میری شبانہ روز محنت کے دوش بدوش اور استخراج سلاسل میں شریک حال رہے۔ جزاہم اللہ خیر الجزا

اس تمام کام سے ایک آرزو ضرور ہے کہ قوم اس سے فائدہ اٹھائے اور اس ناچیز مؤلف کو دعاء خیر میں یاد رکھے کیا عجب ہے کہ کسی بندۂ خاص کی نظر میرے حق میں اکسیر کا کام دے جو ذریعہ نجات ہو جائے۔ اور یہ اوراق چند اس دار ناپائدار میں یادگار باقی رہیں۔

جناب باری میں عجز و نیاز سے التجا ہے کہ اس کتاب میں عمداً یا خطاءً غلطی ہوئی ہو۔ یا سہو و خلاف حق میرے قلم سے نکلا ہو اپنی کریمی سے بخشدے اور رسوائی آخرت سے اپنی پناہ دے۔ اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ رَبِّیْ مِنْ کُلِّ ذَنْبٍ وَّاَتُوْبُ اِلَیْہِ بجاہ حبیبک سید الشافعین شفیع المذنبین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

فان لی ذمة منه بتسمیتی — محمدا هو اوفی الخلق فی الذمم
یا اکرم الخلق مالی من الوذ به — سواک عند حلول الحادث العمم

رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا اِنَّکَ اَنْتَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ

مآرب اخری

مراۃ الانساب میں جسقدر سلاسل درج کئے گئے ہیں اُسمیں حتی الامکان ایک شاخ کو ہر سلسلہ میں آدم علیہ السلام سے موجودہ وقت تک ظاہر کرنا اصلی منشاء قرار دیا گیا ہے۔ باقی زیادہ سلسلے جن صاحبوں کے کتب معتبرہ سے دستیاب ہوئے یا جن حضرات نے اپنے سلاسل بھیجدیے مفید عام ہونیکی وجہہ سے اُنکو بھی بعد تحقیق درج کر دیا گیا۔

بعض اجداد اعلیٰ کے طبقے میں اور دیگر موقعوں پر بھی ایسی اولادیں جنکا کوئی عقب یا سلسلہ باقی نہیں اور اُنکا ذکر چنداں مفید نہیں تھا ترک کر دیا گیا۔ اور ان میں جو مشاہیر ہیں یا کوئی خاص خصوصیت رکھتے ہیں اُنکو خاص طور پر بھی دکھا دیا گیا ہے اور ہر طبقے کیلئے دوائر میں بھی امتیاز کیا گیا ہے۔

۱ انبیاء علیہم السلام کے دوائر بڑے اور خوبصورت پھولدار ہیں

۲ خلفاء اربعہ رضہ کا دائرہ اس صورت کا ہوگا

۳ صحابہ رضہ کے لئے یہ تجویز کیا گیا ہے

۴ صحابیہ رضہ کا نام کتاب میں ہر موقعہ پر اس صورت میں ہوگا۔

۵ مشاہیر کا دائرہ معمولی دائروں سے بڑا ہوگا

۶ بزرگان دین کے دوائر زیادہ بڑے ہیں

۷ ازواج مطہرات رضہ کے دوائر بشکل ہلال ہونگے

۸ عام اناث مدور مربع ہیں

۹ عام اشخاص کا چھوٹا دائرہ ہے

۱۰ اجداد اعلیٰ کے دائرے بڑے ہیں اور اُسمیں سیاہ موٹا خط ابن کے معنی کا فائدہ دیگا مثلاً اور یہ دوائر ہمیشہ کتاب کے بالائی حصہ میں آوینگے

بمعنی بن

بمعنی بن

۱۲ ایک مورث کی اولاد اور اولاد در اولاد کا سلسلہ بالکل ختم ہونے پر۔ دوسرے جد کا نام لکھا جاویگا اور اسکی اولاد دکھائی جاویگی جیسے ابراہیم کی اولاد اور بعض جگہہ شامل

۱۱ جس جد اعلیٰ کی اولاد زیادہ ہوگی جو ایک صفحہ پر ختم نہوسکی وہ دوسرے صفحہ پر دکھائی گئی ہے اور سیاہ خط کلاں خالی چلا جائیگا یا ایکطرف سے ہوگا۔ مثلاً عبد المطلب کی اولاد زیادہ ہے کئی صفحات پر آئی ہے۔ وقس علی ہذا

۱۳ اولاد اولاد کے سلاسل سیاہ خط کلاں کے نیچے کے حصے میں رہینگے اور باہمی دوائر کا خط وصلی ابن کے معنی میں ہے۔

کسی صفحہ پر اجداد اعلیٰ میں سے اگر اولاد زیادہ نہیں ہے تو جد ماتقدم کا سلسلۂ اولاد اُس صفحہ پر دکھا دیا گیا۔

وَالْعَاقِلُ تَكْفِيهِ الْإِشَارَة

کتب معتبرہ کے بیشتر اقوال بجنسہ نقل کئے گئے ہیں اس تالیف میں جسقدر کتابوں سے امداد لیگئی حسب ذیل ہیں۔

صحیح البخاری[1] تفسیر کبیر[2] تفسیر ابی السعود[3] مواہب لدنیہ[4] تفسیر قادری[5] سیرۃ الحلبی[6] تاریخ الخلفا[7]

اصابہ فی تمیز الصحابہ[8] مکتوبات امام ربانی[9] تاریخ کامل ابن اثیر[10] ابن خلدون[11] مروج الذہب[12]

معادن الجوہر[13] سبائک الذہب[14] روضۃ الاحباب[15] روضۃ الاصفیا[16] خصائص الکبری[17]

نشر الطیب[18] سیر الحبیب[19] سرور المحزون[20] انوار الاذکیا[21] تاریخ عالم[22] نفحات الانس[23]

آداب المریدین[24] جواہر فریدی[25] فلاح[26] ابن خلکان[27] ترجمہ ابن خلدون[28] تاریخ اسلام[29]

قرۃ العیون شرح سرور المحزون[30] ناسخ التواریخ[31] نخبۃ التواریخ[32] تاریخ افغانستان[33] امیر نامہ[34]

تاریخ بھوپال[35] صولت افغانی[36] اکبر نامہ[37] آئین اکبری[38] حدائق الحنفیہ[39] نسب نامۂ انصاریان[40]

تاریخ روم[41] احوال علماء فرنگی محل[42] عمدۃ الطالب[43] طبقات ناصری[44] سیر النبی[45] شجر العالم[46]
عمدۃ الطالب[47] عرائس القصص[48] سر الشہادتین[49] جوامع الحکایات[50] بحر الانساب[51] کنز الانساب[52]
خلاصۃ التواریخ وغیرہ قلمی[53] شجرہ قلمی مدینہ منورہ[54] فصول مسعودیہ[55] مقامات سعیدیہ[56] ترغیب الترہیب[57]
مشکوۃ المصابیح[58] سیر الاقطاب[59] تیسیر شرح جامع صغیر[60] معارج الولایت[61] منتخب التواریخ[62]
مراۃ المداری[63] سیر المشایخ[64] تاریخ دکن[65] اسراریہ[66] مقاصد العارفین[67] اشرف نامہ[68]
تاریخ بلند شہر[69] مرقع فیض[70] تاریخ ٹاڈ راجستان[71] تاریخ برن[72]

[51] شجرہ قلمی مدینہ منورہ یہ وہی شجرہ ہے جو اس تالیف کا اصل باعث ہوا۔ اسکے حصول کی تفصیلی کیفیت سے ناظرین کو اکثر مزارات انبیاء علیہم السلام وصحابہ کبار واولیاء کرام اور مقامات مقدسہ سے واقفیت اور دلچسپی ہوگی بالخصوص جن حضرات کو اس مبارک سفر کا اتفاق ہو اُنکے لئے انشا اللہ العزیز زیادہ مفید ثابت ہوگی۔

۴۔ شعبان ۱۳۲۶ھ مطابق یکم ستمبر ۱۹۰۸ء کو جبکہ افتتاح حجاز ریلوے کے مژدہ سے مسلمانان ہندوستان کو سفر حرمین میں آسائش و آسانی ہونے کی بنا پر خاص مسرت ہو رہی تھی۔ جناب محمد عبد الواحد علیخاں صاحب اسی دوران میں ۷۔ محرم ۱۳۲۷ھ مطابق ۲۸۔ جنوری ۱۹۰۹ء کو بارادۂ حج جیپور سے روانہ ہوئے اور بمبئی سے بلڈ و سا جہاز (جرمنی میل) پر سوار ہو کر عدن سویز پورسعید ہوتے ہوئے ۱۱۔ ربیع الاول ۱۳۲۷ھ مطابق ۲۔ اپریل ۱۹۰۹ء بیت المقدس پہونچے۔ یہ حج نصاریٰ کا زمانہ تھا اور ولادت موسیٰ علیہ السلام کا بھی چونکہ یہی زمانہ گذرا ہے اسلئے اس موسم میں یہودیوں کی عید بھی تھی باوجود سردی کے بڑا مجمع تھا۔ جناب ممدوح ۳۰۔ اپریل ۱۹۰۹ء تک وہاں مقیم رہے اور حضرت داؤد و سلیمان و موسیٰ و عزیر و مریم علیہم السلام اور ابو عبد اللہ حضرت عکاشہ سلمان فارسی رضی اللہ عنہم اور حضرت ابراہیم ادھم رحمۃ اللہ علیہ اور خلیل الرحمن کے راستے میں حضرت یونس اور راحلہ والدۂ یوسف علیہما السلام اور خلیل الرحمن میں حضرت ابراہیم اسحٰق یعقوب والدۂ یعقوب علیہم السلام اور شبلی رحمۃ اللہ علیہ کے مزاروں کی زیارت سے مشرف ہوئے۔ خلیل الرحمن سے دو کوس پر حضرت لوط علیہ السلام کا مزار ہے وہاں حاضر ہونیکی تیاری ہو چکی تھی کہ یکایک شب کے دس بجے سلطان عبد الحمید خاں کی معزولی کی منادی ہوئی اور سلطان محمد رشاد خامس کی سریر آرائی کی توپیں سر ہوئیں اور وہاں کا جانا ملتوی رہا۔ بعض مقامی احباب نے آپکو یہ رائے دی کہ مبادا تغیر سلطنت سے بدامنی واقع ہو اور راستے مخدوش ہو جائیں یا حجاز ریلوے بند ہو جاوے۔ اسلئے مدینہ منورہ جلد روانہ ہو جانا چاہیئے۔ آپ یکم مئی ۱۹۰۹ء کو روانہ ہو کر نابلس بیسان کے اسٹیشن سے حجاز ریلوے میں سوار ہو کر دمشق پہونچے۔ یہاں حضرت ذوالکفل یحییٰ علیہم السلام اور حضرت بلال عبد اللہ ابن مکتوم

حضرت جعفر طیار ابوہریرہ معاویہ ہریلیع مساعد ام المومنین ام حبیبہ ام المومنین ام سلمہ
سکینہ بنت امام حسین زینب عبداللہ بن زین العابدین رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین اور حضرت
بہلول دانا محی الدین بن عربی خالد کردی عبدالغنی نابلسی اسمٰعیل کردی رحمتہ اللہ علیہم اجمعین
کے مزارات اور سر مبارک حضرت امام حسین علیہ السلام کی زیارات سے مشرف ہوئے۔ پھر دمشق سے
روانہ ہوگئے ہوئے ۱۷۔ مئی ۱۹۰۹ء کو مدینہ منورہ حاضری کا شرف حاصل ہوا۔ ۲۳۔ شوال المکرم ۱۳۲۷ھ تک اس
جذبات نثار ارض مقدس میں آپکی حاضری رہی جسکا اظہار کچھ صرف سعدی کے ان لفظوں میں کیا جاسکتا ہے

دیدہ از دیدنش نگشتے سیر آنچناں کز فرات مستسقی

اس دوران میں آپکو اکثر بزرگان دین کے مزارات کی تلاش میں اور مقامات معلوم نہونے سے افسوس ہوا اور
اکثر کتابوں کی تلاش کا خیال تھا کہ مدینہ منورہ میں بحسن اتفاق حاجی محمد اسمٰعیل صاحب بخاری سے آپکی ملاقات
ہوئی۔ حاجی صاحب موصوف خوشنویس ہیں اور کتب خانہ سلطانی میں کتب قدیمہ اور کتب مطلا کا شعبہ انکو تفویض
ہے۔ کتب خانہ میں ایک نہایت مستند شجرہ آدم علیہ السلام سے لیکر حضور خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وسلم تک سلسلہ وار
نہایت اہتمام وحفاظت سے رکھا ہوا ہے۔ اُسکی نقل حاجی صاحب نے اپنے لئے کرلی تھی۔ ایک صحبت میں
اُنہوں نے جناب ممدوح سے ذکر کیا۔ آپکے شوق اور دلچسپی کے لئے یہہ ایک بیش بہا نعمت تھی۔ گو جناب ممدوح
انتظام سفر کرچکے تھے اور روانگی میں بہت تھوڑے دن باقی رہے تھے کہ حاجی صاحب سے اُسکی نقل کے لئے
اصرار کیا اور حاجی صاحب نے بھی کمال کیا کہ تین دن میں اُسکی خوشخط نقل تیار کرلائے جو ۲۰ فٹ طول میں
بصورت مکتوب تھی۔ آپنے مزید اطمینان کے لئے اصل شجرہ سے اُسکا مقابلہ بھی کرالیا۔ مدینہ منورہ سے ہوکر
۷۔ اپریل ۱۹۱۰ء کو بخیریت آپ جیپور پہونچے۔ یہاں اس شجرہ کو کتابی صورت میں تدوین کرنیکے لئے احقر اور
مولوی سید عبدالقادر صاحب کے سپرد کیا جو آپکے ہاں خدمات دینی پر مامور تھے اتفاقاً کچھ عرصہ بعد
مولوی صاحب نواح بنگالے میں ملازم ہوکر چلے گئے اور احقر نے ۱۳۳۰ھ سے ۱۳۳۵ھ تک شبانہ روز محنت کرکے
اسکو بصورت موجودہ ترتیب دیا۔ اور کتب مذکورۂ بالا میں سے اکثر جناب ممدوح نے خاص اسکی تکمیل کیلئے بصرف
کثیر خرید فرمائیں مگر ناکافی ہونے پر جیپور مہاراجہ لائبریری سے کتب متعلقہ دیکھیں اور اکثر مستند خاندانوں کے شجرے
حاصل کرکے اضافہ کیا اور جن بزرگوں کے اسماء گرامی آئے اُنکے مختصر اور جامع حالات درج کئے۔ اسی اثناء میں
حُسن اتفاق سے حاجی اسمٰعیل صاحب بخاری بھی جیپور آئے۔ اور اس ترتیب و اضافہ کو دیکھکر بہت محظوظ ہوئے
حاجی صاحب کے ہندوستان آنے سے جناب ممدوح نے یہ فائدہ اور حاصل کیا کہ ایک جلد اس شجرہ کی
جلی قلم سے نہایت خوشخط لکھوا کر اپنے کتب خانہ میں رکھوا دی۔ جسکی تقطیع ۲۴-۳۰ ہے
شائقین اور اکثر احباب اسکے طبع کے مصر ہوئے جسپر میں نے اجازت چاہی آپنے اپنی عالی ہمتی سے دو سو روپیہ
کے عطیہ سے راقم الحروف کو مشکور فرماکر اجازت بخشی اور مصارف طبع میں بھی امداد فرمائی۔

بلبل از فیض گل آموخت سخن ورنہ نبود ایں ہمہ قول و غزل تعبیہ در منقارش
آں سفر کردہ کہ صد قافلہ دل ہمرہ اوست ہر کجا ہست خدایا بسلامت دارش

غرضکہ یہ شجرہ ایک تبرک ہے جو جناب ممدوح کو ارض مقدسہ حضرت روحی فداہ صلی اللہ علیہ وسلم سے حاصل ہوا اور میں اُسکو اس زمانہ تک کی ایک جامع تاریخ مکمل و مرتب کر کے ابناءِ اسلام کے سامنے پیش کرتا ہوں۔

من بسر منزل عنقانہ بخود بردم راہ　　قطع ایں مرحلہ با مرغ سلیماں کردم

دارم از لطف ازل منزلِ فردوس طمع
گرچہ دربانی میخانہ فراواں کردم

رَبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ وَاَنْتَ
خَیْرُ الرّٰحِمِیْنَ
بِحَبِیْبِکَ مُحَمَّدٍ صَاحِبِ یٰسِیْن
صَلوٰۃُ اللّٰہِ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ

عبدہ
ضیاء الدین احمد علوی
امروہی

کاخ واجدی
سوائی جیپور　۳۰- اپریل ۱۹۱۶ء

جوار خواجہؒ

علم کتاب بالاجمال

تفصیل و تعداد دوائر مخصوصۂ کتاب

انبیا علیہم السلام	خلفاء اربعہ و صحابہ کبار	امہات المومنین و صحابیات	مشاہیر و بزرگان دین
	۴ — ۹۲	۱۳ — ۴۴	
۵۸	۹۶	۵۷	۱۷۰

میزان کل دوائر کتاب

دیگر سلاسل

۴۰۵۵

عذر مؤلف

شائقین سے التماس ہے کہ کتاب ہذا کو عرصہ سے زیر تالیف تھی لیکن وقت طبع تک برابر بعض حضرات کے سلاسل درج کتاب ہونے کو پہونچتے رہے جس سے تالیف بھی ساتھ کے ساتھ جاری رہی اسکے علاوہ کاروبار طبع کی دشواریاں ایسی پیش آئیں کہ باوجود عجلت و محنت کارکنان مطبع اس عجالہ کی طبع میں تاخیر ہوگئی۔ جن حضرات نے پہلے ہی اپنی درخواستوں سے مشکور فرماکر انتظار کی اتفاقی تکلیف گوارا کی ہے اُنسے خصوصیت کے ساتھ امید کرتا ہوں کہ اپنی عنایت سے معاف فرماکر مجکو مزید شکرگذاری کا موقعہ دینگے۔

احقر ضیاء علوی

غفر اللہ ذنوبہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اَللّٰھُمَّ اِنِّی اَحْمَدُکَ عَلٰی سَوَابِغِ النِّعَمِ حَمْدَ مَنِ اسْتَقَامَ عَلَی الطَّرِیْقَۃِ وَاَشْکُرُکَ مُتَمَسِّکًا فِی اسْتِجْلَابِ الْمَزِیْدِ الْمَوْعُوْدِ بِعُرْوَۃِ وَعْدِکَ الْوَثِیْقَہ وَاَعْتَصِمُ بِمَتِیْنِ حَبْلِکَ عَنِ الْمَیْلِ اِلٰی تَھْوِیْسَاتِ الظُّنُوْنِ وَاَبْرَأُ اِلَیْکَ مِنْ کُلِّ صَنِیْعٍ یُغَایِرُ قَوَانِیْنَ شَرْعِکَ الْمَصُوْنِ وَاَبْسُطُ مُوْقِنًا بِالْاِجَابَۃِ اَکُفَّ الْاِبْتِھَالِ وَالضَّرَاعَۃِ اِلَیْکَ لِتُصَلِّیَ وَتُسَلِّمَ عَلٰی نُقْطَۃِ بِیْکَارِ الْکَمَالِ الدَّالِّ بِکَ عَلَیْکَ عَبْدِکَ وَحَبِیْبِکَ اِکْسِیْرِ کُنُوْزِ فُیُوْضَاتِکَ الْوَھْبِیَّۃِ وَتَفْسِیْرِ رُمُوْزِ فُتُوْحَاتِکَ الْغَیْبِیَّۃِ وَعَلٰی اٰلِہِ الَّذِیْنَ اِزْدَحَمُوْا فِیْ مَوَارِدِ نَفَائِسِ الْاِحْسَانِ فَسَاغَ لَھُمْ شَرَابُھَا وَاَصْحَابِہِ الَّذِیْنَ سَبَقُوْا اِلٰی مَشَاھِدِ عَرَائِسِ الْاِیْمَانِ فَکُشِفَ لَھُمْ نِقَابُھَا وَعَلَی السَّالِکِیْنَ نَھْجَھُمْ فِیْ ذٰلِکَ السَّنَنِ الْقَوِیْمِ حَافِرًا مَرْکُوْبٍ عَلٰی حَافِرٍ وَالسَّالِکِیْنَ سَبِیْلَھُمْ قَدَمًا عَلٰی قَدَمٍ اِلٰی ھٰذَا الزَّمَانِ الْحَاضِرِ وَسَلِّمْ تَسْلِیْمًا کَثِیْرًا

امابعد نامہ سیاہ محمد ضیاء الدین احمد علوی نقشبندی مجددی ابن مولانا الحاج شاہ بہاء الدین صاحب نقشبندی مجددی قادری چشتی سہروردی مہاجر مکہ غفر اللہ ذنوبہما اہل اسلام کی خدمت میں عرض رساں ہے کہ سارے جہان کی تکوین حضورؐ کی خاطر اور آپکے ہی شعشعان نور سے ہوئی۔ غیر قومیں بھی آپکے فضل و شرف کی قایل ہیں وَالْفَضْلُ مَا شَھِدَتْ بِہِ الْاَعْدَاءُ۔ آپکی شان عالی کا اظہار نہ زبان بشری سے ممکن۔ نہ قلم کو طاقت چنانچہ اول ہی روز ازل میں اسکا شق ہونا شاہد ہے۔ آپکی علو مرتبہ و مدارج وصف و توصیف کی کوئی انتہا نہیں۔ تمام انبیا و اولیا اس مقام میں عجز کو اپنا کمال سمجھتے رہے۔ اور سچ ہے۔

خدا نے جسکی مدحت کی بیاں کیا اسکی رفعت کا

اسی وجہ سے حضورؐ کے فضائل کا احصا ناممکن ہے۔ ہم بغرض واقفیت عام بعض حالات ضروری فخر موجودات روحی فداہ کے ہدیہ ناظرین کرتے ہیں۔ گو کہ حضور خاتم النبیینؐ سب سے آخر میں ہیں لیکن درحقیقت آپکا وجود با جود سب سے اول اور سب کے وجود کا باعث ہے۔ لہذا ہم اسی اسم مقدس سے ابتدا کرتے ہیں جو سب کی مبتدا ہے۔

قال النبی صلی اللہ علیہ وسلم اول ما خلق اللہ نوری الحدیث

نور اول

لولاک لما خلقت الکون

شمس العارفین سراج السالکین انیس الغریبین

خاتم النبیین

وما ارسلناک الا رحمۃ للعلمین

حضرت سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وسلم

سیدنا قاسم — سیدنا طاہر — سیدنا طیب — سیدنا ابراہیم — سیدہ ام کلثوم — سیدہ رقیہ — سیدہ زینب — سیدہ فاطمہ

آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کی ولادت شریف بتاریخ ۱۲- ماہ ربیع الاول سنہ عام الفیل کو دوشنبہ کے روز بوقت صبح صادق ہوئی۔ آپ کی والدہ ماجدہ حضرت

بی بی آمنہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ جب رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم پیدا ہو کر دنیا میں تشریف لائے تو آپکے ساتھ ایک نور ظاہر ہوا اس نور کی روشنی سے تمام مشرق اور مغرب کی چیزیں روشن ہو گئیں جب آپ زمین پر آئے تو دونوں ہاتھوں پر سہارا دیئے ہوئے تھے آپنے خاک کی ایک مٹھی بھری اور آسمان کی طرف سر اُٹھا کر دیکھا۔ (مواہب)
آپ کی والدہ حضرت بی بی آمنہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ ولادت کے وقت میں نے آسمان سے ایک ابر کے سفید ٹکڑے کو آتے دیکھا اُس ابر کے ٹکڑے نے رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کو اپنی آغوش میں لے لیا اور میری نظروں سے غائب ہو گیا۔ اُس میں سے مجھے یہ آواز سنائی دیتی تھی کہ اُن کو دریا جنگل مشرق و مغرب کی حدود میں پھرالاؤ کہ سب چیزیں پہچان لیں اور اُن کی صفات و صورت سے واقف ہو جائیں۔
ابر کے نزول کا قصہ قریب ولادت دو بار ہوا ہے چنانچہ آپ کی والدہ ماجدہ فرماتی ہیں کہ جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پیدا ہوئے تو میں نے دوبارہ بھی ایک بڑے ابر کے ٹکڑے کو دیکھا جس میں سے گھوڑوں اور پرندوں اور آدمیوں کی باتوں کی آواز آتی تھی۔
اس دفعہ بھی اُس ابر نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو چھپا لیا۔ اول مرتبہ سے زیادہ دیر تک غائب رہے۔ اگر مجھے یہ سنائی دیتا تھا کہ کوئی کہہ رہا ہے کہ آپ کو تمام روئے زمین اور تمام روحانیات انسان اور جن فرشتوں طیور و وحوش کے سامنے پیش کرو اور نبوت اور نصرت کی کنجیاں دیدو اور تمام انبیاء علیہم السلام کے اوصاف سے آپکو مزین کر دو اور تمام رُسل اور نبیوں کے دریائے اخلاق میں غوطہ دیدو۔
الغرض ہمارے نبیٔ مکرم تمام محاسن میں لاثانی اور اخلاق کریمانہ میں تمام انبیاء مرسلین سے فائق تھے۔ **شعر**

اے کہ بر تخت سیادت زازل جا داری　　　آنچہ خوباں ہمہ دارند تو تنہا داری

آپ کی ولادت شریف کے وقت کسریٰ نوشیرواں کے محل میں ایسا سخت زلزلہ آیا کہ اُس عالیشان شاہی ایوان کے چودہ کنگرے گر پڑے۔

وَبَاتَ اِیْوَانُ کِسْرٰی وَھُوَ مُنْصَدِعٌ　　　کَشَمْلِ اَصْحَابِ کِسْرٰی غَیْرَ مُلْتَئِمِ

یعنی نوشیرواں کا محل ولادت کے وقت ایسا شکستہ اور پاش پاش ہو گیا جیسا کہ کسریٰ کا لشکر جسکو اجتماع نصیب نہوا۔ (بردہ)

چو صیتش در افواہ دنیا فتاد　　　تزلزل در ایوان کسریٰ فتاد

فارس کا قدیمی آتشکدہ جو ہزار سال سے برابر روشن تھا ضیاء توحید کی نورانی شعاعوں سے بجھ گیا اور بحیرہ طبریہ اور دریائے ساوہ (جس میں نوزائیدہ بچوں کو آتش پرست غسل دیتے تھے) دفعتاً خشک ہو گئے۔ (مواہب و مدارج النبوۃ)
اللہ جل جلالہ نے زوال سلطنت فارس و شام کی طرف ان امور سے اشارہ کیا ہے۔ (نشر الطیب)
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم شعب بنی ہاشم کے زقاق المولد (پیدائشی کوچہ) محمد بن یوسف نزار کے گھر میں پیدا ہوئے۔
حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے بسند حسن یہ روایت ہے کہ ایک یہودی نے اُس رات جس میں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم پیدا ہوئے تھے یہ کہا کہ اہل قریش کیا آج تمہاری قوم میں کوئی بچہ پیدا ہوا ہے۔ لوگوں نے لاعلمی کی وجہ سے کہہ دیا کہ ہمکو خبر نہیں اسپر وہ کہنے لگا کہ اے اہل قریش آج کی شب میں اس امت کا نبی پیدا ہوا ہے۔ اُسکے دونوں شانوں کے درمیان (مہر نبوت) ایک نشانی ہے۔ قریش نے جب اس امر کی تحقیق کی تو معلوم ہوا کہ عبداللہ بن عبدالمطلب کے

لڑکا پیدا ہوا ہے۔ یہودی اور اہل قریش آپ کی والدہ بی بی آمنہؓ کے پاس آئے۔ یہودی نے جب وہ نشانی دیکھی تو بیہوش ہوکر گر پڑا اور سنبھل کر کہنے لگا کہ بنی اسرائیل سے تو اب نبوت و رسالت رخصت ہوگئی۔ اے اہل قریش یہ پیغمبر ایسا غلبہ کرینگے کہ مشرق و مغرب تک انکی تشہیر ہو جائیگی۔ (فتح الباری)

آپ کی رحلت تریسٹھ ۶۳ سال کی عمر میں دوشنبہ کے روز ماہ ربیع الاول ۱۲ تاریخ کو مدینہ منورہ میں ہوئی

عبدہٗ اللہ

روضۃ الاحباب میں لکھا ہے کہ جس رات حضرت عبداللہ پیدا ہوئے اہل کتاب نے جانا کہ پیغمبر آخر الزماں کی ولادت قریب ہے اور سبب اسکا یہ ہوا کہ جامہ سفید صوف ملبوس حضرت یحییٰ علیہ السلام کہ انکو کافروں نے شہید کیا تھا خون آلودہ انکے اس تھا اور مضمون کتب آسمانی سے وہ جانتے تھے کہ جب وہ جامہ بار دیگر بخون تازہ سرخ ہو جائیگا اور چند قطرہ خون اس میں سے ٹپکیں تو یہ علامت قریب تولد پیغمبر آخر الزماں کے ہوگی اور اس رات میں اس جامہ میں یہ نشان ظاہر ہوا اور اسی سبب سے وہ حضرت عبداللہ سے عداوت رکھتے تھے۔ وہ ہر چند بارادہ قتل جمع ہوکر مکہ میں آئے لیکن بدنصیب اپنا سا منہ لیکر پھر جاتے آپ کا لقب ذبیح بھی ہے جسکی کیفیت ہم حضرت عبدالمطلب کے حالات میں درج کرینگے مختصراً یہ کہ آپ نے یعنی حضرت عبدالمطلب نے اپنی ایفاء منت میں منجملہ اپنے بیٹوں کے حضرت عبداللہ کی قربانی کرنی چاہی اور اور بھائیوں میں آپ کا تعین کرنے کی غرض سے قرعہ ڈالا تو وہ بھی آپ ہی کے نام پر نکلا حضرت عبدالمطلب آپ کا ہاتھ پکڑ کر قربانی کی جگہ لائے اور چاہا کہ قربان کریں آپ کے بھائی اور تمام اہل قریش بوجہ آپکی محبت کے مانع ہوئے۔ اور ایک کاہنہ کے پاس اس قصہ کو لے گئے اسنے کہا کہ قرعہ اسطرح ڈالو کہ اول دس اونٹ اور عبداللہ کا نام لکھو اگر آپ کا نام نکلے دس اونٹ اور بڑھا دو اور زیادہ کرتے جاؤ یہانتک کہ اونٹوں کے نام پر قرعہ نکلے۔ عبدالمطلب نے ایسا ہی کیا ہر بار میں قرعہ حضرت عبداللہ کے ہی نام نکلتا تھا یہانتک کہ سو اونٹوں کی نوبت پہونچی تب اونٹوں کا نام نکلا۔ حضرت عبدالمطلب اونٹوں کو قربان کرکے منت سے ادا ہوئے۔ حدیث شریف میں حضورؐ نے جو ارشاد فرمایا ہے اَنَا ابْنُ الذَّبِیْحَیْنِ (یعنی میں دو ذبیحوں کا بیٹا ہوں) اسی طرف اشارہ ہے۔ ایک سے حضرت اسمٰعیل علیہ السلام مراد ہیں اور دوسرے سے حضرت عبداللہ آپکے والد بزرگوار۔ حضرت عبداللہ کی عمر باختلاف روایات ۱۸-۲۵-۳۰- سال کے ہوئی۔ اور بقول اصح موافق روایات زرقانی ۲۵ سال ہوئی۔ حضور سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی ولادت شریف سے تین ماہ قبل جبکہ آپ ملک شام کی طرف کھجوروں کی خریداری کے واسطے تشریف لیجارہے تھے راستے میں انتقال ہوا اور دار النابغہ میں مدفون ہوئے (بقول اصح) اور بقول بعض مدینہ منورہ میں متصل مزار سیدنا مالک ابن سنان رضی اللہ عنہ بیرق بردار حضور سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم مدفون ہوئے۔

(مواہب و سیرت الحلبی)

جناب عبد المطلب بعد وفات اپنے والد حضرت ہاشم کے پیدا ہوئے۔ نام آپ کا دراصل شیبہ ہے۔ اسوجہ سے کہ آپکے سر میں سفید بال تھے یا ایک بال سفید تھا اور بعد بلوغ بکثرت محامد شیبۃ الحمد کہلائے صاحب روضۃ الاحباب نے لکھا ہے کہ بعد وفات حضرت ہاشم شیبہ کو مطلب بن عبد مناف نے پرورش کیا۔ اور اُس زمانہ کا یہ دستور تھا کہ جو کوئی کسی یتیم کو پرورش کرتا تھا وہ یتیم

۳

بعض کہتے ہیں کہ فاطمہ عمارہ اُمّ ایک ہی صاحبزادی کے نام ہیں اور امّ الفضل بھی فاطمہ کی کنیت ہے

حضرت سید الشہداء حمزہ رضی اللہ عنہ کی ولادت حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے دو سال قبل اور بعض کے نزدیک چار سال قبل کی ہے۔ آپکے محامد بے شمار ہیں حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے آپکو بہت محبت تھی اور رضاعی بھائی بھی تھے کہ ثویبہ کنیز ابو لہب کا دودھ آپنے بھی پیا تھا جیسا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی نسبت ثابت ہے۔ نبوت کے چھٹے سال ایک روز رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کوہ صفا کی طرف تشریف لیگئے۔ ابوجہل نے وہاں پہونچکر آپ کو گالیاں دیں اور اسلام کی توہین کی۔ آپ اُسکے ناملایم کلمات سب وشتم کو حلم نبوت کے اقتضاء سے سنتے رہے۔ ابوجہل نے سر مبارک پتھر سے زخمی بھی کر دیا۔ آپ فوراً تیر و کمان لیے ہوئے اُسطرف آنکلے۔ عبد اللہ بن جدعان کی لونڈی سے کل واقعہ معلوم کرکے جوش قرابت میں آگئے۔ اُسی طیش میں ابوجہل کے پاس پہونچے اور اُسکے سر پر اس زور سے کمان کھینچکر ماری کہ وہ زخمی ہو گیا یہ قریش کی جماعت میں بیٹھا ہوا تھا حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ نے بال پکڑ کر گھسیٹ لیا اور فرمایا کہ تو محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو ناشایستہ الفاظ سے یاد کرتا ہے۔ میرے بھتیجے کو تکلیف و اذیت پہونچاتا ہے۔ اسکے بعد حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس تشریف لاکر فرمایا کہ میں نے تمہارے دشمن سے بدلہ لیلیا تمکو خوش ہونا چاہیئے آپنے فرمایا کہ میں تو جب ہی اس سے خوش ہونگا۔ آپ مسلمان ہو جاویں تو میری مسرت کا باعث ہے۔ چنانچہ آپ اُسی وقت مسلمان ہو گئے۔ عمر آپکی ۵۹ سال ۱۵ شوال سنہ ۳ھ زمانہ جنگ احد میں جام شہادت سے سرمدی کو فائز ہوئے۔ مدینہ منورہ میں مقام حمزہ آپکا مزار مقدس ہے۔ (ابن خلدون و اصابہ)

اُسکا غلام کہلاتا تھا اسوجہ سے عبدالمطلب مشہور ہوے جسوقت آپ کو کوئی مہم پیش آتی پیشانی آپ کی چاند کی طرح چمک جاتی اور اُس نور کے چمکنے سے معلوم کر لیتے کہ ہمکو فتح نصیب ہوگی۔ روایت ہے کہ ابرہہ بادشاہ اصحاب فیل کا جب خانہ کعبہ کے منہدم کرنیکو مکہ معظمہ پر چڑھ آیا تھا اور اُس بادشاہ کے لشکری آپ کے اونٹ پکڑ لیگئے تھے اُنکے چھڑانے کو اُسکے پاس تشریف لے گئے اُس نے

۳

عبدالمطلب

زہرہ
قریبہ
عبداللہ
عاتکہ
صفیہ
امیمہ
برہ
سیدنا ابوسلمہ
بیضاء
اُرْوَیٰ

اصابہ نے ابوسلمہ کو صحابی نہیں لکھا

صفیہ
ام حبیبہ
سیدہ اروی رضی اللہ عنہا
سیدنا ابوسبرہ
سیدنا عامر
سیدنا عبداللہ

اصابہ نے ابوسبرہ کو صحابی نہیں لکھا

عبد الکعبہ
سیدنا زبیر
فاطمہ
سیدنا سائب
سیدنا طلیب
ام عثمان سیدہ اروی

سیدہ حمنہ رضی اللہ عنہا
عبید اللہ
سیدنا ابواحمد
سیدنا عبداللہ
سیدہ ام حبیبہ رضی اللہ عنہا
سیدہ زینب

یہ شخص نصاریٰ ہوگیا تھا
اصابہ

عبداللہ ابن جحش اول اسیر اسلام ہیں
عمر ۴۶ سال وفات جنگ احد

ان کا پتہ اصابہ میں نہیں
دیگر کتب سے ثابت ہے

ام المومنین

آپکی صورت دیکھتے ہی بایں سبب کہ عظمت اور مہابت آپکے چہرہ سے برکت نور محمدی نمایاں تھی نہایت تعظیم اور تکریم کی
اور تخت سے نیچے اُتر کر آپ کو تخت پر بٹھایا اور
ہیں آپ نے وجہ بیان فرمائی۔ اُس نے
اور کہا کہ آپ کی عظمت میرے دل میں اسقدر
دریافت کیا کہ آپ کس غرض سے تشریف لائے
فوراً حکم دیا کہ آپ کے اونٹ چھوڑ دیے جائیں
آئی ہے کہ اگر خانہ کعبہ کی محفوظی کے لئے فرماتے

المشہور بہ ابی سفیان وفات خلافت عمرؓ میں حضور نے آپکی شان میں سید فتیان اہل الجنت فرمایا (اصابہ)

تو میں منہدم نہ کرتا آپ نے فرمایا کہ اس گھر کا خدا خود محافظ ہے میری سفارش کی ضرورت نہیں چنانچہ ایسا ہی ہوا کہ جب لشکر اصحاب فیل بیت اللہ کے مسمار کرنے کو چڑھا اللہ جل جلالہ نے طیر ابابیل کو بھیجا کہ تمام لشکر معہ ہاتھیوں کے کنکریوں سے تباہ و ہلاک ہوگیا اور اسوقت آپ معہ چند قریش کے خانہ کعبہ کا دروازہ پکڑے ہوئے گڑگڑا کر دعائیں کر رہے تھے اور یہ اشعار آپ کی ورد زبان تھے

٣

عبدالمطلب

لاھم ان العبد یمنع حلہ فامنع حلالک
لا یغلبن صلیبھم ومحالھم ابدا محالک
وانصر علی آل الصلیب وعابدیہ الیوم آلک

ترجمہ اے خدا بیشک شخص روکتا ہے اسکو جو اسکے گھر میں آوے پس تو بھی منع کر اسکو جو تیرے مکان میں آتا ہے۔ کبھی ان کی صلیب غالب نہیں ہونے کی اور نہ انکا غصہ تیرے غصہ پر غالب ہوگا اور مدد کر اہل صلیب اور اسکی پرستش کرنے والوں پر اپنی اہل کی۔

فی الجملہ آپ میں تمام ہیبت و برکت نور محمدی صلی اللہ علیہ وسلم کی تھی کہ بادشاہ ہیبت میں آجاتے اور تعظیم و تکریم کرتے تھے اور آپکو مشکلات میں غیب سے امداد ہوتی تھی۔ سب سے پیشتر عرب میں سیاہ خضاب آپ نے ہی لگایا ہے۔ اور بعد زمانہ حضرت اسمٰعیل علیہم السلام کے ایک مدت تک چاہ زمزم بند رہا اور اسکی جگہ معلوم نہیں تھی۔ آپ نے وہ جگہ خواب میں دیکھکر کنواں کھودنے کا ارادہ کیا۔ قریش مانع ہوئے اور آپ کا کوئی حامی نہیں تھا۔ اور اولاد بھی نہیں تھی صرف ایک صاحبزادے تھے اور آپ قریش سے لڑے اور غالب آئے اسوقت آپکو اولاد نہونے کا اور بھی رنج ہوا اور منت کی کہ اگر دس لڑکے ہوں اور چاہ زمزم کو کھود کر نکال لوں تو ایک بیٹے کی قربانی کروں چنانچہ آپ کے دس لڑکے ہوئے اور چاہ زمزم بھی برآمد ہوگیا جس پر حضرت عبداللہ کی قربانی کا واقعہ ہوا جسکا ہم ذکر کر آئے ہیں۔ آپ کی عمر ایک سو بیس ١٢٠ برس کی تھی۔ آپ کی وفات عام الفیل سے آٹھویں سال میں ہوئی۔ اسوقت رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کی عمر مبارک آٹھ سال دو ماہ دس دن کی تھی۔ حضرت عبدالمطلب کا مزار مکہ معظمہ میں ہے۔ (خلدون)

بعض کے نزدیک ضباعہ اور صفیہ ایک ہی ہیں اور بعض کے نزدیک دونوں نام ام حکیم کے ہیں واللہ اعلم بالصواب (اصابہ)

جس ابرہہ کا ذکر عبدالمطلب کے حال میں گذرا اسکی نسبت ہشام بن کلبی ؒ کی روایت سے مفہوم ہوتا ہے کہ وہ ابتداءً یمن کا امیر لشکر ہوا رفتہ رفتہ حکومت
یمن کی اسکو بالاستقلال حاصل ہوگئی اسکے شکریہ میں مقام صنعاء میں ایک کلیسا بنایا جسمیں قیمتی پتھروں کی پچیکاری کرائی اور زر
آلات سے خوب سجایا۔ نجاشی اور قیصر روم جنکی بدولت ابرہہ کو یہ حکومت حاصل ہوئی تھی انکو یہ تحریر بھیجی کہ میرا مقصود
ہے کہ عرب کو حج کعبہ سے روک دوں اور اسکے طواف کی طرف مائل کروں۔ چنانچہ اسی خیال سے اطراف عرب میں
آدمیوں کو روانہ کیا جسوقت مکہ میں اسکے آدمی پہونچے عرفہ بن عیاض نے ایک کو ایسا تیر مارا کہ اسنے دوبارہ دم تک
نہ لیا۔ ابرہہ کو اس واقعہ کی اطلاع ہوئی اور اسیوقت برافروختہ ہوکر ایک جرار لشکر اور کثیر فوج لیکر
مع ہاتھیوں کے مکہ کی طرف اس غرض سے روانہ ہوا کہ کعبہ کو منہدم کردے اور قریش کو
قتل کر ڈالے۔ انتہی کلامہ
عبد المطلب
آپ کی ولادت ۳۵ سال قبل ولادت حضور پرنور صلی اللہ علیہ وسلم
کے ہوئی۔ عمر ۸۰ سال وفات ۳ھ ام المومنین خدیجۃ الکبریٰ کے
۳۵۔ یا ۵۵ روز کے بعد ۱۵۔ شوال۔ اصابہ
یہ خط حضرت علی رض کے نام سے پہنچا۔
ابی طالب
حسین
حمید
احمد
عبداللہ اصغر
جعفر سیدنا
سیدہ ام ہانی رضی اللہ عنہا
جمانہ
عقیل سیدنا
اصابہ میں لکھا ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم ستائیس شب رمضان کو تنعیم تشریف لے
گئے اور انکے مکان سے احرام عمرہ باندھا اور انکو صحابیہ میں لکھا ہے۔
محمد سیدنا
علی
ام کلثوم
ام القاسم
عون سیدنا
محمد
سیدہ نعمی رضی اللہ عنہا
عون
عباس
عبداللہ سیدنا

آپکا اسم مبارک علی ابن ابی طالب کرم اللہ وجہہ۔ اور یعسوب المسلمین حیدر کرار اسد اللہ الغالب ابو تراب لقب ہیں لڑکوں میں سب سے پہلے آپ ہی ایمان لائے حضور نے آپکی شان میں فرمایا تو میرا بھائی اور رفیق ہے دنیا و آخرت میں۔ آپ تین باتیں فخریہ فرمایا کرتے تھے کسی کا خسر مجھ جیسا ہے کیا حضرت فاطمہ جیسی کسی کی بیوی ہے حسنین جیسے کسی کی اولاد ہے۔ سچ ہے کہ یہ مرتبہ کسی کو حاصل نہ تھا اور اس وجہ میں آپکی منزلت کا کیا اندازہ ہو سکتا ہے۔

محمد گل است و علی برگ گل　　ازاں گل بود فاطمہ بوئے گل
چو عطرش برآمد حسین و حسن　　از و شد معطر زمین و زمن

قلعہ خیبر کا فتح ہونا اصر حقیقی نے آپ ہی پر موقوف رکھا تھا۔ آپکی ولادت عام الفیل سے تیسویں برس ۱۳۔ رجب کو ہوئی عمر آپ کی ۶۳ سال زمانہ خلافت تین سال نو ماہ آٹھ یا تین دن ہیں۔ سنہ ہ میں یکشنبہ ۱۹۔ رمضان بوقت شب مسجد کوفہ میں خوارج نے آپکو شہید کیا

عارف باللہ حضرت سید شاہ محمد امین اللہ رحمۃ اللہ علیہ - آپ عاصی مولف کے جد امجد ہیں چونکہ سلسلہ درویشی کا بفضلہ تعالیٰ نسلاً بعد نسلاً چلا آتا ہے اسوجہ سے آپکی پیشانی مبارک سے عشق الٰہی کے آثار نمودار تھے - ایک بزرگ کامل پناہ شاہ صاحب امروہہ میں مجذوب وقت گزرے ہیں - اعلیحضرت آپکے والد بزرگوار حضرت غلام غوث کہ صاحب ذوق و شوق اور صلاح و ورع تھے اس باعث سے آپکا نام شوقِ الٰہی مشہور ہو گیا تھا - حضرت پناہ شاہ صاحب کی خدمت میں دائماً حاضر رہتے تھے - حضرت جد امجد کی پیدائش کے وقت آپنے خوشخبری دی اور فرمایا کہ - شوقا کعلوں کا لعل پیدا ہوا ہے اپنے گھر جا - حضرت جد امجد قریب شباب تحصیل علم کی غرض سے جناب مولوی عبد الجلیل صاحب بنی اسرائیلی کی خدمت میں علیگڈھ تشریف لیگئے - اس سے پیشتر آپ کا سلوک نقشبندی آپکے پیر و مرشد جناب مولانا سید امام الدین صاحب امروہی خلیفہ حضرت شاہ غلام علی صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی صحبت اور عنایات سے طے ہو گیا تھا - اثنائے تحصیل میں علم سے معلوم کی طرف غلبۂ شوق نے متوجہ کر دیا اور سکر و سہو کا غلبہ ہو گیا - ایک روز مولوی عبد الجلیل صاحب سبق پڑھاتے میں فقرا کی تحقیر و تنقیص فرمانے لگے - آپنے فرمایا سب ایسے نہیں ہوتے - اس فقرہ پر مولوی صاحب ناراض ہو کر مکان میں جانے لگے اچانک

ٹھوکر لگی اور آپ بیہوش ہو گئے۔ دیکھتے کیا ہیں کہ حضور سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم رونق افروز ہیں اور فرماتے ہیں کہ امین اللہ جیسے کہے اُسکو تسلیم کرو۔ اُسوقت سے مولوی صاحب آپکے معتقد ہو گئے اور استفادۂ باطنی شروع کر دیا۔ جب مریدوں کا ہجوم ہونے لگا تو آپ علیگڈھ چھوڑ کر قصبہ چھڑاؤں تشریف لے آئے۔ یہاں بھی وہی صورت پیش آئی۔ بالآخر مجبور ہو کر موضع شریف پور کنارہ دریائے گنگ پر اقامت فرمائی۔ گاہ بگاہ وطن مالوف امروہہ میں تشریف لاتے۔ ترک و تجرید آپکا خاصہ ذاتی ہو گیا تھا۔ خواجہ خضر نے اسرار دقائق ایک مرتبہ حافظ سید مہربان علی صاحب آپکے پیر بھائی نماز تراویح پڑھا رہے تھے اور آپ بھی شریک نماز تھے جسوقت حافظ صاحب آیۃ اللّٰهُ نُورُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ پر پہونچے۔ آپ نے ایک چیخ ماری اور تین بجے شب تک بحالت استغراق اپنی جگہ پر کھڑے رہے آخر شب میں حافظ صاحب موصوف تشریف لائے اور کان میں درود شریف پڑھا تو آپ زمین پر گرے اور اُسکے صدمہ سے ہوش میں آیا۔ آپکے حالات عجیب ہیں اگر تفصیلاً لکھا جاتے تو مستقل ایک رسالہ ہو جائے۔ مرض الموت میں آپکو امروہہ لایا گیا۔ تیئیس یا چوبیس سال کی عمر میں ۴۔ محرم ۱۲۶۶ھ میں انتقال فرمایا۔ اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّا اِلَیْهِ رَاجِعُوْن (بحجۃ التواریخ)

حاجی الحرمین سید شاہ مولانا بہاء الدین نقشبندی مجددی قادری چشتی سہروردی مہاجر مکہ مکرمہ مدظلہ العالی۔ آپ نامہ سیاہ مؤلف کے والد بزرگوار ہیں۔ حضرت جد امجد کی توجہ باطنی ابتداہی سے آپ پر مبذول رہتی تھی آپ نے حصول علوم مایحتاج کے بعد اپنے سرشتی مذاق کی طرف توجہ فرمائی۔ بفضلہ تعالیٰ الطاف روحانی اجداد کرام کے شامل حال تھے۔ یوماً فیوماً اسطرف ذوق بڑھتا گیا۔ یہانتک کہ پیر کی تلاش میں نکل کھڑے ہوئے۔ اور حضرت آخون عبد الغفور صاحب رحمۃ اللہ علیہ صواۃ بنیری کی خدمت میں حاضری کیلیے سفر کا ارادہ کیا لیکن کچھ صورتیں ایسی پیش آئیں کہ بجائے سفر ولایت کے ۱۲۸۰ھ میں بعمر ۱۸ سال آفتاب ہدایت حضرت مولانا عبد الرحمن صاحب خلیفہ حضرت مولانا شاہ غلام علی صاحب رحمۃ اللہ علیہ نقشبندی کی خدمت میں شاہجہانپور حاضر ہوئے۔ اور بعد مجاہدات اور ریاضات خرقہ خلافت و بیعت عطا فرمایا

سے ممتاز ہوئے۔ اسی اثنا میں حاضری حرمین شریفین زادہما اللہ شرفاً و تعظیماً کا شوق ہوا۔ جسکی وجہ سے اول مرتبہ مضطربانہ و بیتابانہ بڑے ذوق سے حاضر حرمین ہوئے۔

زیر شمشیر غمش رقص کناں باید رفت
کانکہ شد کشتہ او نیک سرانجام افتاد

چنانچہ اسی سلسلہ میں آپ نے ستائیس حج ادا کیے اور زیارات بیت المقدس وغیرہ سے مشرف ہوئے۔ آپکی آرزو تھی کہ خداوند تعالے مکہ مکرمہ میں مستقل قیام کا کوئی سامان کردے۔ خداوند عالم نے بطفیل نبی کریم ﷺ آپکی اس امید کو پورا کیا کہ وہاں پر اپنا ذاتی مکان بھی ہو گیا ہمیشہ آپکا قیام مکہ مکرمہ میں رہتا ہے گاہ بگاہ ہندوستان آنیکا اتفاق ہوتا ہے تو ہمہ وقت مراجعت کا خیال اور دیار محبوب حقیقی کا دھیان غالب رہتا ہے اور اسی غلبۂ شوق میں جملہ احباب و اہل طریقہ کو زیارت حرمین کے بارہ میں ترغیب اور پند و نصائح فرماتے رہتے ہیں۔ غرضیکہ ہندوستان کا عارضی قیام بھی آپکے لئے پریشانی کا باعث رہتا ہے سبحان اللہ کیا شوق ہے۔

سر خود را بره دوست نثار کردی
حاصل عشق ہمیں بود کہ کاری کردی

آپ نہایت سادہ مزاج ماہر سلوک علوم باطن میں سلف صالحین کی یادگار ہیں۔ اس زمانہ میں آپکا وجود بوجوہ مغتنمات سے ہے۔ عرصہ دو سال سے واپس مکہ معظمہ تشریف لیجانیکا موقعہ نہیں ہوا وطن مالوف امروہہ ضلع مراد آباد میں آپکا قیام ہے۔ متعنا اللہ بطول بقائہ

۳ اسی دوران میں بمقام مکہ مکرمہ حضرت حاجی امداد اللہ صاحب رحمۃ اللہ سے بھی خرقۂ خلافت عطا ہوا۔

عبد المطلب

آمنہ — سیدنا عباس رضی اللہ عنہ — صفیہ

کثیر — ام حبیبہ رضی اللہ عنہا

صالح — سیدنا عبد الرحمن — سیدنا فضل

سیدنا مسہم — سیدنا معبد — سیدنا قثم

سیدنا تمام — ابو محمد عبید اللہ — امام عبد اللہ — علی

ابو الفضل حضرت عباس رضی اللہ عنہ آپ ... سنہ ... میں واقعہ اصحاب فیل سے ... سال

اصابہ دو سال قبل پیدا ہوئے۔ آپ پانچ برس کی عمر میں گم ہو گئے تھے تو آپکی والدہ نے منت مانی کہ اگر مل گئے تو بیت اللہ کیلئے حریر و دیبا کا غلاف چڑھائیں گی۔ بفضل ایزدی اس نذر کے بعد ہی آپ مل گئے اور انکی والدہ نے اپنی منت پوری کی۔ آپکی والدہ سب سے اول عورت اہل عرب سے ہیں جنہوں نے خانہ کعبہ پر حریر و دیبا کا غلاف چڑھایا۔ آپ اپنے زمانہ کے بڑے متقی اور پرہیزگار مانے جاتے تھے۔ ابو الفضل آپکی کنیت ہے۔ حضورؐ کی تربیت اور معاونت کا شرف سب سے زیادہ آپ ہی کو حاصل ہے۔ آپکے فضل و اولو العزمی کے بہت سے کارنامے ہیں جسکی عزت و حرمت خود حضور سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم

سلسلۂ اولادِ ہاشم
١٦
ہاشم آپکا نام عمرو ہے اور لقب ہاشم تھا اور اسی لقب سے مشہور رہیں۔ ہاشم کے لغوی معنی روٹی چورنے کے ہیں آپ قحط سالی میں لوگوں
کو ثرید یعنی مالیدہ کھلایا کرتے تھے سخاوت میں ضرب المثل تھے اور عرب میں اول اول ثرید کی ضیافت آپنے ہی ایجاد کی۔
ملک شام کو تشریف لیجاتے ہوئے عین عالم شباب میں شام کے علاقہ مقام غزہ میں آپکا انتقال ہوا اور
وہیں پر آپکی قبر ہے اور بعض روایات میں مقام عزہ ہے۔ (سیرۃ الحبیب)
ہاشم
فضیلہ
ابو صیفی
مطلب
اسد
ابو اسد
یزید
عبد
فاطمہ ام علی رضی اللہ عنہ
وفات مدینہ منورہ
سیدہ ام ہانی رضی اللہ عنہا
جعدہ
یحییٰ
کے قلب مبارک میں موجود ہے اسکے مراتب علیا کا کیا بیان ہے
آپکی غایت قدر و توقیر حضور کے اس کلام سے جسد رحمت خصوصیت
سے ظاہر ہوتی ہے عن ابن عباس قال النبی
صلی اللہ علیہ وسلم العباس منی وانا
منہ آپنے ۸۸ سال کی عمر میں ۱۲۔ رجب ۳۲ھ
بروز جمعہ وفات پائی۔ حضرت عثمان غنیؓ نے آپکے
جنازہ کی نماز پڑھائی۔ آپکے صاحبزادہ حضرت عبداللہ
اور مولیٰ علی مرتضیٰ کرم اللہ وجہہ نے قبر میں اتارا
قبہ اہلبیت جنت البقیع مدینہ منورہ میں آپکا مرقد ہے
(اصابہ و سیرۃ النبوۃ) یہ سب کچھ حضرت رسالت
پناہی صلی اللہ علیہ وسلم روحی فداہ کے فیضان
نبوت کا پرتو تھا۔ فتبارک اللہ احسن الخالقین۔
وکلھم من رسول اللہ ملتمس
غرفا من البحر او رشفا من الدیم
(خصائص الکبریٰ)

عبد مناف ان کا اصلی نام مغیرہ ہے اور ابو عبد الشمس کنیت نہایت حسین وجمیل تھے۔ انکے والد قصی نے قبل انتقال نقابت۔ ایالت۔ امارت۔ سرداری آپکے سپرد کی تھی۔ انکے چار بیٹے تھے جیساکہ شجرہ میں مذکور ہے یعنی ہاشم جد حضرت عبد اللہ اور عبد الشمس جد بنی امیہ اور نوفل جد جبیر بن مطعم اور مطلب جد اعلیٰ امام شافعی کے ہیں۔ روضۃ الاحباب میں ہے کہ عبد الشمس اور ہاشم توام پیدا ہوئے تھے دونوں کی پیشانیاں ملی ہوئی تھیں تلوار سے جدا کی گئیں وہ ہی

حضرت امام شافعی رحمۃ اللہ آپ نے کبھی قسم نہیں کھائی دس برس کی عمر سے کبھی سیر ہو کر کھانا نہیں کھایا۔ مسائل میں غایت درجہ کی احتیاط اور خاموشی آپ کا طرز عمل تھا ایک شخص نے آپ سے مسئلہ پوچھا آپ نے سکوت کیا اُس نے دریافت کیا کہ آپ جواب نہیں فرماتے۔ کہا میں سوچتا ہوں کہ فضیلت میری خاموشی میں ہے یا جواب میں جائے غور ہے کس درجہ محافظت زبان کا خیال تھا ایک مرتبہ آپ والیان ملک کے ہمراہ یمن تشریف لیگئے وہاں سے دس ہزار درم لیکر مکہ معظمہ پہنچے اور شہر

تلوار دونوں گروہوں میں رہی۔ چنانچہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم میں اور ابو سفیان میں اور علی مرتضیٰ رضؓ اور معاویہ رضؓ میں اور امام حسین رضؓ اور یزید میں ظاہر ہوئی۔ اور بقول بعض عبد الشمس کی پیشانی سے ہاشم کے پاؤں کا پنجہ ملا ہوا تھا۔ اور بنو عبد مناف نے بنو عبد الدار سے جنکا ذکر قصیٰ کی اولاد میں آئیگا۔ بقصد انتزاع حکومت مکہ اپنے ہوا خواہوں کو جمع کیا اور اس کام کے انصرام کو عبد شمس بن عبد مناف کا بڑا لڑکا منتخب کیا گیا۔ بنو اسد بن عبد العزیٰ۔ اور بنو زہرہ بن کلاب اور بنو تیم اور بنو الحرث نے عبد شمس کی شرکت اختیار کی اور بنو عامر و بنو محارب نے فریقین سے کچھ تعلق نہ رکھا باقی بطون قریش یعنی بنو سہم

کے باہر بلحاظ ادب خیمہ نصب کیا۔ شام کے وقت تک اللہ کے واسطے محتاجوں کو تقسیم کر دیا۔ آپ نے فرمایا ہے جسمیں تین خصلتیں ہونگی اُسکا دین کامل ہوگا۔ ایک وہ جو نیک امر کی ہدایت کرے۔ دوسرے جو افعال بد سے منع کرے اور آپ بھی باز آئے۔ تیسرے حدود اللہ کی حفاظت کرے یعنی جو اللہ تعالیٰ نے حدِ شرع میں باندھی ہیں اُن سے تجاوز نکرے اور جو دنیا سے زاہد رہا اور عاقبت میں راغب رہا اور اللہ سے سچا رہا وہ نجات پاویگا۔ کسی نے امام شافعیؒ سے پوچھا کہ ریا کیا ہے فرمایا کہ ایک فتنہ ہے کہ ہوائے نفسانی نے علماء کے دلوں پر اور آنکھوں پر گرہ باندھی ہے اور نفس کی بدی سے اُسکا خیال کرتے ہیں اسواسطے اپنے اعمال کا ابطال کرتے ہیں۔ امام شافعیؒ نے فرمایا ہے کہ جو شخص اپنے حال پر نگاہ نہ رکھے اُسکو علم نفع نہ دیگا اور جو کوئی علم میں اللہ کی طاعت کریگا اُسپر اسرار الٰہی کھلیں گے۔ امام احمد حنبلؒ سے روایت ہے کہ میں چالیس برس سے نماز کے بعد امام شافعیؒ کے حق میں دعا مانگتا ہوں ایک روز انکے بیٹے نے کہا کہ اے باپ امام شافعیؒ کون ہے جسکے واسطے تم ہمیشہ دعا مانگتے ہو امام احمد حنبلؒ نے فرمایا اے بیٹے امام شافعیؒ دنیا کے آفتاب اور خلق کی عافیت تھے اور دنیا میں کوئی شخص نہیں ہے کہ علم کے واسطے دوات و قلم چھوئیگا مگر امام شافعیؒ کی سنت اُسکی گردن پر ہوگی۔ امام احمد حنبلؒ تین لاکھ احادیث کے حافظ تھے باوجود اس فضائل کے پھر امام شافعیؒ کے شاگرد ہوئے۔ یہ مختصر حال آپکا لکھا گیا۔ مناقب آپکے حد سے زائد ہیں۔ آپکی عمر ۵۴ سال کی ہوئی یکم رجب سنہ ۲۰۴ھ یوم جمعہ کو انتقال ہوا۔ سنہ ۱۵۰ھ میں پیدا ہوئے۔ مصر میں آپکا مزار ہے۔ آپکا مرتبہ بڑا عالی تھا۔ (روضۃ الاصفیا و فلاح)

بنو جمح - بنو عدی - بنو مخزوم - بنو عبدالدار کے ہمراہ ہو کر فریقین معہ اپنے ہمراہیوں و احلاف کے میدان میں نکلے اور مرنے مارنے پر مستعد ہو گئے ہر ایک دوسرے پر آوازے کسنے لگے - بنو عبدالدار بنو اسد کے مقابلے پر آئے اور بنو جمح بنو زہرہ سے مڈبھیڑ ہوئی اور بنو مخزوم نے بنو تیم سے صف آرائی کی اور بنو عدی بنو حرث کے مقابلے پر تلے پھر فریقین کچھ سوچ سمجھ کر مصالحت پر آمادہ ہوئے چنانچہ بعد رد و کد فریقین اس امر پر راضی ہو گئے کہ بنو عبد مناف سقایہ و رفادہ کے متولی رہیں اور بنو عبدالدار مجاورت اور لواء حرب کے مالک ہوں - (ابن خلدون)

آپ کا اسم مبارک **حضرت عثمان غنی** رضی اللہ عنہ۔ ولادت عام الفیل سے چھ سال بعد ہوئی حضرت رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کی دو صاحبزادیوں سے یکے بعد دیگرے آپکی شادی ہوئی۔ اسوجہ سے آپکا لقب **ذو النورین** ہوا صحابہ سابق الاسلام میں آپ بھی شامل تھے۔ قرآن مجید آپکے زمانہ میں جمع کیا گیا اسد ابن ثابت اور سعد بن عاص عبدالرحمن بن عوف لغت قریش کے مطابق اس امر پر مامور کئے گئے تھے۔ آپکی خلافت میں بہت سے شہر تصرف اسلام میں آئے مثل ہمدان آذربیجان افریقہ اسکندریہ گاذرون ماژندران نیشاپور طوس

ہرات۔ بلخ۔ قسطنطنیہ وغیرہ۔ اور روایت ہے کہ جب مہاجرین مدینہ میں آئے تو پانی شیریں بہت دور تھا اور شور پانی سے صحابہؓ کو بہت تکلیف ہوتی تھی اور ایک یہودی کا میٹھا کنواں جسکا نام بیر رومہ ہے مدینہ میں تھا۔ حضورؐ نے فرمایا جو کوئی بیر رومہ کو رضائے خدا کے واسطے سبیل کریگا تو میں ضامن ہوں کہ کل بہشت بریں میں چشمۂ آب معین اسکے نصیب ہوگا۔ حضرت عثمان غنیؓ نے اُس کنویں کو یہودی سے گراں قیمت دیکر خریدا اور عسرت جیش مہاجرین کو آسان کیا۔ اسی طرح ایک شخص کے گھر کی عوض میں حضورؐ مضاعف قیمت دیتے تھے جب اُسنے قبول نہ کیا تو حضرت عثمان غنیؓ

نے اُس گھر کو بہت زیادہ قیمت دیکر مسجد نبوی میں داخل کیا اور حضرت عثمان غنی رضؓ کے زمانے میں جب لوگ تنگی مسجد سے تکلیف پاتے لگے تو بہت حویلیاں جوار مسجد کی اپنے مال سے خاطر خواہ مالکوں کو قیمت دیکر مسجد میں داخل کیں اور کمال تکلف سے مسجد تعمیر کی۔ ۸۲ وبقول بعض مورخین ۹۳ سال کی عمر شریف ہوئی۔ آپکے زمانہ میں اہل مصر اور بعض اہل مدینہ نے بغاوت کی اُنمیں سے کچھ آدمی حضرت عثمان غنی رضؓ کے مکان میں بارادۂ قتل داخل ہوئے آپنے اُنکا ازدحام دیکھکر قرآن شریف اپنی گود میں رکھ لیا اور قرٲت میں مشغول ہو گئے۔ اہل بغی میں سے ایک کمبخت نے ضرب ماری کہ جسم اطہر سے خون کے قطرے

نکلکر قرآن شریف کی آیہ فَسَیَکْفِیْکَھُمُ اللّٰہُ پر پڑے اور ایک دوسرے شقی ازلی نے آپکو شہید کیا۔ یوم جمعہ بعد عصر باختلاف روایات ۱۳ یا ۱۸، ۱۷ یا ۲۲ ماہ ذی الحجہ کو ۳۵ھ ہجری میں یہ واقعہ پیش آیا۔ ۳۴ سال کی عمر میں آپ ایمان لائے۔ ۱۱ سال ۱۱ ماہ آپنے خلافت کی۔ مرقد حش الکوکب مدینہ منورہ

۵۱ قطب الاقطاب فخر الاولیا خواجہ محمد شیخ جلال الدین مخدوم کبیر الاولیا چشتی صابری پانی پتی قدس سرہ۔ ارادت سے پہلے آپنے چالیس سال تلاش محبوب حقیقی میں مسافرت کی اور حج مکرر ادا کئے۔ علم ظاہری باطنی میں کمال رکھتے تھے مناقب و فضائل اور تصرف و کرامات آپکی مشہور ہیں۔ کتاب

زاد الابرار تصوف میں انکی معروف تصنیف ہے۔ حضرت مخدوم پاک کو اکثر استغراق رہتا تھا ایک سو ستر سال سے زیادہ عمر شریف ہوئی۔ ۱۳۔ ربیع الاول ۶۷۵ھ میں واصل الی اللہ ہوئے آپکے چالیس خلفاء تھے جنمیں سے ہر ایک مقتداء عالم اور پیشوائے وقت ہوے آپ سلسلہ چشتیہ صابریہ کے کملائے طریقت ہیں حضرت سید شمس الدین ترک شاہ ولایانی پتی سے خرقہ خلافت پہونچا اور حضرت بو علی شاہ قلندر رحمۃ اللہ پانی پتی کے خاص مقبولان بارگاہ سے ہوے ہیں آپکے جملہ صاحبزادے کملائے وقت اور مسند آرائے خلافت ہوے۔ بڑے صاحبزادے خواجہ عبدالقادر صاحب کا حضرت مخدوم پاک کی حیات میں انتقال ہوا باقی چار صاحبزادوں

کے فیوضات ظاہری و باطنی سے خلق بہرہ اندوز ہوئی۔ پانی پت میں آپکا مزار مرجع خلائق ہے اور حضرت مولانا ثناء اللہ پانی پتی رحمۃ اللہ آپکی ہی اولاد سے ہیں۔
(سیر الاقطاب و اقتباس الانوار)

آپکا نام زید ہے اور قصیٰ لقب ہے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے عمود نسب اقدس میں یہ وہی شخص ہیں جنہوں نے بعض قریش کے قوائے مضمحل کو از سر نو مضبوط اور درست کیا انہوں نے دوبارہ قریش کو حکومت و عزت کی کرسی پر بٹھایا ہے انکے تین لڑکے عبد مناف

ظلم و تعدی کرنے سے مانع تھے اور انکے ساتھ سختی کا برتاؤ کرتے تھے اسوجہ سے ان لوگوں نے غلام سازش کر کے زہر دلوا دیا آپکو اسکی اطلاع ہوئی تو آپنے غلام کو بلا کے زہر دینے کی وجہ دریافت کی۔ غلام نے عرض کیا ہزار دینار مجھے دیئے گئے ہیں آپنے فرمایا اسکو میرے سامنے لا غلام نے ہزار دینار لاکے پیش کیے آپ نے بیت المال میں داخل کرا دیئے اور غلام سے فرمایا تو ایسی جگہ بھاگ جا جہاں تجھے کوئی نہ دیکھ سکے چنانچہ وہ چلا گیا۔ آپنے سنہ ھ ماہ رجب میں دو برس پانچ مہینے خلافت کر کے مقام دیر سمعان میں وفات پائی ۱۲
(تاریخ الخلفاء ابن خلدون)

عبدالدار عبد العزی تھے۔ بنو عبدالدار سے نضر بن الحارث بن علقمہ بن کلدہ بن عبد مناف بن عبدالدار (یہ جنگ بدر میں مشرکین کے ساتھ قید ہو کر آیا تھا وقت مراجعت آنحضرتؐ نے مقام صفراء میں اسکی گردن مار جانے کا حکم دیا تھا) اور مصعب بن عمیر بن ہاشم بن عبد مناف بن عبدالدار (یہ صحابی بدری ہیں جنگ احد میں شہید ہوئے اس وقت لوائے اسلامی پھریرہ انہیں کے ہاتھ میں تھا) اور انکے اعقاب سے عامر بن وہب (جو سرقسطہ مضافات اندلس میں ابو جعفر المنصور کی دعوت دیتا تھا اسکو یوسف بن عبد الرحمن فہری امیر اندلس نے قبل ورود عبدالرحمن اموی کے قتل کیا تھا) اور ابوالسائل بن بعلک بن السباق بن عبدالدار (مشہور صحابیؓ) اور عثمان ابن طلحہ بن عبد العزی بن عثمان بن عبدالدار وغیرہم ہیں (جسکو یوم فتح مکہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے مفتاح کعبہ عنایت فرمایا تھا۔ بعضے یہ کہتے ہیں کہ آنحضرتؐ نے مفتاح کعبہ یوم فتح مکہ انکے بھائی شیبہ کو مرحمت فرمایا تھا اور اسیوقت سے بنو شیبہ بن طلحہ بیت اللہ کے کلید بردار رہے) ۱۲ (ابن خلدون)

ان کا نام حکیم ہے اور لقب مشہور کلاب ہے۔ یہ سرگروہ قریش تھے اور قبیلہ عدنان میں سب سے زیادہ شریف مانے جاتے تھے۔ کلاب کے معنی مخاصم دشمنان کے ہیں۔ (مواہب لدنیہ و سیرت حلبی)۔

؂ حضرت سعد بن ابی وقاص آپ فاتح عراق ہیں اور جنگ قادسیہ وغیرہ کے کارنامے مشہور ہیں جنمیں حکمت عملی اور تدابیر اخلاق سے وہ کارنامے ظاہر ہوئے کہ تمام اہل عراق کو حیرت ہوگئی عراق میں آپکی وجہ سے عرب کا تسلط جب

بخوبی ہوگیا اور کسی بغاوت کا اندیشہ نہ رہا تو حضرت سعدؓ نے اُس مضبوط شہر مداین پر چڑہائی کا ارادہ کیا جسکو رومی لشکر اور انکی جرار فوجیں فتح نہ کرسکی تھیں یعنی سنہ ۶۲۹ عیسوی سنہ ۷ ہجری کا واقعہ ہے کہ ہرقل روم ایرانیوں کو شکست پر شکست دیتا ہوا مداین تک پہونچا اور بڑے زور و شور سے اس شہر کا محاصرہ کیے رہا لیکن مداین فتح نہو سکا اور ہرقل کو ناکام واپس جانا پڑا سعد بن ابی وقاص فتح مداین کسریٰ کے لئے لشکر اسلام کے ساتھ روانہ ہوے اثنائے راہ میں پہلا معرکہ مقام کوثی میں پیش آیا جہاں شاہی فوج کا نامی افسر شہر باز جو تن و توش میں بھی فیل تن اور نامی پہلوان تھا مع بہادران لشکر کے خیمہ زن ملا حضرت سعدؓ نے ایرانی لشکر کے مقابل کیمپ جمایا جب دوسرے دن دونوں لشکر آراستہ ہوکر میدان میں نکلے تو خود شہر باز میدان میں آیا اور بڑی سختی سے آواز دی کہ کون جوان اہل عرب سے میرے مقابلے کو نکلتا ہے

سید عبدالرحمٰن رحمۃ اللہ علیہ

محمد

یحییٰ

اسمٰعیل

ابوبکر

ابراہیم

عبداللہ اکبر

سہیل

شہوہ

عمر اکبر

عمر اصغر

معز اصغر

معز اکبر

زید

عثمان

حمید

سالم اکبر

عمر

ہلال

جن حضرات کے سلسلے ان اسماء سے ملتے ہوں وہ درج فرمالیں ۱۲

گر ہمت ہو تو ایک جوان و رزمجار یا دس آئیں میں عرب پہلوانوں کے ساتھ مقابلے کو تیار رہوں جلدی کرو ورنہ میں تمام لشکر پر تنہا حملہ کردونگا ایرانی پہلوان
کی لن ترانی سنکر سردارانِ عرب مسکرائے اور یہ تجویز کی کہ اسکے مقابلے پر ایک غلام بھیجا جائے اسلئے کہ شہر باز اگر غالب آ گئے
تو اسکو کوئی فخر نہیں اور اگر غلام کے ہاتھ سے مارا گیا تو سردارانِ عرب کی ہمت و شجاعت کا اس سے اندازہ ہو کر تمام لشکر
ایرانی پر ہیبت چھا جائیگی اور انکے حوصلے پست ہو جائینگے چنانچہ ابو نباتہ غلام کو کہ جو نہایت پست قد و لاغر اندام
مرہ
جد بنی مخزوم
عبد اللہ
عمر
مخزوم
یقظہ
تیم
عمر
مغیرہ
عمران
سعد
ہشام
سیدنا ابی امیہ رض
کعب
ابو جہل عمرو
عمرو
عامر
سیدنا ابی قحافہ
وفات سنہ ۱۳ھ عمر ۶۳ سال
یہ خاص حضرت صدیق اکبر رض ملیگا
سیدہ ام سلمہ ام المومنین
عثمان
سیدنا عکرمہ
عبید اللہ
ولید
حنتمہ
سیدنا طلحہ
سیدنا خالد رض
آپ عشرہ مبشرہ سے ہیں۔ عمر شریف ۶۴ سال وفات جمادی الاول یا جمادی الآخر سنہ ۳۶ھ میں ہوئی۔ (اصابہ)
آپ حضرت عمر رض کی والدہ ہیں۔
آپکی خدمات اسلامی محتاج بیان نہیں آپکی تیغ شجاعت سے بہت سے دیار و امصار
فتح ہوئے اسیواسطے آپکا سیف اللہ لقب ہے۔ آپکی کنیت ابو سلیمان ہے۔ وفات سنہ ۲۱ھ فرار حمص یا مدینہ منورہ (اصابہ) باقی دیکھو صفحہ ۵۰ حضرت ابو عبیدہ رض کا حال۔

تھے اُسکے مقابلے کو بھیجا گیا میدان میں دونوں جانب سے حملہ شروع ہوا اور پے درپے دونوں طرف سے وار پڑنے لگے مگر عرصے تک دونوں ضرر سے محفوظ رہے یہ حال دیکھکر دونوں لشکروں سے تحسین اور مرحبا کے نعرے بلند ہورہے تھے بالآخر ہیبت حق غالب ہوئی اور شہریار تیغ ابوبکر سے ہلاک ہوا اسکے بعد حضرت سعدؓ نے لشکر اسلام کو حملے کا حکم دیا ایرانی تاب مقابلہ نہ لاسکے اور آپکی حسن تدابیر سے میدان جنگ لشکر اسلام کے ہاتھ رہا حضرت سعدؓ نے نماز شکریہ ادا کی اور اُس مقام کی زیارت کی جہاں نمرود نے حضرت ابراہیم علیہ السلام کو قید کیا تھا اور اُس دن وہیں قیام کرکے دوسرے دن مداین کی طرف بڑھے اور بفضلہ تعالےٰ یزدجرد کو آپکے ہاتھوں ذلت ہوئی اور فتح مداین و شاہ ایران کے بھاگ جانیکی اطلاع خلیفہ ثانی کی خدمت میں بھیجی اور اللہ تعالےٰ کی نعمتوں کا شکریہ ادا کیا۔ (تاریخ عالم و ابن خلدون و اصابہ)

حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ آپکو آنحضرت صلعم کے ساتھ بچپن سے ہی اُنس تھا اور جب آنحضرت صلعم حضرت خدیجۃ الکبریٰ رضؓ کے ساتھ شادی

کرکے ان ہی کے مکان میں آ رہے تو حضرت ابوبکرؓ کو جو اسی محلہ میں رہتے تھے آنحضرت صلعم کیساتھ نشست و برخاست کا بہت زیادہ موقعہ ملتا رہا کوئی دن شاید خالی جاتا جس دن آنحضرت صلعم اور حضرت ابوبکرؓ میں ملاقات نہ ہوتی یہ خالص محبت دن بدن ترقی کرتی گئی۔ جب آنحضرت صلعم نے حضرت ابوبکرؓ کو اپنے رسول اللہ ہونیکی بشارت سنائی تو آپنے بلا تردد و تعجب آنحضرت صلعم کی تصدیق کی۔ اور ایمان لائے بعض مورخ لکھتے ہیں کہ آنحضرت صلعم کی رسالت پر سب سے پہلے ایمان لانیوالے ابوبکر صدیقؓ تھے اور بعض لکھتے ہیں کہ سب سے پہلے حضرت خدیجۃ الکبریٰؓ ایمان لائیں پھر حضرت علیؓ پھر زید بن حارثؓ

جو آنحضرت صلعم کے آزاد غلام تھے۔ انکے بعد حضرت ابو بکرؓ ایمان لائے بعض نے ان اقوال کا یوں تطبیق کی ہے کہ عورتوں میں سے حضرت خدیجۃ الکبریٰ لڑکوں میں سے حضرت علیؓ اور مردوں میں سے حضرت ابو بکرؓ پہلے ایمان لائے لیکن ان اقوال کی عمدہ تطبیق یوں ہو سکتی ہے کہ حضرت خدیجہؓ حضرت علیؓ اور زید بن حارث آنحضرت صلعم کے گھر کے لوگ تھے اسلئے گھر سے باہر جو شخص سب سے پہلے آنحضرت صلعم پر ایمان لایا وہ حضرت ابو بکرؓ تھے۔ آنحضرت صلعم نے آپکا نام بجائے عبد الکعبہ عبد اللہ رکھا اور عتیق اور صدیق کا لقب عطا فرمایا۔ آپ نے صرف اپنے اسلام لانے پر قناعت نہیں کی بلکہ اشاعت اسلام میں جان و دل سے

کوشش کی اور اپنا تمام مال اسلام کی خدمت کیلئے وقف کر دیا تھا اور کئی ایک غلاموں کو جو مسلمان ہو جانیکی وجہ سے اپنے مشرک مالکوں کے ہاتھ سے سخت ایذائیں اٹھاتے تھے خرید کر آزاد کر دیا جنمیں بلالؓ جو اسلامی جماعت کے موذن تھے اور عامر بن فہیرہ جو حضرت ابو بکرؓ کا گلہ چرایا کرتے تھے اور جنھوں نے ہجرت نبوی کیوقت آنحضرت صلعم کی قابل قدر خدمت ادا کی تھی۔ اور عبد اللہ بن مسعودؓ جو آنحضرت صلعم کے جان نثار خدمتگزار تھے بڑے مشہور ہیں۔ حضرت ابو بکرؓ تمام مصائب اور تکالیف میں آنحضرت صلعم کے رفیق رہے آپنے ایک لمحہ کیلئے بھی آنحضرت صلعم کی مفارقت گوارا نکی اور آخر آنحضرت صلعم کے ساتھ ہی ہجرت کر کے مدینہ پہونچے تمام غزوات میں حضرت ابو بکرؓ آنحضرت صلعم کے نگران حال رہے۔ اور دشمنوں سے آپکی حفاظت کرتے تھے جب کوئی دشمن موقعہ پاکر آنحضرت صلعم پر حملہ آور ہوتا تو آپ سینہ سپر ہو کر اس سے مقابلہ کرتے اور آنحضرت صلعم کو گزند پہونچنے نہ دیتے۔ ابتدا اشاعت سے لیکر آنحضرت صلعم کی وفات تک یہ دونوں مقدس وجود باہم شیر و شکر رہے۔ آپ دو برس چار مہینے بعد عام الفیل کے دو شنبہ کو پیدا ہوئے اور ترسٹھ ۶۳ برس کی عمر میں ۳ یا ۱۳ جمادی الثانی ۱۳ھ ہجری یا ۲۲ جمادی کو بروز جمعہ وفات ہوئی زمانہ خلافت دو برس تین ماہ دس دن رہا۔ (اصابہ و تاریخ الخلفاء) مرقد مدینہ منورہ

۱ حضرت شیخ عبد الہادی جامع کمالات لا انتہائی رحمۃ اللہ علیہ آپ کبائر حضرات چشتیہ سے ہیں کمالات و مقامات عالی کے آثار زمانہ طفولیت ہی سے پیشانی مبارک سے ہویدا تھے غلبۂ شوق جذبۂ محبت الٰہی میں بیس سال صحرا نوردی کی خواب و آرام سے کچھ کام نہ تھا۔ بڑے بڑے مجاہدات اور ریاضات شاقہ سے تصفیۂ باطن کیا زحمت سفر سے پیروں میں زخم ہو کر کیڑوں کے خوراک ہو گئے لیکن غلبۂ سکر سے ایسی محویت تھی کہ انکے علیحدہ کرنیکا خیال بھی نہیں ہوتا تھا۔ نواح امروہہ میں ایک بزرگ یتیم شاہ صاحب خاصان خدا سے تھے ابتداءً انکے فیضان صحبت سے کمالات معرفت کی تکمیل ہوئی بعدہ حسب ایماء حضرت یتیم شاہ صاحب آپنے شاہ عضد الدین صاحب سے بیعت کی اور خرقۂ خلافت سے مشرف ہو کر طالبان خدا کو منزل مقصود پر پہونچایا حضرت شاہ عبد الباری صاحب آپکے جانشین کمالات باطنی میں حضرت شیخ کے مثال تھے۔ انکی اولاد امجاد سب صاحب جاہ و ثروت ذی علم حضرات اسوقت تک بھی امروہہ ضلع مراد آباد میں موجود ہیں ہر دو بزرگواروں کا مزار امروہہ محلہ قریشیان میں زیارتگاہ عام ہے اور بدستور اہل ظاہر و باطن فیضیاب ہوتے ہیں۔

ہرگز نمیرد آنکہ دلش زندہ شد بعشق ثبت است بر جریدۂ عالم دوام ما

۲ رمضان المبارک ۹۰۱ھ میں آپکا وصال ہوا۔ (مفتاح الخزائن)۔ یہ تھے بزرگان دین کے طریقے کہ اپنی زندگی کو اتباع سنت و طلب حق میں فنا کر دیا تھا طاعت حق اور عبادت الٰہی انکی غذا ہو گئی اب ہم لوگ ان بزرگان عالیمقام کے فدائی نظر انصاف سے غور کریں کہ سوائے خواہشات نفسانی کی اتباع کے ان حضرات کے کونسے عمل کی تقلید کر رہے ہیں۔ فافہم

علاوہ حضرات مذکورۂ بالا کے دیگر بزرگان دین کی وجہ سے امروہہ کو خاص شرف حاصل ہوا۔ کثرت سے بزرگان دین کا یہ مقام ماوا و ملجاء رہا ہے یہی وجہ ہے کہ اس قصبہ میں جسقدر آبادی ہے وہ حضرات سادات و شیوخ و سادات عباسیہ مہاجرین و انصار کی اولاد سے معمور ہے۔ علم و حکمت فضل و کمالات کو اس خطہ کے ساتھ مثل دیگر مقامات مردم خیز کے ایک خاص امتیاز حاصل ہے ہمیشہ علما اور فضلا اہل ظاہر و باطن یہاں کے مشہور دیار و امصار رہے اور سلاطین دہلی کے دربار میں عہدۂ جلیلہ پر فائز رہے۔ کثرت سے بزرگان دین کے مزارات و انکی اولاد امجاد یہاں منتشر ہے جسکا احصاء بوجہ طوالت اس مختصر میں ناممکن ہے سلسلۂ صدیقیان میں شیخ نور محمد بن شیخ عبد اللہ زمانہ اورنگزیب میں مقام ڈبگور سے امروہہ آئے جنکا نسب شیخ عبد الجلیل بن شیخ حمزہ بن شیخ احمد

بن حضرت قاسم بن محمد بن صدیق رضؓ سے ملتا ہے انکی اولاد سے صاحبزادگان شیخ کرامت علی۔ حاجی محمود حسین اور حافظ شاہ احمد حسن و محمد حسن بن احمد حسن مرحوم امروہی مقیم محلہ ملانان ہیں۔ وغیرہم۔ اور حضرت شیخ برہان الدین شہدائے باکمال و صاحب جلال تھے جنکا مزار اقدس موضع تکلیہ جوالئے امروہہ میں ہے انکی اولاد سے میر ابوالفضل وغیرہ تھے جنکی اولاد اب مرزا کے لقب سے مشہور ہے کیونکہ سلطنت تیموریہ میں ابوالفضل کو میر کا خطاب ہوا

جسکی وجہ سے شدہ شدہ انکی اولاد اور انکے بھائی کی اولاد مرزا مشہور ہوگئی مرزہ مضافات امروہہ میں انکی اولاد تاحال موجود ہے جنکا سلسلۂ نسب ذیل میں درج ہے کفایت حسین و عنایت حسین و مظفر حسین ابنائے شیخ غلام حسین بن شیخ جلال الدین بن شیخ کمال الدین بن شیخ محمد فاضل بن محمد واصل بن کمال الدین بن عبدالحمید بن حاجی محمد بن محمد کالے بن شیخ برہان الدین شہید۔ و ابراہیم علی بن مرزا بنیاد علی بن محمد فاضل بن غلام قلندر بن میر ابوالفضل بن غلام حسین بن محمد فاضل مذکور (از فرامین سلاطین تیموریہ) علی قول صاحب نخبہ

قاضی القضاۃ قاضی نصر اللہ آپکے والد بزرگوار نے معہ بھائی قاضی امام الدین کے زمانہ سلطنت تغلقیہ میں بخارا سے دہلی تشریف لائے اور اپنے فضل و کمال کے باعث امامت جامع مسجد پر مامور ہوئے انکے دوسرے بھائی بعد سیر و سیاحت وطن مالوف کو چلے گئے۔ بعد ازاں مقام سرسی میں قاضی نظام الدین کی شادی ہوئی اور امروہہ میں قیام اختیار کیا قاضی نصر اللہ انکے صاحبزادے سلطنت لودھیان میں منصب قضاء امروہہ پر فائز ہوئے اعزاز و اکرام شاہی سے روز بروز انکی عزت و بالا ترقی کی اور بڑی عروج کو پہونچی سلسلۂ اولاد انکا علاوہ امروہہ کے حضرات جابجا کثرت سے منتشر ہے علاقہ اودہ میں جسقدر صدیقی ہیں اکثر و بیشتر انکی اولاد سے ہیں یا ستہا محمود آباد و بلہرہ کی اصل قاضی نصر اللہ صاحب کے زمانے سے ہے۔ انکے اعقاب سے ہر زمانے میں کارنمایاں ہوتے رہے اور صلۂ خدمات میں انعامات شاہی کے مستحق ہوئے اسی سلسلہ میں اس خاندان کو خطاب خانی ہوا۔ موجودہ راجگان محمود آباد و بلہرہ اپنے اعزاز و وقار میں بفضلہ تعالے خصوصیت کے ساتھ ممتاز ہیں۔ اور قومی ہمدردی کے لحاظ سے راجہ صاحب محمود آباد آنریبل سر محمد علی محمد خاں صاحب خاص طور پر قابل تعریف کے ہیں۔ اور نواب پہاڑ خاں کا بھی سلسلہ کثیر الشعب ہے جس میں اکثر صاحب تقوے و ذی عزت ہیں

(نخبہ)

عالم ربانی قطب زمانی صاحب المقامات و الکرامات شیخ المشائخ ضیاء الدین ابو نجیب عبد القاہر رحمۃ اللہ علیہ آپ مشائخ کرام اور علمائے عظام دونوں فرقوں کے پیشوا ہیں سب انکا ادب و لحاظ کرتے تھے مدرسہ نظامیہ کے مدرس تھے علاقہ بغداد میں مقام سہرورد سنہ ۴۹۰ھ میں آپکی ولادت ہوئی اور بروز جمعہ ۱۷ جمادی الثانی سنہ ۵۶۳ھ میں بعد نماز عصر آپکا وصال ہوا اور ۱۸ کو دوسرے دن اپنی رباط جو دجلہ کے کنارے بنائی تھی مدفون ہوئے۔ امام احمد غزالی علیہ الرحمۃ کے مرید تھے۔ انکے خلفاء مثل نجم الدین کبریٰ و عمار یاسر وغیرہ بڑے کاملین سے گزرے ہیں اور

حضرت شیخ الشیوخ مطلع الانوار منبع الاسرار دلیل الطریقہ ترجمان الحقیقہ شہاب الدین سہروردی قدس سرہ کو غوث اعظم سید عبد القادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ سے بھی فیض ہوا اور بہت سے مشائخ وقت سے آپ ملے عرصہ تک (عبادال) جزیرہ میں ابدالوں کے ساتھ مشغول عبادت رہے۔ حضرت خضر علیہ السلام سے بھی ملاقات کی۔ حضرت غوث پاک آخر المشہورین بالعراق آپکی شان میں فرمایا کرتے تھے ظاہر و باطن میں آپکو کمال حاصل تھا۔ تصنیفات آپکی بکثرت ہیں عوارف و کشف النصائح و اعلام الہدیٰ وغیرہ۔ جب آپکو کوئی دشوار مسئلہ پیش آتا تو باری تعالیٰ کی طرف آپ متوجہ ہوتے اور طواف کعبہ کرتے وہ اشکال رفع ہو جاتا اپنے وقت کے شیخ الشیوخ تھے اہل طریقت دور و نزدیک سے آپکے پاس آتے اور فتویٰ دریافت کرتے۔ ماہ رجب سنہ ۵۳۹ھ میں آپکی ولادت ہوئی اور سنہ ۶۳۲ھ میں وصال ہوا۔ سلسلہ سہروردیہ کو آپکی وجہ سے ایسے ترقی ہوئی کہ یہ سلسلہ بہمہ وجوہ آپکی طرف منسوب ہو گیا اور کثرت سے طالبان حق کو آپ سے فیض پہونچا۔ رسالہ اقبالیہ میں لکھا ہے کہ شیخ سعد الدین حمویؒ سے حضرت محی الدین عربیؒ کی نسبت دریافت کیا گیا تو فرمایا کہ وہ ایک موجزن سمندر ہے جسکی انتہا نہیں اور حضرت شیخ الشیوخ کی بارہ میں دریافت کیا تو کہا کہ سہروردیؒ کی پیشانی میں نور متابعت نبی صلی اللہ علیہ وسلم کچھ اور ہی قسم کا ہے۔ فضل و کرامات آپکے بیش از قیاس ہیں

(ابن خلکان آداب المریدین حضرت ابو النجیب و نفحات الانس)

شیخ الشیوخ
حضرت شہاب الدین سہروردی
رحمۃ اللہ علیہ

شیخ المشائخ
حضرت ابو النجیب ضیاء الدین سہروردی
رحمۃ اللہ علیہ

قاسم بن محمد بن صدیق اکبرؓ مذکورہ صفحہ ۳۰

محمد البکری
عبد اللہ
عبد الرحمن
نضر
قاسم
نضر
قاسم
حسین
عمویہ
محمد

کعب یہ قریش کے سرداروں اور قریش کے اعلیٰ ترین شرفاء میں سے تھے اکثر امور میں لوگ انکی طرف رجوع کرتے تھے اور اپنی قوم میں نہایت سخی اور
کریم النفس شخص تھے اور یہ اول شخص ہیں کہ ہر جمعہ کو اپنی قوم کو جمع کرکے خطبہ سنایا کرتے تھے اور وعظ و نصیحت کیا کرتے تھے
اور نبی آخر الزماں کی اتباع و پیروی کی وصیت کیا کرتے تھے اور کہا کرتے کہ وہ میری اولاد میں سے ہونگے۔ اور اکثر
کعب
اثناء وعظ میں اس قسم کے اشعار پڑھا کرتے تھے شعر
یا لیتنی شاہد فحواء دعوتہ
حین العشیرة تبغی الحق خذلانا یعنی
اے کاش میں اسوقت موجود ہوتا جبکہ نبی یعنی محمد صلعم
لوگوں کو ایمان کی طرف بلائینگے اور قریش انکے دین حق کو جھٹلائینگے۔
(مواہب و سیرۃ الحلبی)
نضلہ
عوف
عبید
عویج
عدی
رواج
ھصیص
نزد بعض فضل
حارثہ
حبیب
اسود
رزاح
قرط
عبداللہ
وفات زمانہ خلافت عثمان رض
سیدنا مطیع رض
سیدنا عبداللہ رض
وفات
ریاح
عبدالعزی
نفیل
خطاب
سیدنا زید رض
سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا
سیدہ ام جمیل رضی اللہ عنہا
سیدہ صفیہ رضی اللہ عنہا
عمرو
زید
سیدنا سعید رض
آپ عشرہ مبشرہ سے ہیں۔ عمر ۷۰ سال وفات ۵۰ھ
یا ۵۱ھ بمقام عقیق یا کوفہ۔ مدفن مدینہ منورہ۔ ۱۲

فاروق اعظم حضرت عمر رضی اللہ عنہ عام الفیل سے ۱۳ سال بعد آپکی ولادت ہوئی اور صدیق اکبرؓ کے بعد مسند آرائے خلافت ہوئے۔ بڑی خصوصیت آپکی یہ تھی کہ آپ نے اپنے زمانہ خلافت میں نبی کریم صلعم اور حضرت ابوبکرؓ کے نقش قدم پر برابر چلتے رہے۔ اَللّٰھُمَّ اَیِّدِ الْاِسْلَامَ بِاَحَدِ الْعُمَرَیْن حضور کی یہ دعا آپکے حق میں قبول ہوئی اور آپ نے ابتداء اسلام سے آخر عمر تک اتباع نبوی و حب رسول کا وہ ثبوت دیا کہ جسکی مثال بہت ہی کمیاب ہے۔ فتوحات اسلامی کی آپکے زمانے

میں بہاں ترقی ہوئی بعض مورخین نے مبالغہ سے یہاں تک بیان کیا ہے کہ آپکے زمانے میں چھتیس ہزار شہر عربوں نے فتح کیئے قطع نظر اسکے آپکی فتوحات کی اگر صحیح تعداد لکھی جائے تو دنیا کو حیرت استعجاب میں ڈالنے کے لیئے کافی ہے اسمیں کچھ شک نہیں کہ عرب فلسطین شام عراق عرب الجزیرہ مصر فارس عجم کی شہنشاہی کا تاج آپ اپنے انتقال کیوقت اپنے جانشینوں کو سپرد کر گئے باوجود اس سلطنت کے آپکا گزارہ صرف نمکین جو کی روٹی کھجور اور پانی پر تھا۔ اور بعض وقت ترکیہ نفیس کیلئے

نمک بھی نہیں کھاتے تھے۔ لباس پھٹا پرانا جس میں پیوند لگے ہوتے زیب تن رہتا تھا۔ مسجد کی سیڑھیوں یا کسی درخت کے سائے میں سوتے رہتے۔ ہر چند مال غنیمت میں بیشمار زر و جواہر آتا رہا مگر اپنے نفس کے لئے کچھ نہ رکھا اپنی اولاد کو بھی نہ دیتے بلکہ غربا و مساکین میں سب تقسیم کر دیا کرتے۔ ہمیشہ آپ شان و شوکت اور عیش و عشرت کے سامان کو ناپسند کرتے تھے اور اپنے اعاظموں کو بھی سادہ زندگی بسر کرنے کی ہدایت فرمایا۔ باوجود اس سادگی کے آپکی وہ ہیبت تھی کہ اسوقت کی بڑ

اور طاقتور سلطنتیں ہر وقت لرزاں رہتی تھیں۔ ایک روز مسجد میں آپ صبح کی نماز پڑھا رہے تھے کہ فیروز نامی ایک غلام مجوسی جو آپ سے دل میں عناد رکھتا تھا خنجر لیکر مسجد میں آیا اور آگے بڑھکر آپ پے در پے چھ وار کیے آپ زخمی ہوئے اور بہ اختلاف روایات تین یا سات دن زندہ رہکر بعمر تریسٹھ ۶۳ سال ۲۸ ذی الحجہ ۲۳ھ کو وفات پائی۔ دس سال چھ ماہ آپنے خلافت کی۔ مرقد مدینہ منورہ۔ (اصابہ و تاریخ الخلفاء و تاریخ عالم)

حضرت فرید الملۃ والدینؒ آپکے والد بزرگوار خواجہ جمال الدین سلیمانؒ سلطان شہاب الدین غوری کے زمانے میں ملتان میں تشریف لائے اور قصبہ کوتھیوال کی جاگیر بادشاہ مذکور کی طرف سے آپکے نام مقرر ہوئی۔ خواجہ جمال الدینؒ علوم ظاہر و باطن میں باکمال تھے مولانا وجیہہ الدین خجندی کہ خاندان عباسیہ سے تھے انکی صاحبزادی بی بی قرسم خاتون سے شادی ہوئی جنکے بطن صافی سے حضرت شیخ الشیوخ غرہ ماہ رمضان ۵۶۹ھ میں پیدا ہوئے اتفاقاً اس روز ابر تھا ہلال رمضان میں لوگوں کو شبہ ہوا اور آپکے والد بزرگوار کی خدمت میں حاضر ہوئے کہ روزہ کے بارہ میں کیا ارشاد ہے ایک بزرگ حلقہ میں بیٹھے تھے انہوں نے فرمایا کہ حضرت

شیخ جو قطب الاقطاب ہونے والے ہیں اگر دودھ پی لیں تو رمضان نہیں ورنہ سب آج روزہ رکھنا ضرور ہے۔ چنانچہ آپکی والدہ ماجدہ نے دریافت کرنے پر معلوم ہوا کہ آپنے دودھ نہیں پیا پھر سب نے روزے رکھے بعد کو قرب و جوار سے چاند ہو جانے کی خبریں معلوم ہوئیں۔ آپنے تمام ماہ رمضان میں دن کو دودھ نہیں پیا افطار کے وقت و شبکو دودھ پیتے۔ ابتدائی سے آثار عرفان اور کمالات معرفت آپکی جبین مبارک سے ہویدا تھے۔ آپکی ذرا سی عمر میں حضرت والدہ ماجدہ نے نماز پڑھانی شروع کی تو آپ نے دریافت فرمایا کہ نماز پڑھنے سے کیا ملتا ہے

آپکی والدہ ماجدہ نے فرمایا کہ شکر ملتی ہے۔ اور جب آپکو نماز کیلئے کھڑا کرتیں تو مصلی کے نیچے آپ شکر رکھدیا کرتی تھیں اسلیئے کہ بچوں کو مٹھائی سے رغبت ہوتی ہے اور بعد فراغ نماز شکر نکالکر حضرت فرید الحق کو دیدیا کرتیں۔ ایک روز آپکی والدہ ماجدہ اپنے کسی عزیز کے تشریف لے گئیں اور آپ حسب عادت نماز کے وقت مصلے پر کھڑے ہو گئے اپنے دعا کے بعد مصلے کے نیچے دیکھا تو قدرت الٰہی سے شکر کا خزانہ موجود ہے آپنے خود بھی کھایا اور سب بچوں کو تقسیم کیا اور اپنی والدہ صاحبہ سے فرمایا کہ تمہارے پاس نماز پڑھنے سے کم شکر ملتی تھی آج ہمیں پروردگار عالم نے گنج شکر عطاء فرمایا اس واقعہ سے انکو اور بھی یقین ہو گیا کہ بفضلہ تعالیٰ میرا فرزند فرید خاص مقبولان بارگاہ سے ہوگا۔ اور اسی وجہ سے آپکا لقب گنج شکر ہوا کہ دین و دنیا کی حلاوت سے مخلوق کو شیریں کام فرمایا آپ ولی مادرزاد تھے کشف و کرامات آپکے بیحد ہیں آپکی والدہ کملا وقت سے تھیں حسب ارشاد انکے بارہ سال تک کوہ و بیابان میں یاد الٰہی میں مصروف رہے اور برگ درختاں آپکا قوت رہا جب واپس تشریف لائے تو آپنے سرگذشت دریافت کی حضرت شیخ نے فرمایا کہ برگ

۵؎ بجد اعلےٰ فاروقیان فریدی امروہہ شیخ ارشاد علی تحصیلدار و شیخ بشیر احمد ڈپٹی کلکٹر صاحبان و محمد ابراہیم و محمد اسمٰعیل ابنائے شیخ بنیاد علی و عبد الحکیم وغیرہ ابنائے شیخ امام علی وغیرہم محلہ جھنڈا شہید و ڈاکٹر سبط علی و بابو شوکت علی ابنائے چودھری ممتاز علی محلہ ملانان وغیرہ و شیوخ فریدی موضع دھکا پرگنہ حسن پور و رجب پور و داودری و پچھرالیوں بھی اسی سلسلہ سے ملتے ہیں۔ اور شیخ چاہن کی اولاد میں شیخ احمد الدین عامل وغیرہ ہیں۔

کاہر قناعت کی اور عبادت میں مصروف رہا۔ آپکی والدہ ماجدہ نے شفقت سے آپکے موئے مبارک میں کنگھی شروع کی تو بالوں کے کھنچنے سے تکلیف ہوئی آپنے عرض کیا کہ سر دکھتا ہے والدہ صاحبہ نے فرمایا کہ تمنے جو بارہ برس درختوں کے پتے نوچے تھے تمہارے اس فعل سے انکو تکلیف کیا نہ ہوئی ہوگی اس سے آپکو خیال ہوا کہ بیکار وقت صرف ہوا۔ پھر آپ رخصت ہوئے اور بارہ برس تک مجاہدہ و ریاضات میں مصروف رہے ایک قرص چوبیں اطمینان نفس کے لئے شکم سے بندھی ہتی اور مصروف عبادت رہتے ذکر الٰہی آپکی غذا ہو لئی

جو کوئی کھانیکے واسطے دریافت کرتا آپ فرماتے کھا لیا اور بچا ہوا ابھی موجود ہے اور اُس قرص چوبیں کی طرف اشارہ کرتے۔ بعد انقضائے مدت والدہ ماجدہ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور بوقت استفسار حال بیان فرمایا تو جواب ملا کہ تمنے اس عرصہ میں خوب کچھ کیا خلاف واقعہ ہے۔ اسپر آپکو خیال ہوا کہ اب بھی کچھ نہ کیا پھر رخصت ہوکر بارہ ۱۲ برس مشغول مجاہدہ رہے اور ایک کنوئیں میں آپ ویران ہوکر صلوٰۃ معکوس ادا کی۔ بارہ سال کے بعد ہاتف غیب سے آواز آئی کہ فرید جو کچھ چاہیگا وہ ہوگا۔ آپ والدہ صاحبہ کی پابوس حاضر ہوئے آپنے تحسین و تسکین فرمائی اور تکمیل کمال عرفاں کی بشارت دی۔ آپ اجل خلفائے خواجہ قطب الدین بختیار کاکی اور سرتاج مشائخ چشت سے ہیں آپکے بکثرت خلفا ہوئے عمر شریف ۹۵ سال ۵ محرم یوم شنبہ مزار اقدس پاک پٹن شریف۔ (جواہر فریدی)

خواجہ محمد اسمٰعیل
خواجہ صبغۃ اللہ
خواجہ محمد معصوم
خواجہ سیف الدین
خواجہ محمد عیسٰی
خواجہ عزیز القدر
خواجہ صفی القدر
خواجہ محمد صادق
خواجہ محمد سعید
خواجہ محمد اشرف
خواجہ محمد یحیٰی
خواجہ محمد عیسٰی
خواجہ محمد فرخ
ام کلثوم
خدیجہ

غوث الصمدانی قطب ربانی حضرت
مجدد طریقہ خواجہ شیخ احمد نقشبندی
مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ

غوث المحققین قطب العارفین برہان الولایۃ المحمدیہ حجۃ الشریعۃ المصطفویہ الامام الہمام قدوۃ الاولیاء الکرام محبوب ربانی

نور امام حضرت مجدد الف ثانی شیخ احمد قادری چشتی سہروردی نقشبندی قدس اللہ سرہ العزیز آپکی ولادت باسعادت
میں ہوئی حضرت قیوم ربانی کے جملہ اباواجداد علماء مشاہیر مشائخ واکابر سے ہوئے ہیں آپکے وجود مبارک کی نسبت اکثر بزرگان دین نے بشارت دی
صغر سنی سے آثار ولایت جبین مبارک سے ہویدا تھے بچپن میں حضرت کمال کیتھلی نے اپنی زبان مبارک آپکے دہن شریف میں دی اُسکی برکت سے

یہ خط سلسلہ ضیاء معصوم صاحب سے ملیگا۔

کبریٰ امۃ اللہ رح
عبد اللہ رح
عبد الرحمن رح
صغریٰ امۃ اللہ
امۃ الرحمن رح
ام الفضل رح
شاہ عبد الغنی رح
رابعہ رح
عبد القادر رح
عبد الاحد رح
ام کلثوم رح
شاہ ابو سعید رحمۃ اللہ علیہ
زینب رح
اسمٰعیل رح
بی بی مجیدہ سلم
شاہ عبد الغنی رح
رقیہ رح
صالحہ رح
تقیہ رح
میمونہ رح
میاں محمد رح
بی بی عائشہ رح
میاں ابراہیم رح

یہ خط حضرت احمد سعید کے نام سے ملیگا

چند روز میں قرآن شریف آپ کو حفظ ہو گیا۔ علماءِ وقت سے علوم ظاہری کی تکمیل فرمائی۔ اپنے والد بزرگوار سے معارفِ توحید کا حظ وافر حاصل کیا اور سلسلۂ چشتیہ و قادریہ کے مسند آرائے ارشاد ہوئے۔ سترہ سال کی عمر میں تمام علوم ظاہری و باطنی سے فارغ ہو کر ذکر و اشغال میں مصروف ہوئے۔ رسائل حضرات نقشبندیہ کے ملاحظہ سے ایک دوسرا جذب پیدا ہوا یہاں تک کہ آپ ولایت پناہ ہدایت دستگاہ ختام خواجگاں حضرت خواجہ باقی باللہ رحمۃ اللہ علیہ

کی خدمت اقدس میں حاضر ہوا اور دو ماہ چند روز کے عرصہ میں سلوک نقشبندیہ طے فرما کر جملہ سلاسل کی دولت سے مشرف ہوئے۔ یہاں اس امر کا اظہار بھی مناسب معلوم ہوتا ہے کہ ہر طبقے کے بعض خام طبع اشخاص میں ایسے تعصبی خیال پیدا ہو گئے ہیں جن کا متقدمین اور سلف صالحین کے زمانے میں وجود بھی نہ تھا اور اسکے اصلاح کی اشد ضرورت ہے۔ وہ یہ کہ اپنے اپنے مشائخ کی تعریف اور توصیف میں رطب اللسان ہو کر دوسرے بزرگان دین کی تنقیص میں اس قدر بڑھ جاتے

ہیں کہ ادب و لحاظ جو تصوف کی سب سے پہلے الف با ہے وہ ہی ہاتھ سے کھو دیتے ہیں۔ یہ ایک ایسا جہالت کا اثر ہے جسکی وجہ سے خود اپنے ہی مشایخ کے فیضان سے محروم رہ جاتے ہیں اور اپنے گمان ناقص میں خیال کرتے ہیں کہ ہمارا یہ عمل دلیل محبت ہے حالانکہ محبت کی ہوا انسے کوسوں دور ہے۔ سچ تو یہ ہے کہ لفظ فقر و تصوف زبان سے تو بہت جلدی ادا ہو جاتا ہے مگر اسکی دشوار گذار راہوں میں قدم رکھنا اور مصائب کی برداشت اُسی کا کام ہے جو

اُسکے لئے مخصوص کیا گیا ہے اَللّٰہُ یَجْتَبِیْٓ اِلَیْہِ مَنْ یَّشَاۗءُ وَیَھْدِیْٓ اِلَیْہِ مَنْ یُّنِیْبُ اور اُسکو اس قسم کے خیالات ناقص کا خطرہ بھی نہیں گزرتا

ہزار نکتہ باریکتر ز مو اینجاست
نہ ہر کہ سر بتراشد قلندری داند

نظر انصاف اور دیدۂ بینا سے صاف ظاہر ہے کہ جملہ سلاسل کے حضرات ایک حیثیت سے واجب التعظیم ہیں اور کوئی صاحب نسبت سلاسل اربعہ کے ایک دوسری نسبت سے خالی نہیں باستثنائے بعض مجاذیب وغیرہ کما لایخفی لاہل البصیرۃ اور نہ کوئی بذاتہٖ ایک دوسرے کے مغائر فی المنشاء ہے۔ چنانچہ ہر خاندان کے پیشواؤں سے برابر ایک دوسرے کے متوسلین ہر قسم کے اذواق اور اپنے ذاتی مذاق روحانی کے مناسب فیض پاتے ہیں البتہ ادب و اخلاص ارادہ و ریاضت کی کمی ہے جسکی وجہ سے بجائے کثرت میں وحدت کے وحدت بھی کثرت نظر آتی ہے۔ اور بکمالات حضرت مجدد رحمۃ اللہ علیہ پر غور کیا جائے تو قدرتی ایسے خیالات کی گنجائش ہی نہیں رہتی کیونکہ جب **فیضان محبوب سبحانی** غوث صمدانی حضرت شیخ **عبد القادر جیلانی** اور خواجۂ خواجگان حضرت سلطان الہند غریب نواز خواجہ **معین الدین حسن** رحمہما اللہ کے عرفان باطن سے آپکی روحانی تربیت ہوئی تو اب کسی فرق کی گنجائش ہی نہیں رہی۔ من بعد سلسلہ نقشبندیہ کے بعنایات ختام خواجگان خواجہ **باقی باللہ** رحمۃ اللہ علیہ جو معارف و مقامات فضل ربانی سے آپ پر منکشف ہوئے اسکے بعد تمام نسبتوں کا مجموعہ نسبت مجددیہ ایک خاص دولت آپکے متوسلین کے لئے مخصوص ہو گئی اور آپکی ذات مجمع برکات دیگر طالبان حق کے لئے بھی مقتدا قرار پائی علٰی ہذا الی منتہاء السلسلہ اور حضرت مجدد صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے بحر عرفان سے سیراب ہونیکے لئے نہایت پُر امن طریقے تشنگان محبت کے لئے ہمیشہ کے واسطے اسطرح سہل فرما دیئے جیساکہ **فاروق اعظم**ؓ نے ظاہری و باطنی فتوحات اسلامی کی مکمل با عافیت سلطنت فدایان اسلام کے لئے مخصوص چھوڑی تھی۔ البتہ غرط محبت اور فرق مناسبت ایک اور چیز ہے اُسکے اعتبار سے بھی صرف اسقدر خیال کی اجازت ممکن ہے کہ

ہر گلے را رنگ و بوئے دیگر است

رہا تفوق جسکی جو شان ہے وہ ظاہر ہے اور خدا کے نزدیک جسکا جو مرتبہ ہے اُس کا فیصلہ ہمارے فہم و ادراک سے باہر ہے اور نہ ایک سچے طالب کو اس فکر کی ضرورت کہ وہ اپنے اصلی مقصود کے سوا ایسے ذلت قدمی کے خطرناک مقام میں اپنا وقت عزیز صرف کرے۔ رہے اہل سکر و غلبۂ حال و محبت اُنکے سب افعال محمود اور ایک دوسری شئے ہیں تو اُنکی نسبت کوئی کلام ہو سکتا ہے۔ غرضیکہ اخلاص کے ساتھ اصلاح حال کی فکر اصل کام ہے اسکے علاوہ قیل و قال لایعنی سے سوائے محرومی اور تضییع اوقات کسی مفاد کی امید نہیں وقت کوتاہ کام دشوار سفر دراز ہر شخص کو درپیش ہے اور حضرات اکابرین کی شان میں ہماری سوء ادبی سے کوئی کمی نہیں ہو سکتی بلکہ اُسکا وبال سراسر ہمارے لئے خذلان کا باعث ہے وَمَنْ اَسَاۗءَ فَعَلَیْھَا۔

نصیحتے کنمت بشنو و بہانہ مگیر
ہر آنچہ ناصح مشفق بگویدت بپذیر
ز وصل روئے جواناں تمتعے بردار
کہ در کمینگہ عمر است مکر عالم پیر

منبر

حضرت مجدد صاحبؒ کی نسبت حضرت خواجہ **باقی باللہ**ؒ بارہا فرمایا کرتے تھے کہ آپ مراد اور محبوب بالحق ہیں اسوجہ سے آپکو سرعت سیر ہے آپنے اپنے ایک مخلص کو تحریر فرمایا کہ شیخ احمد کثیر العلم قوی العمل ایک شخص سرہند کے ہیں چند روز فقیر نے اُنکے ساتھ نشست و برخاست میں عجائب روزگار دیکھے اور معلوم ہوتا ہے کہ وہ آفتاب عالمتاب ہونگے۔ خواجہ صاحب کا یہ فرمانا کسقدر آپ کے کمالات پر دال ہے آپ اپنے وقت کے قیوم اور مجدد

الف تھے۔ آپکا زمانہ ولادت وہ تھا کہ امم سابقہ میں اس سے پُرظلمت اوقات میں مشیت ایزدی مقتضی بعثت انبیاءِ اُولوالعزم علیہم السلام ہوئی ہے لیکن ہمارے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم خاتم المرسلین ہیں اور آپکی امت کے علماء راسخین کا اصلاح عالم کے لئے مقرر ہونا مثل انبیاء بنی اسرائیل کے قرار پایا ہے۔ اس وجہ سے باری تعالیٰ نے مقامات عالیہ سے آپکو ممتاز فرمایا اور ذات مبارک مجدد الف ثانی منتظم شریعت مجدد طریقہ قرار پائی سلسلہ نقشبندیہ

میں جو حرکات اور مقامات کی ترتیب ظہور میں آئی اور اس طریقہ کو ہر خاص و عام کے لئے جسطرح بلا خوف محرومی آسان فرما دیا وہ قطب ربانی کے کمالات باطن کی ایک نمایاں مثال ہے۔ آپکے فیضان ظاہری و باطنی سے ہزاروں علماء و فضلاء فیضیاب ہوئے استغراق بحر وحدت و استہلاک احدیت طالبان حق کو مفت نقد وقت ہوگیا شہود وحدت در کثرت اور جذبات محبت و معرفت سالکان طریقت کو آپکی ادنیٰ توجہ سے نصیب ہوا آپکی نسبت و جذبات معرفت سے کارخانہ باطن کی ایک عجیب شان ہوگئی سختی مجاہدات و تواتر صوم وصال اور چلہ کشی کی تکالیف کے بجائے اتباع سنت اور معمولی عبادات سے مقامات عالی کا وصول آسان ہوگیا اور ان شاء اللہ تا قیامت آسان رہیگا۔ خوارق کشف و کرامات آپکی بیان سے باہر ہیں۔ طواف کعبہ کا شوق ایک مرتبہ آپ پر غالب ہوا فضل خداوندی سے خانہ کعبہ ظاہر ہوا اور اسی مقام پر آپ زیارت سے مشرف ہوئے۔ حضرت علی کرم اللہ وجہہ کو دیکھا آپ فرماتے ہیں کہ ہم تمکو علم سموات کی تعلیم کرنے آئے ہیں شریعت محمدی صلی اللہ علیہ وسلم کی صورت مثالیہ دیکھی گئی کہ وہ مثل آفتاب فلک کے سرہند میں مقیم ہے۔ حضرت امام اعظم و امام شافعی و غوث الثقلین حضرت سید عبدالقادر جیلانی و حضرات مشائخ چشتیہ و کبرویہ نے معہ دیگر مشائخ و اساتذہ نزول اجلال فرمایا اور القائے نسبتہائے گوناگوں سے آپ شادکام ہوئے۔ ایک روز دید قصور اور ندامت و انفعال کا حال آپ پر بہت غالب ہوا اسی کیفیت میں آواز آئی کہ غُفِرْتُ لَكَ وَلِمَنْ تَوَسَّلَ بِكَ بِوَاسِطَةٍ اَوْ بِغَيْرِ وَاسِطَةٍ اِلٰى يَوْمِ الْقِيَامَةِ اکثر ارشاد ہوا کرتا تھا کہ جو ہمارے طریقہ میں واسطہ یا بلاواسطہ داخل ہے یا آیندہ ہوگا قیامت تک سب مجھ پر پیش کئے گئے اور اُنکے نام و نسب و مسکن تک بتا دیے گئے ہیں میں سب کو بیان کرسکتا ہوں اور وہ مجھے بخش دیے گئے ہیں آپکو بشارت ہوئی تھی کہ جس جنازہ کی نماز میں شریک ہوں یا جس قبر پر فاتحہ پڑھیں وہ مغفور ہیں اور آپکے روضۂ اقدس کی ایک مشت خاک جسپر ڈالدی جائیگی وہ بخشدیا جاویگا آپ فرمایا کرتے تھے کہ طریقہ نقشبندیہ کبریت احمر ہے اور اُسکی بناء اتباع سنت پر ہے۔ آپکے تصرفات سے دین اسلام کو تقویت ہوئی۔ آثار شریعت جو زمانہ اکبر شاہ میں معدوم ہو چلے تھے پھر مستحکم ہوئے اور کثرت سے کفار دائرہ اسلام میں داخل ہوکر آپکی توجہ سے ناجی ہوئے۔ ظلمت کفر و بدعت کی بجائے اتباع سنت و اشاعت طریقت کی روشنی پھیل گئی۔ مولانا حمید جو آپکے خلفاء میں سے تھے انکو رخصت کے وقت ایک کفش مبارک عطا فرمائی تھی مولانا مذکور اُسے سر پر رکھکر اُلٹے پیروں وطن کو روانہ ہوئے اور وہاں پہونچکر ایک مخصوص حجرہ میں باحتیاط تمام اُسکو رکھدیا اہل حاجت امراض جو اُنکے پاس آتے اُس کفش کا ایک حصہ دھوکر آب پانی دیدیا کرتے تھے بفضل ایزدی اُسکی برکت سے شفا اور حل مشکلات سے خلق مستفید ہوتی تھی اور جس مریض کا وقت قریب ہوتا تھا تو کفش مبارک کے پانی میں ڈالنے سے پیالہ ٹوٹ جاتا تھا سبحان اللہ کیا ذات تھی جسکے ادنیٰ تصرفات کی اس سے بہتر و برتر مثالیں موجود ہیں۔ اَللّٰهُمَّ اَمْطِرْ عَلَيْنَا مِنْ بَرَكَاتِهٖ وَاَنْوَارِهٖ بِجَاهِ حَبِيْبِكَ

بر زمینیکہ نشان کف پاے تو بود سالہا سجدۂ صاحب نظراں خواہد بود
چشم آن دم کہ ز شوق تو نہد سر بلحد تا دم صبح قیامت نگراں خواہد بود

آپکے فیضان ظاہری باطنی سے خلق خدا کو بے انتہا فائدہ پہونچا گم شدگان تیہ ضلالت راہ راست پر آئے حرماں نصیب دولت سرمدی سے مالا مال ہوئے ایک نظر جسپر پڑی خدا تک پہونچ گیا سُبْحَانَ مَنْ خَلَقَ صِلَةً بَيْنَ الْبَحْرَيْنِ ؕ

آنانکہ خاک را بنظر کیمیا کنند
آیا بود کہ گوشۂ چشمے بما کنند

۱۰۳۴ھ میں ظاہری وجود کا رسمی حجاب جو برائے نام حائل تھا وہ بھی اُٹھ گیا اور مطلوب حقیقی سے آپکا وصال ہوا۔ اولاد امجاد خلفائے کرام سے سلسلہ جاری ہوا بڑے صاحبزادے حضرت خواجہ محمد صادق رحمہ اللہ جو ۱۰۰۰ھ میں پیدا ہوئے تھے حضرت قیوم ربانی جس وقت حصول فیض کے لئے حضرت خواجہ باقی باللہ رح کے آستانہ عالیہ پر پہونچے۔ آپ بھی بعمر ہشت سالگی ہمراہ تھے بیعت سے
لوی
جد نبی عامر
جد نبی خزیمہ
عامر
سامہ
حارث
خشم
عوف
سعد
خزیمہ
بغیض
حسل
مالک
نصر
حجر
عبد الشمس
اصم
عبد ود
ابو قیس
عبد العزی
قیس
زائدہ
زمعہ
ابو رہم
ابو سبرہ
عبد اللہ
فاطمہ
سیدہ سودہ
ام المومنین

شرف ہے باوجود صغر سنی احوال واردات عجیبہ آپ پر وارد ہونے شروع ہو گئے ذوق استغراق سدرجہ آپ پر غالب رہتا تھا کہ حضرت خواجہ رحمۃ اللہ علیہ
فرمایا کرتے تھے کہ محمد صادق کو بازار کا کھانا کھلاؤ تاکہ غلبہ حال میں کچھ کمی ہو حضرت قیوم ربانی فرمایا کرتے تھے کہ محمد صادق
میرے معارف کا مجموعہ ہیں۔ سرہند کی ولایت انکی ہے۔ میں مثل مسافروں کے انکے ہاں مقیم ہوں۔ آپکی عمر

یہ شخص حضور سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم کا بہت بڑا دشمن تھا اسکا خون آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے یوم فتح مکہ مکرمہ
مباح کر دیا تھا اور بعد فتح مکہ جبکہ یہ پردہ ہائے خانہ کعبہ کو پکڑے ہوئے تھا اُسوقت قتل کیا گیا۔ (ابن خلدون)

۴۲ سال کی تھی کہ وبا پھیلی اور مرض طاعون میں کثرت سے خلق خدا تلف ہونے لگی اُسوقت آپنے بہ نظر شفقت خلق دفع بلا پر توجہ فرمائی معلوم ہوا
کہ لقمہ لذیذ چاہتی ہے آپنے رضا بالقضا اپنے وجود مبارک کو خلق خدا پر نثار کر دیا ۹۔ ربیع الاول کو آپکا انتقال ہوا اور مرض وبائی سے امن ہو گیا۔
ایک بزرگ نے خواب میں دیکھا کوئی کہتا ہے کہ آدمیوں کو چاہیئے وبا کے وقت آپکا نام کاغذ پر لکھکر پانی سے دھو کر پیا کریں شر وبا سے محفوظ رہینگے
چنانچہ یہ خبر تمام ملک میں مشتہر ہو گئی اور آپکے نام مبارک کا تعویذ ہو گیا اور ایسے موقعوں پر مخلوق کو شفا ہوئی اور تجربے سے ثابت ہوا کہ حضرت کے
خاک مزار کی بھی یہی خاصیت ہے۔ شیخ محمد یحیی چھوٹے صاحبزادے بھی فضل و کمالات ظاہری و باطنی میں۔ این خانہ تمام آفتاب است کے مصداق تھے
آپکی ولادت سے پہلے حضرت شیخ قدس سرہ کو آیہ اِنَّا نُبَشِّرُكَ بِغُلَامٍ اسْمُهُ يَحْيَىٰ بذریعۂ الہام پہونچی اُسکے اتباع میں آپکا نام یحیی رکھا گیا
عبادات و تعمیر اوقات ارشاد طالبان میں آپکی مصروفیت ممتاز زمانہ تھی۔ بادشاہ محمد اورنگزیب آپکی خدمت میں حاضر ہو کر فیض حاصل کیا کرتے تھے اور
بہت سے دیہات آپکی نذر کیے چنانچہ مشہور ہو گیا تھا کہ اَلْمُلْكُ لِلّٰهِ وَالْمُلْكُ لِيَحْيَىٰ یعنی ملک خدا کا اور ملک یحیی کی ہے۔ جذب و استہلاک آپ پر غالب تھا
سنہ ۱۰۲۴ھ میں آپکی ولادت ہوئی اور وفات سنہ ۱۰۹۶ھ میں۔ تیسرے صاحبزادے حضرت خازن الرحمہ خواجہ محمد سعید رح اور چوتھے حضرت عروۃ الوثقی محمد معصوم
رضی اللہ عنہما یہ دونوں حضرات لفظ شیخین کے ساتھ ملقب ہیں اور مخزن فیضان طریقہ یہی حضرات ہیں۔ اور کمالات معرفت میں حضرت امام ربانی
کے قائم مقام ہوئے مخصوص مقامات حضرت مجدد رح سے سرفرازی حاصل ہوئی ایک مقام غوثیت میں ممتاز تھے دوسرے مرتبہ قیومیت سے سرفراز تھے۔
خازن الرحمہ کی شان خلت اور حضرت عروۃ الوثقی میں ذاتی محبوبی تھی۔ خواجہ محمد سعید رح کی ولادت سنہ ۱۰۰۵ھ میں اور وفات ۲۷ جمادی الثانی سنہ ۱۰۷۰ھ
میں ہوئی۔ اور خواجہ محمد معصوم رح کی پیدائش سنہ ۱۰۰۹ھ اور زمانہ وفات ۹۔ ربیع الاول سنہ ۱۰۷۹ھ ہے۔ یہ دونوں حضرات اس طریقے کے راس الطریقہ ہیں
کثرت سے مخلوق انسے فیضیاب ہوئی۔ باقی اور اولاد امجاد و خلفائے کرام سے سلسلہ جاری ہوا اور تاہنوز فیضان طریقہ جاری ہے۔ علاوہ خلفائے

کاملین کے حضرت امام ربانیؒ کی نسل سے شاہ ابوالخیر و شاہ ضیاء معصوم صاحب رونق افزائے طریقہ ہیں خداوند عالم ان دونوں حضرات کے ظل ارشاد کو قائم رکھے۔ آمین۔ (مکتوبات امام ربانی و مقامات سعیدیہ)

حضرت ابوعبیدہؓ عامر بن جراح اکثر فتوحات شام کے کارنامے آپ ہی کی طرف منسوب ہیں امین الامۃ آپکا نام

مالک

تعجب ہے کہ یہی ماموری اور حضرت خالدؓ بن ولید کی معزولی بھی ایک عجیب اسلامی بردباری کا نمونہ ہے۔ اسواسطے ہم حضرت خالدؓ اور ابو عبیدہؓ کے ابتدائی حالات کا تذکرہ ہدیۂ ناظرین کرتے ہیں۔ حضرت عمرؓ کا جب دورِ خلافت ہوا تو آپنے حضرت خالدؓ کو لشکر اسلام کی امارت سے معزول کرکے حضرت ابوعبیدہؓ کو امیر کیا۔ اس پر خالدؓ بن ولید کی قوم بنی مخزوم میں سے ایک شخص نے حضرت عمرؓ سے کہا کہ آپ ایسے شخص کو امارت سے معزول کرتے ہیں جنہوں نے ملک شام میں اسلام کا نام روشن کر دیا اور دشمنوں کے دلوں میں ہیبت الٰہی ڈالدی ہے انکے کئی قلعے فتح کرکے عرب کی سلطنت وسیع کی ہے اور رومیوں کے بیشمار لشکر کو ہر ایک موقع پر شکست پر شکست دیکر عرب کی شجاعت و بہادری کا دشمنوں کے دلوں پر سکہ جما دیا۔ خلیفہ اول کے وقت میں بھی بعض نے رائے دی تھی کہ حضرت خالدؓ کو معزول کیا جائے مگر صدیق اکبرؓ نے فرمایا کہ میں اللہ تعالیٰ کی تلوار کو میان میں کرنا نہیں چاہتا اسپر حضرت عمرؓ نے فرمایا کہ میں نے بڑا بار امانت اپنے ذمہ لیا ہے خلیفہ اول کو خالدؓ پر اعتماد تھا مجھے بہ نسبت خالدؓ کے ابوعبیدہؓ پر زیادہ اعتماد ہے اسلیئے اُنکو امیر مقرر کرتا ہوں پھر آپنے ابوعبیدہؓ کے نام خط لکھکر عامر بن وقاص کے سپرد کیا اور اُنکو دمشق روانہ کر دیا اُس خط کے پہونچنے پر حضرت ابوعبیدہؓ نے لشکر اسلام کی امارت اپنے ہاتھ میں لی اور خالدؓ بن ولید کو اپنی معزولی کی ذرا پرواہ نہیں ہوئی بلکہ یہ کہا کہ میں نے اپنے نفس کو اللہ تعالیٰ کی راہ میں قید کیا ہے۔ مجھے امارت یا سرداری کی کوئی خواہش نہیں ہے ایک سپاہی بن کر اسلامی علم کے نیچے جہاد کرونگا خواہ وہ علم کسی کے ہاتھ میں ہو مجھے اللہ اور اُسکے رسول کی رضامندی کی خواہش اور میدان جنگ میں شہادت کی تمنا ہے اللہ تعالیٰ مجھے نصیب کرے۔ بعض لوگوں کا خیال تھا کہ خالدؓ بن ولید اپنی معزولی کے بعد آیندہ لڑائیوں میں چنداں حصہ نہ لینگے مگر اُنہوں نے آیندہ معرکوں میں اپنی جانبازی و جاں نثاری دکھا کر اُنکے خیال کو غلط اور اپنے قول کو سچا ثابت کر دیا۔ اللہ اکبر ان لوگوں کا کیا ایمان تھا کہ دولت ایمان کے مقابلے میں شوکت دنیا انکے نزدیک کوئی چیز نہ تھی ایسے ہی لوگ تھے جنہوں نے اسلام کو اس عروج تک پہونچایا۔ چنانچہ ابوعبیدہؓ نے فتح ابی القدس (درمیان عرقہ وطرابلس) کے لیئے حضرت عبداللہ بن جعفر کو صرف پانچسو۵۰۰ سوار دیکر بھیجا اور اُنکے وہاں پہونچنے پر دشمن کی قوت بہت زیادہ معلوم ہوئی تو عبداللہ بن جعفر نے اسکی اطلاع حضرت ابوعبیدہؓ کو دی تو آپ کو پریشانی ہوئی اور دلگیر ہوکر فرمانے لگے کہ امارت ہاتھ میں لیکر پہلا لشکر مقابلے کے لیئے بھیجا ہے اگر اسکو خدانخواستہ گزند پہونچی تو میں قیامت کے روز اللہ تعالیٰ کو کیا مونہہ دکھاؤنگا اور خلیفۃ المومنین سنینگے تو کیا کہینگے پھر آپنے خالدؓ بن ولید کو بلایا اور فرمایا کہ اس میدان کے مرد تم ہو جلد اپنے بھائیوں کی کمک کو پہونچو میرا پہلے بھی ارادہ تھا کہ تم اس مہم پر جاتے مگر میں بوجہ حیا کے نہ کہہ سکا کیونکہ مجھے یہ خیال آیا شاید تم جانا پسند نکرو اسلیئے کہ تمکو خلیفۂ ثانی نے امارت سے معزول کر دیا اور تمہاری دل شکنی ہوئی ہے خالدؓ بن ولید نے کہا کہ خدا گواہ ہے مجھے خلیفۂ ثانیؓ کا حکم بسر و چشم منظور ہے میری ہرگز دلشکنی نہ ہوئی میں ہر وقت خدا کی راہ میں جان دینے کو تیار رہوں آپ تو ہم میں بڑے بزرگ و بلند مرتبہ آدمی ہیں اگر خلیفۂ ثانیؓ ایک طفل نوخیز کو امیر لشکر بنا کر بھیجدیں تو اُسکی ماتحتی میں بھی میں ویسے ہی اسلام کی خدمت کروں جیسا کہ اسوقت تک کرتا رہا ہوں جس شخص کو ہر جنگ کے موقع پر یہی خواہش ہو کہ کسیطرح اُسکو شہادت نصیب ہو جائے وہ امارات اور سرداری کا کب خیال کر سکتا ہے حضرت ابوعبیدہؓ یہ سنکر بہت خوش ہوئے اور حکم دیا کہ وہ اپنا لشکر جو عراق سے لائے تھے اپنے ہمراہ لیکر ابی القدس جائیں حضرت خالدؓ اسیوقت اپنے خیمے میں گئے اور مسلح ہوکر اپنا سیاہ علم جسکا نام رائیۃ العقاب تھا ہاتھ میں لیا اور اپنے لشکر کو جو لشکر زحف کے نام سے موسوم تھا تیار کرکے اپنے ہمراہ لیا اور ابی القدس کی طرف روانہ ہو گئے ادھر عبداللہ بن جعفر طیار

[illegible] غالب رہے [illegible] اور مراعات بجا لاتے ۔۱۲

انکا نام قیس اور قریش بھی انہیں کا لقب تھا یہ ایک روز سوتے تھے کسی نے پکارا یا نضر تجھکو اختیار دیا گیا درمیان ملک ظاہری باطنی اور عزت سرمدی کے نضر نے کہا۔ کلا یا رب قد اخترت ما یبقی الابد لفظ قریش کی وجہ تسمیہ میں کئی توجیہہ لکھتے ہیں۔ اول یہ کہ قریش ایک جانور بزرگ ہے دریا میں وہ مچھلی کھایا کرتا ہے اور اسکو کوئی نہیں کھاتا چنانچہ حضرت ابن عباس رض

نضر

عامر — عمر — عبد مناۃ — یخلد — ملکان — صلت — مخلد

یخلد: عاتکہ — حارث — یخلد — بدر

بدر: قریش

عاتکہ: قُصَیّ ابن غالب کی والدہ ہیں۔

نے باوجود اپنی کم جمعیت کے دشمن کی ہزارہا فوج جرار پر حملہ کر کے کشتوں کے پشتے لوٹ دئے اور شجاعت ہاشمی کی داد دی بالآخر کثرت ہجوم سے اہل شام نے عبداللہ بن جعفر رض کو گھیر لیا اور مسلمان اپنی جانوں سے مایوس ہو گئے تھے کیونکہ کثرت قتل و قتال سے انکے بازو تھک چکے تھے اور دن بھی غروب کے قریب تھا کہ خالد رض بن ولید معہ اپنے لشکر کے عین وقت پر لڑائی کے موقعہ پر پہونچگئے اور اللہ اکبر کا نعرہ بلند کر کے میدان جنگ میں اتر آئے۔ عبداللہ بن جعفر پر اسوقت سخت حالت پہونچ چکی تھی اور قریب تھا کہ وہ معہ اپنے گھوڑے کے گر پڑیں لیکن ضرار رض بن ازور کے آنے سے آپکو خوشی ہوئی اور نعرہ بلند کیا کہ مسلمانو خالد رض بن ولید آپہونچے ہیں تھوڑی دیر اور استقامت کرو۔ مسلمانوں کی قلیل جماعت کو جو شامی دبائے جاتے تھے خالد رض بن ولید اور انکے ہمراہیوں کی آمد سے وہ پسپا ہوتے ہوئے دیر کو پہونچ گئے۔ اور حاکم طرابلس جو اتفاقاً وہاں پر مقیم تھا میدان میں اتر آیا شیران اسلام نے دل توڑ کر مقابلہ کیا اور گھمسان لڑائی کے بعد اسلام کی فتح ہوئی۔ خالد رض بن ولید اور عبداللہ بن جعفر رض مظفر و منصور ہو کر مع مال غنیمت اور قیدیوں کے حضرت ابو عبیدہ رض کے پاس واپس آئے تو انکو بہت خوشی حاصل ہوئی اور اللہ کا شکر بجالائے کیونکہ انکو اس بات کی بڑی فکر تھی کہ اگر خدانخواستہ مسلمان شہید ہوئے تو خلیفہ ثانی کو کیا جواب دینگے مگر انکی نیک نیتی اچھا پھل لائی اور انکی پریشانی دفع ہوئی کیونکہ انکی امارت کا ابتدائی واقعہ تھا۔ ۵۸ سال

سے مروی ہے کہ قریش کو قریش کہنے کی وجہ یہ ہے کہ قرش ایک دریائی مچھلی کا نام ہے جو اور مچھلیوں کو نگل جاتی ہے اور خود کسی کے قابو میں نہیں آتی
اسی طرح فہر بھی غلبہ اور قوت کی وجہ سے قریش کے لقب سے مشہور ہوئے یہ زمانہ حج میں فقراء و مساکین کو بھی تلاش کر کے
کچھ دیا کرتے تھے اسی وجہ سے بھی قریش کہلائے (روضۃ الاحباب)
کنانہ رئیس قوم تھے ان کی عمر نوے برس کی تھی

ہاں نضر اسّی سال کی عمر میں پیدا ہوئے۔ اُنہوں نے ملک یمن میں انتقال فرمایا یہیں انکی قبر ہے اور انکی اولاد۔ بنو اسد کے نسبی بھائی ہیں یہ اطراف مکہ میں
رہتے تھے یہ قبیلہ بھی کثیر البطون ہے مشہور و معروف ان میں قریش ہے اور وہ نضر بن کنانہ کی اولاد سے ہے جیسا کہ مذکور ہوا۔ بعد اسکے
بنو عبد مناۃ بن کنانہ اور بنو مالک بن کنانہ ہے۔ بنو عبد مناۃ سے بنو بکر وغیرہ بنو الحرث اور بنو عامر ہیں اور بنو بکر سے بنو لیث اسی سے بنو ملوح
بن یعمر (یعنی شداخ بن عوف بن کعب بن عامر بن لیث اور اسی سے صعب بن جثامہ بن قیس بن شداخ مشہور صحابی اور شاعر عروۃ بن اذینہ بن
یحییٰ بن مالک بن الحرث بن عبد اللہ بن شداخ ہے) اور بنو شجع بن عامر بن لیث بن بکر (اسی قبیلہ سے ابو واقد لیثی صحابی یعنی حرث بن عوف بن اسید بن جابر
بن عبد یلیل بن عبد مناۃ بن شجع ہیں) اور بنو سعد بن لیث بن بکر (جس سے ابو الطفیل عامر بن واثلہ بن عبد اللہ بن عمرو بن جابر بن خمیس بن عدی بن سعد اور واثلہ بن الاسقع بن

ف عبد العزیٰ بن عبد یالیل بن ناشب بن عبد دبن سعد مشہور صحابی ہیں۔ ابو الطفیل عامر وہ ہیں جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے دیکھنے والوں میں سے سب سے آخر رہ گئے تھے سنہ ۰ھ میں انکا انتقال ہوا۔ ۵۱ بنو اسد بن خزیمہ کا وسیع بطن اور کثیر الشعوب قبیلہ تھا سرزمین نجد میں متصل کرخ طے کی ہمسایگی میں رہتے تھے او بعض کا یہ خیال ہے کہ پہلے بلاد طے بنو اسد کے قبضے و تصرف میں تھے بس جب بنو طے

۵۲ یمن سے نکلے تو انہوں نے انکو مغلوب کر کے بجاو سلمی پر قبضہ کر لیا اور انکی مجاورت میں آباد ہو گئے بعد اسکے بنو اسد اقطار ممالک میں ایسے متفرق منتشر ہو گئے کہ اب ان میں کا کوئی قبیلہ باقی نہ رہ گیا۔ ابن سعید کہتا ہے کہ انکے بلاد اب طے کے قبضے میں ہیں اس کثیر البطون قبیلہ سے بنو کاہل (قاتل حجر بن عمرو بادشاہ پدر امرء القیس) اور بنو غنم بن دودان بن اسد (اسی قبیلہ سے عبید اللہ بن جحش بن رئاب بن یعمر بن صبرہ بن مرہ بن کبیر بن غنم جو مسلمان ہو گیا تھا پھر نصرانی ہو گیا اور بحالت نصرانیت میں ہی مر گیا اور اسکی بہن زینب ام المومنین رضی اللہ عنہا اور عکاشہ بن محصن بن حرثان بن قیس بن مرہ بن کبیر مشہور صحابی ہیں) اور بنو ثعلبہ بن دودان بن اسد (جس سے کمیت شاعر ابن زید بن الاخنس بن ربیعہ بن امرء القیس بن الحرث بن عمرو بن مالک بن سعد بن ثعلبہ اور ضرار بن الازور یعنی مالک بن اوس بن خزیمہ بن ربیعہ بن مالک بن ثعلبہ صحابی قاتل مالک بن نویرہ و حضرمی بن عامر بن مجمع بن موالہ بن ہمام بن صحیب بن القیس بن مالک وغیرہ ہیں) اور بنو عمرو بن قعین (قعین) بن الحارث بن ثعلبہ بن دودان ہیں (اسی قبیلہ سے طماح بن قیس بن طریف بن

عمرو بن قمیہ جو قیصر کے پاس امرؤ القیس کے قافلہ کا ساعی تھا اور طلحہ بن خویلد بن نوفل بن نضلہ بن الاشتر بن حجوان بن فقعس بن طریف بن عمرو جو پہلے کاہن تھا اور نبوت کا دعوے کیا تھا پھر اسکے بعد ایمان لایا۔ (ابن خلدون سبائک الذہب)

مدرکہ انکا نہایت عظیم الشان کثیر البطون قبیلہ ہے جسکے اعظم ترین قبائل سے ہذیل۔ قارہ۔ اسد۔ کنانہ۔ قریش ہیں۔

مُدرِکہ
اسمہ عمرو

حارث
تیم
سعد
ہُذیل
جد بنی ہذیل
کاہل
صاہلہ
مخزوم
قار
شمخ
حبیب
غافل
مسعود
سیدنا عبداللہ رضی اللہ عنہ
سیدنا عبدالرحمن
ابو عبیدہ
قاسم

بنو ہذیل۔ ہذیل بن مدرکہ بن الیاس کی نسل سے ہیں طائف کے قریب جبل عرفان میں رہتے تھے اسکے نشیب میں نجد کی طرف اور مقام تہامہ بین مکہ و مدینہ اور اکثر مقامات میں انکے چشمے اور مقبوضات تھے از انجملہ رجیع و بیر معونہ ہیں اس سے دو شاخیں نکلی ہیں (۱) سعد بن ہذیل (۲) سحبان بن ہذیل پس سعد بن ہذیل سے ابوکبیر شاعر اور خطیبہ شاعر (جیسا کہ بیان کیا جاتا ہے) اور عبداللہ بن مسعود بن غافل بن حبیب بن شمخ بن قار بن مخزوم بن صاہلہ بن الحارث بن تمیم بن سعد (مشہور صحابی) اور انکے دونوں بھائی عتبہ و عمیس اور انکے اعقاب سے عبدالرحمن و عتبہ و مسعودی (مشہور مورخ) بن عتبہ ہیں مسعودی کا نام علی ہے حسین بن علی بن عبداللہ بن زید بن عتبہ بن عبیداللہ بن عبدالرحمن بن عبداللہ بن مسعود کے لڑکے ہیں اور انکے بھائی عتبہ سے علقمہ بن عبیداللہ بن یزید بن عتبہ مدینہ منورہ کے مشہور فقیہ ہیں۔ یہ لوگ عہد اسلام میں ممالک اسلامیہ میں منتشر ہو گئے اب اس قوم کا کوئی بطن باقی نہ رہا البتہ افریقہ میں ان میں کا ایک قبیلہ ہے جو اطراف باجہ میں ہیں اور شاہی لشکر کے ساتھ لشکر آرا ہوا اور مقررہ خراج ادا کیا کرتے تھے۔

حضرت عبداللہ بن مسعود جلیل القدر صحابہ میں سے ہیں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی کفش برداری مسواک و وسادہ وغیرہ کی خدمات اکثر آپ انجام دیا کرتے تھے چنانچہ صاحب النعلین والوسادہ کے لقب سے محدثین میں مشہور ہیں۔ آپ سے بہت سی احادیث مروی ہیں اور انکے دونوں صاحبزادے عبدالرحمن و ابو عبیدہ اور انکے بھتیجے عبداللہ بن عتبہ وغیرہ بہت سے رواۃ حدیث آپ سے روایت کرتے ہیں۔ اور اسلام لانے والوں میں آپ چھٹے شمار کیے جاتے ہیں۔ سب سے پہلے مکہ معظمہ میں جہر کے ساتھ قرآن شریف آپ نے ہی شروع کیا۔ اور ترمذی نے ابوموسیٰ سے روایت کی ہے کہ ابوموسیٰ اور انکے بھائی یمن سے آئے تو عبداللہ بن مسعود اور انکی والدہ کی حضورؐ کی خدمت میں آمد و رفت دیکھنے سے خیال ہوا کہ یہ اہل بیت سے ہیں حضورؐ انکے حال پر بڑی عنایت

(۱۲۱)

الیاس میں الف لام تعریفی ہے اسکے لغوی معنی ناامید ہونے کے ہیں انکے والدین اولاد سے ناامید اور مایوس ہو چکے تھے بڑھاپے میں یہ پیدا ہوئے اسلئے
انکا نام الیاس رکھا گیا جب یہ بالغ ہوئے تو انہوں نے حضرت اسمٰعیل علیہ السلام کی اولاد کو ملت ابراہیمی کی دعوت دی بزرگی
عفت و پرہیزگاری دانشمندی کی وجہ سے لوگ ان کے مطیع اور فرمانبردار تھے۔ الیاس حضرت ابراہیمؑ کی سنت کے موافق مومن تھے سب سے
الیاس
طابخہ
اد
مر
تمیم
عنبر
جندب
عیجو
عمرو
جذیمہ
ذویب
ذھل
ململ
قیس
مسلم
قیس
ذھیر
حضرت امام زفر رحمۃ اللہ علیہ
ولادت ۱۱۰ھ وفات ۸ شعبان ۱۵۸ھ (ابن خلکان)
عمرو
سعد
عثمان
عدی
قمعہ
عامر
عمرو
خزاعہ
عمرو
حارثہ
ربیعہ
عمرو
مالک
خزیمہ مصطلق
مالک
عائذ
حارث
حبیب
ابی ضرار
سیدنا حارث
سیدہ جویریہ ام المومنین

پہلے خانۂ کعبہ میں اونٹ کی قربانی آپ نے کی ہے۔ سِل کی بیماری سے فوت ہوئے۔ (روضۃ الاحباب)
مضر انکی وجہ سے سنتِ ابراہیمی کو بہت ترویج و ترقی ہوئی سنتِ ابراہیمی کے احیاء کے لئے ہمیشہ ساعی رہتے نہایت خوش گلو شخص تھے ابراہیم کے طریقے پر سچے مسلمان تھے چنانچہ ہمارے آقاء نامدار محمد رسول اللہ کا فرمان ہے کہ مضر کو گالی نہ دو کیونکہ وہ مسلمان تھے۔

نزار انکی کنیت ابو ربیعہ ہے جب یہ پیدا ہوئے تو انکے والد نے ہزار اونٹ ذبح کر کے غربا اور مساکین کو کھلائے اسوجہ سے مخلوق انکو مسرف و فضول خرچ کہنے لگی اسکے جواب میں انکے والد نے کہا اِنَّ هٰذِهٖ كُلَّهَا نَزْرٌ یعنی یہ سب کچھ تھوڑا ہے انکے نام کی یہی وجہ تسمیہ ہے انوار و برکات محمدیہ آپکی پیشانی سے ہویدا تھے۔ (مواہب)

معد انکی کنیت ابوقضاعہ ہے لفظ معد بمعنی ترمیوہ چونکہ یہ نہایت خوش رو اور ہر وقت ہشاش بشاش تر و تازہ معلوم ہوتے تھے اسلئے انکا نام معد ہو گیا اور انکے سترہ بیٹے اور تھے از انجملہ چار بیٹے جو نہایت دلیر اور بہادر تھے بہت مشہور ہیں۔ قضاعہ[1] قنص[2] ایاد[3] نزار[4]۔ انمیں سے ضحاک چالیس ہزار فوج جرار لیکر بنی اسرائیل پر حملہ آور ہوا اور ان پر فتح پائی اور بقیۃ السیف یہودیوں کو پکڑ لایا بنی اسرائیل نے اسوقت کے نبی سے استغاثہ کیا اور بنی عدنان کے حق میں دعاء بد کی خواستگاری ظاہر کی نبی وقت نے رو بقبلہ ہو کر چاہا کہ بد دعا کریں لیکن جناب باری سے وحی نازل ہوئی کہ اس دعاء بد سے دست بردار ہو جاؤ اور در گذر کرو کیونکہ خاتم النبیین صلعم بنی عدنان کی اولاد میں سے ہونگے

معد

جنید — قحم — عبد الرماح — حیدان — ملک — قنص

حیادہ — فیض — قناصہ

قضاعہ — ضحاک

الحاف — عمران — حلوان

تزید — حلوان — سلیح — تغلب — وبرہ — کلب — جنادہ

جد بنی تغلب — جد بنی وبرہ

ایاد — سنام — عوف — عرف — شک

یہ خط ثور سے ملیگا

یہ خط اسد سے ملیگا

اسد — ہلال — حنبل — محمد — حضرت امام احمد حنبل

امام المحدثین رئیس الفقہاء والمحققین حضرت امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ آپکی ولادت ماہ ربیع الاول ۱۶۴ھ بمقام بغداد ہوئی

۵ اُنکے حق میں دعا مقبول ہوگی۔ (روضۃ الاحباب)
یہودی آپکے پیچھے ہوئے اور ایک مقام میں دو پہاڑوں کے درمیان
ہوکر گر پڑا آپ پہاڑ پر چڑھ گئے شیروں نے اسیر بھی
کوتاہی نہ کی عاجز آکر قادر قیوم کی جناب میں التجا کی غیب سے
منقول ہے کہ عدنان سے یہودیوں کو عداوت تھی ایک دن یہ اکیلے جا رہے تھے کہیں
انکو گھیر لیا دیر تک مقابلہ کرتے رہے بالآخر آپکا گھوڑا زخمی
اکتفا نہ کیا بلکہ پہاڑ پر چڑھ کر آپکو ستانے اور ایذا دینے میں
ایک ہاتھ نمودار ہوا اور عدنان کو کسی بلند تر چوٹی پر جا بٹھایا
عدنان
مذہب
اُدّ
عیّ
نقلب
ضحاک
عک
نعمان
ذئب
عدی
ابین
تبب
دیث
ارد
أبیّ
عدن
۵ ہیں سوئی۔ امام شافعیؒ کی صحبت میں رہے۔ حضرت امام شافعیؒ کو آپکے ساتھ بڑی خصوصیت تھی۔ آپ جسوقت بغداد سے مصر کو گئے ہیں تو امام احمد حنبلؒ کی ۵۲
ثور
رفیدہ
زید اللات
عدی
عوف
عامر
عوف
کعب
تیم اللہ
فہم
عمرو
زہیر
مالک
جد بنی اسد
اسد
شیع اللہ
جسر
قین
کعب
مالک
فرج
عقیل

(مواہب و روضۃ الاحباب) حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلویؒ نے رسالہ سرور المحزون میں حضور پر نور صلی اللہ علیہ وسلم کا نسب نامہ عدنان تک بیان فرمایا ہے یہاں تک علمائے محدثین کا اتفاق ہے لیکن اس سے اوپر کے سلسلہ میں آدم علیہ السلام تک مورخین کا بیحد اختلاف ہے۔ بعض متقدمین نے حضرت اسمٰعیل علیہ السلام تک صرف چار واسطے بیان کئے ہیں اور بعض نے چالیس اشخاص بیان کئے ہیں پھر حضرت اسمٰعیل علیہ السلام سے لیکر آدم علیہ السلام تک اختلاف عظیم ہے۔ خود حضور پر نور خیبب کریم صلی اللہ علیہ وسلم جب اپنا نسب نامہ بیان فرماتے تو

...نسبت فرمایا کہ بغداد میں امام احمد حنبلؒ سا متقی اور پرہیزگار سمجھ دار چھوڑ کر جاتا ہوں۔ آپکا حزم واحتیاط اور تقویٰ فقہا میں اور عام طور پر مشہور رہا ہے جو شخص آپ سے کوئی مسئلہ پوچھتا اگر وہ مسئلہ معاملے کا ہوتا تو آپ جواب دیتے اور اگر وہ مسئلہ حقائق سے ہوتا تو آپ اس سے فرماتے کہ بشر حافیؒ کے پاس جاؤ۔ حضرت امام احمد حنبلؒ نے فرمایا کہ میں نے خدا تعالےٰ سے درخواست کی کہ مجھ پر ایک دروازہ خوف کا کھولدے جب مجھ میں ایسا خوف سمایا کہ مجھے اس بات کا خوف ہے کہ ایسا نہو میری عقل زائل ہو جاوے اور میں دیوانہ ہو جاؤں۔ اور آپ نے فرمایا کہ میں نے خدا سے دعا کی کہ الٰہی مجھے تیرا قرب کونسی وجہ سے افضل ہوگا فرمایا کہ میرے کلام یعنی قرآن مجید کی تلاوت سے کہتے ہیں لوگوں نے آپ سے پوچھا کہ اخلاص کیا ہے آپ نے فرمایا کہ اعمال کی آفتوں سے چھوٹ جانا

ذکر امام احمد حنبلؒ

اُدَدْ

تو عدنان پر توقف فرماتے اور ارشاد فرماتے کَذَبَ النَّسَّابُوْنَ مَافَوْقَ الْعَدْنَانْ یعنی عدنان سے اوپر بیان کرنیوالے جھوٹے ہیں حضرت عمرؓ فرماتے ہیں کہ میں نے اپنا شجرہ نسب معد تک یاد کیا ہے انسے پہلے لوگوں کا حال ہمکو معلوم نہیں حضرت عروہ بن زبیرؓ فرماتے ہیں کہ ہمکو کوئی ایسا شخص نہیں ملا جو معد بن عدنان سے اوپر کے سلسلے میں واقفیت رکھتا ہو۔ جبکہ خود نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد فیض بنیاد اسطرح پر ہے تو حضورؐ اور حضورؐ کے زمانے سے زیادہ اب کون تحقیقات کرسکتا ہے اور وہ کیونکر قابل اعتبار ہوسکتی ہے لیکن یہ ضروری ہے کہ عدنان اور حضرت اسمٰعیل علیہ السلام کے درمیان میں جو اسماء ہیں وہ مورخین لکھتے چلے آئے ہیں صحت اور تعین سے کلام ساکت ہے جسکی وجہہ مذکور ہوئی۔ البتہ تمام اہل سیر اور جملہ مورخین اسپر متفق ہیں کہ حضرت اسمٰعیل علیہ السلام اور حضرت نوح علیہ السلام اور حضرت ادریس علیہ السلام اور حضرت شیث علیہ السلام رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کے اجداد میں سے ہیں۔ اسوجہہ سے ہم اُدد سے قیدار تک درمیانی اشخاص کا تذکرہ غیر ضروری خیال کرکے حضرت اسمٰعیل علیہ السلام کا حال درج کرتے ہیں جنکا اسم گرامی صفحہ ٦٨ پر آئیگا۔

٥٣ ذکر امام احمد بن حنبلؒ

پوچھا کہ توکل کیا ہے آپنے فرمایا کہ خدا تعالےٰ پر مضبوط بھروسا کرنا۔ پوچھا کہ رضا کیا ہے آپنے فرمایا کہ اپنے جملہ کاروبار خدا تعالےٰ کو سونپنا۔ پوچھا کہ محبت کیا ہے آپنے فرمایا کہ یہ بشر حافیؒ سے پوچھنا چاہیئے کیونکہ جب تک وہ زندہ ہیں میں اسکا جواب نہ دونگا۔ پوچھا کہ زہد کیا ہے آپنے فرمایا کہ زہد تین قسم کا ہے ایک تو ترک حرام اور یہ زُہد عوام ہے دوسرے ترک افزونی از حلال یعنی حلال میں بھی حرص زیادتی کی نکرنا اور یہ زہد خواص ہے اور تیسرے اُس چیز کا ترک کرنا کہ جو چیز حق تعالیٰ کی طرف سے غافل بنادے اور یہ زہد عارفوں کا ہے۔ لوگوں نے کہا کہ حضرت آپ ان صوفیوں کے بارے میں جو مسجد میں توکل کر بیٹھے ہیں اور بے علم ہیں کیا فرماتے ہیں آپنے فرمایا تم غلطی کرتے ہو وہ بے علم نہیں ہیں انکو علم ہی نے بٹھایا ہے لوگوں نے کہا کہ حضرت اُن صوفیوں کی ہمت روٹی کے ٹکڑے پر مصروف ہے آپنے فرمایا کہ میں نہیں جانتا روئے زمین پر کسی قوم کو کہ ان صوفیوں سے بھی زیادہ ہمت والی ہو کہ روٹی کے ٹکڑے کی بھی آرزو نہ رکھتی ہو۔ جب آپکی وفات کا وقت نزدیک ہوا تو آپکے جسم مبارک پر واقعہ ضرب کی وجہہ سے جو زخم موجود تھے اُنکی سخت تکلیف ہوئی آپ اُس حالت میں صبر وتحمل کی بنا پر ہاتھ سے اشارہ فرماتے تھے اور زبان بالکل خاموش تھی آپکے صاحبزادے نے دریافت کیا کہ حضرت آپکی کیا حالت ہے فرمایا کہ وقت بڑا نازک ہے جواب کا وقت نہیں دعا سے مدد کرتے رہو کیونکہ حاضرین مجلس دائیں بائیں کھڑے ہیں اُنمیں ابلیس بھی ہے جو سامنے کھڑا ہے اور اپنے سر پر خاک ڈال رہا ہے اور کہتا ہے کہ اے احمدؒ تو اپنی جان میرے ہاتھ سے سلامت لیگیا اور میں یہ کہہ رہا ہوں کہ ابھی نہیں کیونکہ ایکدم باقی ہے جائے خطر ہے نہ جائے امن یہ کہتے ہی کہتے آپنے جان بحق تسلیم کی باختلاف روایات روز جمعہ ۷ یا ۱۳ ماہ ربیع الاول یا ربیع الثانی سنہ ۲۴۱ھ کو اور بغداد کے باب حرب میں دفن کئے گئے جب آپکا جنازہ لیچلے تو پرندے آتے تھے اور اپنے آپ کو آپکے جنازے پر ٹپکتے تھے یہ حالت دیکھکر دو ہزار یہودی اور آتش پرست اور ترسا مسلمان ہو گئے اور زنار توڑ ڈالے اور باواز بلند کلمہ لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ پڑھا کیونکہ حق تعالےٰ نے اُس روز چار قوموں کو رنج والم نصیب کیا تھا ایک مسلمان دوسرے پرندے تیسرے یہودی چوتھے ترسا (ابن خلکان و انوار الاذکیا)

—— ٥(٥ ❀ ٥)٥ ——

حضرت اسمٰعیل علیہ السلام حضرت ابراہیم علیہ السلام کے خلف اکبر ہیں مراجعت مصر کے بعد دسویں برس حضرت سارہ رضی نے ابراہیم علیہ السلام کو ہاجرہ رضی سے
نکاح کرنیکی اجازت دی (ہاجرہ رضی) کی نسبت جو عام لوگوں کا خیال ہے کہ وہ لونڈی تھیں محض غلط ہے زبان عبرانی میں انکا نام
(ہاغار) ہے رقیون بادشاہ مصر کی بیٹی تھیں اور رقیون شہر بابل کا رہنیوالا تھا جو افلاس اور تنگدستی کی وجہہ سے بابل

ہمیسع

چھوڑ کر مصر چلا آیا تھا سب سے پہلے جسکا لقب فرعون ہوا وہ یہی شخص ہے اسی کے عہد حکومت میں ابراہیم فلسطین سے
بوجہہ قحط سالی کے آئے اور یہ رفتہ رفتہ ارکان سلطنت میں اپنی حکمت عملی اور دانشمندی سے داخل ہو کر رفتہ رفتہ مصر کا
بادشاہ بن بیٹھا تھا۔ حضرت سارہ رضی انکی پہلی بی بی نے اس امید پر اجازت دی کہ شاید اللہ جل شانہ انہیں سے کوئی لڑکا مرحمت فرمائے کیونکہ سارہ رضی اپنی
زیادہ عمر ہونے سے اولاد کی طرف سے ناامید ہو چکیں تھیں جب ابراہیم علیہ السلام نے ہاجرہ سے عقد کیا تو آپکی چھیاسی برس کی عمر تھی (۸۶) مؤتفکات ہبوط
آدم علیہ السلام سے ۳۴۱۸ شنہ میں بطن ہاجرہ سے حضرت اسمٰعیل علیہ السلام پیدا ہوئے۔ سارہ رضی کو بعد اسکے غیرت نے اس بات پر مجبور کیا کہ انہوں نے ہاجرہ رضی کے
نکالنے کا ابراہیم علیہ السلام پر دباؤ ڈالا۔ ابراہیم علیہ السلام کو سخت تردد کا سامنا ہوا اللہ جل شانہ نے تسلی دی اور ارشاد کیا کہ سارہ رضی کی اس بارے میں اطاعت
کرو پس ابراہیم سارہ رضی کے کہنے سے ہاجرہ رضی اور اسمٰعیل کو ایک خچر پر سوار کر کے کچھ تھوڑا سا زاد راہ لیکر روانہ ہوئے اور جناب باری کے حکم سے سرزمین
مکہ معظمہ مقام زمزم میں ٹھہرا کر واپس ہوئے مراجعت کرنے پر ہاجرہ رضی نے گھبرا کر ابراہیم علیہ السلام سے کہا مَنْ اَمَرَكَ اَنْ تَتْرُكَنَا بِاَرْضٍ
لَیْسَ فِیْهَا زَرْعٌ وَّلَا مَاءٌ (کس نے تمکو یہ حکم دیا ہے کہ تم ہمکو ایسی زمین میں چھوڑ جاؤ جہاں کوئی درخت ہے اور نہ پانی ہے) ابراہیم نے کہا اَمَرَنِیْ رَبِّیْ
(میرے خدا نے یہ حکم دیا ہے) ہاجرہ رضی نے جواب دیا فَاِنَّهٗ لَنْ یُّضِیْعَنَا (وہ بیشک ہمکو ضایع نکریگا) اور خاموش ہو کر بیٹھ گئیں ابراہیم نے بوقت مراجعت
تقاضائے بشریت یا الفت پدری سے مضطربانہ یہ دعا کی رَبَّنَا اِنِّیْ اَسْکَنْتُ مِنْ ذُرِّیَّتِیْ بِوَادٍ غَیْرِ ذِیْ زَرْعٍ عِنْدَ بَیْتِكَ الْمُحَرَّمِ رَبَّنَا
ذکر اسمٰعیل
لِیُقِیْمُوا الصَّلٰوةَ فَاجْعَلْ اَفْئِدَةً مِّنَ النَّاسِ تَهْوِیْ اِلَیْهِمْ وَارْزُقْهُمْ مِّنَ الثَّمَرَاتِ لَعَلَّهُمْ یَشْکُرُوْنَ (اے رب میں نے
اپنی ایک اولاد بسائی ہے ایسے میدان میں جہاں کھیتی نہیں ہے تیرے محترم گھر کے پاس اے رب ہمارے تاکہ قائم رکھیں نماز کو پس لوگوں کے دلوں کو انکی طرف
مائل رکھ اور انکو روزی دے میووں سے شاید کہ وہ شکر کریں) اللہ جل شانہ نے آپکی یہ دعا قبول فرمائی۔ ابراہیم علیہ السلام کے چلے جانیکے بعد بی بی ہاجرہ
اور اسمٰعیل دونوں ماں بیٹے تنہا رہ گئے ایک شب و روز میں یا اسی دن وہ پانی ختم ہو گیا جسکو روانگی کے وقت جناب ابراہیم اپنے ہمراہ لائے تھے اور اسمٰعیل کو غلبہ
تشنگی نے بیتاب کیا ہاجرہ رضی بیتاب پریشان کبھی تو پانی کی تلاش میں کوہ صفا پر چڑھ جاتی تھیں جب پانی کا کچھ نشان نہ ملتا تھا تو اسی پریشانی کی
حالت میں مروہ کی چوٹی پر پہونچ جاتی تھیں تا آنکہ سات مرتبہ صفا سے مروہ اور مروہ سے صفا کی چوٹیوں پر آئیں گئیں۔ آٹھواں بار شروع ہونے نہ پایا تھا کہ
اپنے پیارے شیر خوار بچے کے رونے کی آواز سنکر دوڑ آئیں اسمٰعیل اسوقت رو رہے تھے اور زمین پر پاؤں رگڑ رہے تھے جس سے بعنایت الٰہی چشمہ زمزم ابل پڑا
سدی سے روایت کیجاتی ہے کہ اسمٰعیل کو ہاجرہ رضی مقام حجر میں چھوڑ گئی تھیں اور انکے لئے ایک عریش بنا دیا تھا اور جبرئیل نے آکر ہاجرہ رضی کے بعد چشمہ
کھولدیا تھا۔ اور انہوں نے ہی جاکر ہاجرہ رضی کو اس سے آگاہ کیا اور یہ بتلایا کہ اسی چشمہ سے اللہ کے مہمان سیراب ہونگے اور تھوڑے دنوں بعد اس لڑکے کا باپ
آئیگا اور دونوں ملکر اللہ تعالےٰ کا گھر بنائینگے پھر جرہم کا ایک گروہ یا انکے اہل بیت اسطرف سے گذرے نشیبی مکہ میں قیام کیا چڑیوں کو اڑتے ہوئے دیکھکر یہ
تعجب سے کہنے لگے اس وادی میں تو پانی نہیں ہے چڑیاں کیوں اڑ رہی ہیں چند لوگ اس جستجو میں نکلکر چلے اور مقام حجر میں پہونچکر ایک عورت اور ایک بچہ اور
چشمہ کو دیکھا اور وہیں ان سب نے قیام کیا اسوقت آپکی عمر دو سال کی تھی۔ الغرض ہاجرہ نے دوڑ کر اسمٰعیل کو جب کیا اور اس ابلتے ہوئے پانی کی چاروں
طرف مٹی کی ایک مینڈھ سی باندھ دی۔ آنحضرت صلعم اکثر بروقت تذکرہ فرماتے تھے یَرْحَمُهَا اللّٰهُ لَوْ تَرَكَتْهَا لَكَانَتْ عَیْنًا سَائِحَةً (اللہ ہاجرہ رضی

پر رحم کرے۔ اگر وہ اس چشمے کو بحالہ چھوڑ دیتیں تو وہ ایک چشمہ جاری ہو جاتا) اور پانی کے روکتے میں فرماتی جاتی تھیں زم زم جسکے معنی ٹھہرنے کے ہیں اسیواسطے
چاہ زمزم کے نام سے یہ کنواں مشہور ہو گیا جس سے زائرین و حجاج ابتک سیراب ہوتے ہیں۔ پھر بنی جرہم بڑی آسائش کی زندگانی
حضرت ہاجرہ کی اجازت سے یہاں بسر کرنے لگے اور یہ گروہ انکی رفع تنہائی کا باعث ہوا۔ اسمٰعیل ع نے اسی گروہ میں

سلامان

پرورش پائی جوان ہوئے اور زبان عربی سیکھی بنی جرہم نے اپنے خاندان میں سے ایک عورت کے ساتھ آپکا عقد کر دیا بعض روایات
سے ثابت ہے کہ اسمٰعیل کی والدہ ہاجرہ کا انکی پندرہ برس کی عمر میں انتقال ہو گیا اور یہ دل برداشتہ ہو کر وہاں سے شام
کو چلے جانے پر تیار ہو گئے تھے جس پر بنی جرہم نے آپس میں صلاح مشورہ کر کے انکو اس ارادے سے روکا اور عمارہ بنت سعید بن سامہ بن اکیل سے آپکا نکاح کر دیا
جیساکہ مذکور ہوا اور آپ مکہ مکرمہ بدستور مقیم رہے۔ حضرت ابراہیم جیسے پہلے آتے رہتے تھے بی بی سارہ سے اجازت لیکر مکہ مکرمہ آئے تو بیوقت حضرت
ہاجرہ رض کا انتقال ہو چکا تھا اور اسمٰعیل ع شکار میں مصروف تھے۔ صرف آپکی بی بی گھر میں موجود تھیں۔ ابراہیم نے عمارہ سے بھی چند باتیں دریافت فرمائیں کہ تم
کون ہو اسمٰعیل ع کہاں گیا؟ ہاجرہ کا کب انتقال ہوا؟ عمارہ نے کچھ ایسی ترشروئی سے جواب دیا کہ ابراہیم انکی کج خلقی سے پریشان ہو گئے اور روانگی کیوقت
کہہ گئے۔ اسمٰعیل ع آئیں تو کہدینا کہ اپنے گھر کا دروازہ تبدیل کر دو۔ ابراہیم کے چلے جانیکے بعد جسوقت اسمٰعیل شکارگاہ سے واپس آئے اور عمارہ
نے کل واقعات بیان کئے اور یہ ظاہر کیا کہ اس پیر مرد نے یہ کہا ہے کہ "تم اپنے گھر کا دروازہ بدل دو" اسمٰعیل ع نے عمارہ سے کہا وہ میرے باپ تھے وہ مجھکو
ہدایت کر گئے ہیں کہ میں تمکو طلاق دیدوں اسوجہ سے اب میں تمسے علیحدگی اختیار کرتا ہوں۔ عمارہ کے طلاق کے بعد اسمٰعیل ع نے سیدہ بنت مضاض

راسمٰعیل

بن عمرو جرہمی سے عقد کیا۔ ایک عرصہ کے بعد پھر ابراہیم تیسری بار سارہ سے اجازت لیکر اسمٰعیل کے دیکھنے کو آئے اسمٰعیل اتفاق سے اس دن بھی موجود نہ
تھے۔ سیدہ بنت مضاض نے بہت خوشی سے استقبال کیا پانی گرم کر کے وضو کرایا دودھ گوشت جو کچھ اسوقت موجود تھا بطیب خاطر پیش کیا اور
معذرت کی یہاں گیہوں وغیرہ نہیں پیدا ہوتے ہملوگ بھی دودھ اور خرما اور شکاری گوشت کھا کر گذران کرتے ہیں۔ ابراہیم بہت خوش ہوئے اور
دعائے برکت کی۔ سیدہ نے ہر چند روکا لیکن وہ کب رک سکتے تھے بی بی سارہ کی ٹھہرنے کی تو اجازت ہی نہ تھی خواہ مخواہ سیدہ سے رخصت ہو کر شام کی طرف روانہ
ہوئے اور وقت روانگی فرما گئے کہ جب تمہارا شوہر آوے تو میرا سلام کہنا اور یہ کہدینا کہ اب تمہارے مکان کا دروازہ اچھا ہے میں نے پسند کیا اب اس کو
کبھی تبدیل نہ کرنا۔ اسمٰعیل ع جسوقت شکار کھیلکر واپس آئے سیدہ نے کمال تعظیم سے ابراہیم کا نام بتلایا اور کل ماجرا لفظ بلفظ کہہ سنایا اسمٰعیل ع نے سنکر فرمایا
کہ وہ میرے باپ تھے مجھکو ہدایت کر گئے ہیں کہ میں تمکو کبھی جدا نکروں۔

واقعہ قربانی

سرزمین عرب میں مکہ مکرمہ کی آبادی آپکی خصوصیات میں سے ہے اور آپکے واقعات میں سے قربانی کا واقعہ عجیب درد انگیز ہے آپ سن شعور کے قریب تھے
یا بقول بعض ابھی دس سال کی عمر تھی بہر حال جب آپ سمجھدار اور چلنے پھرنے کے قابل ہو گئے تو حضرت ابراہیم علیہ السلام کو بذریعہ خواب جو کہ در حقیقت
وحی تھی لڑکے کے ذبح کرنیکا حکم ہوا اور حضرت ابراہیم کو پورے طور سے یقین ہو گیا کہ یہ حکم الٰہی ہے وسوسہ شیطانی نہیں تو آپنے حضرت اسمٰعیل ع سے کہا
کہ رسی اور تبر لیکر ہمارے ساتھ اس پہاڑی کی طرف آؤ تاکہ لکڑیاں کاٹ لائیں اسمٰعیل ع یہ سنتے ہی رسی اور تبر لیکر ابراہیم کے پیچھے پیچھے چلے شیطان کو یہ فکر
دامنگیر ہوئی کہ کسی طرح ان میں سے کسی کو اس راہ سے پھیر دینا چاہیئے اور اس خیال سے پہلے اسمٰعیل ع کے پاس ایک بوڑھے آدمی کی شکل میں متمثل
ہو کر آیا اور کہنے لگا۔ تم جانتے ہو کہ تمکو تمہارا باپ کہاں اور کسلیئے لئے جا رہا ہے اسمٰعیل ع نے فرمایا ہاں اس پہاڑی پر لکڑی کے لئے ہمکو لئے
جا رہے ہیں شیطان افسوس اور حسرت آمیز نگاہوں سے دیکھکر بولا۔ واللہ تم بھی کسقدر بھولے ہو ارے صاحبزادے یہ تمکو ذبح کرنیکو لئے جاتے ہیں
اسمٰعیل ع نے دریافت کیا وہ مجھکو کیوں ذبح کرنیکو لئے جاتے ہیں۔ حالانکہ مجھپر انسے زیادہ کوئی اور شفیق ہو نہیں سکتا شیطان نے کہا ابراہیم کو یہ خیال
پیدا ہو گیا ہے کہ اللہ تعالےٰ نے اسکا حکم صادر فرمایا ہے۔ اسمٰعیل ع نے کمال بے اعتنائی سے فرمایا اگر ایسا ہی امر ہے تو مجھکو بسر و چشم منظور ہے

شیطان یہ سنکر خاموش ہوگیا پھر اسکو اسمٰعیل سے باتکرنیکی جرأت نہوئی۔ بعدہٗ ابراہیمؑ کے پاس آکر کہنے لگا کیوں بڑے صاحب آپکے کس خیال میں ہو بھلا خدا کو کیا غرض ہے کہ وہ لڑکے کے ذبح کرنیکو کہے تم اس خیال کو چھوڑ دو اور ناحق اس لڑکے کی جان لو۔ ابراہیمؑ نے فرمایا ملعون تو مجکو بہکانے آیا ہے چل دور ہو۔ یہ باتیں کسی دان کو سمجھانا شیطان تو یہ باتیں سنکر ناکام یہاں سے واپس ہوا اور

نابتؔ

ابراہیم نے کچھ دور آگے چلکر اسمٰعیل سے کہا یَا بُنَیَّ اِنِّیْ اَرٰی فِی الْمَنَامِ اَنِّیْ اَذْبَحُكَ فَانْظُرْ مَاذَا تَرٰی (اے میرے بیٹے میں نے خواب میں دیکھا ہے کہ میں تجھکو خدا کی راہ میں ذبح کر رہا ہوں پس تمہاری کیا رائے ہے) اسمٰعیل بھی چونکہ خلعت نبوت سے سرفراز ہونیوالے تھے بے تامل بول اٹھے یَا اَبَتِ افْعَلْ مَا تُؤْمَرُ سَتَجِدُنِیْ اِنْ شَاءَ اللّٰهُ مِنَ الصَّابِرِیْنَ (اے باپ جسپر تم مامور کئے گئے ہو وہ کرو مجھ کو انشاءاللہ تعالیٰ صابر پاؤ گے) دونوں باپ بیٹے یہی باتیں آپس میں کرتے ہوئے جسوقت منا میں پاس مقام پر جہاں اب قربانیاں کیجاتی ہیں پہونچے اور ابراہیمؑ چھری لیکر ذبح کرنے پر مستعد ہوئے تو اسمٰعیلؑ نے گذارش کیا مناسب یہ ہے کہ آپ میرے چہرے کو زمین کی طرف کر دیجئے اور اپنی آنکھوں پر پٹی باندھ لیجئے دامن کو سمیٹ لیجئے ہاتھ پاؤں کو میرے رسی سے باندھ دیجئے کہیں ایسا نہو کہ آپکی نظر ذبح کے وقت میرے چہرے پر پڑے اور آپکو محبت آ جاوے۔ اور یہ باعث کمی ثواب یا حکم رب کی تعمیل میں تاخیر کا ہو۔ ابراہیمؑ یہ سنکر بہت خوش ہوئے اور نِعْمَ الْعَوْنُ اَنْتَ یَا بُنَیَّ عَلٰی اَمْرِ اللّٰهِ (اے میرے بیٹے تو بہت ہی اچھا معین ہے خدا کی تعمیل ارشاد میں) پھر ایسا ہی کیا جیسا کہ اسمٰعیلؑ نے عرض کیا تھا جسوقت یہ دونوں خدا کے برگزیدہ بندے اپنے سچے خدا کے حکم بجالانے پر مستعد ہوئے اور ابراہیمؑ نے اسمٰعیلؑ کو زمین پر لٹا کر چھری کو گلے پر پھیرا اُسیوقت بحکم باری جبرئیلؑ نے چھری کو الٹ دیا اور جناب باری سے ندا آئی کہ تمنے جو کچھ خواب میں دیکھا تھا اُسکی پوری پوری تعمیل کی یہ ذبیحہ (دُنبہ) تمہارے لڑکے کا فدیہ ہے اسکو بجائے اپنے لڑکے کے ذبح کرو تم دونوں اپنے اپنے امتحان میں کامیاب ہوئے بروایت عبداللہ بن عباسؓ یہ دنبہ اس واقعہ سے چالیس برس پہلے جنت میں چر رہا تھا۔ واللہ اعلم بحقیقۃ الحال یہی سنت ابراہیمی قربانی کی اصل وجہ ہے

اسی طرح جب حضرت ابراہیمؑ کو خانہ کعبہ بنانیکا حکم ہوا اور آپ شام سے جبرئیلؑ کے ہمراہ مکہ مکرمہ آئے تو اسمٰعیلؑ اپنے والد بزرگوار کے ساتھ تیاری بیت اللہ میں مصروف ہوئے تو ابراہیمؑ جوڑائی کا کام کرتے تھے اور اسمٰعیلؑ گارہ اور پتھر اٹھا اٹھا کر دیتے تھے یہ دونوں بزرگ بناتے وقت اپنے رب سے یہ دعا کرتے جاتے تھے رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا اِنَّكَ اَنْتَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ (اے ہمارے رب یہ کام ہمارا قبول کر بیشک تو سمیع و علیم ہے) جسوقت دیوار کسی قدر بلند ہوئی اور ابراہیمؑ جوڑائی سے مجبور ہوگئے تو ایک پتھر پر کھڑے ہوکر کام کرنے لگے یہ وہی مقام ہے جسکو اب مقام ابراہیم کہتے ہیں۔ خانہ کعبہ تیاری کے قریب تھا کہ ابراہیمؑ نے اسمٰعیلؑ سے کہا کہ کسی اچھے پتھر کا ٹکڑا لاؤ تاکہ مقام رکن پر رکھدوں جس سے لوگوں کو امتیاز باقی رہے علماء کہتے ہیں کہ بوقبیس نے آواز دی تھی کہ میرے پاس تمہاری امانت رکھی ہے یہ لو اور بعض یہ کہتے ہیں کہ جبرئیلؑ نے حجر اسود کا پتہ بتلایا تھا غرض جو کچھ ہوا اسمٰعیلؑ اس پتھر کو اٹھا لائے اور ابراہیمؑ نے اُسکو اٹھا کر مقام رکن پر رکھدیا یہی حجر اسود ہے جسکا طواف کیوقت بوسہ لیا جاتا ہے۔ بیت اللہ کے بننے کے بعد ابراہیمؑ حسب حکم باری تعالیٰ مکہ مکرمہ کے نورانی پہاڑ کے بلند چوٹی پر چڑھ گئے اور بآواز بلند فرمایا یَا اَیُّهَا النَّاسُ اِنَّ اللّٰهَ قَدْ بَنٰی لَكُمْ بَیْتًا وَدَعَاكُمْ اِلَی الْحَجِّ فَاَجِیْبُوْهُ (اے لوگو بیشک اللہ نے تمہارے لئے گھر بنا دیا ہے اور تمکو اسکے حج و زیارت کو بلایا ہے پس تم لوگ آؤ) اسکے بعد یہ دونوں بزرگ مع ان لوگوں کے جو آپ پر ایمان لاچکے تھے مقام منا و عرفات کی طرف گئے قربانی کی۔ خانہ کعبہ کا طواف کیا بعد ازاں ابراہیمؑ شام کی طرف چلے گئے اور خانہ کعبہ کی زیارت و حج کو ہر سال تا حیات آتے رہے۔ گو کہ اصل بناء کعبہ حضرت آدم علیہ السلام کے وقت سے ہے لیکن اس مقدس بیت اللہ

واقعہ قربانی

بناء کعبہ

کی متعدد واقعات میں تعمیر ہوئی ہے چنانچہ علامہ ازرقی فاضل بن اسحٰق سے روایت کرتا ہے کہ ابراہیم علیہ السلام نے خانہ کعبہ کو ۹ گز بلند بنایا تھا جانب مشرق دروازہ حجر اسود رکن شامی تک اسکا طول تیئیس ۳۲ گز کا تھا اور عرض میزاب کی طرف سے رکن شامی سے رکن غربی تک جسکو اب رکن عراقی کہتے ہیں بائیس ۲۲ گز کا تھا جانب پشت اسکا طول رکن غربی سے رکن یمانی تک اکتیس گز اور عرضاً رکن یمانی سے حجر اسود تک

حمل

بیس گز تھا دروازہ اسکا بالکل زمین سے ملا ہوا تھا کواڑ اور بازو نہیں لگائے گئے تھے اس مقدس مکان کے اندر جاتے ہوئے دائیں جانب ایک کنواں بنا دیا تھا اس غرض سے کہ بیت اللہ کے تحائف جو اطراف و جوانب سے آئیں اسمیں رکھے جائیں اس پیمائش کے مطابق جسکا اوپر ذکر کیا گیا ہم خانہ کعبہ کا نقشہ اس مقام پر ثبت کئے دیتے ہیں جس سے اسکی قطع بخوبی سمجھ میں آجائیگی۔ دائیں طرف کا حصہ جو نقطوں سے گھرا ہوا ہے وہ ابراہیم کے وقت میں کعبہ میں داخل تھا لیکن قریش نے تعمیر کیوقت اسکو چھوڑ دیا تھا اور اندر کعبہ کے جو چھ نقطہ مستطیل ہیں وہ لکڑی کے ستون ہیں جنکو قریش نے قائم کئے تھے اور یہ اب نہیں ہیں اور جو تین نقطہ مدور ہیں وہ ستون عبداللہ بن زبیرؓ کے بنا ہوئے ہیں اور اب بھی موجود ہیں۔

بناء کعبہ

اسمٰعیلؑ کے انتقال کے بعد بنی جرہم اس خانہ خدا کے متولی ہوئے انکے زمانے میں ایک پہاڑی نالہ آیا اور کعبہ میں پانی چڑھ گیا کعبہ منہدم ہوگیا تب بنی جرہم نے اسی بنیاد پر کعبہ بنایا جیسا ابراہیمؑ نے تیار کیا تھا اسکے بعد جب عمالقہ نے بنی جرہم کو مغلوب کر دیا اور خانہ کعبہ کے مختار ہوگئے تو غالباً سیلاب ہی کی وجہہ سے پھر انہوں نے خانہ کعبہ بنایا۔ یہ عمالقہ۔ عمالقہ اولیٰ نہیں جیسا کہ بعض کا خیال ہے انکی طرف تعمیر کعبہ کی نسبت کرنی نہایت نادانی ہے اسوقت ابراہیم و اسمٰعیل علیہما السلام پیدا تک نہیں ہوئے تھے اسی وجہہ سے بعض مورخین نے غلطی سے لکھدیا ہے کہ بنی جرہم سے پہلے عمالیق نے خانہ کعبہ بنایا ہے حالانکہ یہ روایت بالکل بے اصل ہے اور یہ تعمیر غالباً سنہ عیسوی سے ایک صدی پیشتر واقع ہوئی تھی۔ پھر انکے بعد قصی بن کلاب نے کعبہ بنایا غالباً اس تعمیر کی وجہہ سیلاب ہی ہوگی۔ یہ تعمیر جیسا کہ قیاس کیا جاتا ہے دو سو برس قبل از ولادت آنحضرتؐ ہوئی ہے۔ کیونکہ قصی آنحضرتؐ کی چھٹی پشت میں ہوتے ہیں اور ستون کو قائم کرکے اسکو مسقف (چھت دار) بنایا تھا اسکے بعد قریش نے کعبہ کو تعمیر کیا۔ اسوقت آنحضرتؐ پیدا ہو چکے تھے اور پتھر ڈھونے میں شریک تھے لیکن انہوں نے کعبہ کو بہ نسبت سابق کے در چند مرتفع کیا اور چھ ذرع ایک بالشت کی کرسی بھی دیدی اور اسپر دروازہ قائم کیا تاکہ سیلاب کا پانی اندر نہ جانے پائے اور شاید لکڑی کی کمی کی وجہہ سے حجر اسود کی طرف چھ ذرع ایک بالشت زمین بھی چھوڑ دی اور اسطرف عرض میں ایک جدید بنیاد کھود کر دیوار چن لی پھر اسلام میں سب سے پہلے عبداللہ بن زبیرؓ نے اسکی تعمیر ویسی ہی کی جیسی ابراہیمؑ نے کی تھی لیکن انہوں نے ایک دروازہ جدید جانب غرب قائم کیا اور بلندی قریش کی بلندی سے بھی بڑھا دی یعنی ستائیس ۲۷ ذرعہ کر دی اور ستون چھت پاٹنے کے لئے بنائے۔ پھر انکے بعد حجاج بن یوسف نے کعبہ کو بنوایا جیسا کہ کتب تواریخ میں ان دونوں کے بنانے کے اسباب و واقعات مذکور ہیں حضرت اسمٰعیلؑ چونکہ مکہ مکرمہ میں سکونت پذیر تھے اسواسطے بنی جرہم جنمیں آپنے پرورش پائی تھی اور عمالقہ جو اطراف مکہ مکرمہ میں رہتے تھے اور

اہل یمن باری تعالیٰ نے ان اقوام کی طرف آپکو مبعوث کیا انمیں سے کچھ لوگ آپ پر ایمان لائے اور بعض بدستور کفر و الحاد کے راستے پر رہے۔ ابن اسحٰق کی روایت سے معلوم ہوتا ہے کہ حضرت اسمٰعیل کی عمر ۱۳۰ برس کی ہوئی اور اپنی والدہ ماجدہ کے پاس میزاب رحمت اور حجر اسود کے درمیان دفن کئے گئے (چنانچہ نشان مزار مکہ مکرمہ میں مذکورہ مقام پر ابتک موجود ہے) توریت میں انکی

وفات اسمٰعیل ۴

قیذار حضرت اسمٰعیلؑ کی اولاد میں اکثر امور میں ممتاز زمانہ تھے۔ ناسخ التواریخ میں لکھا ہے کہ حضرت اسحٰقؑ کے خاندان سے سو عورتوں سے انہوں نے نکاح کیا مگر اولاد کسی سے نہوئی اسوجہ سے نہایت رنجیدہ رہتے تھے ایک روز اُس مقام پر آئے جہاں حضرت اسمٰعیلؑ کی قربانی کا واقعہ ہوا تھا اور سات سو گوسفند قربانی کی اور دعا مانگی کہ الٰہی میری قربانی قبول فرما چنانچہ حسب دستور اُس زمانہ کے آسمان سے آگ آئی اور سب قربانی کو لیگئی۔ الہام ہوا کہ تمہاری قربانی مقبول ہے اُس خوشی میں ایک درخت کے نیچے سو رہے تھے کہ خواب میں انسے کسی نے کہا کہ نور محمدی سوائے عورات عرب میں سے اور کسی عورت سے ظاہر نہوگا غاضرہ جرہمیہ سے نکاح کرو تو یہ منشاء حاصل ہوسکتا ہے جب یہ بیدار ہوئے تو بنی جرہم میں فوراً پیام بھیجکر غاضرہ سے نکاح کیا اور ان سے حمل رہا یہ اشارۂ غیبی سے کنعان کیطرف روانہ ہوئے اور اپنی بی بی سے وصیت کی کہ جب وضع حمل کا وقت قریب ہو تو حجر اسمٰعیلؑ کے پاس جانا خداوند عالم فرزند عنایت کریگا اُسکا نام حمل رکھنا جب آپ کنعان میں حضرت یعقوبؑ کے پاس پہنچے تو آپنے بشارت دی کہ کل غاضرہ کے لڑکا پیدا ہوا ہے مجھکو الہام ہوا اور ملائکہ اُسکی زیارت کو جاتے ہوئے معلوم ہوئے قیذار اس خوشخبری کو سنکر دوسرے ہی روز وہاں سے واپس مکہ مکرمہ آئے تو حمل کو دیکھکر خوش ہوئے جب حمل سن رشد کو پہنچے تو قیذار نے انکو جبل ابو قبیس پر لیجا کر وصیت کی کہ نور محمدی کی ارحام طاہرہ میں حفاظت کرنا اسکے بعد حمل کو جبل ثبیر پر لیگئے یہاں ناگہاں ایک شخص ظاہر ہوا اور قیذار سے سلام کے بعد کہا کہ آپ سے مجھکو کچھ باتیں کرنی ہیں اور آپکے کان میں کچھ کہا اسطرح آپکی قبض روح ہوئی حمل نے اُس شخص سے کہا کہ میرے باپ کے ساتھ کیا کیا اور غضبناک ہوئے اُس شخص غیبی نے جواب دیا کہ اپنے باپ کو اچھی طرح دیکھو زندہ ہے یا مردہ حمل نے دیکھا تو اُسکا انتقال ہوچکا تھا پھر یہ سمجھ گئے کہ یہ ملک الموت تھے۔

(ناسخ)

اولاد اکثر اقوال سے بارہ ثابت ہے اس سے زیادہ میں مختلف اقوال ہیں۔ واللہ اعلم بحقیقۃ الحال۔
(ناسخ التواریخ و ابن خلدون)

ابوالانبیاء حضرت ابراہیم خلیل اللہ علیہ السلام آپکی ولادت سنہ ۳۳۲۳ ہبوط آدم علیہ السلام یکم ذالحجہ
کوہستان بابل قریہ کوثہ میں ہوئی۔ آپکی جائے ولادت کے بارہ میں مورخین کا اختلاف ہے۔ طبری کا قول ہے
کہ بعض کہتے ہیں ابراہیم اطراف کوسہ (سرزمین سواد) میں پیدا ہوئے اور یہی قول ابن اسحق کا ہے
حضرت ابراہیم علیہ السلام
کیسان
فروخ
اہیم
لوطان
نافس
یسیق
یقشان
مدین
بسر
شوخ
ملان
حیاق
مداین
زمران
یہ خط اسحق بن ابراہیم علیہ السلام سے
سبا
ذان
شور
لطوسیم
طوسم
ارمیم
جلجب
اللہم
مہدد
ام معد بن عدنان
عیق
یا عیا
افیداع
حنوخ
عضر
عنقا
الراعا
نویب
یا ثر
یہ خط حضرت شعیب سے
لو
زغر

کوئی یہ کہتا ہے کہ حران میں پیدا ہوئے تھے اور کسی کا یہ خیال ہے کہ بابل میں پیدا ہوئے لیکن زمانۂ ولادت کے بارہ میں علمائے سلف اسکے قائل ہیں کہ ابراہیمؑ نمرود بن کنعان بن کوش بن حام بن سام کے زمانے میں پیدا ہوئے اور کاہنوں نے خبر دی تھی کہ ایک ایسا شخص پیدا ہونے والا ہے جو دین شاہی کا مخالف ہوگا اور بتوں کو توڑ ڈالیگا نمرود نے یہ سنکر لڑکوں کے قتل کرنیکا اُس زمانے میں عام طور پر حکم دیدیا تھا آپکی والدہ کو اسوجہ سے بڑی پریشانی رہا کرتی تھی

بالآخر جب آپکی ولادت کا زمانہ قریب ہوا تو آپکی والدہ نے ایک غار میں جاکر پوشیدہ طور سے وضع حمل کیا اور اُسی غار میں پرورش پاتے رہے اور آپکی والدہ روزانہ وہاں جاکر دودھ پلایا کرتی تھیں اور آپکی ولادت کا حال آزر یا تارخ آپکے باپ سے پوشیدہ تھا اور بعض مورخین کا یہ خیال ہے کہ آزر کو آپکی ولادت کا حال معلوم تھا لیکن نمرود کے خوف سے پوشیدہ رکھا حضرت ابراہیمؑ ایک دن میں اسقدر بڑھتے تھے جسقدر اور لڑکے ایک مہینے میں نشوونما پاتے ہیں۔ تھوڑے دنوں میں آپ جوانی کے قریب پہونچ گئے اور اپنے باپ آزر کے ہمراہ شام کیوقت گڑھے سے نکلکر ویرانے سے مکان کو روانہ ہوئے راستے میں جو جانور ملتا تھا اُسکو آپ دریافت کرتے تھے اور آزر کہہ دیا کرتا تھا کہ یہ بکری ہے وہ اونٹ ہے اور یہ گائے ہے ابراہیمؑ یہ سنکر دل میں کہتے تھے کہ ان مخلوقات کا کوئی رب (پرورش کرنیوالا) ضرور ہے جب رات ہوئی اور آسمان کی طرف آپنے سر اُٹھاکر دیکھا تو ایک ستارہ نظر آیا آپ بیساختہ کہہ اُٹھے هٰذَا رَبِّیْ (یہ میرا رب ہے) جب وہ نظروں سے غائب ہوگیا تو آپ فرمانے لگے لَآ اُحِبُّ الْاٰفِلِیْنَ (میں چھپ جانے والوں کو دوست نہیں رکھتا) پھر تھوڑی دیر کے بعد جب ماہتاب کا نور نظر آیا اور اُسکو ستارہ سے زیادہ روشن پایا تو پھر بول اُٹھے هٰذَا رَبِّیْ جب وہ بھی غائب ہوگیا تو فرمانے لگے لَئِنْ لَّمْ یَهْدِنِیْ رَبِّیْ لَاَكُوْنَنَّ مِنَ الْقَوْمِ الضَّآلِّیْنَ (یعنی اگر مجھکو میرا رب ہدایت نکریگا تو بیشک میں بھی گمراہ قوموں میں شامل ہو جاؤنگا) غرضکہ یہ پہلی رات جو کہ حضرت ابراہیمؑ کو آبادی میں آئی تھی گزر گئی اور صبح کو آفتاب کی تیز روشنی نظر آئی تو آفتاب کو دیکھکر هٰذَا رَبِّیْ هٰذَآ اَكْبَرُ کہا جب شام ہوئی اور آفتاب بھی غروب ہوگیا تو آپکے ذہن مبارک میں یہ

ذکر ابراہیمؑ

یہ خط حضرت اسحٰقؑ سے ملیگا

خیال گزرا کہ جو متغیر ہے وہ ضرور ہے کہ حادث ہوگا اور جو حادث ہوگا وہ ہرگز قابل ربوبیت کے نہوگا علاوہ اسکے یہ سب چیزیں ظاہر و غایب ہوتی ہیں تو ضروری ہے کہ انکا ظاہر اور غایب کرنیوالا کوئی اور ہوگا اور وہی قابل پرستش اور لائق خدائی کے ہوگا اسی وجہ سے آپ نے اپنی قوم سے مخاطب ہوکر فرمایا یٰقَوْمِ اِنِّیْ بَرِیْٓءٌ مِّمَّا تُشْرِكُوْنَ (اے قوم میں بری ہوں اُن سے جنکو تم شریک کرتے ہو) اِنِّیْ وَجَّهْتُ وَجْهِیَ لِلَّذِیْ فَطَرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ حَنِیْفًا وَّمَآ اَنَا مِنَ الْمُشْرِكِیْنَ (میں نے ان سب کی طرف سے منہہ پھیر لیا اور اُسکی طرف رخ کیا جسنے کہ زمین و آسمان کو پیدا کیا ہے ایک طرف کا ہوکر اور میں اُن لوگوں میں نہیں ہوں جو کہ اُسکے ساتھ شریک کرتے ہیں ابراہیمؑ

یہ خط شعیبؑ سے ملیگا

کا ستارہ ماہتاب و آفتاب دیکھکر بار بار هٰذَا رَبِّیْ کہنا اور پھر اس سے گریز کرنا اسوجہ سے نہ تھا کہ آپ اپنے خالق پہچان کو نہ جانتے تھے یا کہ مشکوک حالت میں تھے جیسا کہ ہمارے اس دعوی کی شہادت کلام پاک کی یہ آیۂ کریمہ ہے وَلَقَدْ اٰتَیْنَآ اِبْرٰهِیْمَ رُشْدَهٗ مِنْ قَبْلُ وَكُنَّا بِهٖ عٰلِمِیْنَ (اور بیشک ہم نے ابراہیمؑ کو دیا علم و فہم اس سے پہلے کہ وہ بالغ ہوئے اور ہم اس بات کو جانتے تھے کہ وہ اسکا اہل ہے) ہاں یہ اعتراض ہوسکتا ہے کہ جب اُنکو علم و فہم پہلے سے دیدیا گیا تھا تو پھر کیا وجہ تھی کہ آپ ستارہ یا ماہتاب و آفتاب کو دیکھکر بار بار هٰذَا رَبِّیْ کہہ اُٹھتے تھے لیکن ساتویں پارہ کی اس آیۂ کریمہ پر غور کرنے سے یہ شبہہ پیدا نہیں ہوسکتا وَكَذٰلِكَ نُرِیْٓ اِبْرٰهِیْمَ مَلَكُوْتَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَلِیَكُوْنَ مِنَ الْمُوْقِنِیْنَ (اور اسیطرح ہم دکھانے لگے ابراہیمؑ کو سلطنت آسمانوں اور زمینوں

کی تاکہ اُسکو یقین ہوجائے کہ اللہ جل شانہ واحد و خالق ہے)۔ ابراہیمؑ نے مدتوں اپنے اس خیال کو کسی پر ظاہر نہ کیا اور برابر جب آزر بت بنا کر آپ کو فروخت کرنیکے لئے دیتا تھا آپ تامل بازار میں بتوں کو بیچنے کے واسطے لیجاتے تھے اور آواز بلند سے فرماتے تھے مَنْ یَّشْتَرِیْ مَا لَا یَضُرُّہٗ وَلَا یَنْفَعُہٗ (کون شخص ایسی چیز کو خرید کریگا جو کہ نہ نقصان پہونچا سکتی ہے اور نہ نفع) لوگ یہ سنکر متعجب ہوتے تھے اور اُنکے پاس نہ

جاتے تھے اور نہ ان بتوں کو خرید کرتے تھے جب شام ہوتی تو آپ نہر کی طرف جاتے اور بتوں کی گردنیں پکڑ پکڑ کے پانی میں ڈبوتے اور مذاقاً اِشْرَبِیْ اِشْرَبِیْ (پی لے پی لے) کہتے تھے رفتہ رفتہ لوگوں میں یہ باتیں مشہور ہو گئیں کچھ زمانہ تو اسمیں منقضی ہوا کہ لوگ ان باتوں کو انکے بھولپن اور لہو لعب پر محمول کرتے رہے لیکن جب خلعت نبوت سے سرفراز ہوئے اور علانیہ توحید اور اللہ کی عبادت اور اسکے سچے دین کی تعلیم و دعوت کرنے لگے اُسوقت لوگوں کے کان کھڑے ہوئے اور آپس میں اکثر مجلسوں میں انکے خلاف مشورہ کرنے لگے سب سے پہلے جسکو خدا کے سچے دین پر بلایا وہ آپکا باپ آزر تھا لیکن اُسکی قسمت میں دولتِ ایمان نہیں تھی اُس نے آپکے کہنے پر خیال نہ کیا اللہ جل شانہ نے ان سوالات و جوابات کو جو ابراہیمؑ اور انکی قوم میں ہوئے تھے سترھویں پارہ سورۂ انبیاء میں اسطرح بیان فرمایا ہے اِذْ قَالَ لِاَبِیْهِ وَقَوْمِهٖ مَا هٰذِهِ التَّمَاثِیْلُ الَّتِیْۤ اَنْتُمْ لَهَا عٰكِفُوْنَ (جسوقت ابراہیمؑ نے اپنے باپ آذر اور اپنی قوم یا نمرود بن کنعان اور اُسکے ساتھیوں سے کہا کہ یہ کیا صورتیں ہیں جنکی تم مجاورت کرتے ہو) قَالُوْا وَجَدْنَاۤ اٰبَآءَنَا لَهَا عٰبِدِیْنَ (اُن لوگوں سے ابراہیمؑ کا وہ اعتراض تو اُٹھ نہ سکا بوکھلا کر کہنے لگے کہ ہم نے اپنے باپ دادوں کو انہیں کو پوجتے پایا ہے اسی وجہ سے ہم بھی تقلیداً انکو پوجتے ہیں) قَالَ لَقَدْ كُنْتُمْ اَنْتُمْ وَاٰبَآؤُكُمْ فِیْ ضَلٰلٍ مُّبِیْنٍ (ابراہیمؑ یہ انکا لاطائل جواب سنکر بولے کہ جب تم لوگ ان بتوں کو تقلیداً پوجتے ہو تو بیشک

[دعواۓ اسلام]

[یہ خط حضرت اسحٰقؑ سے ملیگا]

تم اور تمہارے آبا و اجداد کھلم کھلا گمراہی میں تھے) قَالُوْۤا اَجِئْتَنَا بِالْحَقِّ اَمْ اَنْتَ مِنَ اللّٰعِبِیْنَ (اُن بت پرستوں کو ابراہیمؑ کے اس کہنے سے کہ تم اور تمہارے آبا و اجداد کھلم کھلا گمراہی میں تھے۔ یہ شبہہ پیدا ہوا کہ شاید مذاقیہ نہ کہتے ہوں چنانچہ اس خطرہ کو اُن لوگوں نے ظاہر کر دیا اور گھبرا کر کہنے لگے کہ تم ہمارے پاس یہ سچی بات لیکر آئے ہو یا کہ مذاقاً کہہ رہے ہو) قَالَ بَلْ رَّبُّكُمْ رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ الَّذِیْ فَطَرَهُنَّ وَاَنَا عَلٰی ذٰلِكُمْ مِّنَ الشّٰهِدِیْنَ (ابراہیمؑ چونکہ تعلیم و ہدایت کے لئے آئے تھے اسوجہ سے اُن لوگوں کے اس خیال کو کہ آپ نے مذاقاً نہیں کہا اسطرح رفع فرمایا کہ جنکی تم پرستش کرتے ہو وہ خدا نہیں ہیں بلکہ تمہارا رب وہی ہے جسنے آسمانوں اور زمین کو بنایا ہے

[یہ خط حضرت شعیبؑ سے ملیگا]

اور میں اسی بات کا قائل ہوں) اس تقریر کے بعد ظاہراً وہ لوگ خاموش تو ضرور ہو گئے لیکن اِدھر ان لوگوں کو یہ فکر ہوئی کہ ابراہیم علیہ السلام کو اپنے خداؤں (بتوں) کی عظمت دکھلانی چاہیئے تاکہ اُسکے خیالات اور خطرات رفع ہو جائیں اور اُدھر ابراہیمؑ کو یہ خیال پیدا ہو رہا تھا کہ ان بتوں کی بیکسی اور بے بسی ان اندھوں پر ثابت کر دینی چاہیئے تاکہ یہ خدا کو بھولے ہوئے گمراہ اپنے بیہودہ خیال سے باز آئیں چنانچہ جب ان لوگوں کے عید کا دن آیا تو یہ لوگ ابراہیمؑ کے پاس گئے اور کہنے لگے کہ ابراہیمؑ تم ہمارے خداؤں (بتوں) کو بُرا اور ذلیل کہا کرتے ہو چلو آج ہم تمکو اپنے خداؤں (بتوں) کا جاہ و جلال دکھلائیں ابراہیمؑ نے ان لوگوں کو اِنِّیْ سَقِیْمٌ (میں بیمار ہوں) کہہ کر ٹال دیا اور جب یہ لوگ ابراہیمؑ کے پاس سے ناامید ہو کر جا رہے تھے جناب ممدوح نے دبی زبان سے فرمایا وَتَاللّٰهِ لَاَكِیْدَنَّ اَصْنَامَكُمْ بَعْدَ اَنْ تُوَلُّوْا

مُّدْبِرِيْنَ (اور اللہ کی قسم ہے کہ میں تمہارے بتوں کا علاج کرونگا جبکہ تم پیٹھ پھیر کر جا چکو گے) ان کلمات کو دو ایک آدمیوں نے اُنمیں سے سن لیا تھا ابراہیمؑ ان لوگوں کے چلے جانیکے بعد بتخانہ میں گئے بہت بڑی زینت اور آرائش نظر آئی ایک بڑا بت ایک مکلف تخت پر رکھا ہوا تھا اور اُسکے چاروں طرف چھوٹے چھوٹے بُت مناسب طریقے سے رکھے ہوئے تھے اور سبھوں کے سامنے عمدہ عمدہ کھانے چُنے ہوئے تھے پہلے تو آپنے اُن بتوں

سے تعریضاً فرمایا اَلَا تَاْكُلُوْنَ (تم لوگ کیوں نہیں کھاتے ہو) جب اسکا جواب کچھ نہ ملا تو پھر دوبارہ آپنے کہا مَا لَكُمْ لَا تَنْطِقُوْنَ (تمکو کیا ہو گیا ہے کہ تم بولتے نہیں ہو) جب اسکا بھی کچھ جواب نہ ملا تو آپ اُن بتوں کے توڑنے میں مصروف ہو گئے جیسا کہ آیۂ کریمہ فَرَاغَ عَلَيْهِمْ ضَرْبًا بِالْيَمِيْنِ (پھر متوجہ ہوئے انپر مارتے ہوئے دہنے ہاتھ سے یا بقوت تمام) سے مفہوم ہوتا ہے۔ اُس بتخانہ میں جسقدر بت تھے سب کو توڑ ڈالا سوائے اُس ایک بت کے کہ جسکے کندھے پر آپ اپنا تیشہ رکھکر چلے آئے تھے جسوقت وہ لوگ عیدگاہ سے واپس آئے بتوں کو اس خراب حالت میں دیکھکر چلا اُٹھے مَنْ فَعَلَ هٰذَا بِاٰلِهَتِنَاۤ اِنَّهٗ لَمِنَ الظّٰلِمِيْنَ (کسنے یہ کام ہمارے خداؤں یعنی بتوں کے ساتھ کیا بیشک وہ ظالموں میں سے ہے) ایک نے اُن میں سے کہا کہ کل کا ذکر ہے کہ ایک جوان جسکو لوگ ابراہیمؑ کہتے ہیں انکی برائیاں کر رہا تھا عجب نہیں کہ یہ فعل اُسی کا ہو لوگوں نے اس واقعہ سے نمرود کو مطلع کیا اُسنے ابراہیمؑ کو بغیر کسی حجت اور دلیل کے دفعتاً گرفتار کر لینا معیوب سمجھکر کہا اچھا انکو ہمارے سامنے لاؤ شاید کچھ آدمی شہادت دے سکیں سنتے ہی سب لوگ ابراہیمؑ کے پاس گئے اور اُنکو نمرود کے دربار میں گرفتار کر لائے نمرود نے دریافت کیا اَاَنْتَ فَعَلْتَ هٰذَا بِاٰلِهَتِنَا يٰۤاِبْرٰهِيْمُ (اے ابراہیمؑ کیا تونے ہمارے خداؤں (بتوں) کے ساتھ یہ کام کیا ہے) ابراہیمؑ نے اسکے جواب میں صریحاً انکار نہ کیا بلکہ ایہاماً فرمایا بَلْ فَعَلَهٗ كَبِيْرُهُمْ هٰذَا فَسْـَٔلُوْهُمْ اِنْ كَانُوْا يَنْطِقُوْنَ (بلکہ کیا ہے یہ کام انکے اس بڑے نے سو انسے پوچھ لو اگر وہ بولتے ہوں) ابراہیمؑ کے اس خیال کے ظاہر کرنیسے بعض لوگوں کے چہروں پر فکر و تشویش کے آثار کسیقدر نمایاں ہو گئے اور ایک دوسرے سے کہنے لگے اِنَّكُمْ اَنْتُمُ الظّٰلِمُوْنَ (بیشک تم ہی بے انصاف والوں میں ہو) پھر بعد چند لمحہ کے چونکہ شیطان نے اُنکی عقل کی آنکھوں پر ناحق شناسی کے پردے ڈالدیے تھے۔ ابراہیمؑ سے مخاطب ہو کر کہا لَقَدْ عَلِمْتَ مَا هٰۤؤُلَاۤءِ يَنْطِقُوْنَ (بیشک تجھکو معلوم ہے کہ یہ بولتے نہیں) اسیوجہ سے ان بتوں سے دریافت کرنے کو کہتے ہو دیکھو ابراہیمؑ سچ سچ بتلاؤ کہ یہ کسکا کام تھا ابراہیمؑ اُن لوگوں کی اس جہالت آمیز تقریر کو سنکر بولے اَفَتَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَا لَا يَنْفَعُكُمْ شَيْـًٔا وَّلَا يَضُرُّكُمْ اُفٍّ لَّكُمْ وَلِمَا تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ (کیا پھر تم سوائے اللہ کے کسی اور ایسے کو پوجتے ہو جو کہ تمکو نفع پہونچا سکتا ہے اور نہ نقصان تف ہے تمپر اور اُسپر جسکی تم عبادت کرتے ہو سوائے اللہ کے۔ کیا تم نہیں سمجھ سکتے ہو) پھر نمرود ابراہیمؑ سے مخاطب ہو کر بولا کیا تم نے اپنے اُس رب کو دیکھا ہے جسکی عبادت کرتے ہو؟ اور وہ رب تمہارا کون ہے جسکی طرف تم لوگوں کو بلاتے ہو؟ ابراہیمؑ نے فرمایا رَبِّيَ الَّذِيْ يُحْيٖ وَيُمِيْتُ (میرا رب وہ ہے جو کہ زندہ کرتا ہے اور مارتا ہے) نمرود بولا یہ کام تو میں بھی کر سکتا ہوں۔ ابراہیمؑ یہ سنکر خاموش ہو گئے اور نمرود نے اُن دو شخصوں کو جو واجب القتل ہو چکے تھے اُن دونوں میں سے ایک کے قتل کا حکم دیا اور دوسرے کی خطا معاف کرکے ابراہیمؑ سے متوجہ ہو کر کہا ابراہیمؑ تمنے دیکھا کہ مینے کیسے ایک کو مارا اور ایک کو زندہ کیا اس اعتبار سے میں بھی مارنے اور زندہ کرنیوالا ہوں تمہارے رب میں مجھ سے زائد کوئی صفت نہیں ہے وہ بات بتلاؤ جو تمہارے رب میں ہے اور مجھ میں نہو ابراہیمؑ نے کہا اِنَّ اللّٰهَ يَاْتِيْ بِالشَّمْسِ مِنَ الْمَشْرِقِ فَاْتِ بِهَا مِنَ

سے حضرت اسحٰقؑ پیدا ہوئے
سے حضرت شعیبؑ
سے علیکا

(بیشک اللہ تعالیٰ آفتاب کو مشرق سے نکالتا ہے پس تو مغرب سے نکال اسکو) نمرود اس سوال کا جواب کچھ نہ بن آیا اپنا سا منہ لیکر خاموش ہو گیا اور ابراہیمؑ نمرود کے دربار سے اٹھکر چلے آئے تب ان لوگوں میں مشورہ ہونے لگا بعضوں نے قتل کرنیکو کہا اور کسی نے شہر بدر کرنیکی طرف اشارہ کیا اور اکثر لوگ اس رائے پر متفق ہوئے کہ جناب موصوف جلادئیے جائیں چنانچہ نمرود نے بھی اس رائے سے اتفاق کیا اور لکڑی جمع کئے جانیکا حکم عام صادر

کیا۔ ہمارے خیال ناقص میں نمرود کی سلطنت میں شاید ایسا کوئی شخص تھا جسنے کم و بیش اس حکم کی تعمیل نہ کی ہو اسوجہ سے نہایت قلیل مدت میں انتہا لکڑیاں جمع ہو گئیں اور آگ مشتعل کی گئی جسوقت ابراہیمؑ منجنیق میں رکھکر اس آگ میں جسکو ایک عالم کے بت پرستوں نے مشتعل کیا تھا ڈالے گئے اسوقت عجیب کیفیت تھی سوائے ثقلین (یعنی جن و انس) کے تمام عالم زبان حال سے جناب باری میں کہہ رہا تھا اگر ابراہیمؑ آج جلا دئیے گئے تو کوئی شخص دنیا میں تیرا نام لینے والا نہ رہیگا تو اگر ہمکو اجازت دے تو ہم ابراہیمؑ کی مدد کریں" جناب باری سے حکم ہوا اِنِ اسْتَغَاثَ بِشَیْءٍ مِّنْکُمْ فَلْتَنْصُرُوْهُ وَاِنْ لَّمْ یَدْعُ غَیْرِیْ فَاَنَا لَهٗ "(اگر وہ تم میں سے کسی سے مدد چاہے تو اجازت ہے کہ اسکی مدد کرو اور اگر اسنے میرے سوا کسی دوسرے کو نہ بلایا تو ہم اسکی مدد کو موجود ہیں) اس اجازت کے بعد بعض نے ابراہیمؑ سے کہا اَلَکَ حَاجَةٌ (کیا تمکو کچھ ضرورت ہے) لیکن ابراہیمؑ نے صاف یہی جواب دیا اَمَّا اِلَیْکَ فَلَا (ہاں ہے مگر تجھ سے نہیں) یہ ایک ایسا جواب تھا جو درحقیقت لاجواب اور آپکی شان کے موافق تھا کائنات سوائے جن و انس کے یہ تماشا حسرت و افسوس کی آنکھوں سے دیکھ رہے تھے جسوقت ابراہیمؑ انبار آتش کے قریب پہونچے آسمان کی طرف سر اٹھا کر جناب احدیت میں عرض کیا اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الْوَاحِدُ فِی السَّمَآءِ وَاَنْتَ الْوَاحِدُ فِی الْاَرْضِ حَسْبِیَ اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ (ایخدا تو اکیلا ہے آسمان میں اور تو اکیلا ہے زمین میں کافی ہے مجھکو اللہ اور بہت ہی اچھا وکیل ہے) ہنوز آگ کے شعلوں کا آپکے مبارک بدن پر اثر بھی نہ پہونچنے پایا تھا کہ یَا نَارُ کُوْنِیْ بَرْدًا وَّسَلٰمًا عَلٰۤی اِبْرٰهِیْمَ (اے آگ سرد ہوجا اور سلامت رہ ابراہیمؑ کے لئے) کے خطاب نے

یہ خط حضرت

اسحٰق سے ملیگا

اس نار کو گلزار بنا دیا۔ جل جلالہ کی کیا شان ہے۔ مفسرین رحمہم اللہ اس امر پر اپنا اتفاق ظاہر کرتے ہیں کہ اگر جل جلالہ عم نوالہ سَلٰمًا کا لفظ بَرْدًا کے بعد نہ فرماتا تو ابراہیمؑ کو شدت برد (سردی) سے روحی صدمہ پہونچتا اور وہی باعث جدائی روح و تن ہوتا اور اسیطرح اگر یہ حکم باری مطلق چھوڑ دیا جاتا اور عَلٰۤی اِبْرٰهِیْمَ کے ساتھ مقید نہ کر دیا جاتا تو بیشک دنیا بھر کی آگ ٹھنڈی ہو جاتی اور آج آگ کا کہیں نام و نشان نہ ملتا۔ واللہ اعلم۔ نمرود کے دماغ میں یہ خیال یقینی صورت میں مرتسم رہا کہ آگ نے ابراہیمؑ کا کام تمام کر دیا ہوگا لیکن ایک روز اتفاقاً اس نے نظر اٹھا کر دیکھا تو جناب موصوف کو بیٹھا ہوا دیکھکر متعجب ہوا اور اسنے اسیوقت اپنی قوم کو طلب کرکے کہا مجھکو شبہ سا پیدا ہو گیا ہے کہ ابراہیمؑ زندہ ہے اسوجہ سے میں چاہتا ہوں کہ تم لوگ میرے لئے ایک ایسا اونچا مکان بناؤ کہ جس میں سے ابراہیمؑ کو دیکھ سکوں نمرود کے زبان سے یہ فقرہ پورا ہونے بھی نہ پایا تھا کہ لوگ دوڑ پڑے اور مکان کے بنانے میں مصروف ہو گئے

یہ خط حضرت

شعیبؑ سے ملیگا

زیادہ مدت نہ گزری تھی کہ وہ مکان بنکر تیار ہو گیا اور نمرود اس مکان پر چڑھکر آگ کی طرف دیکھنے لگا اسکو اس مرتبہ پہلے سے زیادہ تعجب اسوجہ سے ہوا کہ اس نے ابراہیمؑ کے پہلو میں ابراہیمؑ کی صورت و شکل کا ایک آدمی بیٹھا ہوا دیکھا تھوڑی دیر تک خاموشی کے عالم میں دیکھتا رہا جب صبر نہ ہو سکا تو چلا کر کہنے لگا۔ اے ابراہیمؑ تیرا خدا بہت ہی بڑا ہے اسکی قدرت عزت باسدرجہ بڑھ گئی ہے کہ میں دیکھ رہا ہوں اسکو جو تجھ میں اور آگ میں حائل ہو گئی ہے کیا تجھکو اسقدر استطاعت ہے کہ اس آگ سے تو صحیح و سالم نکل آئے" ابراہیمؑ نے جواب دیا کہ ہاں ممکن ہے جس خدا نے مجھکو یہاں صحیح و سالم رکھا ہے اسکی قوت و مدد سے میں باہر بھی آسکتا ہوں ابراہیمؑ یہ کہکر اٹھے اور بہت اطمینان سے خراماں خراماں آگ کے ڈھیر سے باہر آگئے۔ نمرود نے دریافت کیا کہ ابراہیمؑ تمہارے پاس تمہارے

ہی شکل کون شخص بیٹھا ہوا تھا آپنے فرمایا کہ وہ ملک الظل تھا اللہ جل شانہ نے اسکو میرے پاس اس غرض سے بھیجا تھا کہ وہ مجھہ سے باتیں کرے تاکہ تنہائی کی تکلیف مجھکو نہ پہونچے۔ اس واقعہ کے بعد نمرود نے آپکو کسی قسم کی ایذا نہیں پہونچائی پھر اللہ جل شانہ نے حضرت ابراہیمؑ کو ہجرت کا حکم دیا آپ مع اہل و عیال ارض کلدانیئیں سے ہجرت کرکے حران میں چلے آئے اسی زمانہ میں آپکے والد آزر کا دو سو پچاس برس کی عمر میں انتقال ہو گیا پھر آپنے بحکم الٰہی کنعان کی

طرف ہجرت کی جہاں انکی نسلی ترقی اللہ تعالےٰ کے وعدے کے موافق ہوئی جب اس ملک میں قحط پڑا تو آپ مصر چلے گئے لیکن وہاں سے بھی کچھہ عرصہ بعد فرعون کی وجہہ سے آپ واپس کنعان تشریف لے آئے اور مقام حبیرون میں جسکو اب مقام خلیل کہتے ہیں قیام کیا۔

آپ پر بیس صحیفے نازل ہوئے تھے۔ رسم مہمانداری ننانوے برس کی عمر میں ختنہ کرانا۔ پانی سے استنجا مسواک۔ ناک میں پانی ڈالنا مصافحہ معانقہ بالہام ربانی سب سے پہلے پاجامہ بنانا بخیال حفظ ایمان اپنے وطن کو چھوڑ کر ہجرت کرنا ان سب امور کی ابتدا آپ کی خصوصیات سے ہے۔ سبائک الذہب اور کامل ابن اثیر میں آپکی عمر دو سو برس کی لکھی ہے۔ آپکے انتقال کا واقعہ کامل ابن اثیر نے اسطرح بیان کیا ہے کہ آپنے خدائے تعالےٰ سے یہ دعا کی تھی کہ بغیر میری خواہش کے میری روح نہ قبض کیجائے اسوجہہ سے جب مشیت ایزدی یہ ہوئی کہ ابراہیم کی روح قبض کیجائے تو اللہ جل شانہ نے ملک الموت کو ایک بوڑھے مسلوب القویٰ شخص کی صورت میں ابراہیمؑ کے پاس بھیجا۔ جناب ممدوح اسوقت لوگوں کو کھانا کھلا رہے تھے جناب ممدوح نے اس بوڑھے ملک الموت کو بھی دسترخوان پر بٹھلا لیا ضعف و ناتوانی نے اس بڈھے کو اسقدر مجبور کر دیا تھا کہ جس لقمہ کو وہ اٹھا کر منہہ میں رکھنے کا قصد کرتا تھا وہ پہلے آنکھ تک پہونچ جاتا تھا پھر وہاں سے چھٹکر کان میں داخل ہوتا تھا اسکے بعد ہزار خرابی منہہ تک پہونچتا تھا ابراہیمؑ یہ ماجرا دیکھکر سخت متعجب ہوئے اور اسکا سبب دریافت کیا اس بڈھے نے کہا کہ ضعیفی نے میرا یہ حال کر رکھا ہے۔ ابراہیمؑ نے اسکی عمر دریافت کی اس بڈھے نے اپنے کو ابراہیمؑ سے دو برس بڑا بتلایا ابراہیمؑ نے اپنے دل میں کہا اللہ اکبر میری اور اسکی عمر میں صرف دو برس کی چھوٹائی بڑائی ہے۔ دو برس کی بڑائی میں اسکا یہ حال ہوا ہے غالباً دو برس کے بعد میری بھی یہی کیفیت ہوگی۔ تھوڑی دیر کے سکوت کے بعد دعا کی اَللّٰھُمَّ اقْبِضْنِیْ اِلَیْکَ (ایخدا تو مجکو اپنی طرف کھینچ لے) وہ بڈھا (ملک الموت) اٹھا اور اسنے روح قبض کر لی

اور بقول ناسخ التواریخ اسوقت آپکی عمر ایکسو پچھتر برس کی تھی اور سارہ کی ایکسو ستائیس برس کی تھی۔ سرزمین شام مقام خلیل میں آپکا مزار ہے۔

حضرت شعیب اول علیہ السلام آپکی ولادت آدم علیہ السلام سے ۳۴۴۲ سال بعد ہے مدین حضرت ابراہیمؑ کے صاحبزادے جو بطن قطورا سے ہیں انکی اولاد میں ہیں قطورا سے حضرت ابراہیمؑ نے بعد انتقال سارہ نکاح کیا تھا آپکا لقب **خطیب الانبیاء** ہے۔ انکی والدہ میکا اولاد سے تھیں اور جیسا کہ کلام باری سے ظاہر ہے **وَاِلیٰ مَدْیَنَ اَخَاھُمْ شُعَیْبًا** اور بھیجا ہم نے مدین کی طرف شعیبؑ کو انکی قوم جسکی طرف حضرت شعیبؑ مبعوث ہوئے تھے وہ سب اولاد مخص کی تھی اور قوم اصحاب الرس وہ قوم ہے جو شعیبؑ سے پہلے مبعوث ہوئے تھے وہ جنکا تذکرہ آئندہ ہوگا۔ حضرت شعیبؑ بن جندل بن یعصیب بن مدین بن ابراہیمؑ بن ثمود بھی انہیں کی اولاد میں ہیں حضور کی طرف انکے علاوہ دوسرے شعیبؑ ہیں شعیبؑ کے زمانے میں ٹری ملوک اور فرمانروا۔ ابی جاد ہوآز حطی کلمن سعفص قرشیت تھے۔ ابی جاد کی مکہ اور اراضی حجاز میں حکومت تھی اور ہوآز حطی طائف سے زمین نجد تک متصرف تھے اور باقی ایک۔ مدین میں حکمراں تھے

لیکن ان سب میں کلمن والئے ملک اور سب کا حاکم تھا۔ اصحاب ایکہ سے بھی یہی لوگ مراد ہیں اور مقام مدین چونکہ مدین بن ابراہیمؑ کا آباد کیا ہوا ہے اسواسطے اسی کے نام سے مشہور ہوا۔ یہ قوم کفر و طغیان میں مبتلا ہو گئی۔ خیانت اور ناپ تول میں کمی انکا شیوہ ہو گیا تو حضرت شعیبؑ نے فرمایا یٰقَوْمِ اَوْفُوا الْمِكْيَالَ وَالْمِيْزَانَ بِالْقِسْطِ وَلَا تَبْخَسُوا النَّاسَ اَشْيَآءَهُمْ وَلَا تَعْثَوْا فِي الْاَرْضِ مُفْسِدِيْنَ (اے قوم پورا کرو تول میزان اور پیمانوں کو انصاف سے

اور لوگوں کے مال دھوکے سے کم قیمت مت لو اور زمین پر فساد مت کرو۔ حضرت شعیبؑ نے احکامات الٰہی سے آگاہ کیا اور اسکے عذاب سے ڈرایا مگر قوم بجائے اصلاح پانیکے اور سرکش ہو گئی بلکہ بلاد شام و دیگر ممالک سے جو لوگ آپکے پاس آتے انکو اسلام لانے سے منع کرتی اور راستوں میں بیٹھکر انکی مزاحم ہوتی جو انکی جان پر کھیل جاتا وہ آپکے خدمت میں پہونچکر مشرف باسلام ہوتا۔ غرضکہ آپکو طرح طرح کی ایذائیں دینی شروع کردیں اور بادشاہ کلمن ان مفسدوں کی امداد و اعانت کرتا تھا۔ آپکے سمجھانے سے جب کچھ اثر نہوا تو آپکی دعاء بد سے ۳۸۱۲ھ میں غضب خداوندی ایک ابر کے ٹکڑے کی شکل میں نمودار ہو کر ان پر مسلط ہو گیا اور اسمیں سے آگ برسنے لگی اور یہ ہلاک کردیے گئے آپکو حکم خداوندی ہوا کہ مدین میں مع اپنے جماعت اسلامی چلے جاویں حضرت موسیٰؑ کے آنے تک مقیم رہیں چنانچہ حضرت موسیٰؑ کے یہاں پہونچنے کے بعد سات برس چار مہینہ آپ اور زندہ رہے آپ نابینا تھے سوائے آپکے اور کسی شخص نابینا کا ثبوت نہیں ہوئی۔ ۳۸۳۲ھ ہبوط آدم مقام مدین میں بعمر ۲۲۰ سال انتقال ہوا اور آپکا جنازہ مکہ مکرمہ لایا گیا درمیان رکن و مقام دفن کئے گئے۔

حضرت اسحٰقؑ علیہ السلام

حضرت اسحٰق علیہ السلام آپ حدود فلسطین میں حضرت اسمٰعیلؑ سے پانچ سال بعد قریہ جیرون ملک شام میں پیدا ہوئے جسوقت ملائکہ قوم لوط کی تخریب سدوم و عمورہ کی بربادی کیلئے جارہے تھے تو درمیان میں حضرت ابراہیمؑ کے ہاں ملائکہ مقیم ہو حضرت خلیل اللہ نے حسب عادت انکی خاطر تواضع کی اور جسوقت کھانا پیش کیا تو حضرت جبرئیلؑ نے کہا ہم بغیر قیمت دیئے کسی کا کھانا نہیں کھاتے حضرت ابراہیمؑ نے فرمایا کہ بسم اللہ کہکر شروع کردو اور بعد کھانے کے الحمد للہ کہو یہی اسکی قیمت ہوجاویگی ہرچند آپنے اصرار و مبالغہ کیا لیکن ملائکہ نے نہیں کھایا آپکو انکے اس فعل سے دہشت ہوئی کیونکہ اس زمانہ کا یہ دستور تھا کہ جو کوئی مہمان کھانا نہیں کھاتا تھا اسکی جانب سے نقصان کا اندیشہ ہو کر پریشانی ہوتی تھی۔ ملائکہ نے حضرت ابراہیمؑ کو خوف زدہ دیکھکر راز سربستہ کھولدیا کہ ہم ملائکہ ہیں بحکم باری تعالیٰ قوم لوط کی تباہی کیلئے مامور کئے گئے ہیں تمکو ہم بشارت دیتے ہیں کہ سارہؓ سے تمہارے لڑکا پیدا ہوگا فَبَشَّرْنٰهَا بِاِسْحٰقَ وَمِنْ وَّرَآءِ اِسْحٰقَ يَعْقُوْبَ (پس بشارت دی ہم نے سارہؓ کو اسحٰقؑ اور انکے بعد یعقوبؑ کی) حضرت سارہ رضی فرشتوں کی یہ سب باتیں سنکر متعجب ہوئیں اور ہنسکر فرمانے لگیں يٰوَيْلَتٰٓى ءَاَلِدُ وَاَنَا عَجُوْزٌ وَّهٰذَا بَعْلِيْ شَيْخًا اِنَّ هٰذَا لَشَيْءٌ عَجِيْبٌ (کیا میرے اس بڑھاپے میں پیدا ہوگا باوجودیکہ میرا خاوند بھی بوڑھا ہے تحقیق یہ ایک عجیب بات ہے۔ حضرت ابراہیمؑ کی عمر اسوقت موافق بیان توریت کے ۹۹ سال کی تھی۔ ملائکہ نے فرمایا کہ اَتَعْجَبِيْنَ مِنْ اَمْرِ اللّٰهِ (کیا تو خدا کے حکم سے تعجب کرتی ہے) پھر ملائکہ روانہ ہو گئے اور سات روز کے بعد حضرت سارہؓ کو حمل رہا بعد انقضائے ایام حمل ۳۴۲۳ھ ہبوط میں آپکی ولادت ہوئی ساتویں روز حضرت خلیل اللہ نے ختنہ کرائی جسروز آپکا دودھ چھوٹا آپنے سب کو ضیافت عظیم دی اور بعد بلوغ اپنے خاندان کی ایک لڑکی ربقہ بنت بتویل بن ناحور سے آپکی شادی

یہ خط حضرت یعقوب سے ملیگا

یہ خط عیصو سے ملیگا

کردی بعد ازاں حسب ارشاد حضرت ابراہیمؑ اہالی کنعاں کی طرف آپ چلے گئے چالیس سال دعوت اسلام کی آخر میں آپ نابینا ہو گئے تھے سنہ ۳۶۰۲ ہبوط میں بعمر ایک سو اسی سال آپکا انتقال ہوا حضرت یعقوبؑ نے قدس خلیل میں حضرت ابراہیمؑ کے پاس دفن کیا۔

حضرت ایوب علیہ السلام ولادت آپکی سنہ ۳۶۴۲ ہبوط مقام جابیہ (درمیان رملہ و دمشق) میں ہوئی جب سن رشد کو پہونچے تو خلعت

نبوت سے ممتاز ہوئے۔ رحمہ بنت افرائیم بن یوسفؑ سے آپکا نکاح ہوا انسے سات لڑکے اور تین لڑکیاں آپکے پیدا ہوئیں آپکے مویشی و اموال کثرت سے تھے یہانتک کہ اطراف جابیہ تمام ان سے بھری رہتی تھی مال و دولت کے ساتھ مزاج میں نہایت فیاضی تھی جسقدر ترقی ہوتی شکر

خداوند تعالےٰ بجالاتے اور وقت تکلیف و امتحان صبر کرتے ارشاد خداوندی اِنَّا وَجَدْنٰہُ صَابِرًا نِعْمَ الْعَبْدُ اِنَّہٗ اَوَّابٌ کے پورے مصداق تھے (ہمنے پایا اسکو صابر بہت اچھا بندہ ہے اسلئے کہ وہ ہماری طرف رجوع کرنیوالا ہے) مقام جابیہ میں ۷۰ سال دعوت اسلام کرتے رہے لیکن قوم کی بدنصیبی سے تین آدمیوں سے زیادہ کوئی ایمان نہ لایا اور وہ بھی آپ پر مصائب پیش آنے سے آپکی طرف سے بدگمان ہو کر گنہگار سمجھتے تھے۔ اور بدعقیدہ ہو جاتے ادھر شیطان لعین کو آپکے صابر و شاکر ہونے پر بہت ہی

یہ خط ... ذوالکفل ... سے ...

۵۰

حسد تھا سنہ ۲۷۱۵ ہبوط میں جناب باری میں اُسنے عرض کیا کہ حضرت ایوبؑ کو تونے اپنے فضل سے نعمتہاے فراواں عطا کی ہیں اسواسطے وہ تیرے شکر گذار ہیں اگر کوئی مصیبت اُن پر ڈالی جاوے تو ہرگز تیرا شکر نکریں ۔ باری تعالےٰ سے خطاب ہوا کہ اے لعین شکر ایوبؑ خواہش نعمت یا خوف دوزخ سے نہیں ہے بلکہ وہ ہمارا خالص بندہ ہے ہمیں معبود برحق جانتا ہے ۔ جا تجھکو اُسکے دولت کے تلف اور ہلاکت اولاد پر قوت دی جسطرح چاہے کر کبھی اسکو

پرواہ نہوگی ۔ بحکم خداوند تعالےٰ ایسا ہی ہوا کہ امتحاناً تمام املاک و اولاد آپکی تلف ہوگئی مگر صبر و استقلال کو اپنے ہاتھ سے نہ دیا بلکہ شکر بجالاتے تھے اور کسی طرح کوئی لغزش و قصور واقع نہوا جب شیطان نے دیکھا کہ یہاں تو ہر مصیبت پر شکر ادا ہورہا ہے تو بعد استدعا بجناب باری آپکے جسم اطہر

یہ خط یعقوبؑ سے ملیگا

پر مسلط ہوا سوائے اسکے کہ دونوں کان ۔ آنکھیں ۔ زبان و دل اُسکے اثر سے محفوظ رہا باقی تمام جسم زخموں سے گل کر کیڑوں کی خوراک ہوگیا اور سوائے آپکی بیوی رحمت کے کوئی آپکے پاس کھڑا ہونیوالا بھی نہ رہا بدبو کی وجہ سے شہر سے باہر کردئے گئے جب یہ زمانہ ابتلا کا ختم ہوا ۔ سات برس بعد وہی دولت و ثروت صحت و عافیت آپکو واپس عنایت ہوئی اور ان ہی رحمت سے اولاد بھی ہوئی اُن سب کے وہی نام رکھے گئے جو پہلی اولاد کے تھے ۔ شریعت ابراہیمی پر آپ دعوت کرتے تھے ۴۰ سال کی عمر میں آپکا ابتلا ہوا سات برس امتحان کا زمانہ رہا بعد صحت ۱۴۶ برس اور زندہ رہے کل عمر شریف ۲۲۶ سال ہوئی ۔ بلاد حوران میں آپکا مزار ہے ۔

حضرت
اسمعیل
ثانی علیہ السلام

حضرت ذوالکفل

علیہ السلام آپکا نام یحزقیل ہے عبری زبان میں اسکے معنی قوی کرد خدا کے ہیں اور ابن العجوز بھی آپ کو اسوجہ سے کہتے ہیں کہ آپ والدین کی کبرسنی میں پیدا ہوئے تھے بخت نصر بادشاہ نے جسوقت فتح بیت المقدس کے بعد بنی اسرائیل کو گرفتار کر لیا تو قیدیوں میں آپ بھی تھے آل یہود نے آپکی خدمت میں گریہ وزاری کی کہ دیکھیے کب تک یہ مصیبت رہے گی اور کتنے عرصے ذلت و خواری میں گرفتار رہیں حضرت ذوالکفلؑ نے انکی تسکین کی اور فرمایا کہ بنی اسرائیل پر ۴۰ سال سے زیادہ مصیبت نہیں رہنے کی اسکا میں ضامن ہوں اسوجہ سے آپکو ذوالکفل کہنے لگے جسکے معنی ضامن کے ہیں چنانچہ ایسا ہی ہوا جسکی تفصیل کتب تاریخ میں مرقوم ہے ۔ آپ شریعت موسوی پر بنی اسرائیل کو ہدایت کرتے تھے اور ان ہی میں آپکی زندگی بسر ہوئی ۳۸۳ سنہ ہبوط میں آپکا ظہور ہوا ارض بابل میں قریب

حضرت
ذوالکفل
علیہ السلام

مشہد امام حسینؑ آپکا مزار ہے ۔ اور آپکے صاحبزادے حضرت اسمعیل علیہ السلام سنہ ۳۸۶ میں زمانہ بخت نصر میں بوقت گرفتاری

بنی اسرائیل کچھ لوگ متفرق ہوگئے اور جسکو جسطرف موقعہ ملا چلا گیا از انجملہ آپ بھی روانہ ہو کر مکہ مکرمہ پہنچے اور اس نواح کے لوگ آپکے معتقد و منقاد ہوگئے صدق و صفا اور آپکے اوصاف حمیدہ کی دور دور تک شہرت ہوگئی ایک روز آپ اطراف مکہ مکرمہ میں تھے کہ دو چار آدمی طائف کے آپکو ملے اور انکی کسی ضرورت سے آپ سے عرض کیا کہ آپ ہمارے واپس آنے تک یہاں تشریف رکھیں۔ اور خود طائف کی طرف روانہ ہوگئے اور اس معاملہ

کا خیال نرہا آپ ایک سال تک بحالہ اسی مقام پر بیٹھے رہے ہر چند اہل مکہ نے آپ سے اصرار کیا مگر اصلا پذیرا نہوا اور فرمایا کہ شاید میرے جانے کے بعد وہ لوگ آویں اور مجھ نہ ملا تو خلاف وعدہ ہوگا ناچار مکہ مکرمہ سے کچھ آدمی طائف گئے اور انکو تلاش کر کے لائے جب آپنے مکان کا ارادہ کیا تو طائفی اشخاص نے کہ بوجہ نسیان کے یہ ارتکاب عصیان ہم سے ہوا تھا معافی چاہی صفت صدق اور وفائے عہد میں آپ مشہور تھے۔ اور کلام پاک میں اوصاف مذکورہ جنکی نسبت ثابت ہیں وہ اسمعیل بن ابراہیم علیہما السلام ہیں۔ اگرچہ بعض مورخین نے آیۂ وَاذْكُرْ فِي الْكِتٰبِ اِسْمٰعِيْلَ الخ سے اسمعیل بن ذوالکفل مراد لیتے ہیں۔ لیکن علامہ رازی نے تفسیر کبیر میں اسکی شرح میں صاف لکھا ہے کہ (ھُوَ اِسْمٰعِيْلُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ علیہما السلام) اور یہی صحیح ہے۔

حضرت یعقوب

حضرت یعقوب علیہ السلام آپکی ولادت ۲۰۸۲ھ ہبوط میں لکھائی گئی ہے ایک ساتھ جوڑواں پیدا ہوئے پر تھا اسواسطے حضرت یعقوب اس نام سے بمقابلہ عیصو کے آپ سے زیادہ حضرت اسحٰقؑ عمر میں بینائی سے معذور ہوگئے تھے

میں مقام حبرون میں ہوئی آپ اور عیصو انکے بھائی جنکی اولاد سابق اور بہنگام ولادت آپکا ہاتھ عیصو کی پشت موسوم ہوئے آپکی والدہ مانوس تھیں چونکہ آخر

حضرت یعقوب علیہ السلام

اسرائیل

ایک روز عیصو کو طلب کر کے گوشت کی خواہش ظاہر کی اور دعائے برکت کیلئے وعدہ فرمایا۔ جسوقت عیصو شکار کیواسطے روانہ ہوئے آپکی والدہ نے حضرت یعقوب سے فرمایا کہ

روبیل　شمعون　دینہ　حرفان　لیتا　اشرقا　محرون

کہ تم سبقت کر کے دعاء اپنے والد سے حاصل کر لو چنانچہ آپنے عیصو کی واپسی سے پہلے اپنی بکریوں میں سے ایک عمدہ بکری ذبح کی اور آپکی والدہ نے نہایت عمدہ طور سے کباب لذیذ طیار کر کے آپکو دیئے پھر آپ حضرت اسحٰقؑ کی خدمت میں لیگئے حضرت موصوف تناول فرما کر خوش ہوئے اور یعقوبؑ کے حق میں دعاء برکت فرمائی اور بشارت دی کہ تمہاری اولاد ستارگان آسمان کے برابر ہوگی چنانچہ مورخین نے لکھا ہے کہ آپکی اولاد میں سے صرف انبیاء علیہما السلام کی تعداد ستّر ہزار ہے اور ملوک و صنادید زمانہ اسکے علاوہ ہیں۔ عیصو جب شکار سے واپس آئے اور یہ واقعہ معلوم ہوا تو حضرت اسحٰقؑ کی خدمت میں گریہ و زاری کی اور دعاء کے خواستگار ہوئے حضرت اسحٰقؑ نے انکے لئے بھی برکت اور اولاد کی دعاء

مانگی جو اُنکے حق میں مقبول ہوئی اُس روز سے عیصو حضرت یعقوبؑ سے عداوت رکھنے لگے تاآنکہ کچھ عرصہ بعد حضرت یعقوبؑ اُنکے ایذا کے اندیشہ سے اپنے ماموں لابان بن بتویل بن ناحور بن تارح کے پاس حاران ہجرت کر گئے اسی ضمن میں باری تعالےٰ سے آپکو اسرائیل کا خطاب ہوا کیونکہ آپ رات کو سفر کرتے تھے عرصہ تک اپنے ماموں کے پاس رہے انکی دونوں لڑکیوں سے حضرت یعقوبؑ کی شادی ہوئی پھر آپ مال و مویشی کے

ساتھ کنعان میں مع اہل و عیال آئے۔ عیصو سے عرصہ کے بعد ملاقات ہوئی تھوڑے دن انکے پاس رہے پھر عیصو کثرت اموال و اولاد کی وجہ سے نواح روم کی طرف چلے گئے اور آپ اسی اطراف میں سکونت پذیر رہے زمانہ وفات آپکا جب قریب ہوا اُسوقت آپکا قیام جوسن میں تھا۔ جب وقت آخر آپکا آپہونچا تو سب اولاد کو آپنے جمع کیا اور یہودا کے حق میں پروردگار عالم سے دعاء کی کہ اُسکی اولاد میں سلطنت عطا فرمائے اور سب کے حق میں اُنکے مناسب حال دعاء فرمائی وصیت کی۔ حضرت یوسفؑ کو اپنا خلیفہ مقرر کیا اور حضرت ابراہیمؑ کے جوار میں دفن کئے جانے کی وصیت کی اسکے بعد

خطوط اولاد یعقوبؑ

آپنے اس دار فانی سے ملک جاودانی کو سفر کیا اور حضرت یوسفؑ نے ایک صندوق سال کا بنا کر آپکا تابوت مبارک اُسمیں رکھا اور چالیس روز تک مطابق رسم اُس زمانہ کے اُس تابوت کو معطر کرتے تھے۔ غمکدۂ یعقوبؑ و رحوالئے مصر میں ایک کہرام برپا تھا۔ بالآخر آپ کو بیت المقدس مقام خلیل میں دفن کیا۔ باختلاف روایات ۱۴۰ یا ۱۴۷ یا ۱۸۰ سال آپکی عمر شریف ہوئی۔

حضرت یوسف علیہ السلام

حضرت یوسف علیہ السلام آپ حضرت یعقوبؑ کی اولاد میں بطن راحیل سے ہیں ۲۲۵۵ ہبوط میں مقام حاران جمال یوسفیؑ سے نورافشانِ عالم ہوا یوسفؑ جسکے معنی ازدیاد نعمت کے ہیں آپکا نام رکھا گیا آپکی دو سالہ عمر میں جسوقت حضرت یعقوبؑ حاران سے حبرون کو ہجرت کرکے جارہے تھے اثناء راہ میں آپکی والدہ نے وضع حمل میں انتقال فرمایا اور بن یامین آپکے دوسرے بھائی پیدا ہوئے آپکے حسن و جمال نے حضرت یعقوبؑ کے دل میں گھر کر لیا روزانہ اُنکی شفقت بمقابلہ دیگر برادران حضرت یوسفؑ کے ساتھ روزانہ زیادہ ہونے لگی اور یہ امر آپکے بھائیوں کو شاق گزرنے لگا اور بناء رشک روز بروز مستحکم ہوتی گئی تاآنکہ سترہ یا بارہ سال کی عمر میں آپکے بھائیوں نے چاہ میں ڈالا جسکی شہرت زبان زد خاص و عام ہے۔ آپ جسوقت کنوئیں میں گرے اور بظاہر اپنی زندگی سے مایوس ہو گئے تو اللہ جل شانہ نے جبرئیلؑ کو آپکی تسکین کے واسطے بھیجا۔ اسکے بعد یہوداؑ آپکے بھائی کنوئیں پر آئے کہ دیکھیں یوسفؑ کس حال میں ہیں اور اوپر سے آواز دی آپنے جواب دیا کہ تم کون ہو جو اس غمزدہ بیکس کا حال دریافت کرنیکی جرأت کرتے ہو اور میرے بھائیوں سے نہیں ڈرتے۔ یہودا نے کہا میں تمہارا بھائی ہوں۔ اور آپکی دردانگیز آواز سنکر رونے لگے حضرت یوسفؑ نے بحالت یاس

افرائیم بن یوسفؑ

یہودا سے خطاب کیا یَا اَخِیْ اِنَّ لِکُلِّ مَیِّتٍ وَصِیَّۃً وَوَصِیَّتِیْ لَکَ اَنْ لَا تَنْظُرَ اِلٰی شَابٍّ اِلَّا ذَکَرْتَ شَبَابِیْ وَلَا اِلٰی یَتِ
اِلَّا ذَکَرْتَ یُتْمِیْ وَلَا اِلٰی غَرِیْبٍ اِلَّا ذَکَرْتَ غُرْبَتِیْ (اے پیارے بھائی ہر میت کی وصیت ہوتی ہے تمکو میری یہ وصیت ہے کہ کسی
جوان کو دیکھو تو میری جوانی یاد کرلینا اور کسی یتیم کو دیکھو تو میری یتیمی کا بھی خیال کیجو اور کسی مسافر کو دیکھو تو میری غربت یاد کرلینا - درحقیقت

حضرت یوسفؑ کے یہ پرملال الفاظ ایسے تھے جسکے سننے سے پہاڑ بھی ٹکڑے ٹکڑے ہوجاتا یہودا کو یہ فقرہ سنکر تاب نہ رہی اور بیساختہ دھاڑیں مار کر
رونے لگے چونکہ یہ اپنے بھائیوں سے پوشیدہ یہاں آئے تھے اتفاقاً انکے دوسرے بھائی یہودا کی آواز سنکر یہاں آپہونچے اور انکو ملامت کرنے
لگے - ایک بڑا پتھر اُس کنوئیں کے اوپر اور ڈھکدیا - 　بلائے درد مندان از در و دیوار می آید　اُسوقت لاوی آپکے بھائی نے
بھائیوں سے کہا کہ دیکھو بھائیو ہم اولاد پیغمبر ایسے گناہ ہم سے سرزد ہوا نبی برحق سے پوشیدہ نہیں رہیگا مناسب ہے کہ اب غسل کرکے
کریں اور جماعت سے نماز ادا کریں بارگاہ خداوندی میں دہ پوشی کی التجا کریں اور ملت ابراہیم کا یہ طریقہ تھا کہ گیارہ آدمی سے کم جماعت نہیں

یعقوبؑ
خطوط اولاد

ہوتی تھی اور یہ اُسوقت دس نفر تھے لاوی نے کہا اس نماز میں ہم خدا کو امام کرتے ہیں تاکہ نقصان عدد نہ پایا جاوے اور نماز ادا کی ستارہ

یوسفؑ

اُخطوب　عدی　ہلال　شوئیم　افرائیم　کارا　رحمہ　شولا　اعدا　بارص　عمیہو　ایشاما　نون

یوسفؑ
اولاد

لیے انکی قبولیت دعا کا یہ اثر ظاہر کیا کہ حضرت یعقوبؑ کے سامنے انہوں
نے جو اظہار کیا اُسکو تسلیم کیا اور یہ برادران یوسفؑ ہلاک ہونے سے مامون رہے ورنہ یعقوب
اگر انکے کہنے کو سچا نہ سمجھ لیتے تو حضرت یوسفؑ کی فرط محبت میں یعقوبؑ کی بددعا سے سارے
ہوجاتے - گو حضرت یعقوبؑ کو اس واقعہ کی اصلیت بذریعہ وحی و مکاشفہ روشن ہوگئی تھی
معاملہ ایک غیبی اسرار سے تھا اور حضرت یعقوبؑ یوسفؑ کو جو مدارج عطاء فرمانے تھے اصلی
تھی - اسمیں یہ خیال ہو سکتا ہے کہ اگر حضرت یعقوبؑ کو وفات یوسفؑ کا غلط ہونا محقق تھا جیسا
لَوْلَا اَنْ تُفَنِّدُوْنِ سے آپنے کنایۃً ظاہر بھی فرما دیا تو آپکو حزن و ملال ہونیکی کیا وجہ
اسکا سبب دراصل مفارقت اور انتظار لقاء یوسفؑ تھا - بلکہ آپکا جزع و فزع ہی دلیل علی
کیونکہ اگر یوسفؑ کا فوت ہونا برادران یوسفؑ کے کہنے سے مان لیتے اور بذریعہ وحی آپکو اصل حال
معلوم نہوتا تو ہلاک یوسفؑ پر یعقوبؑ جیسے برگزیدہ نبی کی گریہ وزاری کرنا اور صبر و سکینت کو
دیدینا بعید از قیاس امر ہے - بعض عوام برادران یوسفؑ کو خلاف ادب الفاظ سے یاد کرتے

یہ بڑی غلطی ہے کیونکہ اول تو یہ سب دودمان نبوت سے تھے دوسرے توبہ انکی ثابت ہے اور یہ کہ اس واقعہ اور ندامت کے بعد اُنکے مرتبہ کا اندازہ نہیں کر سکتے کس پایہ کے ہوئے ہوں۔ اسواسطے ان سب کا ذکر خیر کے ساتھ ہونا ہر حال میں مناسب ہے آپ حضرت آدمؑ سے بہت مشابہت رکھتے تھے شریعت ابراہیمی پر دعوت کرتے۔ تین دن رات چاہ میں رہے اور چاہ سے نکلنے کے بعد مصر میں پہونچے چھ برس عزیز مصر کے پاس رہے اور

واقعہ زلیخا کے باعث سات برس قید میں گزرے تیس ۳۰ سال کی عمر میں وزارت یا ان فرعون مصر حاصل ہوئی ۵۷ برس کے ہوئے تو حضرت یعقوبؑ کی ملاقات سے مشرف ہوئے ستر سال کی عمر تک والد بزرگوار کے ساتھ حزن و ملال گذشتہ کو ایام عیش و مسرت سے بسر کئے بعد انتقال یعقوبؑ ۳۶ سال آپ اور زندہ رہے کل ایک سو دس سال بقید حیات رہے اولاد بنی اسرائیل کی کثرت آپنے بچشم خود دیکھی وقت نزع تمام بھائیوں کو جمع کیا اور فرمایا کہ اے اولاد اسرائیل تمکو آگاہ کرتا ہوں کہ اسکے بعد فراعنہ جبار پیدا ہونگے بنی اسرائیل کے ساتھ ظلم ہوگا اُنکو ذلیل کرینگے بعد ان ایام کے اولاد لاوی سے ایک پیغمبر ہونگے موسیٰؑ اُنکا نام ہوگا وہ دولت اشرار کا قلع قمع کرینگے۔ بنی اسرائیل کو مصر سے لیجاوینگے اور

یعقوبؑ خطوط اولاد

صندوق نعش میرا بھی نیل سے نکالکر میرے آباؤ اجداد کے مقبرہ میں لیجاوینگے تم سب بھی اپنی اولاد کو وصیت کرنا کہ اُنکی فرمانبرداری میں

یہ یوسفؑ ملسا بن

کوتاہی نکریں۔ اور یہودا کو آگے بلاکر اپنا جانشین کیا اور اپنے صاحبزادوں کو اُنکے سپرد کیا اور دست مناجات دراز کرلیئے اور فرمایا

یہ خط الیسعؑ سے ملیگا

تَوَفَّنِي مُسْلِمًا وَّأَلْحِقْنِي بِالصّٰلِحِيْنَ (اے خدا مجھے وفات دے اسلام پر اور شامل کر نیک بندوں میں) اسکے بعد آپکے لب بند ہوگئے اور اس دار فانی کو الوداع کہا۔ اہل مصر سے آہ و بکا کے نعرے بلند ہوئے۔ اور ہر شخص کی خواہش تھی کہ اپنے قریب میں آپکو دفن کرے اور اس شورش سے عظیم اندیشہ ہوا کہ قتل و قتال کی نوبت نہ پہونچے بالآخر بزرگان قوم نے یہ صلاح کی کہ تابوت مبارک قعر دریائے نیل میں رکھا جاوے تاکہ ہر شخص پانی کے ذریعہ آپکی برکت سے بہرہ مند ہوتا رہے چنانچہ سب اسپر راضی ہوگئے اور سنگ رخام سے ایک صندوق بناکر آپکو اسمیں رکھا گیا اور قعر نیل میں رکھدیے گئے ایک زمانہ کے بعد حضرت موسیٰؑ نے آپکی پیشین گوئی کے مطابق وہاں سے نکالا اور قدس شریف میں حضرت یعقوبؑ و ابراہیمؑ کے پاس دفن کیا۔

(ناسخ)

حضرت یوسف علیہ السلام کے واقعات مشہور دیگر کتب مثل قصص الانبیاء وغیرہ میں مذکور ہیں شائقین اُن سے مستفید ہوسکتے ہیں اسوجہ سے یہاں مختصراً آپکا حال لکھا گیا۔

یہ خط یوشعؑ

سے ملیگا

حضرت الیسع علیہ السلام آپکا ظہور حضرت الیاسؑ کے بعد ۵۲۹ھ میں ہوا۔ اجل انبیاء بنی اسرائیل سے ہیں زمانہ سلطنت یواش یا یہواش ۵۸۵ھ میں آپکی وفات ہوئی۔ بنی اسرائیل کو آپکے انتقال سے بڑی پریشانی کا سامنا ہوا جسوقت آپکا جنازہ قبرستان میں لیگئے اور قبر تیار کی تو اتفاق سے اس قبر میں ایک نعش موجود پائی خدا جانے کس زمانہ کی تھی ناچار آپکو اس قبر میں اس مردہ پر رکھدیا گیا جسوقت آپکے اعضاء سے اسکا جسم متصل ہوا فوراً وہ زندہ ہو کر کھڑا ہوگیا اسوقت بنی اسرائیل کو آپکی جلالت قدر کا اور بھی اندازہ ہوا۔ اسکے علاوہ آپکے معجزات بکثرت ہیں۔ ممالک بنی اسرائیل کی طرف آپ مبعوث ہوئے تھے۔ آپکی عمر ۲۰۴ سال ہوئی مرقد قریہ تستر۔

حضرت یوشع علیہ السلام آپکا ظہور ۳۸۶۹ھ میں ہوا۔ آپکی عمر ۹۷ سال کی تھی کہ حضرت موسیٰؑ نے تدبیر امور بنی اسرائیل کا آپکو خلیفہ کیا اور جسوقت حضرت موسیٰؑ نے اس دار ناپائدار کو الوداع کہا آپکو بارگاہ لم یزلی سے خطاب ہوا کہ اتباع موسوی کے ساتھ کاربند ہو کر قوم کو ہدایت کریں اور (رود اردن) سے عبور کا حکم ہوا۔ بنی اسرائیل کیلئے اراضی شام کنعان و بیت المقدس کی تقسیم پر مامور ہوئے۔ تعمیل ارشاد خداوندی سے آپ بنی اسرائیل کو لیکر مقام اریحا کی طرف روانہ ہوئے اور آپکی برکت سے جب وہ فتح ہوگیا۔ تو بمدلول آیہ اُسْكُنُوا هٰذِهِ الْقَرْيَةَ وَكُلُوا مِنْهَا حَيْثُ شِئْتُمْ وَقُولُوا حِطَّةٌ وَّادْخُلُوا الْبَابَ سُجَّدًا آپنے فرمایا کہ اے بنی اسرائیل مقام اریحا فیض خداوندی کی جگہ ہے داخل ہونیکے وقت عاجزی اور زاری کرتے جاؤ اور ازروئے تعظیم جھکتے چلو اپنے گناہوں کی طلب مغفرت کرو مقدسین بنی اسرائیل نے فرمانبرداری کی اور جہلا ہنسی کرنے لگے جیساکہ باری تعالے نے فرمایا ہے فَبَدَّلَ الَّذِيْنَ ظَلَمُوا قَوْلًا غَيْرَ الَّذِيْ قِيْلَ لَهُمْ استہزاءً حِطَّة کو حِنْطَة سمقانا سے بدل دیا جسکے معنی گندم سرخ کے ہیں۔ اشرار بنی اسرائیل کی اس حرکت سے غضب خداوندی کو حرکت ہوئی جیسا کہ حق جل وعلا فرماتا ہے فَاَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ رِجْزًا مِّنَ السَّمَآءِ بِمَا كَانُوْا يَظْلِمُوْنَ بلاء طاعون کا عذاب نازل ہوا اور

۲۴ ہزار آدمی ہلاک ہو گئے۔ حضرت یوشعؑ اور مشائخ بنی اسرائیل نے درگاہ بے نیاز میں گریہ وزاری کی اسکی برکت سے یہ بلا دفع ہوئی اور امن و امان ہو گیا۔ آپکے زمانہ میں ارض مقدسہ سے ملوک جبابرہ کا تسلط اٹھ گیا جسقدر ظالم و جبار تھے آپکے مقابلہ میں تہ تیغ ہوئے۔ باری تعالٰے نے حضرت ابراہیمؑ و حضرت اسحٰقؑ و حضرت یعقوبؑ سے جن نعمتوں کا وعدہ فرمایا تھا آپکے وقت میں اسکی تکمیل ہوئی ارض مقدسہ

تمام ملوک و امم سے خالی ہو کر بنی اسرائیل کے سپرد ہو گئی۔ جب آپکا وقت آخر ہوا تو آپنے قوم کو نصیحت کی کہ اے بنی اسرائیل اللہ کی نعمتوں کا شکر ادا کرو کبھی اسکی نافرمانی مت کرنا قوم نے آپکی نصیحت پر عمل کرنیکا اقرار کیا آپنے سنکر اسکو لکھا اور پہلو کتاب آسمانی میں رکھدیا ایک

یعقوبؑ
خط اولاد

پتھر بڑا اٹھا کر اسکی طرف اشارہ کیا کہ جس روز بنی اسرائیل اپنے عہد سے پھر ینگے یہ گواہ ہوگا کیونکہ اسنے میں جو احکام خدا کو مدی

بن یعقوبؑ
یساکر
منسا بن یوسفؑ
اصوتا
اجیا بن منسا
یعشون

حضرت موسٰی علیہ السلام

کئے بیان ہیں اسنے سنلئے ہیں۔ اسکے بعد تھوڑے عرصہ میں آپکا انتقال ہو گیا اسوقت سنہ ۳۸۹۲ تھا۔ ۱۲۰-۱۲۶ یا ۱۲۷ سال عمر ہوئی اور جبل افرائیم میں جسد مبارک دفن کیا گیا۔

حضرت موسٰی علیہ السلام

آپ بھی انبیاء بنی اسرائیل سے ہیں اور بعض مورخین نے ملاقات خضرؑ کو انہیں کی طرف منسوب کیا ہے اور آپکا ظہور اور وقت ملاقات سنہ ۳۸۲۲ لکھتے ہیں لیکن یہ قول مورخین کا احادیث صحیحہ کے بالکل خلاف ہے اسلئے اسکی کوئی وقعت نہیں ہو سکتی۔ چنانچہ صحیح بخاری میں عبداللہ بن مسعودؓ سے بروایت عبداللہ بن عباسؓ جو حدیث مروی ہے اس سے اور دیگر احادیث سے ملاقات خضر علیہ السلام موسٰی بن عمران کے ساتھ میں ثابت ہے اور چونکہ بنی اسرائیل میں انبیاء علیہم السلام کثرت گذرے ہیں اسلئے آپکا نبی ہونا کوئی مستبعد نہیں۔ اور قول مورخین صرف اسقدر قابل تسلیم ہے۔

حضرت ایلیا علیہ السلام

حضرت ایلیا علیہ السلام آپ زمانۂ حکومت یہورام میں اٹھائے گئے۔ اسکے بعد آٹھویں برس یہورام کا انتقال ہو گیا

بڑی ملوک بنی اسرائیل گزری ہیں۔ ۱۲

شاخ منسا بن یوسف ... یہ شاخ ... بن ... ہوشانا ... طرن

اور اسکا بیٹا تخت حکومت بنی اسرائیل پر بیٹھا اور اپنی حکومت کے دوسرے سال جزیرہ اور موصل پر چڑھائی کی اس لڑائی میں اسکے ہمراہ اجاب کا لڑکا والئے سامرہ بھی اسکا شریک تھا چنانچہ یہ دونوں والئے جزیرہ اور موصل سے لڑ بھڑ کر واپس آئے۔ یہوشافاط بن الیشا نے جو منسا بن یوسفؑ کی نسل سے تھا اور یورام بن اجاب کے قتل کی فکر میں تھا اسکو یہ موقع ملا اور ایک ہی وقت میں دونوں کو قتل کر دیا۔ (ابن خلدون)

اولاد یعقوبؑ

بن یعقوبؑ

زبالون

ایون

گاد

منیاخیم

بقحیا

بن یعقوبؑ

دان

مانوح

شمسون

شمسون القوی اور شمسون الجبار بھی انکو کہتے ہیں بنی اسرائیل میں بیس برس تک حاکمانہ زندگی بسر کی۔ بنی فلسطین سے بہت لڑائیاں لڑیں اور انکے بادشاہ کو گرفتار کر لیا۔ بعض نے انکو انبیاءِ بنی اسرائیل سے لکھا ہے اور بعض مورخین کاہنوں میں شمار کرتے ہیں۔ واللہ اعلم بحقیقۃ الحال۔ اور کہونیت بھی قربانگاہ کے قائم رکھنے اور احکام شرعیہ کے نافذ کرنے اور ذبح وبخور کے شرائط پورا کرنیکو کہتے ہیں۔ ابن عمید کہتا ہے کہ شمسون کے بعد ایک دوسرا حاکم میخائیل بن ادعیل نامی بنی اسرائیل میں ہوا اور اس نے آٹھ برس تک حکومت کی مگر اسکی حکومت مستقل نہ تھی اسکے زمانہ میں بنی اسرائیل میں اکثر فتنے برپا ہوتے رہے انہیں فتنوں میں سبط بنیامین کا خاتمہ ہو گیا۔ پھر فتنہ وفساد فرو ہو گیا ان ایام میں انکا کاہن عالی بیطات بن حاصاب بن الیان بن فنحاص بن عیزار بن ہارونؑ تھا فتنہ فرو ہونیکے بعد بنی اسرائیل اپنے احکام اور لڑائیوں کی تدبیریں اسی سے پوچھتے تھے۔ اسکے دو لڑکے تھے اور یہ دونوں نافرمان و سرکش تھے اسکے عہد حکومت میں بھی بنی فلسطین سے اکثر لڑائیاں ہوتی رہیں اور ان دونوں لڑکوں کے بدولت بہت سی بدافعالیاں پیدا ہو گئیں۔ انبیاء وقت انکو سمجھاتے رہے مگر وہ اپنی حالت موجودہ سے نہ پھرتے تھے آخرکار انکی بدکرداریوں نے یہ برا دن دکھایا کہ بنی اسرائیل کو بنی فلسطین نے شکست دی۔ (ناسخ)

حضرت موسیٰ اول علیہ السلام ۳۷۴۸ سنہ ہبوط میں آپکی ولادت ہوئی فرعون مصر قابوس بن مصعب کو کثرت بنی اسرائیل سے اندیشہ ہوا کہ مبادا
انکی کثرت کا انبوہ مخل سلطنت ہو اور روز بروز انکی ترقی سے فرعون کی پریشانی بڑھتی گئی تا آنکہ ارکین سلطنت کو اسنے جمع کیا اور یہ صلاح قرار
پائی کہ بنی اسرائیل کو کارہائے سخت پر مامور کیا جاوے اور حکام جابران پر تشدد کیلئے مامور کئے گئے طرح طرح کی سختی اور ایذا سے بنی اسرائیل کو

مجبور کیا گیا اور محض انکی آزار دہی کی غرض سے بلدہ عمیس کی بنا شروع کی تاکہ محنت اور مزدوری کا کام ان سے لیا جاوے باوجود اس ظلم و تعدی
کے بنی اسرائیل کی نسلی ترقی میں کوئی کمی نہیں ہوئی۔ اسی اثناء میں فرعون نے ایک رات خواب دیکھا جسکی تعبیر معبران نے یہ بتائی کہ بنی اسرائیل سے ایک

یعقوب
اولاد

لڑکا پیدا ہوگا اور سلطنت مصر کو تباہ کردیگا
اس خوف سے فرعون نے بنی اسرائیل کے بچوں کے
قتل کا حکم دیدیا۔
لیکن یہ تدابیر فرعونی

یہ خط بصیر سے ملیگا

لاوی
غرشون
مراری
قاہت
یوخابذ

قضا و قدر کا کیا مقابلہ کرسکتی تھیں بلکہ کمال
فرعون کے گھر میں پرورش پائی جوان ہوئے۔
آپ خوف زدہ ہوکر
عمر میں ۳۷۸۸ سنہ میں مصر
روز کی مسافت طے
مدین میں پہونچے۔ ایک
نیچے آپ آرام فرمارہے تھے
شعیبؑ کی صاحبزادیاں اپنے مویشیوں کو
آئیں اور آپنے انکے مویشیوں کو سیراب کیا او
شعیبؑ نے آپ سے فرمایا جیسا کہ کلام پاک
اِنِّیْۤ اُرِیْدُ اَنْ اُنْكِحَكَ اِحْدَى ابْنَتَیَّ
هٰتَیْنِ عَلٰۤى اَنْ
تَاْجُرَنِیْ ثَمٰنِیَ حِجَجٍ
میں چاہتا ہوں
کہ اپنی ان دو لڑکیوں میں
سے کیسا کا تمہارے ساتھ
نکاح کردوں اس امر پر
کہ تم آٹھ سال میری خدمت
کرو۔ چنانچہ آپ دس
سال حضرت شعیبؑ کی خدمت میں رہے اور انکی صاحبزادی
صفورا سے آپکی شادی ہوئی۔ ادھر قابوس بن مصعب کا

عمران
قدرت الٰہی کا یہ
پھر ایک
اظہار ہوا کہ خود
قبطی کے قتل پر
چالیس سال کی
سے نکلے اور سات
کے اطراف
درخت کے
کہ حضرت
غرض سے
پانی پلانے کی
آپ حضرت شعیبؑ کی خدمت میں پہونچے حضرت
میں مذکور ہے

مریم

حضرت
موسیٰ
علیہ السلام
کلیم اللہ

حضرت
ہارون
علیہ السلام

عیزار

یہ خط فنحاص سے ملیگا

انتقال ہوگیا اور اُسکا دوسرا بھائی ولید بن مصعب بن معوۃ بن ابی نمیر بن فلوص بن لیث بن ہاران بن عمرو بن عملیق بن عویج بن حام کا بادشاہ ہوا اور آپ معہ اہل وعیال ۹۰ سال ایکماہ ایک ہفتہ بعد بحکم ربانی مراجعت مصر کے عازم ہوا اور اُسوقت آپکے والد عمران کا بھی بعمر ایکسو چھتیس سال انتقال ہوچکا تھا۔ آپ مدین سے نکلکر پانچویں روز چھٹی رات کہ شب جمعہ تھی وادئ ایمن کے قریب پہونچے اتفاقاً ہوا و بارش کثرت سے

ہوئی آگ کی تلاش تھی کہ سامنے سے کوہ سینا پر روشنی معلوم ہوئی اور اُسکی طرف آپ روانہ ہوئے جسوقت کوہ طور پر پہونچے وہاں وسی اسماعیل تھا خطاب ہوا اِنِّیۤ اَنَا رَبُّكَ فَاخْلَعْ نَعْلَيْكَ اِنَّكَ بِالْوَادِ الْمُقَدَّسِ طُوًى (تحقیق میں رب تیرا ہوں پس اُتار دو جوتیاں اپنی اسلئے کہ تو پاک زمین میں ہے) اُسوقت آپکا سن شریف ۹۰ سال ایکماہ بارہ روز کا تھا۔ اسکے بعد راز و نیاز کی گفتگو ہوئی خلعت نبوت معجزہ ید بیضا عصا

یعقوبؑ خطا اولاد

عطا ہوا ولید بن مصعب فرعون مصر کے ہدایت پر مامور ہوئے۔ آپنے اپنی تقویت کے معذوری زبان کیوجہ سے جناب باری میں عرض کیا وَ اجْعَلْ لِّيْ وَزِيْرًا مِّنْ اَهْلِيْ هٰرُوْنَ اَخِي (اور کردے میرا مددگار میرے گھرانے سے میرے بھائی ہارونؑ) یہ درخواست بھی حضرت کلیم اللہ کی مقرون باجابت ہوئی اور مصر کی طرف روانہ ہوئے ادھر آپکے گھر والے جو منتظر آگ کے بیٹھے تھے اتفاقاً صبح کیوقت چند آدمی مدین کے

قاہث بیصہر بن

ادھر سے گذرے اور ان سب کو ساتھ لیکر حضرت شعیبؑ کی خدمت میں پہونچادیا۔ جسوقت آپ مصر کے قریب پہونچے۔ حضرت ہارونؑ کو آپکے استقبال کا حکم ہوا آپ راستہ میں آملے اور تین روز مصر میں قیام کرکے فرعون کے پاس گئے اسکو ہدایت کی مگر اثر نہوا ہر چند آپنے معجزات دکھائے مگر اِنَّ هٰذَا السَّاحِرٌ عَلِيْمٌ کا جواب سنا اور کوئی امید اصلاح ظاہر نہوئی تو غضب خداوندی جوش میں آیا۔ عذاب گوناگوں اُنپر نازل ہوئے اور فرعون معہ تمام گروہ کے دریائے نیل میں غرق کردیا گیا اس مرتبہ مصر میں آپکا قیام کل پندرہ مہینہ رہا اور آپ معہ بنی اسرائیل مصر سے روانہ ہوگئے۔ بنی اسرائیل بیابان میں آباد ہوئے اور یہاں من و سلویٰ ان پر اُترنے لگا۔ موسیٰؑ سے حضرت شعیبؑ کی یہاں ملاقات ہوئی۔ اسکے بعد ۳۸۲۹ سنہ میں میقات اربعین کا واقعہ ہوا بنی اسرائیل کو آپ ہدایت کرتے رہے اس درمیان میں کثرت سے معجزات آپ سے ظہور میں آئے۔ حضرت خضر سے ملاقات ہوئی۔ ۳۸۶۹ سنہ میں مقام قادیس میں حضرت ہارون علیہ السلام و مریم کا انتقال ہوگیا۔ ان واقعات کے بعد ۳۸۶۹ سنہ میں وادئ موآب میں آپکا انتقال ہوا۔ ایکسو بیس سال کی عمر ہوئی۔ مرقد غربی جنوب بیت المقدس سے بیس میل کے فاصلہ پر ہے اور ہر سال سلطانی اہتمام سے آپکے مزار پر مولود شریف ہوتا ہے۔

یاسین

فنحاص الیان سوف یاد یاهد یوام کنا

فنحاص

حضرت شموئیل علیہ السلام سنہ ۳۱۲ میں آپکی پیدائش ہوئی اور علی بن بیطات بن حاصاب بن الیان کے پاس آپنے پرورش و تربیت پائی۔ اور آپکے والد القانا یا کنا کو صاحب ناسخ التواریخ نے انبیاء بنی اسرائیل سے لکھا ہے اور سکونت انکی جبل افرائیم میں تھی۔ لیکن نسب میں انکے بہت اختلاف ہے بعض نے اسفاد قارون سے لکھا ہے اور بعض عیزار بن ہارونؑ کی اولاد سے لکھتے ہیں۔

بہر حال حضرت شموئیل علیہ السلام انبیاء بنی اسرائیل سے ضرور تھے۔ ۵۲ سال آپکی عمر ہوئی شاول اور داؤدؑ کی لڑائی آپکے زمانہ میں ہوئی دین موسوی پر آپنے مخلوق کو ہدایت کی مقام مصفیا میں آپکو مرض الموت ہوا اور دو میں سنہ ۳۶ میں آپکا انتقال ہوا قبائل بنی اسرائیل نے زمین رامہ میں آپکو دفن کیا۔

۵۱ ابیہو سے عزیر علیہ السلام تک صاحب ناسخ التواریخ نے درمیانی تیرہ ۱۳ پشتیں لکھی ہیں اور ابن خلدون و دیگر مورخین چھ واسطے لکھتے ہیں۔ واللہ اعلم بحقیقۃ الحال۔

حضرت الیاس علیہ السلام آپکی شان میں رب تعالٰی فرماتا ہے وَاِنَّ اِلْیَاسَ لَمِنَ الْمُرْسَلِیْنَ (اور تحقیق الیاس البتہ ہمارے بھیجے ہوؤں
میں سے ہیں) چونکہ آپکی عمر دراز ہوئی اسوجہ سے ہر عہد اور ہر بلدہ میں آپکا قیام ہوا اور اس بنا پر اس قیامگاہ کی طرف آپکو نسبت
ہوتی رہی اور ابتداءً آپ بادشاہ شہر بعلبک کی سلطنت میں مبعوث ہوئے تھے - چلبادا اور خضر بھی آپکا نام ہے بناءً علیہ بعض کا خیال

ہے کہ خضر و الیاس ایک ہی تھے (لیکن در حقیقت خضر علیہ السلام دوسرے ہیں) حضرت موسیٰ کے زمانہ کے بعد آپنے عزلت اختیار
کرلی اور ہمیشہ عبادت الٰہی میں مشغول رہے قریہ شومرون میں آپکا قیام رہتا تھا کہ اسی اثناء میں احاب بادشاہ بنی اسرائیل نے
حضرت الیاسؑ کے معجزات کا اپنی بیوی ایزابل سے ذکر کیا حضرت الیاسؑ نے چونکہ ۴۵۰ آدمی کو جو جھوٹا دعوی نبوت کا کرتے تھے

الیاسؑ زمین میں بقید حیات ہیں۔ واللہ اعلم بحقیقۃ الحال

حضرت عزیر علیہ السلام آپکا ظہور سنہ ۹۱۲ ہبوط میں ہوا (عزیر) عبری زبان میں مددگار کے معنی ہیں (مصغر عزر) ہے جسکا معرب عزیر ہوا۔ اور لقب آپکا سوفر ہے بمعنی کاتب کے۔ توریت میں آپکا نام تحمینا ہے زمانہ بخت نصر میں توریت جلادی گئی تھی سوائے آپکے کسی کو حفظ یاد نہیں تھی۔ چنانچہ آپنے

بیت المقدس میں جسوقت آل یہودا اور بنی لاوی نے اصرار کیا ممبر پر بیٹھکر تمام توریت سنادی اور از سرِ نو نسخہ توریت لکھا گیا اسیواسطے آپکا لقب سوفر ہوگیا۔ حضرت عزیرؑ نے بتیسویں سال حکومت داریوش بادشاہ میں شہر شستر کا ارادہ کیا اثناء راہ میں ایک ویرانہ میں آپکا گذر ہوا جہاں مردوں کی ہڈیاں انکی نظر سے گذریں اور خیال ہوا کہ اللہ تعالے ان گلی ہوئی ہڈیوں کو کیسے زندہ کریگا۔ اسی خیال میں سوگئے۔ باری تعالے نے خواب میں انکی روح قبض کرلی اور انکی سواری بھی ہلاک ہوگئی۔ سو برس کے بعد آپ زندہ کئے گئے اور ایک فرشتہ نے آکر دریافت کیا تم یہاں کتنے عرصے ٹھہرے آپنے فرمایا کہ ایک دن یا اس سے بھی کم۔ فرشتہ نے جواب دیا کہ تمکو یہاں سو برس ہوگئے ہیں مگر اپنے کھانے کو دیکھو بدستور رکھا ہے اسمیں کوئی خرابی نہیں آئی اور قدرت الٰہی کا تماشہ دیکھو تمہاری سواری جو گل کے خاک ہوگئی ہے اور ہڈیاں بوسیدہ ہیں انکو کیسے جوڑتے ہیں اور کسطرح اُسپر گوشت چڑھتا ہے۔ چنانچہ قدرت الٰہی سے وہ زندہ ہوگیا آپ اُسپر سوار ہوکر شوشتر اپنے وطن آئے چونکہ سو برس کا زمانہ گزر چکا تھا آپکو کسی نے نہیں پہچانا مگر آپکے معجزات دیکھکر سب نے یقین کرلیا اور آپکی طرف رجوع ہوئے لیکن زیادتی اعتقاد سے مخلوق گمراہی میں بڑھ گئی اور آپکو خدا کا بیٹا کہنے لگی جیسا کہ کلام پاک میں اسکی تفصیل موجود ہے ان واقعات کے بعد پچاس سال آپ اور زندہ رہے اور قوم کو ہدایت کرتے رہے۔

حضرت عزیر و حزقیل علیہ السلام
انکا سلسلہ نہیں ملا

حضرت حزقیل علیہ السلام آپ وردمان بنی لاوی قبیلہ صاف سے ہیں سنہ ۶۵۰۶ میں ظہور ہوا۔ بادشاہ یہوشافاط پر بنی مواب بنی عمون جسوقت حملہ آور ہوئے اور قرب وجوار بیت المقدس میں غارتگری شروع کردی اُسوقت یہوشافاط کو سخت پریشانی ہوئی اور آپکی خدمت میں حاضر ہوکر استغاثہ کیا آپنے جناب باری میں التجا کی۔ آثار قبولیت نمایاں ہوگئے۔ اور بادشاہ کو آپنے مطمئن کیا کہ یہ لڑائی خدا کے ساتھ ہے کل وہ خود تمہاری مدد کریگا۔ دوسرے روز تمام آل یہودا لشکر آراستہ کرکے مقابلہ کو نکلی اور مقام جبل ساعیر فریقین میں سخت جنگ ہوئی اور حضرت حزقیلؑ بھی شریک جنگ تھے تین روز کے اندر دونوں قبیلوں کا قلع قمع ہوگیا اور کثرت سے مال و متاع لیکر واپس بیت المقدس آئے۔

حضرت عوبدیاہو علیہ السلام
انکا سلسلہ نہیں ملا

حضرت عوبدیاہو علیہ السلام آپ بھی انبیاء بنی اسرائیل سے ہیں بادشاہ احاب کے زمانہ میں سنہ ۵۰[illegible] ہبوط میں آپکا ظہور ہوا۔ حضرت الیاسؑ کی بددعا سے بنی اسرائیل پر امساک باراں ہوا اور مخلوق تباہ ہونے لگی

حضرت عوبدیاہو چونکہ احاب کے اراکین میں سے تھے انسے کہا کہ آپ جاکر کسی چشمہ کی تلاش کرو اور خود بھی ایک دوسری طرف کو اس فکر میں روانہ ہوگیا۔ حضرت عوبدیاہو کو حضرت الیاسؑ راستہ میں مل گئے اور اسوقت احاب کے جاسوس حضرت الیاسؑ کے قتل و گرفتاری کے خیال میں گشت کررہے تھے۔ آپنے حضرت الیاسؑ کو اسکی اطلاع دی۔ حضرت الیاسؑ نے فرمایا کہ میں خود احاب کے پاس جاتا ہوں اور بارش بھی ہوگی

عوبدیاہو یہاں سے واپس ہوئے اور احاب کو آپکی آمد سے اطلاع دی حضرت الیاسؑ جسوقت پہونچے تو بارش ہوئی۔ اور عوبدیاہو کی وجہ سے حضرت الیاسؑ کی نبوت کے سب قائل ہوئے۔ مورخین لکھتے ہیں کہ عوبدیاہو کو امور سلطنت احاب میں کامل دسترس تھی۔ سو نبیوں کو اسکی شر سے محفوظ رکھا اور پچاس نبیوں کو پوشیدہ طور سے خورونوش کا سامان پہونچاتے تھے۔

خط اولاد یعقوبؑ

حضرت یوئیل علیہ السلام بن تبویل ۸۷۲ھ میں آپکا ظہور ہوا زمانہ دولت ... میں آپکو نبوت ہوئی۔ آپ بھی شریعت موسوی کے پیرو تھے۔

حضرت عاموس علیہ السلام ۷۶۱ھ ہبوط میں آپکا ظہور ہوا۔ عاموس کے معنی عبری زبان میں رکھنے کے ہیں۔ عہد عوزیا میں مرتبۂ نبوت پایا اور بنی اسرائیل کو راہ حق کی ہدایت کرے شریعت موسوی کے متبع تھے بادشاہ غوریا جسکے زمانہ میں آپ مبعوث ہوئے تھے آل یہودا میں نہایت باہیبت و شوکت بادشاہ گزرا ہے۔ بڑی بڑی عالیشان عمارتیں بیت المقدس میں تیار کرائی۔ بنی عمون اور قبائل فلسطین و عمالقہ سے جنگ کی اور غالب آیا فوج و سپاہ بڑی کثرت سے رکھتا تھا چنانچہ سات ہزار پانچسو مسلح سپاہی دست بستہ روزانہ دربار میں کھڑے رہتے تھے شریعت موسوی کا پابند تھا عمر ۵۲ سال سلطنت کی لیکن آخر میں جب اسکی سلطنت نہایت وسیع ہوگئی کبر و نخوت سے آپے سے باہر ہوگیا اور اطاعت خداوندی سے پھر گیا ایک روز بیت المقدس میں گیا وہاں کا ایک خادم تھا اتفاقاً اسکا نام بھی غوریا تھا اس سے اسنے مزاحمت کی اور باہر نکالنے کا حکم دیدیا گیا۔ فوراً ہی اسکی دونوں آنکھوں کے درمیان برص کا نشان پیدا ہوا اور اسی حالت میں مر گیا اور چونکہ مبروص مرا تھا اسواسطے لوگوں نے سلاطین کے مقابر میں بھی دفن نہیں کیا غضب خداوندی سے مرنے کے بعد بھی ذلیل ہوا۔

حضرت یوئیل علیہ السلام

حضرت عاموس علیہ السلام

یہودا ابن یعقوب علیہ السلام انکی اولاد میں بڑے بڑے ملوک اور انبیاء کثرت سے ہوئے ہیں گو انکے بھائیوں کی اولاد میں
بھی یہ شرف تقریباً مساوی تھا چنانچہ خروج مصر سے چالیس سال بعد حضرت موسیٰؑ نے بحکم باری تعالیٰ بنی اسرائیل کی
جسوقت شمار کی ہے تو اولاد یہودا کے علاوہ اُن دونوں لڑکوں عیر اور اونان نامی کے جنکا حضرت یعقوبؑ کے مصر آنے

سے پہلے کنعان میں انتقال ہوگیا تھا اور ذریت سے جو اولاد ہوئی ۔ اُنکی ۷۶۵۰۰ تعداد تھی ۔ راد بن یعقوبؑ کی ۴۳۷۳۰ اور شمعون
بن یعقوبؑ کی ۲۲۲۰۰ - جاد کی اولاد ۴۵۰۰۰ - اور کار بن یعقوبؑ کی ذریات ۶۴۳۰۰ - زبلون کی ۶۲۵۰۰ نفر تھی - احفاد

یعقوبؑ
خطا ولاد

آرم
حصرون
بارض
یہودا
عمینوذاب
یوقنا
نحشون
سلمون
ابصان
عوفید
ایشا

حضرت کالب علیہ السلام

منسا بن یوسفؑ کی ۵۲۷۰۰ آدمی تھے اور افرائیم
بن یوسفؑ کی اولاد سے ۳۲۵۰۰ آدمی تھے اور
سلسلہ بنیامین بن یعقوبؑ سے ۴۵۶۰۰ آدمی تھے
اور ۶۴۴۰۰ دان بن یعقوبؑ کی اولاد تھی اولاد
دختری آشیر کی لڑکی سارح سے جو نسل نفتالی بن یعقوبؑ
سے ہے ۵۴۴۰۰ آدمی اس نسل کے تھے۔
اللہ تعالیٰ نے حضرت ابراہیمؑ و اسحٰقؑ و یعقوبؑ کی برکت سے
بنی اسرائیل کو بڑی بڑی نعمتوں سے سرفراز فرمایا تھا۔

حضرت کالب علیہ السلام
آپ آل یہودا سے ہیں حضرت یوشعؑ کے بعد نبی ہوئے قریہ جیرون
جو حضرت موسیٰؑ نے آپکے
لئے قسمت کیا تھا یہیں آپکا قیام رہا اور ایک سو ۱۳۰
تیس سال آپکی عمر ہوئی
انکے بعد شانوش انکے لڑکے خلیفہ ہوئے
اور قریہ جیرون ہی
میں سنہ ۹۲۲ ہبوط میں آپکی وفات ہوئی۔
زمین فاران میں حضرت
موسیٰؑ نے نزول کے بعد بغرض استفسار
حال کنعان
جاسوس روانہ کئے تھے انہیں
آپ در
یوشعؑ بھی شامل تھے وہ
زمانہ میں
کنعان اور اُسکے اکناف
میں عوج بن عنق یا عناق
کی حکومت تھی جو دنیا کی زبردست اور قوی ہیکل
قوم تھی - میوہ جات کی کثرت اور سبزہ زار یہاں کا تمام ممالک پر فائق تھا - حضرت کالبؑ نے یہاں پہونچکر جاسوسوں
کو ہدایت کی کہ بنی اسرائیل سے یہاں کے قوم کی حالت بیان کریں مگر جاسوسوں نے یہاں سے واپس آ کر برخلاف

۳ خط داؤد

عہد کیا اور بنی اسرائیل کو بنی عناق سے خوف زدہ کر دیا چنانچہ حضرت موسیٰؑ نے جسوقت بنی اسرائیل کو کنعان کی طرف روانگی کا حکم دیا سب
انکار کر گئے - اور عتاب الٰہی اُن پر نازل ہوا۔

حضرت داؤد علیہ السلام۔ آپ یہودا بن یعقوبؑ کی اولاد میں سے سنہ ۳۳۳ھ ہبوط میں پیدا ہوئے مقام جیرون میں مقیم رہے جب ۳۸ برس کی عمر کو پہونچے تو بیت المقدس میں گئے اور علاوہ ملک سابق شام میں مقامات فلسطین اور عمان اور رباب اور حلب اور نصیبین اور ملک آرمنی کے کچھ شہروں کو فتح کیا اور چالیس برس حکومت کی ستر برس کی عمر میں وفات پائی آپکا معجزہ تھا کہ آپکے

ہاتھ میں لوہا موم جیسا نرم ہوجاتا تھا۔ زرہ بناتے تھے حکیم لقمانؑ آپکے شاگرد تھے۔ آپ پر کتاب زبور اتری نہایت خوش آواز تھے جب آپ زبور کو پڑھتے جن وانس وطیور و جانور تمام سننے کو اکٹھے ہوجاتے پانی بہنے سے رک جاتا اور ہوا چلنے سے رک جاتی تھی صائم ایسے تھے کہ ایک دن روزہ رکھتے اور ایک دن افطار کرتے تھے اکثر حصہ رات کا بھی عبادت میں گزارتے تھے انکے زمانہ

خط اولاد یعقوبؑ

سلطنت میں دوسری طرف کنعانیوں سے کیقباد کی بادشاہی تھی۔

حضرت سلیمان علیہ السلام بن داؤد سنہ ۳۵۱ھ ہبوط میں پیدا ہوئے اور بارہ برس کی عمر میں اپنے باپ کی وفات کے بعد بادشاہ ہوئے اور آپ ایسے بادشاہ ہوئے کہ دنیا میں کوئی ایسا بادشاہ نہیں ہوا جن وانس وطیور ہوا وغیرہ ہر چیز کے بادشاہ تھے جہاں جانا چاہتے تھے اسی جگہ انکے تخت کو ہوا لیجاتی تھی۔ ایک ماہ کا سفر صبح اور ایک ماہ کا سفر شام کو طے کر جاتے تھے۔ جن بڑے بڑے کام بناتے تھے اور حاضر رہتے تھے۔ عہد حکومت کے چوتھے سال میں بیت المقدس کی عمارت بنائی تیس ہاتھ اونچا اور ساٹھ ہاتھ لمبا اور بیس ہاتھ چوڑا بنایا اور اسکی گرد کی دیوار پانچسو ہاتھ بنائی سات برس اس میں رہے اور عہد حکومت کے پچیسویں سال میں یمن کی ملکہ بلقیس آپ کی خدمت میں حاضر ہوئی اور اپنے ملک کو سلیمانؑ کے سپرد کر دیا اور آپکے نکاح میں آگئیں۔ اور دیگر تمام دنیا کے بادشاہ آپکے مطیع ہوگئے غرض کل دنیا میں آپکی بادشاہی ہوگئی اور باون برس کی عمر میں سنہ ۳۷۳ھ ہبوط میں وفات پائی۔ آپکے بعد آپ کی اولاد میں ملک رہا اور دو سو اکسٹھ برس تک پندرہ بادشاہ ہوئے پھر آپکی اولاد کے ہاتھ سے ملک نکل گیا اور حضرت داؤد علیہ السلام کے صلبی اولاد علاوہ حضرت سلیمان علیہ السلام کے جو ہوئی وہ یہ ہے۔ ناتان۔ سمیا۔ ارلعام۔ شلوم۔ متغاثیہ۔ نضح۔ دانیل۔ صوباہ۔ باقیا۔ الیفات۔ الباذر۔ الیسمہ۔ اور دنیا۔ نوجاہ۔ اموں۔ بہار۔

حضرت سلیمان علیہ السلام

حضرت داؤد علیہ السلام

حضرت اموص علیہ السلام آپ اپنے بھائی امصیاہو کے زمانۂ پادشاہت میں ۵۸۵۵ ہبوط میں بنی اسرائیل پر مبعوث ہوئے۔

حضرت یشعیا علیہ السلام آپ حضرت اموصؑ کے صاحبزادے ہیں ۵۶۹۸ ہبوط میں آپکا ظہور ہوا اور بادشاہ بنی اسرائیل خزقیا کے زمانے میں آپکی دعاء برکت سے قوم کو امن ہوا اور دشمنوں سے نجات ملی۔

حضرت یشعیا علیہ السلام

حضرت اموص علیہ السلام

رحبعام
ابیا
آسا
یہوسفاط
یہورام یارام
اخزیاہو
یاوش یہوواش
امیصیاہو
عزیاہو یاعوزریاہو
یوتام
آخز
حزقیا
امریا
عودلیا

شلوم
فاحور
شفطیہ
بریخیا
میشنان

حضرت زکریا علیہ السلام ۵۵۷ سنہ میں آپکا ظہور ہوا آپ نبی وقت اور رئیس خدام بیت المقدس تھے۔ مریمؑ کی بہن یا پھوپی ایشاعؑ سے آپکا نکاح ہوا ۵۰ سال کی عمر تک آپکے کوئی اولاد نہیں ہوئی اور حضرت مریمؑ چونکہ انکی تربیت میں تھیں جب مریمؑ کے پاس جاتے تو میوہ جات خلاف موسم انکے پاس دیکھتے اس واقعہ سے حضرت زکریاؑ کے دل میں خیال ہوا کہ جو قادر قیوم بے وقت

مریمؑ کو ایسی اشیاء خوردنی پہونچاتا ہے کیا عجب ہے کہ مجھے بھی بیوقت اولاد عطاء کرے اور آپنے مراد کے لئے دست دعا پھیلایا هُنَالِكَ دَعَا زَكَرِيَّا رَبَّهٗ قَالَ رَبِّ هَبْ لِيْ مِنْ لَّدُنْكَ ذُرِّيَّةً طَيِّبَةً ط (اسی جگہ دعا کی زکریا نے اپنے رب سے کہا اے رب کیر دے مجھے اپنے پاس سے بیٹا پاک) یہ دعا آپکی مقبول باجابت ہوئی اور فرشتہ نے بحکم باری ندا دی۔ اَنَّ اللّٰهَ يُبَشِّرُكَ

اسلئے اب پیدا کرنا کیا دشوار ہے۔ چنانچہ اس دعا سے پانچ سال بعد حضرت یحیٰی علیہ السلام چھ ماہ کے حمل سے پیدا ہوئے۔ اسی زمانہ میں حضرت عیسیٰؑ پیدا ہوئے۔ اشرار بنی اسرائیل نے حضرت زکریاؑ کو شہید کیا آپ انکے خوف سے ایک درخت میں پوشیدہ ہو گئے۔ بنی اسرائیل نے اُس درخت کو چیر دیا۔ سو برس کی عمر میں اس ظلم سے آپ شہید ہوئے۔ حضرت یحیٰی علیہ السلام بہت ہی عابد زاہد

تھے خوف خداوندی سے بہت روتے تھے یہانتک کہ آپکے چہرہ پر آنسوؤں کے جاری ہونے سے زخم ہو گئے تھے ہمیشہ تخلیہ اور تنہائی میں بیٹھے رہتے تھے۔ ساری عمر نکاح نہیں کیا اور یہ اُسوقت کی شریعت میں جائز تھا بادشاہ ہیرودس نے اپنے بھتیجی سے ان کا نکاح کرنا چاہا۔ حضرت یحیٰیؑ نے انکار کیا۔ اس عداوت سے اُسنے آپکو قتل کرا دیا۔ یوحنا بھی آپکو کہتے ہیں۔

خط اولاد یعقوبؑ

حضرت مریم علیہا السلام باری تعالےٰ نے حضرت مریمؑ کو عورتوں میں بڑا مرتبہ عطا فرمایا تھا اور سب سے زیادہ بزرگی آپکی یہ ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی والدہ ہیں نسب آپکا صاحب ناسخ التواریخ نے اسطرح بھی لکھا ہے

مریمؑ بنت ایلیعاذر بن ایلیہود بن اکین بن زادوق بن عازور بن ایلیاقیم بن ابیود بن
زوربابل بن شلتائیل بن یوکانیا بن یوشیا بن آمون بن منسیٰ بن حزقیا بن احا
بن یوثام بن عوزیا بن یورام بن یہوشافاط بن اسا بن ابیا بن رحبعام
بن سلیمان بن داؤدؑ۔ حضرت عیسیٰؑ بیت المقدس کے قریب
قریہ بیت اللحم میں آپکی ولادت ہوئی چونکہ آپ
قدرت الٰہی سے بغیر باپ کے پیدا ہوئے
اور بعد حمل ہی یا بعد انقضائے مدت حمل
کہ جو دونوں تعجب خیز صورتیں ہیں آپکی ولادت ہوئی اسکے بعد بنی اسرائیل نے حضرت مریمؑ
پر تہمت لگائی اور آپ سے مزاحم ہوئے تو مریمؑ نے فرمایا کہ اس بچے سے دریافت کرو حضرت عیسیٰؑ روح اللہ شیر خوار گود میں تھے
آپنے فرمایا اِنِّیْ عَبْدُ اللّٰهِ ط اٰتَانِیَ الْکِتٰبَ وَجَعَلَنِیْ مُبٰرَکًا اَیْنَ مَا کُنْتُ وَاَوْصٰنِیْ
بِالصَّلٰوةِ وَالزَّکٰوةِ مَا دُمْتُ حَیًّا وَّبَرًّا بِوَالِدَتِیْ وَلَمْ یَجْعَلْنِیْ جَبَّارًا
شَقِیًّا (بیشک میں بندہ اللہ کا ہوں اسنے مجھکو کتاب دی اور مجھکو نبی کیا ہے اور کیا

حضرت یحیٰی علیہ السلام

حضرت مریم علیہا السلام

خط عیسیٰؑ

مجھکو برکت والا جہاں ہوں اور حکم کیا مجھے نماز پڑھنے اور زکوٰۃ دینے کا جبتک
زندہ رہوں اور کیا مجھے بھلائی کرنیوالا میری ماں کے ساتھ اور نہیں کیا مجھکو
متکبر بدبخت) مگر قوم اس معجزہ کو دیکھکر بھی اپنی الفاظ ناشائستہ سے باز نہیں
آئی حضرت مریم یوسف بن نجار کو ہمراہ لیکر مصر تشریف لیگئیں اور جب حضرت
عیسیٰؑ بارہ برس کے ہوئے تو معہ اپنی والدہ شام کے قریہ ناصرہ میں مقیم ہوئے (اسی نسبت سے

اور عیسائیوں کا لقب نصارا ہوا) آپکی تیس برس کی عمر میں نبوت ہوئی اور انجیل نازل ہوئی اور بکمال درجہ کے زاہد اور تارک الدنیا تھے۔ یہود کو آپسے عداوت ہوئی اور بادشاہ فیلاس آپکے قتل پر آمادہ ہوگیا۔ باری تعالےٰ نے اسکو آپ کا ہمشکل کر دیا اور صلیب پر چڑہا دیا گیا اور حضرت عیسیٰ آسمان پر اٹھالئے گئے سنہ ۵۶۱۷ ہبوط میں اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم

سے ۵۷۰ برس پہلے یہ واقعہ ہوا کل ۳۳ سال آپ دنیا میں رہے اور حضرت مریمؑ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے رفع کے بعد چھ سال اور زندہ رہیں ۵۳ سال کی عمر میں انکا بھی انتقال ہوگیا حضرت عیسیٰ کے اٹھائے جانے کے بعد بنی اسرائیل کو سر سبزی نہیں ہوئی اور دن بدن تنزل ہوتا گیا ذَالِكَ بِمَا عَصَوا وَّكَانُوا يَعْتَدُونَ ط (یہ بوجہ اسکے کہ نافرمانی کی انہوں نے اور ظلم کرتے تھے) آپ بمقابلہ دیگر انبیا کے خصوصیت سے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے مبشر بھی تھے جیسا کہ اس بارہ میں کلام باری سے ظاہر ہے اِنِّي رَسُولُ اللّٰهِ اِلَيْكُمْ مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيَّ مِنَ التَّوْرٰةِ وَمُبَشِّرًا بِرَسُولٍ يَّاْتِي مِنْ بَعْدِي اسْمُهٗ اَحْمَدُ ط (بیشک میں اللہ کا رسول ہوں تمہاری طرف دلیل اور حجت کے ساتھ حالانکہ تصدیق کرنیوالا ہوں اس چیز کی جو مجھ سے پہلے ہے یعنی کتاب توریت اور بشارت دینے والا ہوں ایک رسول کی جو میرے زمانہ کے بعد تشریف لاوینگے نام انکا احمد ہوگا۔

یعقوب خط اولاد

حضرت
جاد
علیہ السلام
انکا ظہور اسلسلہ میں ہے

حضرت جاد علیہ السلام... ہیں سنہ ۳۲۶۲ ہبوط میں آچکا حضرت داؤد کی سکونت تھی حضرت جاد ۳ انکی پیغامبران بنی اسرائیل سے ہیں ظہور ہوا اور کہتے ہیں کہ جب مقام امصیا میں پاس آئے اور خبر دی کہ حکم باری اسطرح پر ہے کہ تم یہاں سے خرنوب کی طرف جاؤ چنانچہ آپ جاد ع کی ہدایت کے مواق یہاں سے روانہ ہو کر خرنوب پہونچے۔ (تاریخ)

عیسیٰ

روح اللہ
حضرت
عیسیٰ
علیہ السلام

حضرت دانیال علیہ السلام آپ انبیاء بنی اسرائیل سے ہیں آپکے والد کا نام یوحنا بن یوشا ہے۔ یوشا کے تین لڑکے تھے۔ اول یوحاز جسنے آل یہودا کی سلطنت کی۔ دوسرے یہویاقیم جو آخر سلاطین بنی یہودا ہے۔ تیسرے یوحنا والد دانیال علیہ السلام جو یہودا ابن یعقوب علیہ السلام کی اولاد سے ہیں مثل دیگر انبیاءؑ آپنے بھی حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے

بعثت کی خبر دی تھی سنہ ۴۸۱ھ میں آپکا ظہور ہوا۔ آپکی کتاب ۱۲ فصلوں پر مشتمل ہے جسمیں آئندہ کی خبریں اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت کا حال درج تھا۔ بخت نصر بادشاہ یہویاقیم کو جسوقت گرفتار کرکے لیگیا۔ اسکے بعد اپنے رئیس خواجہ سرایاں اصفانازسے

یعقوب
خط اولاد

حضرت
دانیال
علیہ السلام

کہا کہ بنی اسرائیل میں سے چند آدمی جو ذہین و طباع ہوں منتخب کر لے تاکہ کسب علوم میں انکو مشغول کیا جاوے اور بعد حصول قابلیت انکو دربار میں کھا جائے اصفانا مذکور نے ایک جماعت کا انتخاب کیا از انجملہ حضرت دانیالؑ اور تین انکے اور ہمراہی بھی اسمیں شامل تھے۔ یہ چاروں چار نئے ناموں سے موسوم کئے گئے اور انکی آسائش کا بھی خاص طور سے اہتمام کیا گیا اور کھانا خاصہ مطبخ سے آنا شروع ہوگیا حضرت دانیالؑ کے ہمراہی بھی صلحا اور زہاد وقت تھے۔ سب نے پوشیدہ طور سے داروغہ مطبخ سے درخواست کی کہ بادشاہی کھانا ہمارے واسطے نہ آیا کرے۔ بالآخر یہ خواہش حضرت دانیالؑ اور انکے ہمراہیوں کی پوری ہوئی۔ اور دانیالؑ کے ہمراہیوں نے اپنے طور پر اپنے طعام کے کھانے کا انتظام کیا اور تعلیم میں مشغول رہے۔ کچھ عرصہ بعد دانیالؑ اور آپکے ہمراہی قابلیت میں سب سے بڑھ گئے اور مقربان خاص سے ہوگئے اسی عرصہ میں بخت نصر نے ایک خواب دیکھا اور بغیر خواب بیان کئے اسکی تعبیر مع کیفیت خواب دریافت کی حکما یا ادر مجوس اسکی تعبیر سے معذور رہے۔ گو سوال حضرت دانیالؑ سے نہیں ہوا تھا مگر آپ جماعت حکماء میں شامل تھے۔ اسپر بخت نصر نے ناراض ہوکر سب کے قتل کا حکم دیدیا جسوقت ان سبکو عاملان بخت نصر قتل کرنیکے واسطے لیچلے اسوقت حضرت دانیالؑ نے درمیان سے نکلکر مہلت طلب کی اور بعد چند جو خواب بخت نصر نے دیکھا تھا ہو بہو بیان کردی اور اسکی تعبیر ظاہر کی جو بعثت حضور سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم پر مشتمل تھی گو بخت نصر حضرت دانیالؑ کی منشاء کو بخوبی نہ سمجھا

لیکن اسکو حیرت ہوئی۔ اور اس واقعہ سے آپکی منزلت میں اور اضافہ کیا۔ ۱۲

حضرت ملاخی علیہ السلام

حضرت
ملاخی
علیہ السلام

ظہور آپکا سنہ ۹۱۵ھ ہبوط میں ہوا۔ عبری زبان میں ملاخی کے معنی رسول کے ہیں۔ حضرت دانیالؑ کے ہم عصر اور شریعت موسوی کے پابند تھے اور بنی اسرائیل انکو آخری پیغمبر سمجھتے تھے۔

حضرت ساریا علیہ السلام ۸۲۵ہبوط میں آپکا ظہور ہوا۔ ساریا عبری میں بمعنی سرگردۂ خدا کے ہیں ہمیشہ آپ بیت المقدس میں رہتے اور مسجد اقصیٰ میں اوقات عزیز کو عبادت الٰہی میں گذارتے۔ شریعت موسوی کے متبع تھے بختنصر جب بیت المقدس پر چڑھا اور غالب ہوگیا تو اُسکے سپہ سالار نے بعد ہدم دیوار قلعہ و احراق مسجد ساریاؑ و صفنیاؑ اور تین آدمی اور خدام بیت اللہ کو

گرفتار کیا اور دست بستہ کرکے ارض ربلات میں بختنصر کے پاس لیگیا اور وہاں آپ شہید کئے گئے۔ خرابی بیت المقدس کا روز آل اسرائیل میں ایسا گزرا ہے کہ یہ ہمیشہ اُس دن کی مصیبت یاد کرتے رہے کہ جو درحقیقت اُنکے اعمال کی مکافات تھی

یعقوبؑ نحط اولاد

دو مرتبہ سخت نافرمانیوں کے مرتکب ہوئے۔ بہت سے انبیا کو قتل کیا طرح طرح کے معاصی پر دلیر ہوگئے۔ اولاً بختنصر نے انکو پامال کیا دوسری مرتبہ طیطوس کے حملے سے تباہ ہوئے مگر پھر بھی اللہ تعالے نے کرم کیا اور اُنکو ترقی دی جیساکہ کلام باری میں اسکی تفصیل موجود ہے وَقَضَيْنَآ إِلَىٰ بَنِىٓ إِسْرَٰٓءِيلَ فِى ٱلْكِتَٰبِ لَتُفْسِدُنَّ فِى ٱلْأَرْضِ مَرَّتَيْنِ وَلَتَعْلُنَّ عُلُوًّا كَبِيرًا (اور پیام بھیجا ہمنے بنی اسرائیل کی طرف کتاب توریت میں اور بیان کردیا کہ تم ضرور فساد کروگے زمین میں دو بار اور البتہ میری طاعت سے سرکشی و تکبر کروگے) تمام بختنصر نے بنی اسرائیل اور بیت المقدس پر بڑے بڑے مظالم کئے۔ اسکے علاوہ اسنے ایک بت زر خالص کا تیار کرایا تھا جسکا طول و عرض ۶۰×۶ ہاتھ کا تھا اور ایک بتخانہ میں اُسکو رکھا گیا۔ تمام ممالک میں اُسکی پرستش کی منادی کی تھی۔ اور مخلوق کی گمراہی پر آمادہ ہوا۔

حضرت
ساریا
علیہ السلام

حضرت
زریا
علیہ السلام
انکا سلسلہ اصلی ملا

حضرت زریا علیہ السلام بن ماسا۔ زریا کے معنی عبری زبان میں چراغ خدا کے ہیں۔ زمانہ دولت یہویاقیم ۸۲۳ہبوط میں آپ مبعوث ہوئے تھے شریعت موسوی پر عمل کرتے تھے بنی اسرائیل کو ہرچند آپ نصیحت کرتے رہے لیکن کسی نے آپکی بات نہ مانی اسوجہ سے اپنی بداعمالی کے مکافات میں مبتلا ہوئے۔

حضرت شمعیا علیہ السلام رحجام بن سلیمانؑ کے زمانہ میں ۴۸۲ھ ہبوط میں آپکا ظہور ہوا۔ آپ آل یہودا سے ہیں۔ جسوقت رحجام بن سلیمانؑ نے یوربعام بن باناط افرتانی سے جسکا سلسلہ نسب افرائیم بن یوسفؑ سے ملتا ہے باراد ۂ مصاف لشکر کو ترتیب دی تو آپکو بذریعہ وحی الہام ہوا کہ رحجام و آل یہودا سے کہیں کہ آپس میں جنگ نکریں اپنے اپنے گھروں کو لوٹ جاویں

تاکہ خونریزی نہو حضرت شمعیاؑ نے حکم خداوندی سے اطلاع دی اور مخلوق کو اس ارادہ سے روکا آخر کار سلطنت آل یہودا و بنی بنیامین رحجام کے حق میں قائم ہوئی۔ اور دوسرے دس سبطوں کی حکومت یوربعام کیلئے مخصوص کیگئی لیکن باہمی عداوت و نفاق یوربعام اور رحجام میں زندگی

یعقوبؑ
خط اولاد

رہا اسکی وجہہ سے ان دونوں کی حکمرانی میں مقابلہ ہوتا رہا اور یوربعام خوم معاصی و نا فرمانی سے باز نہ آیا گو حضرت سلیمانؑ کے خوف سے اسنے پہلے سے مصر میں سکونت اختیار کرلی تھی لیکن حضرت سلیمانؑ کے انتقال کی خبر سنکر سیکان شیشق فرعون مصر کے پاس گیا اور اس سے اجازت لیکر زمین نابلس میں گیا اور بنی سرائیل میں رحجام بن سلیمانؑ کی مخالفت شروع کردی اور بقیہ اسباط پر اپنی حکومت جمائی لیکن دل میں اسکو خیال ہوا کہ جسوقت بنی سرائیل حج کی غرض سے بیت المقدس جاوینگے ممکن ہے کہ یہ سب رحجام بن سلیمانؑ کے موافق ہوجاویں اور مجھکو قتل کردیں اس اندیشہ سے اسنے ایک گوسالہ زر خالص کا تیار کیا اور مسجد و مذبح بنایا اور اس حیلہ سے بنی سرائیل کو حج سے روکا کہ ہر سال اتنا سفر بسفر دور و دراز کرنا اور پریشانی اٹھانا ضرور نہیں ہے میں جو مذبح و مسجد قربانی اور حج کے واسطے تیار کئے ہیں آئین آل یہودا کے موافق یہاں قربانی کریں اور گوسالہ کے قریب ذبح کئے جاویں۔ یوربعام کے اس فریب سے بنی سرائیل میں بت پرستی کا تو آغاز ہوگیا مگر غضب الہی سے اسکا لڑکا بیمار ہوا اور یوربعام نے بغرض حصول شفاء اپنی بیوی کو پوشیدہ طور سے اخیا علیہ السلام کے پاس بھیجا اس وقت میں یہی نبی تھے اور عدو علیہ السلام بھی اس زمانہ میں موجود تھے اور یوربعام کو نصیحت کرتے رہتے تھے۔ جسوقت اسکی بی بی اخیاؑ کے پاس پہونچی تو وہ غضب آلودہ ہوا اور یوربعام کے بداعمالی کی وجہہ سے جو اسپر تباہی آنیوالی تھی اس سے اطلاع دی چنانچہ جسوقت یہ مکان پہونچی لڑکے کو مردہ پایا اور اسیوقت سے یوربعام کی حکومت کا خاتمہ ہونا شروع ہوگیا اور اسکا بھی خاتمہ ہوگیا

حضرت
شمعیا
علیہ السلام
انکا سلسلہ آل یہودا سے ملا

حضرت
باروخ
علیہ السلام

حضرت باروخ علیہ السلام آپ حضرت نریاؑ بن ماساؤ کے صاحبزادہ ہیں۔ آپ کا ظہور ۸۲۲ھ ہبوط میں ہوا۔ باروخ عبری میں مبارک کو کہتے ہیں ارمیاؑ کی خدمت میں رہتے تھے۔ اور سرایاؑ آپ کے بھائی ہیں۔

حضرت ہوسیع علیہ السلام بن بئری انبیاءِ بنی اسرائیل سے ہیں آپکو جناب باری سے خطاب ہوا کہ نکاح کریں اور اولاد ہو پر پہلے جو لڑکا ہوگا اُسکا نام ایزریل رکھیں اور دوبارہ لڑکی پیدا ہوگی اُسکا نام لارُوحاما رکھا جاوے اور تیسرے لڑکے کا نام لاعمی رکھو۔ یہ گویا خرابی بنی اسرائیل سے اشارہ تھا۔ اسلئے کہ عبری میں ایزریل کے معنی زراعت کرنیکے ہیں اور زراعت میں اول

دانہ بکھرتا ہے اس سے مراد پریشانی بنی اسرائیل کی تھی۔ اور لارُوحاما بمعنی (رحم نہ کیا گیا) ہے۔ اور لاعمی بمعنی (ہماری قوم نہیں ہے) اس سے غایت ناراضگی باری تعالےٰ کی مراد تھی۔ اور یہ ترقی بنی اسرائیل کا وہ وقت تھا کہ بنی اسرائیل کی اولاد کا حد و شمار دشوار

اولاد یعقوبؑ

تھا۔ ہوشع علیہ السلام اُنکو مواعظ و نصائح کرتے رہے اور آیندہ عذاب کی خبر دیتے تھے۔ عوزیا۔ یوتاقیم۔ احاز۔ خرقیا چار سلاطین بنی اسرائیل کا آپنے زمانہ دیکھا۔ سنہ ۶۱۵ھ ہبوط میں آپکا ظہور ہوا تھا۔

حضرت ہوشع علیہ السلام

حضرت زکریا علیہ السلام

ظہور ہوا اس زمانے میں بن یہودا یاع کا سنہ ۵۵۶ھ ہبوط میں آل یہودا کفر و طغیان میں مبتلا ہو گئی تھی اور اتباع شریعت موسوی کو پس پشت ڈالدیا تھا۔ باری تعالےٰ نے اُنکی ہدایت کیلئے حضرت زکریاؑ کو مبعوث کیا۔ آپ اپنی قوم میں آئے اور ایک بلند مقام پر کھڑے ہو کر بنی اسرائیل کو خطاب کیا کہ باری تعالےٰ فرماتا ہے (اے قوم تم نے میری نافرمانی کی اسواسطے میں بھی تم سے بری ہوں۔ اور تمہاری رستگاری دشوار ہے)۔ مگر آل یہودا نے آپکے فرمانے پر کان نہ دھرے۔ بادشاہ یواش جو اپنے گروہ کا ہمخیال تھا اُسکے حکم سے آپ سنگسار کئے گئے۔ اور آپکے بھائیوں کو بھی قتل کر دیا گیا۔ اس واقعہ سے عذاب الٰہی اُنپر نازل ہوا اور بادشاہ یواش کو خود اُسکی فوج نے مار ڈالا۔

یہ حضرت زکریا والد یحییٰ علیہما السلام کے علاوہ دوسرے نبی گزرے ہیں۔

حضرت میخا علیہ السلام بن نملا کا ظہور سنہ ۵۲۶ھ میں ہوا آپکے زمانے میں بادشاہ بنی اسرائیل یہوشافاط اور احاب سلطان اسباط عشر کے باہم اتحاد تھا - ایک مرتبہ بغرض ملاقات وہ احاب کے پاس مقام شومرون میں آیا - احاب نے یہوشافاط سے کہا کہ آپ دفع اعدا میں میری کچھ امداد کیجیے تاکہ اراضی راموث جو میری قدیمی میراث ہے قبضۂ ملک رام

سے نکل آوے - یہوشافاط نے جواب دیا کہ تمہاری اعانت کو موجود ہوں لیکن مناسب ہے کہ اس بارہ میں رضاء خداوندی کسی نبی کے ذریعے سے معلوم کرلیں تاکہ نتیجہ بہتر ہو - احاب نے اُسیوقت چارسو آدمی جھوٹے مدعیان نبوت جمع کرلئے اور ان سب نے یہوشافاط کو احاب

یعقوبؑ خطا اولاد

کے امداد کی رائے دی لیکن یہوشافاط کو اُنکی بات پر کچھ اطمینان نہوا اور کہا کہ انکے سوا کوئی اور بھی نبی ہے - احاب نے حضرت میخاؑ کے بارہ میں ذکر کیا کہ وہ بھی نبی ہیں لیکن اس جماعت میں نہیں تھے اُنکے کلام میں فال نیک کم ہوتی ہے اسواسطے اُنکو نہیں بلایا گیا - یہوشانے حضرت میخاؑ کے لئے اصرار کیا اور آپ طلب کئے گئے - جب آپ تشریف لائے تو احاب نے اس جنگ کے متعلق حضرت میخاؑ سے دریافت کیا - آپنے انبیاء کاذبہ کے خلاف اُسکو اس ارادہ سے منع کیا اسپر احاب نے ناراض ہوکر آپکو قید کردیا - اور اپنے کو تیار کرکے اپنے ارادہ کے مواقف یہوشافاط کے ہمراہ ملک رام پر حملہ کردیا - اپنی شامت اعمال سے حضرت میخاؑ کے ارشاد کے موافق ذلیل ہوا اور رسی لڑائی میں مارا گیا یہوشافاط بہزار دشواری جان بچاکر واپس آیا - اُسکے مرنیکے بعد بحکمت الٰہی آپ بھی رہا ہوگئے -

حضرت میخا علیہ السلام

انکا سلسلہ نہیں ملا

حضرت حکی حجائی علیہ السلام انبیاء بنی اسرائیل سے ہیں حکی حجائی علیہ السلام کا سنہ ۹۰۶ھ ہبوط میں ظہور ہوا (حکی حجائی بمعنی حج کردہ) - سلطنت داریوش کے دوسرے سال آپ بیت المقدس میں آئے اور الہام خداوندی سے تعمیر بیت المقدس کے بارہ میں بنی اسرائیل کو آگاہ کیا آپ آزبائیل بن شلتائیل عمائد آل یہودا کے پاس گئے اور رئیس خدام مسجد کو مخاطب کرکے دونوں سے فرمایا کہ باری تعالےٰ کا حکم ہے قوی خاطر ہوکر تعمیر مسجد میں مصروف ہو ورنہ جب تک خانہ خدا حالت شکستگی میں رہیگا اللہ کی نعمتیں تمسے رکی رہینگی اور کشت وخون کا اندیشہ رہیگا بنی اسرائیل ہراسان ہوکر آمادہ ہوا اور سلطنت داریوش کے دوسرے سال نویں مہینہ کی تاریخ ۲۴ کو درستی بیت اللہ کا کام شروع ہوا -

(ناسخ التواریخ)

حضرت حکی حجائی علیہ السلام

انکا سلسلہ نہیں ملا

حضرت ناتان علیہ السلام۔ ناتان کے معنی عبرانی زبان میں (دیا ہوا) کے ہیں۔ ۴۳۸۹ھبوط میں آپکا ظہور ہوا شریعت موسوی کے پابند تھے۔ ناتان ایل بھی آپکو کہتے ہیں اس صورت میں خداداد کے معنی ہوجائینگے اسلئے کہ عبری میں ایل خدا کو کہتے ہیں حضرت داؤدؑ کے ہمعصر تھے۔ اور داؤدؑ کا حال جیساکہ مشہور ہے ۹۹ بیویاں تھیں آپنے ایک عورت سے اور نکاح کیا اور اس سے ایک لڑکا پیدا ہوا اور اس عورت کا اوریاء جاتانی سے نکاح ہونا قرار پایا تھا چونکہ حضرت داؤدؑ نے اپنی خواہش سے یہ نکاح کیا تھا باوجودیکہ آپکی بیویاں کثرت سے تھیں اسلئے یہ امر پسندیدۂ خداوند نہوا اور اس طریقے سے محض اپنے فضل سے آپکو آگاہ کیا کہ دو شخص باہمی جنکے قضیہ تھا تصفیہ کی غرض سے آپ پر داخل ہوئے جیساکہ حق جل و علا کا ارشاد ہے **هَلْ أَتٰىكَ نَبَؤُا الْخَصْمِ إِذْ تَسَوَّرُوا الْمِحْرَابَ** (کیا آئی تیرے پاس خبر ان دو منازعین کی جبکہ داخل ہوئے اسکی عبادتگاہ میں) ان دونوں کے ساتھ حضرت ناتان بھی تھے۔ حضرت داؤدؑ ان لوگوں سے کچھ مرعوب ہوئے تو انہوں نے تسکین کی اور **قَالُوا لَا تَخَفْ خَصْمَانِ بَغٰى بَعْضُنَا عَلٰى بَعْضٍ فَاحْكُمْ بَيْنَنَا بِالْحَقِّ** (کہا انہوں نے ڈرو مت ہم تو دونوں مخاصم ہیں جو ایک دوسرے پر ظلم کیا گیا ہے۔ تم حق کے ساتھ فیصلہ کردو ہمارا) اور وہ ہمارے باہمی قضیہ یہ ہے کہ یہ ایک میرا بھائی ہے جسکے ۹۹ بکریاں ہیں اور میرے صرف ایک بکری ہے اسکو بھی اسنے ظلم سے لیلیا اور مجکو ذلیل کیا حضرت داؤدؑ نے جو انصافاً اسکا فیصلہ تھا اسکے موافق حکم دیا اور فرمایا **لَقَدْ ظَلَمَكَ بِسُؤَالِ نَعْجَتِكَ إِلٰى نِعَاجِهٖ** (بیشک اسنے تیرے ساتھ ظلم کیا ایک بکری پر باوجودیکہ اسکے پاس بہت سی بکریاں ہیں یہ قصہ جب طے ہوگیا تو وہ دونوں جھگڑنے والے یعنی جبرئیلؑ و میکائیلؑ حضرت داؤدؑ کی نظروں سے غائب ہو گئے اور حضرت داؤدؑ متفکر ہوئے۔ ناتانؑ نے فرمایا کہ اے داؤدؑ یہ ملائکہ تھے اور تمہاری حالت تم پر پیش کر گئے ہیں کہ باوجود ۹۹ بیویوں کے تمنے اوریا جاتانی کے بارہ میں زیادتی کی اور اسکی حق تلفی ہوئی باری تعالے فرماتا ہے کہ میں نے تمکو نبوت اور سلطنت عطاء کی۔ طالوت سے نجات دی اور اپنی نعمتوں سے سرفراز فرمایا تمکو ایسا کرنا زیبا نہیں ہے۔ گو اللہ تعالے تمکو ہلاک نہ کریگا مگر جو لڑکا اس عورت سے ہے وہ نہ بچے گا۔ یہ کہکر حضرت ناتان تو چلے آئے اور حضرت داؤدؑ نیازگاہ رب بے نیاز میں سجدہ میں گرے ہو سات روز تک گریہ و زاری کرتے رہے ستو کھانا پینا چھوڑ دیا۔ اللہ تعالے نے اپنی کریمی سے آپکا عفو قصور کیا۔

حضرت ناتان علیہ السلام
انکا سلسلہ نہیں ملا

حضرت اوریا علیہ السلام
انکا سلسلہ نہیں ملا

حضرت اوریا علیہ السلام بن صامانس

یعقوبؑ
خط اولاد

۸۱۶ء میں انکا ظہور ہوا پہلے بیت المقدس میں انکی سکونت تھی بعد کو قریہ یعاریم میں لیگئے حضرت ارمیاؑ کے مواعظ و نصائح پر دعوت کرتے تھے اور یہ ہی انکی شہادت کا باعث ہوا بادشاہ یہویاقیم کے زمانہ میں باتباع حضرت ارمیاؑ بنی اسرائیل کو انکی ہلاکت کا خوف دلایا۔ اسی باعث یا سبب انکے خلاف ہوئے اور قتل کا ارادہ کیا۔ اوریاؑ کو جب یہ حال معلوم ہوا تو وہ ارض مقدس سے مصر چلے گئے یہویاقیم نے وہاں سے گرفتار کرالیا اور شہید کئے گئے۔ حضرت داؤدؑ کے زمانہ میں جو اوریا تھا وہ انکے علاوہ اوریا حاثانی تھا جس سے ایک عورت تیشبع کا نکاح قرار پایا تھا اور حضرت داؤدؑ نے اس سے نکاح کرلیا جسپر اللہ تعالےٰ نے حضرت داؤدؑ کو متنبہ کیا۔ جیسا کہ سابق میں مذکور ہوا۔

بن یعقوبؑ

بنیامین — اَنیس — اَفیح — بخورت — صارو

بعض سلاسل میں افیح بن بنیامین لکھا ہے انیس نہیں لکھا

متیٰ

حضرت یونس علیہ السلام آپ اپنی والدہ متیٰ کی طرف منسوب ہیں اور حضرت عیسیٰؑ و یونسؑ ان دونوں کی یہ ہی خصوصیت ہے کہ انکے علاوہ اور کوئی نبی ماں کی طرف منسوب نہیں ہوا اہل نینوی جب بت پرستی میں مبتلا ہوگئے تو باری تعالےٰ نے انکی طرف آپکو مبعوث کیا اور ۳۳ سال آپنے اس قوم کو ہدایت کی مگر سوا دو آدمیوں کے کوئی آپ پر ایمان نہ لایا اور منہیات سے باز نہ آئے تو آپنے مایوس ہوکر اہل نینوی کیلئے بددعا کی اور فرمایا پھر فلاں دن عذاب آئیگا اور یہ کہکر چلے گئے جب ۵ دن یا تو عذاب کے آثار ظاہر ہوئے قوم کو عذاب کے آنے سے یونسؑ کے نبی ہونیکا یقین ہو گیا اور میدان میں نکلکر روئے اور توبہ کی اللہ تعالےٰ اور یونسؑ پر ایمان لائے اسلئے عذاب ٹل گیا ادھر یونسؑ نے آکے یہ حال دیکھا تو انکو یہ خیال ہوا کہ شاید عذاب نازل نہیں ہوا اور اسکی ندامت کی وجہہ سے آپ واپس چلے آئے جب دریا پر پہونچکر کشتی میں سوار ہوئے تو آپکا مچھلی کے پیٹ میں جانیکا واقعہ ہوا باختلاف روایات تین ۳ یا بیس ۲۰ یا چالیس روز مچھلی کے پیٹ میں رہے پھر اللہ تعالےٰ نے آپکی توبہ قبول کی اور اپنی قوم میں واپس آئے۔ (کامل ابن اثیر)

حضرت یونس علیہ السلام

حضرت حبقوق علیہ السلام یا حبقون

آپکا سلسلہ نہیں ملا

حضرت حبقوق علیہ السلام آپ بھی انبیاء بنی اسرائیل سے ہیں حبقوق کے معنی دبغل میں لئے ہوئے کے ہیں ۶۴۳ھ میں آپکا ظہور ہوا حضرت الیاسؑ نے آپکو بغل میں لیکر دعا کی تھی اور آپ کی دعا سے حبقوق دوبارہ زندہ ہوئے اسوجہہ سے انکا نام حبقوق رکھا گیا۔ عہد دولت بنی ... میں شریعت موسوی پر دعوت کرتے تھے۔

حضرت ارمیا علیہ السلام آپ بنیامین بن یعقوبؑ کی اولاد سے ہیں۔ ۸۱۹؁ھ ہبوط میں آپکا ظہور ہوا۔ عبرانی میں ارمیا کے معنی برگزیدہ خدا کے ہیں۔ ابتداً آپ پوشیدہ طور سے احکام الٰہی کا اظہار کرتے رہے یہانتک کہ یہویاقیم آل یہودا میں سے جسوقت بادشاہ ہوا تو آپ پر وحی نازل ہوئی اور بنی اسرائیل چونکہ کفر و شرک میں حد سے گزر گئے تھے اُنپر عذاب نازل ہونیکی آپنے خبر دی اور بنی اسرائیل کو

دین اسلام کی طرف بلایا۔ اور آپنے باروخ کو ایک کاغذ دیا اور کچھ لکھوانا شروع کیا۔ اور باروخ کو وہ کاغذ دیکر بیت المقدس روانہ کیا تاکہ لوگوں کو ہدایت کریں اور خبر کردیں کہ اگر اطاعت خداوندی قبول نکرینگے تو یہ شہر خراب ہو جائیگا

ابیل

قیس

افیل
یا ابیل

نیر

افنین

اور آل یہودا سپاہ بابل کے ہاتھ سے تباہ ہو جاویگی اور کتاب آسمانی جلادی جاویگی۔ حضرت باروخ اسکی تعمیل میں بیت اللہ روانہ ہوئے۔ اور بنی اسرائیل کو متنبہ کیا۔ ایک شخص میخا بن عامار بن صافان انکی تقریر سنکر محل شاہی میں آیا اور ارکین سلطنت سے اطلاع کی۔ ارکین نے حضرت باروخ کو معہ اس تحریر کے طلب کیا اور کہا کہ تم اور ارمیاہ کسی جگہ پوشیدہ ہو جاؤ مبادا کہ بادشاہ آل یہودا سنکر تم دونوں کے قتل کا حکم نہ دیدے۔ حضرت باروخ سے یہ کہکر وہ کاغذ ارمیاہ کا بادشاہ کے روبرو پیش کیا اسنے دیکھکر آگ میں جلادیا اور حضرت باروخ و ارمیاہ کے قتل پر آمادہ ہو گیا اسکے زمانہ میں دونوں روپوش رہے یہانتک کہ صدقیا دوسرا بادشاہ آل یہودا کا تخت نشین ہوا اسوقت بالہام باری پھر آپنے بختنصر کے حملہ سے آگاہ کیا اور قوم کو سمجھاتے رہے۔ اتفاقاً اس زمانہ میں بختنصر نے حملہ کی تیاری کی اور فرعون مصر بیامنتجیس نے بختنصر کی آمد کا حال سنکر آل یہودا کے تحفظ کی غرض سے حوالئے بیت المقدس میں اپنا لشکر بھیجدیا۔ اہل بابل نے جب یہ خبر سنی تو وہ حملہ سے اسوقت رک گئے اور آل اسرائیل کو اطمینان ہو گیا اور حضرت ارمیاہ و باروخ کے ارشاد سے اور لاپروائی ہو گئی۔ حضرت ارمیاہ اس واقعہ کے بعد اسکے پاس آئے اور سمجھایا کہ یہ اللہ تعالے کی طرف سے ڈھیل ہے۔ خدا کے عذاب سے بیخوف نہو۔ میں جو کچھ تمہیں خبر دیتا ہوں یہ ضرور ہوگا مگر بادشاہ آل یہودا نے انکی نصیحت نہ مانی اور فرعون مصر کا لشکر کچھ عرصہ بعد واپس ہو گیا اور آپ مجبور ہو کر بیت المقدس سے ارض بنیامین کے عازم ہوئے تو آپ پر طرح طرح کی سختیاں کیگئیں اور آپ بہت گھبرے گورنر نے آپکو قید کردیا بالآخر آپکو فضل خدا سے نجات ہوئی اور کچھ عرصہ بعد حضرت ارمیاہ نے جو کچھ فرمایا تھا وہی صورتیں پیش آئیں

حضرت ارمیا علیہ السلام
انکا سلسلہ ختم ہوا

حضرت مردخائی علیہ السلام
انکا سلسلہ ختم ہوا

حضرت مردخائی علیہ السلام بن

یا یربن شمعی بن قیش پیغمبران بنی اسرائیل اور اولاد بنیامین سے ہیں اور لقب آپکا بُاثان ہے جسکے معنی عبری زبان میں سخنور کے ہیں۔ یہ لقب آپکا اسلئے ہوا کہ آپ اسّی زبانیں جانتے تھے۔ سنہ ۴۸۹ھ ہبوط میں آپ کا ظہور ہوا۔ (ناسخ التواریخ)

ملک طالوت ملوک بنی اسرائیل سے ہیں حضرت شموئیلؑ سے جب بنی اسرائیل نے اپنا کوئی بادشاہ مقرر ہونیکی درخواست کی تو اللہ تعالٰی نے حضرت شموئیلؑ کے پاس طالوت کو بھیجدیا چونکہ نبی اللہ حضرت شموئیلؑ کو ملک طالوت کی نشانیاں بتا دی

گئیں تھی جسوقت یہ حضرت شموئیلؑ کے پاس پہنچے ان علامات کو دیکھکر شموئیلؑ نے طالوت کو بادشاہ بنی اسرائیل مقرر کر دیا لیکن یہ بنی یہودا سے نہ تھے سوا سطے بنی اسرائیل نے اعتراض کیا کہ طالوت کی بادشاہی کیسے ہو سکتی ہے۔ حالانکہ ملوک آل یہودا سے ہوتے چلے آئے ہیں۔

یہ بنیامین کی نسل سے ہین جو مستحق سلطنت کے نہیں اور

طالوت بنی مالی حیثیت سے بھی اس قابل نہین تھا

ملک طالوت

یہوناتان
ملکیشوع
ارمیا
برخیا
یا شاول
تشبھات
یا یشوی
ابینادا ف
یا اشباشوں

مندون
سلم
افغنہ
آصف

ازرند
تارخ
عاقل
لیوی
طلال

فہرود
الی
صلیب

ہارون
شموئیل
علیم
قیس

فیلول
کرم
عمال
حذیفہ
فہال

عتم
قارقد
صلاح
سلم
بہلول

ہمارے کہ سبط مملکت سے ہیں حضرت شمویلؑ نے بنی اسرائیل کو سمجھایا کہ اللہ تعالیٰ جسکو چاہے مقرر کر دے چونکہ حکم باری طالوت کیلئے ہو چکا ہے اسواسطے طالوت کو بادشاہ مانو اور اُسکی اطاعت کرو کیونکہ اللہ تعالیٰ نے اسکو ظاہری قد و قامت ور باطنی ازروئے علم کے تمیز فضیلت دی۔ بنی اسرائیل نے حضرت شمویلؑ کے اس جواب پر طالوت کے بادشاہ ہونے کی علامت طلب کی تو حضرت شمویلؑ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ تابوت سکینہ کو اسکی وجہہ سے تمہیں واپس کریگا جو عمالقہ بنی اسرائیل سے چھین لیگئے تھے (جسکے صدمہ سے بنی اسرائیل ہمیشہ رویا

کرتے تھے اور اُسکے واپس آنیکی تدبیرین کیا کرتے تھے) چنانچہ تابوت سکینہ ملائکہ نے طالوت کے پاس پہونچا دیا۔ یہ علامت دیکھی تو ناچار طالوت کے مطیع ہو گئے لیکن دل مین ہمیشہ کدورت رہی۔ طالوت نے بادشاہ ہوتے ہی فلسطین پر حملہ کی تیاری کی جسوقت مقابلہ ہوا تو بنی اسرائیل کی کدورت نے جوہر دکھائے اور صرف تعداد اہل بدر یعنی تین سو اور کچھہ اوپر دس یعنی تیرہ یا پندرہ آدمی انکے ہمراہ رہگئے حضرت داؤد کی وجہہ سے انکو اس موقع پر فتح ہوئی جالوت مارا گیا اور اس صلہ مین داؤد سے ملک طالوت نے

اپنی لڑکی کی شادی کردی۔ بچالیس یا بیالیس سال بنی اسرائیل پر حکومت کی آخر میں حضرت داؤد کے غالب ہونے کا طالوت کو اندیشہ ہوا اور اس خیال سے انکے ستر آدمیوں کو قتل کرا دیا۔ جسکی مکافات میں طالوت اور اسکی اولاد اہل فلسطین کے ہاتھوں قتل ہوئی۔ طالوت کے دو بیٹے ارمیا و برخیا بعد وفات طالوت پیدا ہوئے جنکو حضرت داؤد نے پرورش کیا اور اپنا وزیر کیا اور ان دونوں کے ایک ایک لڑکے آصف و افغنہ پیدا ہوئے جو حضرت سلیمان کے وزیر رہے۔ افغنہ چونکہ جری اور قوی ہیکل تھے اسواسطے حضرت سلیمان

امیر عبدالرحمن خان

سراج الملۃ

امیر حبیب اللہ خان

والدین

شہزادہ عنایت اللہ خان

سردار محمد افضل خان

امان اللہ خان

حیات اللہ خان

امیر حبیب اللہ خان والئی دولت خداداد افغانستان

ملکہ آجکل جس ملک کے حکمران ہیں پہلے اسکے مختلف نام رہے لیکن ١٧٤٧ء میں جب احمد شاہ ابدالی قندہار کا تخت نشین ہوا جب سے یہ افغانستان مشہور ہو گیا اس سے پیشتر اور اسکے بعد ہمیشہ مختلف قبائل کے حکومتی گروہ افغانان سے حکومت کرتے رہے۔ احمد شاہ ابدالی جو لقب درانی سے مشہور سلطنت افغانستان کا پہلا بانی ہے جسنے چوتھے حملہ میں

دہلی کو بھی فتح کیا تھا اور عالمگیر ثانی سے مل جل کر محمد شاہ کی لڑکی سے خود نکاح کیا اور عالمگیر کی لڑکی سے اپنے لڑکے تیمور کی

شادی کی بعد اسکے تیمور نے قندہار کی تیئس ٢٣ سال حکومت کی۔ اسکی اولاد میں فساد ہوتا رہا جسکا آیندہ چلکر یہ نتیجہ ہوا کہ کابل و قندہار درانی بادشاہوں سے خالی ہو گیا اور پائندہ خاں کی اولاد میں کابل قندہار غزنی پشاور تقسیم ہو گیا۔ امیر دوست محمد خاں کے قبضہ میں کابل و غزنی آئے انہوں نے اکثر لڑائیوں کے بعد ہرات کو فتح کر لیا اسکے بعد ١٨٦٣ء میں امیر دوست محمد خاں کا بمقام ہرات انتقال ہوا اور انکے بیٹے شیر علیخاں تخت نشین ہوئے۔ ١٨٧٨ء میں سفیر انگلستان کے قتل ہونیکی وجہ سے گورنمنٹ برطانیہ کا حملہ افغانستان پر ہوا۔ اسی اثناء میں شیر علیخاں کا انتقال ہو گیا۔ انکے لڑکے یعقوب علی خاں نے انگریزی فوج کا مقابلہ کیا لیکن مغلوب ہوئے اور گرفتار ہو کر ہندوستان میں آئے۔ اور اس کے بعد میں امیر عبدالرحمن خانصاحب کو بادشاہی افغانستان سپرد کی گئی انکے زمانہ میں افغانستان کو نہایت ترقی ہوئی علمی صنعتی انتظامی امورات اعلیٰ پیمانہ پر ہو گئے اور عدل و انصاف سے حکومت کی ١٣١٩ھ میں امیر عبدالرحمن خاں صاحب راہئ ملک بقا ہوئے۔ اور انکے فرزند ارجمند دولت افغانستان کے والی ہوئے۔ یہ امیر صاحب بھی خوش انتظامی حسن تدابیر نیک دلی فیاضی رحمدلی میں اپنے والد بزرگوار امیر صاحب مرحوم کی مثال ہیں

(تاریخ افغانستان) (رسالہ صولت افغانی بحوالہ دیگر کتب)

نے افغنہ کو سپہ سالار مقرر کر کے جنون پر بھی حاکم کر دیا اور مسجد اقصیٰ اُسکے اہتمام سے تیار ہوئی اسی نسبت سے بعض اشخاص جنکو تحقیق سی سروکار نہیں یہ لکھتے ہیں کہ افغان جن کی اولاد ہیں۔ جو سراسر غلط ہے۔ بعد سلطنت سلیمانؑ بنی اسرائیل میں پھر تفرقہ کی وجہہ سے تباہی ہوئی اور بخت نصر نے بیت المقدس پر قبضہ کر کے سب کو جلا وطن کر دیا۔ جسکو جسطرف موقعہ ملا چلا گیا۔ افغنہ کی اولاد سے بھی کچھہ لوگ مکہ مکرمہ بلاد عرب میں چلے آئے بہا بر تنگی کی وجہہ سے ایک گروہ نواح ہندوستان میں گزرتا ہوا مسکن کی تلاش میں کوہ سلیمان

اورک زئی — دولت زئی — محمد خیل — میا محمد خیل — طرزی خیل — خان محمد خلیل — جان محمد خان — نور محمد خان

نواب نظر محمد خان — نواب وزیر محمد خان — شریف محمد خان — فاضل محمد خان — دوست محمد خان

کودی — کرران — کلی — منگل — عبد اللہ

نواب سکندر جہان بیگم

بیگمات نواب شاہجہاں

از اولاد کرر

خشی — یوسف زئی — الیاس زئی — سالار زئی — ملے خان — کرسی خان

ٹونک

ملک اسے خان

نواب ... خاں یوسف

بامشیخا موافق تاریخ

ممالک افغانستان میں آباد ہوا۔ ایک عرصہ کے بعد جب نور محمدی روحی فداہ سے عالم منور ہو گیا تو چند اشخاص اس گروہ کے مشرف باسلام ہوے اور انہوں نے باقتضاء ہمدردی قرابت ممالک افغانستان میں اپنے اسلام کی اطلاع کی اور انکو بھی طلب کیا۔ چنانچہ صفحہ تاریخ اسکا شاہد ہے کہ قیس افغانستان سے روانہ ہو کر عرب پہونچا اور اپنے اہل خاندان کے ہمراہ عتبہ عالیہ فخر عالم صلی اللہ علیہ وسلم پر جبہہ سا ہوا۔ اور حضورؐ نے اپنے الطاف رحمۃ للعالمینی سے جماعت اسلامی میں داخل فرما کر عبد الرشید نام سے موسوم کیا عبد الرشیدؓ کے بنی اعمام حضرت خالد بن ولید کے زیر کمان تھے یہ بھی انمیں شامل ہو کر شجاعت بنی اسرائیل کے جوہر دکھانے لگے اکثر موقعوں پر قابل قدر خدمات انجام دیں اسوجہہ سے شفیق امت کے مورد عنایات ہوے الغرض یہ وہ شرف حاصل ہوا کہ جس سے بڑھکر دین و دنیا میں کوئی بزرگی نہیں ہو سکتی اور حضرت عبد الرشیدؓ کے علاوہ بنی اسرائیل ہونیکے اس فضیلت پر قوم افغان کو جسقدر فخر ہو بجا ہے اور کم ہے۔ اسی اتباع میں افاغنہ اپنے سلسلہ کو عبد الرشیدؓ تک پہونچانے میں فخر بھی کرتے ہیں۔ غالباً عبد الرشیدؓ کے انہی واقعات سے بعض لوگوں کا یہ خیال ہو گیا کہ افغانان خالدؓ بن ولید کی اولاد ہیں۔ حالانکہ خالدؓ بن ولید کی لڑکی سارہ سے عبد الرشیدؓ کا

بقیہ صفحہ ۱۰۹

نکاح ہونا تاریخ میں کسیقدر پایا جاتا ہے۔ جیساکہ تاریخ افغانستان و صولت افغانی میں بحوالہ دیگر کتب لکھا ہے (اور یہ امر خیر القرون کے واقعات صحابہؓ کے اخوت اسلامی) عبدالرشیدؓ کے خاندانی نوابی قابلیت کے لحاظ سے کوئی مستبعد امر نہیں۔ لیکن سلسلہ نسب نامہ اگر خالدؓ بن ولید کی طرف منسوب ہوگا تو اس صورت میں واقعات مذکورہ کا جیساکہ راقم الحروف نے بیان کیا خلاف لازم آئیگا۔ ہاں سلسلۂ مادری میں اگر اس نسبت کو گنجائش دیجاوے تو وہ امر آخر ہے۔ ایک دوسرا اختلاف اس سلسلہ میں ہے کہ بعض مورخین

نے ملک طالوت کو یہودا کی اولاد میں قرار دیا ہے حالانکہ کثرت سے صحیح روایات اور مورخین اسلام کے بیشتر اقوال اسکے خلاف ہیں اور کلام باری

ولیعہد

نواب سلطان جہاں بیگم

نواب سلطان جہاں بیگم

حافظ محمد نصر اللہ خان

محمد عبید اللہ خان

محمد حمید اللہ خان

نواب بلقیس شاہجہان

والئ ریاست بھوپال دام حشمتہا۔ انکے خاندان کے مورث اعلےٰ کرال عبداللہ اڑمڑ کے متبنی تھے انکی اولاد سے نور محمدؐ خاں کے فرزند دوست محمد خاں کہ جیسے سلسلہ میں درج ہے ۱۱۲۰ھ میں بعہد بہادر شاہ بن عالمگیر بادشاہ تیراہ سے جلال آباد آئے اور یہاں سے ایک افغان کو قتل کرنیکی وجہ سے دہلی میں آکر ہمراہ فوج بادشاہی ماموره مالوہ۔ مالوہ میں چلے آئے اور ایک سردار مالوہ کے ملازم ہوگئے کچھ عرصہ بعد منگل گڈہ متصل بیرسیہ میں آکر ٹھاکر آنندسنگھ کی والدہ کے اپنی حسن تدبیر سے متبنی ہوگئے۔ اس رانی کے بعد انتقال بیرسیہ میں آکر اپنے عزیز اور ہمقوم افاغنہ کو نور محمد خاں نے بلا کر ملک گیری شروع کردی ۱۱۵۳ھ میں بعد انتقال دوست محمد خاں انکے بیٹے یار محمد خاں نظام الملک کی امداد سے رئیس ہوئے اور روز بروز

خط جد رؤسائے ٹونک

یوسف خان　الہ داد خان　فتح خان　سیدعلیخان　موا خان　بابو خان　کالی خان

بناء ریاست مستحکم ہوتی گئی۔ موجودہ حکمراں نواب سلطان جہاں بیگم صاحبہ منتظم منصف مزاج رعایا پرور ہیں انکے تین صاحبزادے ہیں جنمیں سے صاحبزادہ نصر اللہ خانصاحب ولیعہد ریاست ہیں۔ دینی امورات میں اور کار خیر میں اس ریاست کی اولوالعزمی ہمیشہ سے مشہور ہے۔

(تاریخ بھوپال)

امین الدولہ وزیر الملک نواب حافظ محمد ابراہیم علیخاں بہادر صولت جنگ والئ ریاست ٹونک دام اجلالہ۔ آپکے مورث اعلےٰ طالع خاں قصبہ جونیر علاقہ نیر سے ہندوستان مقام رامپور روہیلکھنڈ میں آئے پھر مقام سنبھل ضلع مرادآباد میں اقامت فرمائی اور یہاں ہی انتقال ہوا انکے پوتے نواب امیر خاں ۱۱۸۲ھ میں پیدا ہوئے جنکی پیشانی سے آثار شجاعت ہویدا تھے۔ سن شعور کو پہنچے تو خیال ملک گیری ظاہر ہونے لگے اور اطراف و جوانب میں انکی شہرت ہوگئی بعد چندے بہ تلاش معاش مالوہ گئے بہا بر معہ اپنی جماعت افغانان جو ایک ہزار انکے ہمراہ تھے رئیس کھیچی والئ راگھوگڈہ کے پاس مقیم ہوگئے اسکے بعد سردار سیندھیا کی رفاقت اختیار کی اور ہر جگہ انسے بہادرانہ کارنامے ظاہر ہوئے کچھ عرصہ بعد مہاراجہ راؤ جسونت راؤ ہلکر نے حسب ایماء گورنر جنرل

۴ سے بھی ان اقوال کی تائید ہوتی ہے اسی بنا پر اس ناچیز مؤلف کتاب کو یہی قول برکار بند ہونا پسندیدہ ہوا از انجملہ چند اقوال و آراء محققین بہ ذیل تفسیر آیات قرآنی حسب ذیل ہیں وَقَالَ لَهُمْ نَبِيُّهُمْ إِنَّ اللّٰهَ قَدْ بَعَثَ لَكُمْ طَالُوتَ مَلِكًا ط قَالُوا أَنَّىٰ يَكُونُ لَهُ الْمُلْكُ عَلَيْنَا وَنَحْنُ أَحَقُّ بِالْمُلْكِ وَلَمْ يُؤْتَ سَعَةً مِّنَ الْمَالِ ط (اور کہا حضرت شموئیلؑ نے بنی اسرائیل سے تحقیق اللہ تعالیٰ نے طالوت کو تمہارا بادشاہ مقرر کیا ہے کہا انہوں نے تعجب سے کب ہوسکتی

۵ وایسرائے ہند نواب امیر خاں کو چھ پرگنہ راجستان سے دیکر صلح پر رضامند کرلیا اور ریاست قائم ہوگئی اگر نواب امیر خاں کے تمام و کمال حالات لکھے جاویں تو ایک دفتر مستقل ہو جاوے۔ انکے صاحبزادے نواب محمد وزیر علی خاں کو ابو نصر محمد اکبر شاہ ثانی نے خطاب وزیر الدولہ امیر الملک بہادر جنگ کا عطا کیا۔ اور بعد انتقال نواب امیر خاں سنہ ۱۲۵۰ھ میں گدی نشین ہوئے اکتیس سال ریاست کرکے سنہ ۱۲۸۱ھ میں انتقال کیا انکے بعد نواب محمد علی خاں نے تین سال حکومت کی اور قتل رئیس لاوہ کے باعث بنارس بھیجے گئے۔ سنہ ۱۳۱۳ھ میں انکی وفات ہوئی۔ اسوقت کے والئ ملک نواب محمد ابراہیم علیخاں انتظام ملکی میں بیدار مغزی سے مصروف ہیں۔ نیک مزاج۔ رحمدل فیاض منش اور بڑی خوبی کے رئیس ہیں۔ سنہ ۱۸۹۰ء میں گورنمنٹ سے آپکو خطاب بھی عطا ہوا۔ آپکے صاحبزادے عبدالحفیظ خاں ولیعہد ہیں۔

(از امیر نامہ)

ہے طالوت کو بادشاہی ہم پر حالانکہ ہم زیادہ لائق ہیں بادشاہی کے۔ اور انہیں عطا کی خدا نے کشائش مال کی۔) یعنی اگر نسب یہودا سے ہونے کی
صورت میں کوئی مالی حیثیت ہوتی تاکہ سامان لشکر اور اسباب حرب مہیا کر سکتا۔ آیۃ مذکورہ سے صاف ظاہر ہے کہ بنی اسرائیل کو وجہ
انکار نسب طالوت ہوا جیسا کہ مدلول لفظ علینا اور نحن احق بالملک سے پایا جاتا ہے ورنہ در حقیقت طالوت آل یہودا سے ہوتا تو
بنی اسرائیل کو اس عذر کی گنجائش نہ ہوتی۔ دوسرے ولم یؤت سعۃ من المال سے بھی انکا نسب غیر ہونا موکد کیا۔ گو مراد بنی اسرائیل

کی (سقایا وغیرہ) افعال سے بھی تھی جو کہ ملک طالوت کرتے تھے۔ بہر حال نفی سبط مملکت اس سے بھی ظاہر ہے اسلئے کہ خاندانی تعلقات کو
افعال میں ضرور دخل ہے اسپر حضرت شمویلؑ کا ارشاد اِنَّ اللّٰہَ اصْطَفٰہُ عَلَیْکُمْ وَزَادَہٗ بَسْطَۃً فِی الْعِلْمِ
وَالْجِسْمِ تحقیق اللہ نے پسند کیا طالوت کو تم پر اور زیادہ دے اُسے کشادگی اور افزونی علم فن حرب وغیرہ میں اور جسم میں کہ
سب سے بلند قامت تھا۔ اس سے بھی یہی ثابت ہوتا ہے کہ منشاء خرق عادت اضداد میں مرتسم ہوتا ہے۔ باری تعالےٰ کو بنی اسرائیل
جیسی قوم پر اپنی سطوت و قدرت کا اظہار کرنا تھا کہ ہم جسکو چاہیں بادشاہ کر دیں اور بادشاہ کو غریب و فقیر کر دیں سب کچھ ہمارے
قبضۂ قدرت میں ہے اور اسکے لئے ضرور تھا کہ ظاہری رسم و اسباب کے خلاف کوئی امر ظاہر ہو پس اگر ملک طالوت بن یہودا
سے مانا جاوے تو منشاء آیۃ کے صریح خلاف ہوگا اور زادہ بسطۃ فی العلم والجسم کی وجہ مفید ثابت نہ ہوگی لہذا مفسرین لو شاول کو بنی
یہودا سے تسلیم کر نہیں سکتے۔ (۱) تفسیر کبیر میں علامہ رازی نے لکھا ہے کہ قَالَ الْمُفَسِّرُوْنَ وَسَبَبُ ھٰذِہِ الْاِسْتِبْعَادِ اَنَّ
النُّبُوَّۃَ کَانَتْ مَخْصُوْصَۃً لِسِبْطٍ مُعَیَّنٍ مِنْ اَسْبَاطِ بَنِیْ اِسْرَائِیْلَ وَھُوَ سِبْطُ لَاوِیْ بْنِ یَعْقُوْبَ وَ
مِنْہُ مُوْسٰی وَھَارُوْنُ وَسِبْطُ الْمَمْلَکَۃِ سِبْطُ یَھُوْدَا وَمِنْہُ دَاوٗدُ وَسُلَیْمَانُ وَاِنَّ طَالُوْتَ مَا
کَانَ مِنْ اَحَدِ ھٰذَیْنِ السِّبْطَیْنِ بَلْ کَانَ مِنْ وُلْدِ بِنْیَامِیْنَ فَلِھٰذَا السَّبَبِ اَنْکَرُوْا کَوْنَہٗ مَلِکًا لَّھُمْ
(مفسرین نے بیان کیا کہ سبب اس بعید جاننے کا یہ ہے کہ نبوت مخصوص تھی گروہ معینہ میں گروہ بنی اسرائیل سے اور وہ اولاد لاوی
بن یعقوبؑ ہے جنمیں سے حضرت موسیٰؑ و ہارونؑ ہوئے۔ اور مملکت مخصوص تھی اولاد یہودا میں انمیں سے داؤدؑ و سلیمانؑ ہیں
اور تحقیق طالوت ان دونوں گروہوں میں سے نہیں ہے بلکہ اولاد بنیامین سے ہے پس اسوجہ سے بنی اسرائیل نے اسکے بادشاہ
ہونے سے انکار کیا تھا) اسی کے آگے لکھا ہے فَقَالَ وَھْبٌ کَانَ دَبَّاغًا وَقَالَ السُّدِّیُّ کَانَ مُکَارِیًا وَقَالَ
اٰخَرُوْنَ کَانَ سَقَّاءً (پس کہا وہب نے طالوت دباغ تھے اور سدی کہتے ہیں کہ مکاری گھوڑے اونٹ وغیرہ کو کرایہ
چلانے والا اور اوروں نے کہا کہ سقے تھے۔ (۲) علامہ ابی السعود رحمۃ اللہ علیہ وَسَبَبُ ھٰذَا الْاِسْتِبْعَادِ اَنَّ النُّبُوَّۃَ
کَانَتْ مَخْصُوْصَۃً لِسِبْطٍ مُعَیَّنٍ مِنْ اَسْبَاطِ بَنِیْ اِسْرَائِیْلَ وَھُوَ سِبْطُ لَاوِیْ بْنِ یَعْقُوْبَ وَسِبْطُ
الْمَمْلَکَۃِ لِسِبْطِ یَھُوْدَا وَمِنْہُ دَاوٗدُ وَسُلَیْمَانُؑ وَلَمْ یَکُنْ طَالُوْتُ مِنْ اَحَدِ ھٰذَیْنِ السِّبْطَیْنِ بَلْ
مِنْ وُلْدِ بِنْیَامِیْنَ قِیْلَ کَانَ رَاعِیًا وَقِیْلَ دَبَّاغًا وَقِیْلَ سَقَّاءً (اور سبب اس بعید جاننے کا یہ تھا کہ تحقیق نبوت
مخصوص تھی سبط معین میں اسباط بنی اسرائیل سے اور وہ سبط لاوی بن یعقوبؑ ہے اور گروہ سلطنت گروہ یہودا جس میں
داؤدؑ و سلیمانؑ تھے اور طالوت نہیں تھا ان دونوں گروہوں میں سے بلکہ اولاد بنیامین تھا اور کہا گیا ہے کہ وہ چرواہے یا
کھال رنگنے اور پانی پلانے کا کام کرتے تھے۔ (۳) تاریخ کامل ابن اثیر وَھُوَ بِالسُّرْیَانِیَّۃِ شَاوِلُ بْنُ قَیْسِ
بن ابمار بن ضرار بن یحرف بن یفیح بن الیش بن بنیامین بن یعقوبؑ بن اسحٰقؑ۔ اور اس طالوت کو
سریانی زبان میں شاول کہتے ہیں جو بن قیس بن الخ بن بنیامین بن یعقوبؑ ہے۔ بقیہ بر صفحہ (۱۱۳)

(۴) تاریخ مروج الذہب و معادن الجوہر للامام ابی الحسن علی بن الحسین مسعودی) لکھتے ہیں و ہوشاود بن بشر بن انیال بن طرون بن بحرون بن افلیح بن شمیداح بن فالح بن بنیامین بن یعقوب علیہ السلام یعنی وہی طالوت جسکو شاود بھی کہتے ہیں بن بشر الخ بن بنیامین بن یعقوبؑ ہے۔

(۵) ابن خلدون اس قول کے مطابق سلسلۂ طالوت میں اسماء درج ہیں جس سے طالوت کا اولاد بنیامین ہونا ثابت ہے۔ پس بخوبی ظاہر ہو گیا کہ طالوت اولاد بنیامین سے ہیں کہ آل یہود اسے بہرحال ملک طالوت اور افغانان کے بنی سرائیل ہونے میں کوئی شک نہیں اور مضامین بالا سے افاغنہ کی قبطی ہونے سے بھی نفی ہوگئی البتہ یہ ممکن ہے کہ انمیں کوئی اور قوم خلط ملط ہوگئی ہو اور وہ قبطی الاصل ہوا اور یہ گروہ چونکہ کثیر الشعب ہے علاوہ اسکے فن تاریخ میں اختلاف کو جسقدر دخل ہے وہ اہل فن سے پوشیدہ نہیں اور یہ کہ مزید تحقیقات اس مختصر کتاب کی طوالت کا باعث ہے جسکو شوق ہو کتب فن کا مطالعہ کرے۔ نگارندۂ کتاب کے نزدیک جو محقق تھا وہ درج کیا گیا۔

حضرت لوط علیہ السلام۔ ابراہیمؑ کے چچا کے بیٹے تھے۔ آپ حضرت ابراہیمؑ پر ایمان لائے اور اُنکے ساتھ مصر و شام کی طرف ہجرت کر گئے۔ اللہ جل شانہ نے آپ کو قوم سدوم کی طرف رسول کر کے بھیجا تھا۔ اس قوم میں یہ عادت تھی کہ افعال شنیعہ میں تمام مرد مبتلا تھے اور شرک تو انکا موروثی گناہ اور کفر تھا۔ لوط علیہ السلام نے انکو توحید کی طرف دعوت کی۔ اور افعال بد سے منع کیا۔ اور عذاب آنیسے ڈرایا۔ انکی قوم کے سے سخت اور فحش گناہ کسی قوم نے نہیں کیے تھے۔ قوم نے لوط علیہ السلام کو بہت سخت سخت کہا اور ہنسی کی اور تکذیب کی۔ آخر اللہ جل شانہ نے اس قوم پر بھی عذاب بھیجا۔ کہ انکے زمین کا تختہ اُٹھا کر اُنپر اُلٹا کر کے مار دیا۔ پھر اوپر سے پتھر برسائے۔ اور لوط علیہ السلام اور اُنکے متبعین کو اللہ نے نجات دی۔ (کامل ابن اثیر)

آزر یا تارخ۔ ابراہیم علیہ السلام کے والد کے بارہ میں بھی تاریخ میں اختلاف عظیم ہے اور اس اختلاف کا بلحاظ امتداد زمانہ ہونا بھی ضرور ہے اور جہاں تک خیال کیا جاتا ہے اس اختلافات میں تحریر و کتابت اور اختلاف السنۃ کو بھی دخل ہے ایک شخص نے انیس لکھا اور نقاط اتفاقاً رہ گئے دوسرے نے اسکو انیش۔ افیش۔ الیش۔ ابیش پڑھ لیا یا کسی زبان میں ایک نام غز لکھا دوسرے نے غوز۔ اغوز۔ غر پڑھ لیا یا بلحاظ اسکے معنی کے دوسرے نام سے مشہور ہو گیا یا دو نام ہوں یا کسی بے اصل نام

سے روایت کی دوسرے نے اسکے لقب مشہورہ سے بیان کیا یا وہ کسی اپنی عادت یا کسی فعل خاص سے منسوب ہو گیا بعض کو اس سے خبر ہوئی بعض کو نہیں۔ اور یہ اکثر ہوتا ہے کہ ایک شہر میں کسی شخص کے دو تین نام و عرف ہوں اور دوسرے شہر والے اس سے کم واقف ہوں قطع نظر اسکے اور بہت سے وجوہات تاریخی ہیں جنکا تذکرہ اصل مراد یہاں نہیں ہے۔ اور پھر یہ امر بھی ظاہر ہے کہ رواۃ احادیث نے تدوین احادیث اور نقادان احادیث نے اسماء الرجال اور تحقیق رجال میں جسقدر احتیاط اور کوشش کی ہے وہ درحقیقت انہی بزرگان کا حق تھا اور انسے ہی یہ ہو بھی سکا۔ لیکن پھر بھی اختلاف روایات مذہبی اور رواۃ حدیث سے جو رہا وہ چلا ہی جاتا ہے۔ اور اکثر اختلافات کا رفع بھی ناممکن بلکہ ہمارے نزدیک ایک معنی کر خالص بہتری ہے جیسا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے اِخْتِلَافُ اُمَّتِیْ رَحْمَۃٌ (میری امت کا اختلاف رحمت ہے) والد حضرت ابراہیمؑ کے نام میں بھی کثرت سے اقوال ہیں۔ اگرچہ اس کثرت اقوال کے اسباب روایات خاص کا مقابلہ نہیں کر سکتے۔ بہر حال یہاں جس امر کا اظہار مقصود ہے اسکے لیئے امام رازی نے تفسیر آیہ وَاِذْ قَالَ اِبْرَاهِيْمُ لِاَبِيْهِ اٰزَرَ اَتَتَّخِذُ اَصْنَامًا اٰلِهَةً اِنِّيْٓ اَرٰىكَ وَقَوْمَكَ فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ۝ (اور جب کہا ابراہیمؑ نے اپنے باپ آزر سے کیا اختیار کرتا ہے تو بتوں کو اپنا خدا تحقیق دیکھتا ہوں میں تجھے اور تیری قوم کو ظاہر گمراہی میں) میں جو تحریر فرمایا ہے اسکا لکھنا مناسب ہے وَھُوَ ھٰذَا

بظاہر یہ آیت دلالت کرتی ہے کہ حضرت ابراہیمؑ کے والد کا نام آزر تھا اور جو لوگ تارخ بتاتے ہیں ان میں سے زجاج کا قول ہے (کہ تارخ نام ہونے میں نسابین کا کوئی اختلاف نہیں ہے) پس یہاں پر علماء کے نزدیک دو صورتیں ہیں۔

(۱) اول یہ کہ نام آزر ہے اور اجماع نسابین کا تارخ نام ہونے پر ہمارے نزدیک ضعیف ہے اسلئے کہ یہ اجماع ایک دوسرے کی تقلید کرنے سے حاصل ہوا بالآخر یہ نتیجہ ایک یا دو شخص پر منتہی ہوگا جیسے وہب کا قول ہے۔ یا کعب کا قول ہے وغیر ذالک یا اخبار یہود و نصاریٰ سے متعلق ہوگا یعنی نسابین کو انکی روایات سے ثابت ہوا ہوگا ایسی صورت میں کوئی وجہ نہیں کہ نص صریح سے جو امر ثابت ہے اسکو ترجیح نہ دی جاوے۔

(۲) اور اگر ہم تسلیم بھی کر لیں کہ نام تارخ تھا تو کئی توجیہیں اسمیں ہو سکتی ہیں۔

(۱) یہ کہ حضرت ابراہیمؑ کے والد کے آزر اور تارخ دونوں ہی نام ہیں۔ پس احتمال ہے کہ نام اصلی آزر ہو اور تارخ لقب سے مشہور ہو گئے اسم کم مشہور رہا۔ اور اللہ تعالے نے اسکے اصلی نام آزر سے کلام پاک میں ذکر کیا۔ اور ممکن ہے کہ اصلی نام تارخ تھا اور لقب مشہورہ آزر سے باعتبار شہرت اللہ تعالے نے یاد کیا۔

(۲) دوسرے یہ کہ آزر ایک بت تھا جسکی پرستش والد ابراہیمؑ کیا کرتے تھے۔ اسمیں بھی دو صورتیں ہو سکتی ہیں جنکی وجہ سے باری تعالے نے اس نام سے موسوم کیا اس لحاظ سے کہ آزر نے اس بت کی عبادت کے لئے اپنی ذات کو خاص کر دیا تھا اور قاعدہ ہے کہ جسکو جس سے محبت ہوتی ہے اسکے نام سے آپ کو منسوب کر لیتا ہے یا یہ کہ آزر سے عابد آزر مراد ہو کہ مضاف حذف کر کے مضاف الیہ اسکی جگہ قائم کر دیا گیا جیسا کہ عرب کا قاعدہ ہے۔ اور جو جچا ہونیکے قائل ہیں انکے لیئے یہ صورت ہے۔

(۳۳) کہ ابوالانبیا حضرت ابراہیمؑ کے والد کا نام تارخ اور چچا کا نام آزر ہو اور عم پر لفظ اب کا اطلاق اکثر آتا ہے جیسا کہ قرآن پاک میں موجود ہے قَالُوا نَعْبُدُ اِلٰهَكَ وَاِلٰهَ اٰبَآئِكَ اِبْرٰهٖمَ وَاِسْمٰعِيْلَ وَاِسْحٰقَ اِلٰهًا وَّاحِدًا وَّنَحْنُ لَهٗ مُسْلِمُوْنَ ۝ (کہا انہوں نے ہم عبادت کرینگے تیرے معبود کی اور معبود تیرے

حضرت لقمان علیہ السلام آپکا نسب اولاد آزر بن ایوب علیہ السلام ۔ اوخالتہ اور داؤدؑ کی بعثت سے پہلے آپ فتوی دیں قاضی تھے لیکن جمہور علماء اسیر ہیں کہ حضرت بلعم یا انعم یا اشکم یا ماثان کا فر تھا آپ اسکو ہمیشہ قرآن شریف میں آیکا یہ واقعہ اور تعریف مذکور ہے

اسطرح بھی لکھا ہے ۔ لقمان بن باعورا من حضرت داؤد علیہ السلام سے آپنے علم سیکھا دیا کرتے تھے اور بعض نے کہا ہے کہ بنی اسرائیل لقمان حکیم تھے نبی نہیں تھے ۔ اور انکا لڑکا نصیحت کرتے رہتے یہاں تک کہ وہ ایمان لے آیا بعض نے لقمان کو غلام حبشی لکھا ہے مگر یہ

غیر صحیح ہے ۔ بہرحال آپ اپنے زمانہ کے نہایت عابد زاہد مرتاض تھے ۔ درزی یا بکریاں چرانے کا کام کرتے تھے ۔

عمر ۱۰۰ اسال مرقد فلسطین مابین رملہ و سوق ۔

(از تفسیر ابی السعود ملخصاً)

باپوں کی کہ ابراہیمؑ اسمٰعیلؑ اسحٰقؑ ہیں عبادت کرینگے ہم اُس معبود کی جو یگانہ اور یکتا ہے۔ اور حال یہ کہ ہم اُس خدا کے مطیع اور عبادت کرنیوالے ہیں) اور یہ ظاہر ہے کہ اسمٰعیلؑ عم تھے یعقوبؑ کے اور لفظ اب کا اُن پر استعمال کیا گیا اسیطرح یہاں پر بھی ایراد ہوا۔ لیکن درحقیقت ان تکلفات کی کوئی ضرورت نہیں کیونکہ توجیہہ تو اسوقت ہو سکتی

شارخ
یا سارو غ
عمر ۲۳ سال

ہے جبکہ کوئی قوی دلیل آزر نام نہونے پر ہو (یعنی کسی دلیل سے آزر نام ہونا ثابت نہوتا ہو) حالانکہ ایسی کوئی دلیل نہیں پائی گئی پس ان تاویلات کی کونسی ضرورت ہے۔ (یعنی آزر نام ہونا ثابت اور کلام باری میں بھی اُسکی تائید پھر ان تاویلات کی کیا ضرورت ہاں اگر آزر نام ہونا ثابت نہوتا تو اسکی گنجائش ہو سکتی تھی)۔ اور قوی تر دلیل آزر نام ہونے میں یہ ہے کہ یہود و نصاریٰ اور عامہ مشرکین کو حضور کے ساتھ جبلی عداوت اور تکذیب کی فکر تھی اور اظہار بغض میں جو کچھ اُنکا اہتمام تھا تو اُنکی عادت اسکی تکذیب میں سکوت پر مجبور نہ کرتی۔ پس اُنکے تکذیب نہ کرنیسے ہمنے جان لیا کہ نسب مذکورہ البتہ صحیح ہے واللہ اعلم) انتہیٰ کلام الامام رازی۔

اب اس کلام سے اگر کسی کو یہ شبہ ہو کہ حدیث شریف میں وارد ہے کہ نور محمدی صلی اللہ علیہ وسلم ہمیشہ بطون صافیہ اور اصلاب طاہرہ میں منتقل ہوتا رہا جو بلا شبہ صحیح ہے۔ اور آزر کی نسبت بت تراش ہونا پایا جاتا ہے تو اسکے خلاف کیسے آزر کا باپ ہونا تسلیم کیا جاوے اُسکا یہ جواب ہے کہ آزر کی نسبت بت پرستی مضامین احادیث کے معارض نہیں ہو سکتی اور اسکا فیصلہ علماء محدثین نے اپنے محل پر بہت عمدہ طور سے کر دیا ہے جسکی تفصیل کا یہ محل نہیں اور نہ عام ناظرین کو اسطرف توجہہ کرنی چاہیئے اسواسطے کہ اس امر کی واقفیت کوئی ضروری نہیں بلکہ بعض مسائل ایسے ہوتے ہیں جسمیں گفتگو کرنے سے بمقابلہ مفاد کے نقصان کا زیادہ اندیشہ ہوتا ہے اور عام لوگوں کیلئے وہ بہت مضر ہو جاتے ہیں چنانچہ اس زمانہ میں ناظرین ملاحظہ فرماویں کہ بعض غیر ضروری مسائل کے زیر بحث آنے سے کسقدر خرابیاں پڑ گئیں۔ گروہ علماء میں تو ایک دوسرے کی تکفیر پر آمادہ ہو گیا عام لوگ بیچارے پریشان ہو گئے کہ ہر شخص علم اور کتاب کے ذریعہ سے کچھ نہ کچھ ظاہر کرتا ہے کسکی مانے اور کسکی نہ مانے۔ پس ایسے امورات میں جس صاحب کو شوق ہو متقدمین و متاخرین کے مضامین دیکھے اور موجودہ زمانہ کے علماء میں سے جنکے اقوال و افعال سنت نبویؐ کے مطابق ہوں اُنکی پیروی کریں کیونکہ عافیت دارین اسی میں ہے۔ اسی لئے اس موقعہ پر ہم بغرض رفع خلجان طبع قارئین کتاب قرۃ العیون شرح سرور المحزون تصنیف حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی جنکے اقوال علی العموم مسلمہ ہیں اور اُنکی بزرگی مثل آفتاب نصف النہار کے روشن ہے اسکا اس بارہ میں جو مضمون ہے بجنسہ درج کرتے ہیں جسکو زیادہ تحقیق منظور ہو اصل کتاب کا مطالعہ کرے۔

بیان اقوال اُس فریق کا جو اس مسئلہ میں خاموش ہیں یعنی ہاں نہ ناں کچھہ نہیں کہتے اور یہی طریق احوط ہے

کہا امام سخاوی نے مقاصد حسنہ میں کہ اس مسئلہ میں میں نے کئی جز لکھے مگر پسندیدہ اور مستحسن نزدیک میرے باز رہنا ہے اس گفتگو سے نفیاً و اثباتاً انتہی اور جواب ابوبکر مالکی کا کہ کسی نے اُنسے کہا تھا کہ آبا نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے آگ میں ہیں تو اُنہوں نے یہ جواب دیا کہ جو کوئی یہ کہے وہ ملعون ہے اسلئے کہ اللہ تعالےٰ فرماتا ہے اِنَّ الَّذِیْنَ یُؤْذُوْنَ اللّٰہَ وَرَسُوْلَہٗ لَعَنَھُمُ اللّٰہُ فِی الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَۃِ اور حدیث میں آیا ہے لَا تُؤْذُوا الْاَحْیَاءَ بِسَبِّ الْاَمْوَاتِ یعنی ایذا نہ دو تم زندوں کو ساتھ بدگوئی مردوں کے سابق میں گذر چکا اور سوال کئے گئے امام مستغفی اس قول بعض الناس سے کہ جب ظاہر ہوئی حضرت آدمؑ سے لغزش تو سیاہ ہو گیا تمام بدن اُنکا پھر جب اُتارے گئے

زمین پر تو مامور ہوئے نماز اور روزہ پر چنانچہ نماز پڑھی اور روزے رکھے تب سفید ہو گیا بدن اُنکا کیا صحیح ہے یہ قول انہیں کہنا انبیا کی شان میں
ایسا قول کرنا جسمیں اُنکی اہانت اور عیب نکلے مطلقاً جائز نہیں اسلئے کہ ہم مامور ہیں ساتھ روکنے زبان کے بدگوئی انکی
سے علاوہ یہ کہ فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے جسوقت ذکر کیے جاویں اصحاب میرے تو باز رہو تم ذکر سے

اُنکے سے پھر جب ہم اسپر مامور ہوئے کہ ذکر صحابہ رضی اللہ تعالےٰ عنہم کا ایسے انداز سے نہ کریں کہ جسمیں اُنکی شان میں کسی نوع کا عیب و نقصان
نکلے تو انبیا علیہم السلام کی نسبت ایسا ذکر کرنے سے بطریق اولیٰ بچنا چاہیئے پس ہر مسلمان کو لازم ہے کہ ایسی گفتگو سے زبان
کو باز رکھے جسمیں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی شان میں کسی نوع کی خفت یا نقصان عائد ہو نعوذ باللہ من ذٰلک تفسیر
روح البیان اور ماثبت من السنت میں ہے وَالْكَلَامُ فِي أَبَوَيْهِ الشَّرِيفَيْنِ طَوِيلٌ وَالسُّكُوتُ فِي هٰذَا الْبَابِ
اَحْوَطُ یعنی گفتگو حق میں والدین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے دراز ہے اور سکوت کرنا اسمیں بہتر ہے اور حاشیہ شامی اور
حسن الادب میں ہے کہ ذکر کرنا اس مسئلہ کا تمام ادب سے چاہیئے اور یہ مسئلہ ایسے مسائل سے نہیں ہے کہ جہل اُسکا مضر ہو یا قبر میں
یا موقف قیامت میں اس سے بازپرس ہو پس اس صورت میں بہتر اور اولیٰ یہ ہے کہ ایسی گفتگو سے منزلۃ الاقدام سے زبان کو روکنا
چاہیئے ھذا ما تیسر لی من التحقیق فی ھذا الباب واللہ اعلم بالصواب

(انتہا کلام شارح سرور المحزون)

حضرت خضر علیہ السلام۔ آپکی نسبت علماء کتاب اول کہتے ہیں آپ ملک افریدول بن اثغیان کے زمانہ میں موسیٰؑ بن عمران سے پہلے ہوئے ہیں اور یہ بھی مروی ہے کہ خضرؑ اراکین اسکندر اکبر ذی القرنین سے تھے جو زمانہ ابراہیمؑ میں گذرا ہے۔ جو چشمۂ آبحیات پر پہونچا اور حضرت خضرؑ اسکے ہمراہی تھے آپنے آب حیات پیا اور سکندر و نیز اسکے ہمراہی اس سے غافل رہے۔ اور خضرؑ کو اس سبب سے حیات جاوید نصیب ہوئی اور بعض خیال کرتے ہیں کہ حضرت ابراہیم کے ساتھ جنہوں نے ہجرت کی اور ایمان لائے تھے اُنہیں سے کسی کی اولاد ہیں اور نام آپکا بلیا بن ملکان بن فالغ ہے اور آپکے باپ ملک عظیم تھے۔ اور عبداللہ بن شوذب کا قول ہے کہ خضرؑ اولاد فارس سے اور الیاسؑ بنی اسرائیل سے ہر سال آپس میں ملتے ہیں۔ اور ابن اسحق کا قول ہے کہ باری تعالےٰ نے بنی اسرائیل میں سے ناشیہ بن اموص (یشعیاؑ) کو انکا خلیفہ کیا اور ناشیہ کے ساتھ خضرؑ کو بھی مبعوث کیا تھا۔ اور بنی اسرائیل حضرت خضرؑ کا نام ارمیا بن حلقیا اور سبط ہارونؑ بن عمران سے کہتے ہیں۔ لیکن قول صحیح یہ ہے کہ آپ ایام افریدول اور اسکندر ذی القرنین تھے کیونکہ اس مضمون کی حدیث سے بھی تائید ہوتی ہے اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے زیادہ خلق میں اعلم تر کون ہوسکتا ہے پس خضرؑ سکندر کے ساتھ آب حیات پر گئے وہ پانی پیا اور عمر طویل حاصل ہوئی۔ موسیٰؑ بن عمران کا بعد میں پیدا ہونا ثابت ہے۔ لہذا موسیٰؑ بن عمران کی خضر سے ملاقات میں کوئی شبہ نہیں ہوسکتا۔ اور اس ملاقات کا اصل باعث یہ ہوا کہ حضرت موسیٰؑ بنی اسرائیل میں ایک روز وعظ فرما رہے تھے کسی شخص نے آپسے دریافت کیا اے موسیٰؑ کون زیادہ عالم ہے آپنے فرمایا کہ میں ہوں۔ اسپر عتاب باری تعالےٰ ہوا کہ نبی ہوکر علم کو خدا کی طرف منسوب نہ کیا۔ آپنے باری تعالےٰ سے عرض کیا کہ یہاں کیا مجھ سے زیادہ کوئی جاننے والا ہے۔ ارشاد ہوا کہ مجمع البحرین میں ہمارا ایک بندہ ہے وہ تجھ سے زیادہ جاننے والا ہے۔ (حضرت خضرؑ اسوقت اس مقام پر تھے) اسپر آپنے ملاقات کا ارادہ کیا اور باری تعالےٰ سے عرض کیا کہ میں کسطرح اُس سے مل سکتا ہوں ارشاد ہوا کہ ایک مچھلی لیکر مکتل (ہانڈی یا برتن) میں رکھو پس جہاں اُسکو بھول جاؤگے وہ وہیں سے ملینگے (یعنی خضرؑ) حضرت موسیٰؑ نے سفر کا ارادہ کیا اور موافق حکم تیاری کرکے روانہ ہوگئے اور حضرت یوشعؑ جو انکی ہمراہی میں تھے اُنکو موسیٰؑ نے ہدایت کر دی کہ جب یہ مچھلی اسمیں سے گم ہوجاوے تو مجھکو خبر کر دینا پھر آپنے چلنا شروع کیا یہانتک کہ دریا کے کنارے پہونچے اور ایک پتھر پر آپنے آرام کیا اور وہ مچھلی بھی وہیں رکھی تھی اور یہ چشمۂ حیات تھا مچھلی کو پانی لگا اور وہ زندہ ہوکر تڑپنے لگی اور روانہ ہوگئی جس جگہ وہ جاتی تھی راستہ ہوجاتا تھا۔ یہ دونوں یہاں سے اُٹھکر آگے چلے گئے جب کھانیکا وقت ہوا تو یوشعؑ نے آپکے دریافت کرنے پر قصہ بیان کیا پھر وہیں سے لوٹے اور اُس مچھلی کے راستے پر چلے گئے ایک خشکی کے مقام پر پہونچے تو حضرت خضرؑ کپڑا ڈالے ہوئے لیٹے تھے۔ یہاں سے

فالغ
شبیر ملکان عبنان مدبر
خضر

۱؎ یعرب بن قحطان انکی اولاد یمن میں آباد تھی اور انصاریان مدینہ کا سلسلہ انسے منتہی ہوتا ہے۔ حسان بن ثابت رضی اللہ عنہ نے اپنے اشعار میں جو داسکا اظہار فرمایے ہیں

نَعلمتُم مِن منطقِ الشیخِ یعربُ اَبِینا ۔ فصِرتُم مُعربِینَ ذَوِی نَفَر

عابرُ

وَکُنتُم قَدِیمًا مَا لَکُم غَیرَ عُجمَةٍ ۔ کَلَامُ وَکُنتُم کَالبَهَایمِ فِی القفر

اے باشندگان عرب تمنے عربی زبان ہمارے باپ سے سیکھی ہے جسکی وجہ سے تم چند لوگ عربی زبان جان گئے ورنہ تمہارے پاس عجم کی زبان کے علاوہ کوئی کلام نہ تھا اور غیر آباد زمینوں میں تم چوپایوں کی طرح زندگی بسر کرتے تھے۔

صفہ ۲

دیکھو امام ملک کا سلسلہ جو یعرب کی اولاد میں زرعہ سے شروع ہوا ہے۔

قحطان — یعرب — یشجب — سباء اکبر

حمیر — ہمیسع — ایمن — زہیر — عریب — قطن — غوث — وائل

سباء اصغر — کہف الظلم — ابجم ہو زید — سہل — عمرو — قیس — معاویہ — جشم

صیفی — قیس — حارث — ابی شرح — ذی جدل

ذی شرح

ملکہ بلقیس المشہور

ملکہ بلقیس انکے نسب میں بھی مورخین کا اختلاف ہے اور اکثر روایتوں سے انکا اولاد جنیہ ہونا معلوم ہوتا ہے۔ لکھتے ہیں کہ انکی والدہ (رواحہ) سکر ملک الجن کی بیٹی تھی اور بعض نے یلقمہ بنت عمرو بن عمیر الجنی لکھا ہے لیکن اسکی کوئی اصلیت نہیں ہے دراصل ملکہ بلقیس ملک یمن کی بادشاہ تھی جب حضرت سلیمانؑ کو جب ہدہد کے ذریعہ سے انکا حال معلوم ہوا اور حضرت سلیمانؑ نے بلقیس پر حملہ کا ارادہ کیا تو بلقیس نے بہت سے تحفے سلیمانؑ کی خدمت میں بھیجے آپنے انکو قبول نہ فرمایا۔ بلقیس نے آپکی اطاعت قبول کر لی اور آپکے دین پاک میں داخل ہو گئی اور اپنی حکومت و سلطنت کو جناب سلیمانؑ کے سپرد کر دیا اور آپکو ملک یمن میں لے گئی سلیمانؑ نے اسکو نکاح کرنیکی ہدایت کی اسنے بادشاہت کی وجہ سے انکار کیا سلیمانؑ نے فرمایا کہ دین میں داخل ہو کر انکار اس سے نکاح کرنا چاہیئے تب بلقیس نے سعد بن زرعہ سے نکاح کی خواہش ظاہر کی آپنے اسکا نکاح اس سے کر دیا اور اسکو یمن پر عامل مقرر کر کے بلقیس کو بدستور وہاں کا حاکم اعلیٰ بنا رکھا اور سلیمانؑ شام کیطرف لوٹ آئے۔ بیان کیا جاتا ہے کہ سلیمانؑ نے بلقیس سے نکاح کر لیا تھا۔ اور اسکے دیکھنے کو ہر ماہ میں ایک مرتبہ آپ تشریف لیجاتے تھے اور تین روز تک وہاں ٹھہرتے تھے۔ واللہ اعلم (کامل و ابن خلدون)

۲ بقول صاحب سبائک الذہب یعرب فصحائے عرب میں اول درجہ کے فصیح مانے جاتے تھے۔ عربیت انہیں کی طرف منسوب ہے۔ نسل من عابر بن قحطان اور عدنان کی اولاد کی بڑی آبادی تھی قحطانی سلسلہ میں اوس و خزرج و انصاریان مدینہ منورہ ہیں۔ اسی سلسلہ میں سباء کی اولاد میں یمن والوں نے ایسا عروج حاصل کیا جو اسکے بعد کسی دوسرے کو میسر نہیں ہوا چنانچہ کلام باری میں سورۂ سبا میں انکی ترقی

و مرفہ حالی کا مفصل ذکر ہے۔ لیکن مثل دیگر اقوام احکام الٰہی سے انہوں نے بھی سرتابی کی اور ایک سیلاب کی صورت میں انپر عذاب نازل ہوا اکثر انمیں سے تباہ ہو گئے۔ عمرو بن عامر ماء السماء اتفاقاً اس تباہی سے پہلے معہ اپنے دیگر ہمراہیوں کے ملک حجاز میں چلا آیا تھا اور اس عذاب کا حال بھی اسکو معلوم ہو گیا۔ اسوجہ سے یہ اطراف حجاز میں پھرتا رہا بالآخر مدینہ منورہ اسکو اچھا معلوم ہوا۔ اسوقت یہود بنی اسرائیل یہاں موجود تھے یہ بھی یہاں مقیم ہو گیا اور اسکی اولاد نے یہاں پر ترقی کی۔ قبائل اوس و خزرج اور انکی کئی شاخیں اسوقت تک عرب میں موجود ہیں۔ عرب و ہندوستان کے انصاریان مثل امروہہ انبہٹہ لکھنؤ فرنگی محل و تھانیسر و پانی پت نواب تسکور احمد خاں وغیرہ ان سب کے سلاسل کا اصل منتہا یہی عمرو بن عامر و یعرب بن قحطان بن عابر ہے۔ یعرب بن قحطان کو بعض نے بنو اسمٰعیل سے بھی لکھا ہے۔ لیکن ان اقوال کے مقابلے میں جنکی غایت صحت پر ہمنے سلسلہ درج کیا ہے کوئی روایت زیادہ مستند نہیں پائی۔

امام دارالہجرۃ قدوۃ المحدثین

حضرت امام مالک رحمۃ اللہ علیہ۔ آپ ۹۰ھ میں پیدا ہوئے۔ ۸۹ سال عمر پائی۔ ماہ ربیع الاول روز شنبہ ۱۷۹ھ کو انتقال ہوا۔ امام مالک رح علم کی تعظیم میں نہایت مبالغہ فرماتے تھے۔ حدیث شریف کے پڑھانے میں با وضو و نظافت۔ شان و شوکت کے ساتھ بیٹھتے تھے اور فرمایا کرتے کہ میرا جی چاہتا ہے کہ حدیث رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی تعظیم کروں۔ ہارون رشید نے آپ سے دریافت کیا آپکے گھر ہے فرمایا نہیں پس تین ہزار دینار آپکو پیش کئے اور کہا کہ آپ اس سے مکان خرید لیں آپنے وہ دینار ویسے ہی رکھ چھوڑیں۔ جب ہارون رشید نے مدینہ منورہ سے جانیکا قصد کیا آپسے کہا کہ تشریف لے چلئے۔ لوگوں کو آپکی موطا پر رغبت دونگا حضرت امام نے فرمایا کہ حضور سرور کائنات کے اصحاب امصار و دیار میں پھیل گئے ہیں اور حدیثیں بہم پہنچاتے ہیں۔ اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مدینہ کی نسبت فرمایا ہے کہ وہ لوگوں کے واسطے بہتر ہے اگر وہ جانیں مدینہ آدمی سے خبث کو ایسا نکال دیتا ہے جیسے بھٹی

لوہے کے میل کو۔ آپکے وہ دینار بدستور رکھے ہیں آپکا جی چاہے تو لیلیجے مجکو مدینہ کی مفارقت کسی صورت سے منظور نہیں ہے۔ اطراف و جوانب سے جسقدر مال و زر آپکے پاس آتا تھا سب خدا کے واسطے صرف کر دیتے تھے۔ آپکا قول ہے کہ آدمی کے پاس مال کا نہونا زہد نہیں ہے بلکہ قلب کا فارغ ہونا مال کی محبت سے زہد ہے۔ امام شافعیؒ فرماتے ہیں کہ امام مالک کے دروازے پر مینے خراسان

شالخ

کے گھوڑے اور خچر مصر دیکھے کہ اس سے پہلے مینے کبھی نہیں دیکھے تھے مینے کہا کہ کیا خوب ہیں امام مالکؒ نے سب مجکو دیدیے۔ امام شافعیؒ نے اصرار سے کہا کہ ایک آپ اپنی سواری کو رکھلیں فرمایا خدا سے شرم آتی ہے کہ جس

خاک پاک پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے قدم مبارک رکھے گئے ہوں اُسکو میں دابہ کے پاؤں سے پامال کروں سچ ہے عاشقان محمدی کے یہی طریقے اور ادب تھے جسکی وجہہ سے خداوند عالم نے ایسے حضرات کو مدارج علیا سے سرفراز فرمایا تھا مدینہ منورہ میں آپکا مزار ہے ؎ از خدا خواہیم توفیق ادب — بے ادب محروم گشت از فضل رب

حضرت امام مالکؒ کے سلسلہ میں جو ذی اصبح ہے اُسکا نسب بروایت ہشام بن کلبی اسطرح پر ہے۔ ذو اصبح ہو الحرث بن مالک بن زید بن غوث بن سعد بن عوف بن عدی بن مالک بن زید بن سہل بن عمرو بن قیس بن معاویۃ بن جشم بن عبد شمس بن وائل بن غوث بن قطن بن عریب بن زہیر بن ایمن بن ہمیسع بن حمیر بن سبا بن یشجب بن یعرب بن قحطان۔ اور جو اسماء کہ سلسلہ میں درج ہیں وہ حازمی کی کتاب عجالہ کے موافق ابن خلکان سے لئے گئے ہیں۔

۵۲ حضرت انسؓ بن مالکؓ اسی نجار کیطرف منسوب ہیں جو خزرج کی ایک مشہور شاخ ہے۔

۵۳ بنو مالک ایک دوسرا بڑا قبیلہ ہے جسمیں حبیبؓ بن زید صحابی ہیں جو حضور کیطرف سے مسیلمہ کذاب کے پاس گئے تھے۔

۵۴ حضرت اسعد رضی اللہ عنہ آپ قدیم الاسلام اور باوجود کم عمر ہونیکے اپنے قبیلہ کے نقیب تھے اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ لیلۃ العقبہ میں پہلے بیعت کرنیوالے ہیں ہجرت کے نویں مہینہ آپکا انتقال ہوا اور بقول بغوی صحابہ میں انکا پہلا جنازہ تھا جسکی حضور نے نماز پڑھائی۔

۵۵ حضرت سعد رضی اللہ عنہ آپ غزوۂ بدر میں شریک ہوئے اور یوم خندق میں آپکے تیر لگا ایک مہینہ تک بنی قریظہ

حضرت ابو ایوب انصاری رضی اللہ عنہ آپکی احادیث میں بڑی فضیلت آئی ہے کثرت سے احادیث آپ سے مروی ہیں حضور سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمرکاب تمام غزوات میں شریک و معاون رہے۔ حضرت علی کرم اللہ وجہہ جسوقت عراق کو جہاد کیلئے تشریف لیگئے ہیں تو آپکو مدینہ منورہ میں اپنا خلیفہ مقرر کیا لیکن آپکو جہاد سے علیحدہ رہنے کی تاب نہ لائی۔ عراق پہونچے اور حضرت علی رضی کے ساتھ قتال خوارج میں شریک ہوئے۔ حضور سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم مکہ سے ہجرت کرکے جب مدینہ منورہ تشریف لائے ہیں تو پہلے مکان ابو ایوب انصاری کا تھا جسمیں دو جہان کے بادشاہ نے نزول اجلال فرمایا۔ سچ یہ ہے کہ اسروز دنیا میں ابو ایوب رض سے زیادہ کوئی خوش قسمت نہیں تھا۔

سبحان اللہ کیا وقت تھا اور کیسے فضل و رحمت کا سما ہوگا جبکہ حضور صلعم کی رونق افروزی کی خوشی میں خاندان انصار کی لڑکیاں فرط مسرت اور روحی فداہ کے خیر مقدم میں دف بجاتی ہوئیں فدایانہ انداز سے

وہ آئیں گھر پہ ہمارے خدا کی قدرت ہے
کبھی ہم انکو کبھی اپنے گھر کو دیکھتے ہیں

نحن جوار من بنی نجار
یا حبذا محمد من جار

ہم خاندان بنی نجار کی لڑکیاں ہیں
جنکے کیا ہی پیارے محمد صلعم ہمسایہ ہیں

کا ترانہ زبان ذوق سے ادا کر رہی تھیں۔ اس محبت و اخلاص کا پہلا صلہ یہ تھا کہ ابو ایوب اور انکے خاندان والوں نے انصار خدا اور رسول ہونیکا لقب حاصل کیا شفیع عاصیاں کے مورد عنایات خاص ہوئے۔ اسروز سے فلاح دارین انکا نقد وقت ہوگیا۔ حضرات انصار کی فضیلت کا یہاں سے اندازہ ہوسکتا ہے۔ سعید رض بن مسیب سے روایت ہے کہ ابو ایوب رض نے حضور صلعم کی ریش مبارک سے کچھہ بال لئے تھے جسپر حضور صلعم نے فرمایا تھا لَا يُصِيبُكَ السُّوءُ يَا أَبَا أَيُّوبَ (اے ابا ایوب تجھے کوئی برائی نہ پہونچے گی۔ اور دوسری روایات میں وارد ہے کہ حضور صلعم نے آپکی اولاد کیواسطے بھی دعا فرمائی کہ اے خدا ابی ایوب کو ادب عطا کر ابی ایوب کو فراغت دے انکو محروم نہ رکھ الہی انکے گروہ اہل سے باقی رکھ اپنی زمین میں اسدن تک کہ حشر کئے جاویں الہی انکی اولاد میں علم پیدا فرما اور علم میں زیادتی عطا فرما اسدن تک کہ وہ تجھ سے ملیں الہی اس گروہ میں علم اور بے پروائی اور فقر دے اے خدا انکی اولاد میں عابد کر نیوالا پیدا کر پھر آپنے یہ دعاء تعلیم فرمائی اَللّٰهُمَّ مَالِكَ الْمُلْكِ اِلٰى بِغَيْرِ حِسَابٍ کہ صبح و شام پڑھا کریں اس دعا کی برکت سے اللہ تعالے نے آپکی اولاد کو بڑے بڑے مدارج سے سرفراز فرمایا ملک شام ہرات سندھ ہند میں کثرت سے آپکی اولاد موجود ہے اور ہر جگہہ بڑے بڑے قابل آپکی اولاد میں ہوتے آئے چنانچہ ہندوستان میں علماء فرنگی محل اسکی کافی نظیر ہے اور دیگر مقامات میں ابتک بہت سے صلحا و علماء مثل انبہٹہ و امروہہ و پانی پت موجود ہیں حضرت ابو ایوب رض خلافت معاویہ رض میں ہمراہ لشکر قسطنطنیہ گئے اور سنہ ۹۲ھ میں وہیں آپکا انتقال ہوا۔ استنبول میں جامع ایوبی آپکے نام سے مشہور اور آپکا مزار زیارتگاہ

حضرت شیخ الاسلام عبداللہ انصاری رحمۃ اللہ علیہ آپکے بارہ میں امام ذہبی تذکرۃ الحفاظ میں لکھتے ہیں کہ آپ ۳۹۶ سنہ ہجری میں مقام ہراۃ میں پیدا ہوئے۔ آپنے عربی زبان اچھی طرح تحصیل کی حدیث اور تاریخ و علم الانساب میں کمال پیدا کیا اور تفسیر و حسن سیرت اور تصوف کے تو امام تھے کبھی امراؔ اور رؤساؔ و بادشاہ کی صحبت میں نہیں جاتے اور نہ انکی پرواہ کرتے سال بھر میں ایکمرتبہ مجلس وعظ منعقد کرتے اور اسمیں آپکے مریدین اور معتقدین جو کچھ خدمت کرتے وہ فوراً بازار میں تقسیم کر دیتے۔ کھانا کپڑا وغیرہ بازار سے لے لیتے نہایت خوش پوشاک اور با ہیبت آدمی تھے۔ ایک مجلس میں اتنی احادیث بیان کر جاتے کہ سننے والے دنگ رہجاتے بارہا فرماتی تھے کہ مجھے ہزارہا حدیثیں اسطرح یاد ہیں کہ جب چاہوں بیان کر دوں۔ آپکی تصانیف میں سے کتاب الاربعین اور کتاب الفروق اور کتاب منازل السائرین اور مناجات اور مناقب امام احمد حنبل مشہور کتابیں ہیں۔ آپنے ۴۸۱ھ میں اسّی سے زائد عمر پاکر انتقال فرمایا ہراۃ میں اسوقت تک آپکی درگاہ زیارتگاہ خلائق مشہور ہے۔

ابی معاذ — ابو المنصور — شیخ الاسلام خواجہ عبداللہ انصاری — شیخ محمد ثانی — شیخ نصیر — شیخ محمد — شیخ اسعد — شیخ عبداللہ — شیخ فضل اللہ — شیخ محمد

خواجہ زین الدین بن شیخ ابو اسحق

محمد — احمد

خواجہ اسمعیل — خواجہ سلیم — خواجہ جلال الدین — خواجہ حامد — خواجہ داود — خواجہ کلان — خواجہ فضیل

خواجہ شمس الدین — خواجہ منہاج الدین — خواجہ تاج الدین — خواجہ شرف الدین

مولانا جمال الدین — مولانا علاء الدین — مولانا عبدالرزاق — مولوی عبدالوہاب — مولوی عبدالباقی

مولانا انوار الحق — مولانا احمد عبدالحق — ملا محمد سعید — ملا قطب الدین — مولانا عبدالحلیم — مولانا عبدالکریم — مولانا احمد

مخدوم شرف الدین — مخدوم بدر الدین — مخدوم نصیر الدین — مولانا علاء الدین — مولانا نظام الدین — مولانا شرف الدین — مولانا فضل اللہ — مولانا محمد حافظ

۵ ابتداءً ہندوستان میں انصاریان فرنگی محل لکھنؤ کے مورث اعلیٰ خواجہ جلال الدین رح ہندوستان میں تشریف لائے اور قریہ سہالی میں قیام کیا ایک مدت تک درس و تدریس میں بھی وہاں مشغول رہے اور خانقاہ و مسجد بھی تعمیر کرائی قریب اُس مسجد کے دھرم سال حوض ہے اسکے متصل دفن کیئے گئے۔ مدت کے بعد وہ قریہ برباد و تباہ ہوگیا سوائے آپکے مقبرہ کے اور مکانات منہدم ہوگئے آپکی اولاد میں بہت بڑے بڑے علماء و فضلا گذرے چنانچہ مولانا مولوی عبد الحی صاحب وغیرہ اس خاندان میں باکمال گذرے ہیں

شاہ شیراز

شیخ علقمہ — خواجہ ابو طاہر — خواجہ عثمان — خواجہ امام ناصر الدین جالندھری رح — خواجہ عبد الملک — شیخ صادق — شیخ میران — خواجہ جنید — قاضی شمس الدین

شیخ رافع — شیخ نافع — ملک شرف الدین — شیخ ابو اسحق

۵ اور مولوی عبد الباری صاحب وغیرہ اسوقت بھی موجود ہیں۔ (احوال علمائے فرنگی محل) ۵۲

۵۲ تاریخ عجب میں لکھا ہے کہ سنہ ۸۱۴ھ میں قاضی شمس الدین صاحب رح تیمور بادشاہ کے لشکر کے ہمراہ ولایت سے ہندوستان میں آئے۔ یہانے موضع شمس پور تحصیل نکوڑ میں قیام کیا۔ پھر قصبہ انبہٹہ میں سکونت اختیار فرمائی۔ لیکن قصبہ کے دیگر پرانے کاغذات میں لکھا ہے کہ قاضی شمس الدین جالندھر میں تھے وہاں سے انبہٹہ میں رونق افروز ہوکر قیام پذیر ہوگئے اور فی الواقع دونوں روایتوں میں اختلاف نہیں کیونکہ ولایت کے راستے میں جالندھر واقع ہے ممکن ہے کہ جالندھر میں قیام کیا ہو کہ وہاں حضرت امام ناصر الدین صاحب جالندھری کا مزار ہے کہ وہ قاضی شمس الدین رح کے مورث اعلیٰ ہیں۔ (نسب نامۂ انصاریان)

مولوی انصار علی — شاہ احمد علی — شاہ قطب علی — شاہ غلام محمد — شرف الدین خان — غلام محی الدین

مولوی عبد اللہ — مولوی محمد میاں — احمد میاں

مولوی عبد اللہ صاحب انبہٹہ کے باشندے آجکل علیگڈھ کالج میں ناظم دینیات ہیں اور حاجی امداد اللہ صاحب رح کے خلیفہ ہیں۔ عرصہ ہوا راقم الحروف کو بھی انسے ملاقات کا اتفاق ہوا تھا۔

خواجہ رکن الدین — خواجہ کبیر — خواجہ عبد الحمید — خواجہ شرف الدین

عبد الرشید — محمد فضیل — نظام الدین

خواجہ نجم الدین — خواجہ رکن الدین — خواجہ علاء الدین — خواجہ ہاشم — خواجہ محمد فاضل — خواجہ فرید الدین — قاضی ضمن

ؒ مولانا نورالدین اپنے وقت کے اجل فضلاء سے ہیں کلمۂ شیخ سے انکا سن ولادت نکلتا ہے اور امام سے عمر اور شیخ امام سے سن وفات یہی الفاظ انکے مزار پر انبہٹہ میں کندہ ہیں حضرت سلطان العارفین مولانا رکن الدین قطب عالم گنگوہی کے صاحبزادے تحصیل علوم کیلئے آپکے پاس آیا کرتے تھے۔ (نسب نامۂ انصاریان)

قاضی میران — قاضی عبداللہ — قاضی عبداللطیف — قاضی محمد زاہد — عبدالواحد — معین الدین — خیرالدین — وجیہ الدین — علی رحم

قاضی محمد عارف — محمد وارث — ابو محمد — ولی محمد

قاضی عثمان — قاضی محمد داؤد — خواجہ عبدالملک

شیخ سعداللہ — مولانا نورالدین — مولانا وجیہ الدین — خواجہ صالح

محمد فضیل — ابو الفضل — احسن اللہ — حسین اللہ — نوازش علی — فخر محمد بخش — مولوی مشتاق احمد

علی شیر — شیخ صادق علی (انبہٹہ) — علی منصب — حاجی علی محبوب — علی شیر — مظہر علی — محمد علی — احمد علی — نعمان

یہ سلاسل انصاریان انبہٹہ ضلع سہارنپور کے ہیں انسے بہت سی شاخیں نکلتی ہیں جنکے سلسلے انسے ملتے ہوں وہ درج فرماسکتے ہیں اسیواسطے اسمیں جگہہ خالی چھوڑی گئی ہے۔ یہ قصبہ بھی مثل دیگر قصبات کے مردم خیز اور قدیم ہے۔ اکثر حضرات صاحب علم اور صلحاء سے ہیں ازانجملہ مفتی محمد علی صاحب نقشبندی صابری و مولوی ظہور احمد صاحب رئیس قصبہ خلیفۂ مولانا رشید احمد صاحب گنگوہی و مولوی مشتاق احمد صاحب جو آجکل ریاست گنج پورہ میں ہیں اور شیخ صادق علی صاحب وزیر ریاست خیرپور سندھ ہیں وغیرہم۔ اور اس سلسلے کے اسماء حضرت ایوب انصاری رضؓ سے اوپر کے سبائک الذہب و اصابہ و ابن خلدون سے لکھے گئے اور نیچے کے اسماء کتاب احوال علماء فرنگی محل لکھنؤ و نسب نامۂ انصاریان انبہٹہ سے لئے ہیں۔ واللہ اعلم

حضرت صالح علیہ السلام بعض مورخین نے آپکا سلسلۂ نسب اسطرح پر لکھا ہے۔ صالح بن عبید بن عابر بن شالخ بن قینان
بن ارفخشد بن سام بن نوحؑ۔ اللہ تعالے نے آپکو قوم ثمود کی طرف نبی کر کے بھیجا۔ یہ قوم ثمود بڑی قوی
اور زبردست تھی۔ حجاز و شام کے درمیان انکا مسکن تھا۔ بت پرست اور ظلم و تعدی میں
حد سے بڑھی ہوئی تھی۔ صالحؑ نے اس قوم کو بہت نصیحت کی لیکن انکا کفر بڑھتا گیا۔ بجز
چند متعدد غربا کے کوئی ایمان نہ لایا۔ ایک مرتبہ
قوم نے آپسے کہا کہ ہمکو آپ
سام
عیلم
یغن
اھواز
اسود
ارم
کیومرث
بوذر
لاوز
فارس
خراسان
تنبال
ملران
کاثر
ماش
عوص
جرجان
اران
ارمن
عراق
ارمان
ثمود
نمرود
عاد
اذربیجان
فرغان
عبیل
جاذر
کنعان
خلود
شالخ
نمرود
سنجا
رباح
عبداللہ
اصف
براز اد
عبیل
بختنصر
حضرت صالح علیہ السلام
(ابن خلدون)
بدر ملوک عجم
بانی مدائن
یا ایران
یا گرگان
آرمینیہ
۱ عاد بروایت مسعودی عرب کا پہلا بادشاہ جسنے سو برس سلطنت کی
۲ قوم عاد کا بادشاہ زمین احقاف میں رہتا تھا۔
بادشاہ مشہور جسکا تذکرہ بنی اسرائیل میں موجود ہے
پتھر سے اگر اونٹنی نکال دیں تو ہم سچا نبی مانیں گے۔ آپنے جناب باری میں دعا کی۔ آپکی دعا مقبول ہوئی۔ اور اللہ نے پتھر سے اونٹنی نکال دی۔ صالحؑ نے قوم سے فرمایا کہ اس کو کبھی نہ ستانا۔ ورنہ تمپر عذاب الٰہی نازل ہوگا لیکن قوم پھر بھی آپ پر ایمان نہ لائی
اور اونٹنی کی کونچیں کاٹ ڈالیں۔ ... قہر الٰہی سے ایک سخت آواز آئی کہ اسکے خوف سے سب کے دل

حضرت ہود علیہ السلام بعض نے آپکا سلسلۂ نسب اسطرح بھی لکھا ہے۔ ہودؑ بن عابر بن شالخ بن قینان بن ارفخشد بن سام بن نوحؑ جب نوحؑ کی نسل لیں رفتہ رفتہ گمراہی پھیل گئی تو اللہ تعالےٰ نے ہودؑ کو ارم بن سام کی اولاد کیطرف رسول کرکے بھیجا۔ ارم بن سام کی اولاد قوم عاد اولےٰ کے نام سے مشہور ہے۔ اور عاد اولیٰ انکو اسلئے کہا گیا ہے کہ انکے بادشاہ کا نام عاد تھا۔

عمر — فاران — ارائشم — ثروان (یا ثوران) — ولید — ریان — عبید — مرجم

سیدہ آسیہ رضی اللہ عنہا

عملیق — عوج — ضحاک الملک — مرناش — سیبا ملک (معروف سام) — سند — شہران

علوان

عام — زریمان — افریدون — شامید — اسفیند سپ — ضحاک

زریمان — مہسار — ضحاک (معروف بسطام) — شداد — اسد — سعد — ابراہیم — ہسن

سام — دستان — رستم گرد

حضرت ہود علیہ السلام

اور یہ پہلا عاد ہے۔ اس قوم کا ذکر قرآن شریف میں کئی جگہ مفصل طور پر آیا ہے۔ زمانہ شداد بادشاہ میں تمام قوم کو اپنے اللہ کی طرف بلایا اور دعوت توحید کی۔ مگر قوم نے انکار کیا۔ اور تکذیب کی۔ اس نافرمانی کی شامت سے ان پر تین سال کی قحط سالی پڑی انسان اور جانور مرنے لگے۔ پھر انپر ایک ابر ظاہر ہوا۔ انہوں نے اس سے بارش کی امید کی مگر اسمیں آگ بھری ہوئی تھی۔ ایک بڑھیا عورت نے کہا کہ اب تم ضرور ایمان لاؤ۔ اس ابر میں عذاب ہے۔ مگر قوم بدنصیب نے اس بیچاری بڑھیا کی بات سنی۔ پس ایک ایسی ہوا چلی کہ وہ ایک ایک کو آسمان کیطرف اٹھا کر لیگئی اور الٹا کرکے پھینک دیا۔ اور انکی

گردنیں توڑ دیں۔ جسم بلا سر رہ گئے۔ میدان میں ایسے پڑے تھے جیسے بڑے کھجوروں کے تنے اور بلے۔ زمین کے غاروں میں گھس گئے ہوا انکو وہاں سے بھی اکھاڑ کر پھینکدیا۔ آٹھ دن اور سات رات متواتر عذاب کی سخت ہوا چلتی رہی۔ اور ابر سے آگ برسی اس سے اور بھی ہلاک ہوگئی ہودؑ اور انکے ساتھ جو لوگ ایمان لائے تھے انکو اللہ تعالے نے اس عذاب سے نجات دی۔ اور ہودؑ مع اتباع مکہ معظمہ میں آکر مقیم ہوے۔ بعد میں آپکا انتقال ہوگیا۔ (مروج الذہب)

شاہان غوریہ جنکا یہ سلسلہ ہے ان سلاطین کی اصل نہاوند سے ہے ابتداً سوری و سام دونوں بھائی فریدوں کے خوف سے کوہستان غور میں چلے آئے شجاع فرزند سام نے غور میں ومینڈیش کو آباد کیا قلعہ بنایا اور اپنی مستقل حکومت کرلی اور عرصہ تک فریدوں سے لڑتا رہا بالآخر شجاع نے باداۓ خراج صلح کرلی اور شنسب کی نسبت لکھا ہے کہ وہ جسوقت غور کا حاکم ہوا تو کوفہ میں حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی خدمت میں حاضر ہوکر مشرف باسلام ہوا اور حضرت علیؓ نے بھی اسکو منشور حکومت غور عطا فرمایا جب سے ان سلاطین میں اسلام ہے انمیں امیر بنجی خلیفہ ہارون رشید کا معاصر

تھا اسکے بعد سوری نے سلطان محمود غزنوی کا دس ہزار لشکر سے مقابلہ کیا اور شکست کھائی مگر محمود نے حکومت اسی خاندان کو دیدی۔
لیکن باہم سلاطین غزنی و غوری میں جنگ ہوتی رہی۔ بہرام شاہ غزنی کے زمانہ میں سیف الدین غوری نے غزنی پر حملہ کیا اور مسلط
ہوگیا۔ آخر میں غیاث الدین محمد غور و غزنی کا بادشاہ ہوا۔ اسنے ہندوستان پر زبردست تیرہ ۱۳ حملے کئے اور ہند کی بادشاہت

کی سنہ ۶۰۲ھ کو جب یہ لاہور سے غزنی کو جا رہا تھا دریائے سندھ کے کنارے قوم گھکڑ کے لوگوں نے شہاب الدین کو قتل کردیا۔ بتیس ۳۲ سال
سلطنت کی اور غزنی میں اسکا جنازہ مدفون ہوا اسکا
بیٹا سلطان محمود غور میں اور بہاء الدین سام بامیان میں حکومت کرتا رہا مگر خوارزم شاہ نے ان سب

شاہ حسین
عرف لودی جد لودیان
عمر خیل — برانگی — سیانی — ابراہیم — غلزی — شروانی — شاہی — جعفر
نیازی — دوتانی — سینی — بدی
برہان — ابراہیم — نوران
اسحق — شاہو خیل — احمد خیل — بہرام — ملک کالا — سلطان بہلول — نظام خان
ابراہیم خان — جلال خان
معروف سلطان سکندر
گھکور — رشید — محمود — موسی — احمد (جوانمرد) — شیخ سلیمان (دانا) — ملیح قتال (شیخ علی شہاب)

کا خاتمہ کردیا۔ امام رازی غیاث الدین کے زمانہ میں تھے اور لشکر سلطان کے ساتھ
رہکر اسکو نصائح کیا کرتے تھے۔ ایک وزیر شہاب الدین کو آپنے یہ نصیحت کی تھی

اگر دشمن نسازد با تو ایدوست ترا باید کہ با دشمن بسازی
وگرنہ چند روزی صبر فرما نہ او ماند نہ تو فخر رازی

شاہان غوریہ کی دوسری شاخ میں شاہ حسین سے شاہان لودی اور افغانان شروانی
کے سلاسل شروع ہوتے ہیں اس شاخ میں بھی بڑے بڑے قبائل ہیں پہلے یہ لوگ
مغربی افغانستان میں آباد تھے پھر کوہ سلیمان میں مقیم ہوئے۔ اسکے بعد بہرام معہ اپنے
پانچ لڑکوں کے ہندوستان آیا اور عہد فیروز شاہ باربک میں حاکم ملتان ملک مردان کا
ملازم ہوا اور سلطان شاہ اسکا بیٹا افسر خاندان ہوا پھر حاکم سرہند
ہوگیا اسکے پاس سلطان بہلول بھی گیا بھانجا اسکو ایک سید دیوانے
مجذوب نے دہلی کی سلطنت کی خوشخبری دی اس زمانہ میں سید محمد شاہ دہلی کا بادشاہ

تھا اس سے مقابلہ کیا اور ۸۵۵ھ میں تخت دہلی پر جلوس کیا ۳۸ برس اکثر ممالک ہندوستان کی اسنے سلطنت کی ۸۹۴ھ میں یہ
فوت ہوا۔ اسکا بیٹا سلطان سکندر نظام خاں تخت نشین ہوا ۹۱۱ھ میں شہر آگرہ کی بنا ڈالی ۲۹ سال پانچ ماہ حکومت کی
۹۲۳ھ کو انتقال ہوا خاندان لودی کا آخری بادشاہ اسکا بیٹا سکندر سلطان ابراہیم خاں تھا جسنے ۹۳۲ھ میں ایک لاکھ

نواب فیروز خان — نواب شیر محمد خان — نواب جمال خان — نواب عطاء اللہ خان — نواب رحمت علیخان — نواب دلاور علیخان — نواب ابراہیم علیخان — نواب عنایت علیخان

نواب محمد بایزید خان — فتح محمد خان — خان احمد داؤد معدو — شاہ محمد خان — عیسیٰ — صدر جہان — شیخ احمد — شیخ عمر شہید

نواب بھیکن خان — نواب فریاد خان — نواب امیر خان — نواب محبوب علیخان — نواب سکندر علیخان

علیخان جعفر — نواب احمد علی خان رئیس مالیر کوٹلہ

فوج سے بابر شاہ کا مقابلہ کیا باوجودیکہ بابر کی فوج ۱۲ یا ۱۵ ہزار تھی مگر بابر کے مقابلے سے
اسنے شکست کھائی اور مارا گیا اسپر خاندان لودی کا خاتمہ ہوا۔
شروانی قبیلہ میں سری بال ول اپنے باپ شروانی کا جانشین تھا اور سرداری کی
اولاد میں محدود دری شیخ صدر الدین یا صدر جہاں ۸۷۶ھ میں مقام ڈرابھن سے (جو
ملیح قتال نے آباد کیا تھا) بطور سیاست ہندوستان آئے اور جہاں اب مالیر
آباد ہے یہ ایک چھوٹا سا گانوں تھا یہاں ایک پھونس کا گھر بنا کر مشغول عبادت ہوئے اتفاقاً سلطان بہلول
لودی انکی زیارت کو آیا اور دعا کی استدعا کی اور دل میں خیال کیا کہ اپنی لڑکی کا نکاح اسسے کر دونگا
چنانچہ بعد میں اسنے ایسا ہی کیا اور شیخ صدر الدینؒ کو نذر میں ۶۸ دیہات دیئے شیخ صدر الدین نے بعد نکاح
اس گانوں کو آباد کیا اور مالیر نام رکھا بعمر ۱۷ سال ۱۵۱۵ء میں انکا انتقال ہوگیا یہ بڑے کامل بزرگ تھے
اب بھی مالیر میں انکی قبر زیارتگاہ عام ہے انکے بعد انکی اولاد میں یکے بعد دیگرے جانشین ہوتے رہے
محمد بایزید خاں بعہد محی الدین اورنگ زیب عالمگیر بادشاہ اپنے بھائیوں سے ناراض ہو کر دہلی گئے اور مورد
عنایات شاہی ہوئے۔ شکار کے موقعہ پر اورنگ زیب بادشاہ کے ہمراہی میں شیر کو تلوار سے مارا۔ اس صلہ
میں انکو دو پرگنہ قادر آباد اور نو گاؤں ملے اور نواب کا خطاب بھی ۱۰۶۸ھ میں مالیر کے قریب انہوں نے کوٹلہ آباد
کیا انکے صاحبزادے شیر محمد خاں کو بھی عالمگیر نے ایک خدمت کے صلہ میں ستر مواضعات جاگیر میں دیئے اسطرح
یہ ریاست ترقی کرتی گئی۔ لیکن اب اسکے بہت سے مواضعات دوسری ریاستوں میں شامل ہوگئے ہیں۔ موجودہ رئیس
نواب احمد علیخانصاحب کی خوش انتظامی سے ریاست کی بہت اچھی حالت ہے۔ آپ چیف کالج لاہور کے تعلیم یافتہ اور نہایت

حضرت آدم ثانی نوح علیہ السلام
آپ بہت بڑے برگزیدہ محبوب خدا نبی و رسول
ہوئے ہیں۔ اور آپکے پیدا ہونیسے پیشتر دنیا میں کفر
اس کثرت سے پھیل گیا تھا۔ کہ اللہ جل شانہ کا کوئی
نام تک نہیں لیتا تھا
تمام خدائی سپرد کر
چند بتوں کو انہوں نے رکھی تھی۔ آپکو اللہ تعالےٰ
حضرت نوح علیہ السلام
سند
ہند
حام
زنج
نوبہ
نوش
کنعان
حبش
بربر
قبط
عابر
بقول ابن اثیر قبل طوفان متوفی
یافث
چین
کماری
یا کومر
منسج
یا منسک
سقلاب
خلج
ترک
جد ترکان
روس
خزر
غز
یارج
یونان
بقول ابن خلدون یاوان
بقول ابن اثیر یوان
بطین
رادی
منطون
ہردوس
ہرمس
بطریوس
ہلبش
ذوالقرنین اسکندر
اعظم
اسکندر
النجہ خان
دیب باقوی
ایبوک خان
النجہ خان
النجہ خاں کے دو بیٹے ہوئے تاتار خان جو شاہان تاتار کا مورث اعلیٰ اور پہلا بادشاہ ہے۔ دوسرا مغل خاں جسکا سلسلہ صفحہ ۱۳۳ پر درج ہے
یہ خط مغل خاں سے بلبکا

نے اس کفر کے مٹانیکے لئے بھیجا۔ آپنے قوم کو نرمی اور سختی ظاہر و پوشیدہ ہر طرح سمجھایا۔ مگر قوم بدنصیب کا ہدایت قبول کرنا تو کجا۔ آپکو عیوب سے متہم کرنے اور ایذا دینے میں کوئی کمی نہ کی۔ مگر جسقدر قوم آپکو تکلیف دیتی تھی۔ آپ اسیقدر صبر کرتے تھے اور جب قوم آپکے ساڑھے نوسو برس کے وعظ میں کفر سے باز

آمک

عمر ۸۰، یا ۸۲ سال

نہ آئی تو آپنے قوم پر بددعا کی۔ اُسکے باعث پانی کا طوفان آیا۔ زمین و آسمان سے پانی کے فوارے چلنے لگے جس سے روئے زمین پر پانی پھیل گیا۔ اور ٹیلوں اور پہاڑوں اور درختوں کے اوپر تک چڑھ گیا ہر جگہہ پندرہ پندرہ ہاتھ پانی اوپر چڑھ گیا۔ اور چھ ماہ دس رات تک یہ جوش رہا۔ اور تمام مخلوق پانی میں ڈوب گئی۔ اور نوح علیہ السلام اور آپکے اتباع جو چالیس آدمی کے قریب تھے کشتی میں سوار ہوکر بچ گئے۔ انمیں کچھ لوگ تو وہ تھے۔ جو آپ پر ایمان لائے تھے اور کچھ آپکے عیال کے لوگ تھے یعنی آپکے صاحبزادے سام اور حام اور یافث تھے اور انکی عورتیں تھیں اور کچھ لوگ شیث علیہ السلام کی اولاد سے تھے اور نوحؑ کا بیٹا یام جو کافر تھا۔ اُسکو نوحؑ نے بہت بلایا مگر وہ کشتی پر نہ چڑھا۔ اور پہاڑ پر چڑھ گیا بالآخر نجات نہ ملی اور طوفان میں ہلاک ہوا اور حام۔ سام و یافث سے سلسلۂ اولاد جاری ہوا۔ انکی اولاد میں کسی روایت سے ۹ لڑکے ثابت ہیں کسی میں ۶۔ اور یافث کے ۱۱ یا ۸۔ اور سام کے بھی ۹ یا ۶ لڑکے لکھتے ہیں۔

(کامل ابن اثیر)

۵ اسکندر اعظم ذوالقرنین انکے بارہ میں مختلف اقوال ہیں ابن اسحٰق کا قول ہے کہ سکندر کا نام مرزبان بن مرذبہ تھا اولاد یافث سے بعض لکھتے ہیں کہ وہ عبداللہ بن ضحاک ہے۔ اور بعض نے اسطرح لکھا ہے عبداللہ بن قینان بن منصور بن عبداللہ بن آزر بن عون بن زید بن کہلان بن سبا بن یعرب بن قحطان۔ اس قسم کے بہت سے اقوال ہیں لیکن اولاد یافث ہونا صحیح تر ہے۔ تمام ممالک کو فتح کیا۔ اسکے تاج یا سر میں سینگوں کے مشابہہ کوئی چیز تھی یا اسنے دو قرن پورے کئے یا نور و ظلمت اسکے تابع تھے۔ روشنی اسکے آگے چلتی میں رہبری کرتی تھی اس وجہہ سے اسکو ذوالقرنین کہتے ہیں۔ یہ بادشاہ عادل اور مسلمان تھا اور بعض اسکی نبوت کے بھی قایل ہیں ور کلام پاک میں اسی کا تذکرہ ہے۔ اور بقول ابن کثیر دوسرا اسکندر وہ ابن فیلبیس بن مصریم بن ہرمس بن میلون بن ومی بن لیلی بن یونان بن یافث بن نونہ بن شرخون بن ومیہ بن نونط بن نوفیل بن اومی بن اصفر بن عیص بن اسحٰق علیہ السلام بن ابراہیمؑ تھا۔ ہکذا قال ابن عساکر۔ اسنے دارا کو قتل کیا اور ملوک فارس کو تباہ کیا۔ ارسطاطالیس فیلسوف اسکا وزیر تھا اور یہ کافر تھا۔ اسکندر ذوالقرنین اور اسکے درمیان ایکہزار سال سے زیادہ کا زمانہ گذرا ہے۔ یونانی الاصل مقدونیہ اسکا پائے تخت تھا اسکی فتوحات بھی عام طور پر مشہور ہیں اسکندریہ کی اسنے بنا ڈالی۔ مقدونیہ بلاد روم سے پندرہ روز کی مسافت پر ہے۔ علامہ ابوالسعود لکھتے ہیں کہ میں معازی سلطانی

میں اسموقعہ پر گذرا اسکندر کی شان و شوکت کے آثار قابل عبرت میری نظر سے گزری مگر اب وہاں کچھ آبادی نہیں ہے۔ کھنڈر

پڑے ہیں (علامہ ابی السعود نے یہ اپنے زمانہ کا حال لکھا ہے) (تفسیر ابی السعود)
سلاطین عثمانیہ کے سلسلہ میں سلیمان سے اوپر کے حالات تاریکی میں ہیں لیکن اکثر کتب تاریخ سے
یہ ضرور ثابت ہے کہ وہ ترکوں کے خاندان اغوز سے تھا جسکی اولاد میں قیتان ہے۔ پہلے انکی
آبادی ایک درہ کوہ ارکنہ قون میں تھی جو نہایت وسیع ممالک خراسان میں تھا۔ ور
ہر طرف سے اسکی مسافت تین ماہ میں طے ہوتی تھی اور قدرت نے انکی سب ضروریات کا سامان وہاں مہیا
کر دیا تھا۔ یہاں سے خروج کے بعد ہر چہار طرف ترکوں نے ملک گیری شروع کر دی۔ سلیمان بھی چند
سواروں کو ہمراہ لیکر ۶۲۱ھ میں آرمینیہ آیا۔ اُسوقت اتفاقاً میدان آرمینیہ میں علاء الدین سلجوقی اور چنگیز خاں کے جنگ ہو رہی تھی
یہ علاء الدین کیطرف ہو کر لڑا اور اسکا سپہ سالار ہو گیا اسکے بعد سلیمان نے ۶۲۸ھ میں عرب پر چڑھائی کی لیکن دریا میں
غرق ہو گیا۔ اسکے بعد ارطغرل اور عثمان امیر لشکر رہے۔ عثمان نے بہادرانہ کارروائی کے صلہ میں غازی کا لقب پایا اور
علاء الدین کی بیٹی سے اسکی شادی ہوئی اور ۶۹۸ھ میں علاء الدین کے انتقال کے بعد رعایا نے اسکو تخت کا مالک بنایا اسنے تاتاریوں
کو شکست دی ستر سال کی عمر میں ۲۷ سال حکومت کر کے انتقال کیا۔ مرتے وقت سوائے تلوار کے اسکے پاس کوئی سامان نہ تھا
۷۲۶ھ میں اور خاں تخت نشین ہوا اور اسنے دار الخلافہ فروصہ قائم کیا اور سلطان مراد خاں ثانی نے ۸۲۴ھ میں قسطنطنیہ پر حملہ

حضرت ادریس علیہ السلام دنیا میں آپ پہلے شخص ہیں جنہنے راہ خدا میں جہاد کیا۔ حکمائے
کے نزدیک حکیم ہرمس آپ ہی تھے ۳۵۰ سال کی عمر میں آپ زندہ آسمان پر اٹھائے
گئے۔ چھٹے آسمان پر فرشتوں کے ساتھ مشغول عبادت ہیں اور بروایت دیگر ۳۶۵
سال کی عمر میں آپ کا رفع ہوا۔ تیس ۳۰ صحیفے آپ پر نازل ہوئے (الہند) جلد دوم

حضرت
ادریس
علیہ السلام

کیا اور قیصر روم نے ناچار مغلوب ہو کر جزیہ پر صلح کر لی
اسکے بعد اسکے جانشینوں نے کئی حملوں میں قسطنطنیہ
کو فتح کر لیا اور سلطان سلیمان اعظم کے زمانہ
میں سلطنت کو بڑی وسعت ہو گئی سلیمان نے بذات خود تیرہ ۱۳ جہاد کئے۔ ۴۸ سال
سلطنت کی۔ ۷۴ سال کی عمر میں ۹۷۴ھ کو فوت ہوا۔ آخران سلاطین میں حضرت ظل سبحانی سلطان محمد عبد الحمید خاں دام
بقائہ کے مدبرانہ کارنامے ایسے ہیں جو ہمیشہ صفحہ تاریخ پر نمایاں رہینگے مراد و سلیمان اور بہترین سلاطین عثمانیہ کے جسقدر
اوصاف تھے وہ سب انکی ذات میں پائے گئے۔ دینی و دنیوی اعتبار سے ہمیشہ انکی ستائش ہوتی رہی نہایت عقل و فراست سے ۳۴
سال سلطنت کا کام انجام دیا اور ۶۸ سال کی عمر میں ۱۳۲۷ھ ۶۔ ربیع الثانی کو نوجوانان ترک کی یورش سے معزول کئے گئے
ان خلیفۃ المسلمین خادم الحرمین کے تخت سے علیحدہ ہونیکے بعد سلطنت عثمانیہ میں اسی سال سے ہزارہا خرابیاں پیدا ہو گئیں

سلطان محمد خان ثالث
سلطان احمد خان اول
سلطان ابراہیم
سلطان محمد رابع
سلطان احمد ثالث
سلطان عبد الحمید خان اول
سلطان محمود خان
سلطان عبد المجید خان
ظل اللہ سلطان عبد الحمید خان معزول
سلطان مصطفیٰ خان ثالث
رابع مصطفیٰ سلطان
عبد العزیز خان
ظل اللہ سلطان محمد رشاد خان المعروف بہ سلطان محمد خامس
سلطان سلیم ثالث
تومنہ خان
بہادر قاچولی
برلاس ایردمچی
قشوعو چیچن

شیرازہ سلطنت منتشر ہو کر قومی اخوت و جام حریت کے ہاتھوں میں پڑ گیا۔ گو انکے قائم مقام ظل رحمانی خاقان البحرین خادم الحرمین سلطان محمد رشاد خاں خامس تخت نشین ہیں اور انکی مدبرانہ اور اولوالعزمی کے خیالات کی وجہ سے سلطنت عثمانیہ کی ترقی اعلیٰ پیمانہ پر ہو جاتی لیکن پارلیمنٹ کے قیام سے انکی رائے ایسی صورت میں ہے جیسے کہ جمہوری سلطنتوں میں معمولی کا قاعدہ ہے۔ (تاریخ روم)

خاندان مغلیہ

فرزندان قیان جبتک کہ وہ ارکنہ قون میں رہے۔ تقریباً دو ہزار سال کے حالات معدوم ہیں صرف یہاں سے خروج کے بعد کا پتہ چلتا ہے کہ آخر زمانہ نوشیرواں میں جب یہ جگہہ کثرت تناسل سے انپر تنگ ہو گئی تو تاتاریوں و دیگر ملوک سے اپنے ملک واپس لینے کی غرض سے نکلے۔ اسوقت تک شکار انکی خوراک اور جانوروں کی کھال انکا لباس تھا۔ اسی نسل سے تیمور تاش سردار و فرمانروا تھا۔ اسکی اولاد میں یکے بعد دیگرے سرداری منتقل ہوتی رہی اور یلدوز نے بناء دولت مغلیہ کو مستحکم کیا۔ اسکے بیٹے جونبہ بہادر کی لڑکی النقوا کی نسبت لکھتے ہیں کہ بوزنجر قاآن اُسکے بے باپ القاء نور سے پیدا ہوا اور فاضل ابوالفضل نے بھی اکبرنامہ میں نہایت قابلیت سے اس معمہ کو حل کیا ہے۔ اور جو چنگیز خاں کا بھی جد نہم ہے۔ اور ابو مسلم مروزی کا معاصر تھا اسکی اولاد سے تومنہ خاں نے اکثر ممالک ترکستان و مغلستان کو فتح کر لیا۔ قاجولی بہادر آیندہ چلکر سپہ سالار رہا اور دوسری اولاد میں تخت نشینی رہی یہانتک کہ ایجل نویان بحیثیت سپہ سالاری ہلاکو خاں کے ساتھ ایران آیا اور یہانکی زمام عقد و حل اسکے ہاتھ میں رہی اور مشرف باسلام ہوا اسکی اولاد میں امیر طراغائی حضرت شیخ شمس الدین کلال رح سے فیضیاب ہوا۔ تیمور گورگان اسکا بیٹا شہر سبز ایران میں پیدا ہوا اور بعمر ۳۵ سال بلخ کا بادشاہ ہوا اور بہت سے ممالک خراسان ترکستان وغیرہ کو فتح کیا یہ بڑا اولوالعزم بادشاہ تھا جسنے تمام دنیا کے فتح کا ارادہ کیا تھا اور ۸۰۱ھ کو ہندوستان فتح کیا۔ اسکا بیٹا جلال الدین میران شاہ ۷۶۹ھ میں پیدا ہوا تھا ۸۱۰ھ میں قرا یوسف ترکمان کی لڑائی میں شہید ہوا پھر سلطان محمد مرزا کے دو فرزند ہوئے جنمیں سے ابو سعید مرزا کا بیٹا عمر شیخ مرزا ۸۶۰ھ کو سمرقند میں پیدا ہوا تھا اسکو سلطان ابو سعید مرزا نے حاکم کابل مقرر کیا اسکے تین بیٹے ہوئے از انجملہ ظہیر الدین محمد بابر ۶ محرم ۸۸۸ھ کو پیدا ہوا۔ حضرت مولانا جامیؒ نے یہ اسکی تاریخ ولادت لکھی تھی

چوں در شش محرم زاد آں شہ مکرم
تاریخ مولدش ہم آمد شش محرم

۵ جمادی الاول ۹۳۷ھ کو انتقال ہوا۔ سلاطین دہلی میں یہ بڑا باشوکت بادشاہ تھا اسکے بعد ہمایوں جانشین ہوا شیر شاہ سوری سے جنگ میں اسکو شکست ہوئی ایران چلا گیا وہاں سے دوبارہ آکر ہندوستان کا بادشاہ ہوا اور ماہ ربیع الاول ۹۶۳ھ کو کتب خانہ کی چھت سے گر کر راہی ملک بقا ہوا۔ اسکا بیٹا جلال الدین محمد اکبر امرکوٹ میں ۵ رجب ۹۴۹ھ کو پیدا ہوا اور ۱۲ جمادی الثانی ۱۰۱۴ھ کو وفات پائی اسکی تدابیر ملکی و رعایا نوازی سے سلطنت دہلی کو وسعت ہوئی اور کثرت فتوحات سے ابوالفتح کے لقب سے یاد کیا جاتا ہے نورالدین جہانگیر ۱۲ جمادی الآخر ۱۰۱۴ھ کو تخت نشین ہوا ۲۸ صفر ۱۰۳۷ھ

امیر
برلاس
امیر
الینکر خان
ایجل نویان
قراچار نویان

کو انتقال کیا اور نور جہاں کے باغ واقع لاہور میں جو دریاء راوی کے اس پار ہے مدفون ہوا اسکا مقبرہ بھی ہندوستان کی یادگار عمارتوں میں شمار ہوتا ہے۔ محمد شہاب الدین شاہجہاں سنہ ۱۰۳۷ھ کو تخت نشین ہوا عجیب عجیب عمارتیں اس کے زمانے میں تیار ہوئیں چنانچہ روضہ ممتاز محل آگرہ میں اور جامع مسجد دہلی میں یادگار ہیں۔ ۲۶ رجب سنہ ۱۰۷۶ھ کو انتقال کیا اور روضہ ممتاز محل میں دفن ہوا۔ اور محمد محی الدین اورنگ زیب عالمگیر کی سنہ ۱۰۲۸ھ میں پیدائش ہوئی۔ غرۂ جمادی الآخر سنہ ۱۰۶۸ھ میں تخت نشین ہوئے یہ نہایت دیندار پاکیزہ خیال پابند اوقات حامی اسلام بادشاہ ہوا۔ اگرچہ امن عام اور انتظام سلطنت کی وجہہ سے اپنے بھائیوں کو قتل کیا آخر میں انکے زمانے سے سلطنت دہلی میں کمزوری پیدا ہوئی اور شاہان مغلیہ کا جاہ و جلال انکی ذات پر ختم ہوگیا۔ بروز جمعہ ۲۸ ذیقعدہ سنہ ۱۱۱۸ھ کو راہی ملک جاوداں ہوئے۔ انکے بعد شاہ عالم بہادر شاہ ۱۰ محرم سنہ ۱۱۱۹ھ کو تخت نشین ہوا اور ۱۸ محرم سنہ ۱۱۲۴ھ کو انتقال ہوا۔ اور اسکا بیٹا جہاندار شاہ جب اسی سال تخت نشین ہوا تو ۲۹ محرم سنہ ۱۱۲۵ھ کو فرخ سیر نے اسکو قید میں قتل کردیا۔ اور عالمگیر ثانی نے ۱۰ شعبان سنہ ۱۱۶۸ھ کو جلوس کیا اور ۱۸ ربیع الآخر سنہ ۱۱۷۳ھ کو انتقال کیا انکے بیٹے شاہ عالم ثانی ۴ جمادی الاول سنہ ۱۱۷۳ھ کو تخت نشین ہوئے اور ۷ رمضان سنہ ۱۲۲۱ھ کو اس دار فانی سے ملک جاودانی کو راہی ہوئے۔ اسکے بعد اکبر شاہ ثانی ۷ رمضان سنہ ۱۲۲۱ھ کو تخت نشین ہوئے اور ۲۷ جمادی الآخر سنہ ۱۲۵۳ھ میں داعی اجل کو لبیک کہا۔ اسکے بعد سلاطین تیموریہ کا آخری تاجدار ۲۸ جمادی الثانی سنہ ۱۲۵۳ھ کو تخت نشین ہوا اسکے زمانہ میں سنہ ۱۸۵۷ء کا غدر ہوا۔ فوج انگریزی نے زبردستی انکو اپنا بادشاہ بنایا۔ آخر فوج میں تفرقہ پڑا اور یہ مقید ہوکر مع خاندان شاہی رنگون بھیجے گئے وہاں بمرض فالج روز سہ شنبہ ۱۸ جمادی الاول دولت مغلیہ تیموریہ کا نام و نشان ہمیشہ کیلئے زیر خاک پنہاں ہوگیا۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مالک ملک وہی لایزال ہے (اکبر نامہ و تاریخ الاسلام)

به یک گردش چرخ نیلوفری
نه نادر بجا ماند نے نادری

ابو ظفر سراج الدین محمد / بہادر شاہ
ابو نصر معین الدین / اکبر شاہ ثانی
علی گوہر / شاہ عالم ثانی
محمد عزیز الدین / عالمگیر ثانی
معز الدین / جہاندار شاہ
بہادر شاہ / شاہ عالم
اورنگ زیب عالمگیر / محی الدین
محمد شہاب الدین / شاہجہان
جہانگیر / نور الدین

امیر / طراغائی
صاحبقران اعظم / امیر تیمور / قطب الدین گورگان
ازاں شد نام عبداللہ شاہش
بمہر و صفیکہ اندیشم فزون است
کہ در ذاتش عیان سر عرفان
مقامے یافت ہر ناکام از وی
نگاہ ہمتش تریاق و راقی
کہ نسبت دارد از شاہ ثانی
چو کس مشکلکشا نبود تو بکشای
بریں گم گشتۂ مہجور دلریش
دو عالم را همی سجدہ بکاہے
زعین مکرمت بر ایں عزیزاں
اگر ریزی شود حل مشکل من
گنہ زینسال کہ در گفتن نیاید
ز طاعت نے زبان اللہ ردارم
برو رخ خود شرم از سیہ کاری
بر سوائی نیز داد انتقام
قباحت ہا از حد بیش کردم
خوشم با ایں ہمہ نقص عہودت

بحق فضل تو امید وارم
تو خود فرمودۂ آمرزگارم

صوری و معنوی کے جامع علوم شریعت و طریقت کے ماہر تھے کشف و کرامات اور تصرفات آپکے بہت ظہور میں آئے۔ باوجود سالک مجذوب ہونے کے ادائے احکام شرعیہ میں کوئی قصور آپسے نہیں واقع ہوتا تھا آپ بارادہ حج روانہ ہو کر اثناء راہ میں ایک مقام پر شیخ احمد نامی مجذوب سے ملے۔ انہوں نے حسب ایماء نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم دہلی جانے کی ہدایت کی اور اسی بارہ میں حضرت شاہ ابن کو بھی حضور کی جانب سے بشارت ہوئی آپ بجائے حج کے دہلی پہونچے اور حضرت علاء الحق والدین جو خواجہ قطب الدین سے رابطۂ اخلاص رکھتے تھے اور قبل ست کے لقب سے مشہور تھے انسے آپنے بیعت کی اور خرقۂ خلافت و تاج مشیخت حاصل کیا اور کچھ عرصہ بعد امروہہ تشریف لائے طریقۂ چشتیہ کا فیض آپسے جاری ہوا۔ خلفاء و مریدین بھی آپکے بڑے بڑے صاحب کمال ہوئے ۹۸۷ھ میں آپکا وصال ہوا (روضہ شاہ ابن) امروہہ آپکا مزار ہے اور ہر سال آپکے عرس میں مخلوق کا ہجوم ہوتا ہے۔ آپکے پانچ صاحبزادے ذی عقب ہوئے جنمیں شاہ نور آپکے صاحبزادے کی نسبت لکھے ہیں کہ وقت سماع میں انکے سینہ سے آگ نکلکر کپڑے جل جایا کرتے تھے۔ شاہ جہانگیر کو اسکی خبر ہوئی اور بغرض امتحان آپکو طلب کیا آپنے دربار میں پہونچکر فرمایا کہ سماع فقرا کا زاویہ فقر میں ہوا کرتا ہے امیر جہانگیر نے ناراض ہو کر آپکو کشمیر قید کر کے بھیجدیا کہ مزاج میں گرمی زیادہ ہے وہاں اصلاح ہو جائیگی وہاں آپسے خوارق و کرامات ظاہر ہوئے اور دربار جہانگیر میں واپس آکر منصب وزارت و صدارت صوبہ سنبھل پر مامور ہوئے۔ آپکی اولاد میں ابتک فقر و درویشی کا اثر موجود ہے حضرت شاہ ابن کے اور صاحبزادوں

بقیہ بر صفحہ ۱۶۹

سیدنا امام نقی الجواد ابو جعفر

موسیٰ — جعفر — زید — علی ہادی — جعفر — ابو الحسن — ابو طالب

سید احمد — عبداللہ — علی اصغر — حسن — عبداللہ — علی — خواجہ احمد

سیدنا حضرت ابو جعفر محمد تقی الجواد رضی اللہ عنہ

آپ اپنی بیوی ام الفضل بنت مامون کے ہمراہ معروف کے خلیفہ معتصم باللہ کے زمانہ میں بغداد آئے اور یہاں وفات پائی آپ احادیث کی روایا کرتے تھے حضرت علی رضا سے کتب معتبرہ میں آپکے اخبار و حکایات کثرت سے مروی ہیں بہ روز ۵ یا ۱۵ رمضان ۱۹۵ھ میں ولادت ہوئی اور پیر روز

حضرت نظام الدین اولیا

بجز معدودے چند برادران و لواحق کے خاندان قادریہ سہروردیہ میں ارباب معانی گنج الہ بخش گنج بخش گدہ مکتیش کے مریدان خاص سے تھے اور بہت سے انکے اولادیں خاندان نقشبندیہ میں بیعت تھی اور باعتبار ظاہر باطن مشاہیر سے ہوئے ہیں۔
انکا کوئی عقب نہیں اور نہ ابوالقاسم کا لیکن عہد شاہی میں انکی شجاعت و فتوحات کا حال عام طور پر مشہور ہے
ابوالحسن
میر عدل
سید بڑے
سید چاند
رکن الدین
قطب الدین
سید منتظم
سید مبارک
عبدالغفار
دیوان
محمد دیوان
دیوان
علی اصغر
علی نصیر
منصب دار
علی شجاعت
منصب دار
علی منوچہر
منصب دار
رحیم اللہ
منصب دار
علی انور
محمد حسین
حسین اعزاز
حسین مظفر
مولوی
حسین معزز
ابوالمعالی
قادری دی
ابوالقاسم
ابوالفضل
عبدالجلیل
عبدالمجید
عبدالباری
عبدالواسع
عبدالخالق
عبدالحمید
عبدالجلیل
جد سادات
انکی اولاد میں سید عبدالغفار جنکی اولاد میں ساکنان گذری میر سید علی مظفر خان کا خاندان اکابر شہر اور معززین میں سے ہے اور سید اعجاز حسن وغیرہم
انکا خاندان شاہی زمانہ سے ممتاز ہے اور انکے اباواجداد شہر میں بھی ہمیشہ مقتدر رہے
اندرون دربار گذری
خواجہ ابواحمد
عبداللہ
خواجہ یوسف
اسد اللہ
خواجہ زاہد
خواجہ اشرف
خواجہ خطیر رحمۃ اللہ علیہ
خواجہ مودود
خواجہ ابو محمد
خواجہ عثمان
خواجہ محمود
چشتی
حضرت شاہ باسط علی قلندر خاندان قلندریہ کے مشہور و معروف بزرگ ہیں انکے اجداد میں سے میراں سید محمد باسط بایماء رسالت پناہ رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم موضع بڈگاؤں پرگنہ سکر ضلع صوبہ الہ آباد میں تشریف لائے اور اقامت فرمائی اس نواح میں حضرت میراں کے وجود باجود سے اشاعت اسلام ہوئی اور فیض باطنی آپ سے جاری ہوا اس سلسلہ میں اکثر بزرگان ذی کمال صاحب تصرف و اکابر دین ہوئے ہیں انکے تفصیلی حالات میں بہت سی کتابیں ہیں سلسلہ قلندریہ ان حضرات سے فروغ ہوا
(فصول مسعود)
سید فرید
حضرت شاہ محمد صالح قلندر بڈگانوی الہ آبادی
شاہ محمد باسط قلندر

کی اولاد بھی زمانۂ شاہی میں مقتدر رہی آپکی اولاد میں سید مہر بھاون صوبہ سنبھل رہے حضرت بدر چشتی
رحمۃ اللہ علیہ کی برکات سے آپکے سلسلۂ اولاد میں ہمیشہ صاحب علم و فضل ہوتے رہے۔ حاذق الاطبا
مولوی حکیم عسکری و مولوی سبحان علی و حکیم اکبر علی و مولوی محمد نظر وغیرہ مشاہیر روزگار ہوئے
اور اسحال اس خاندان کو خاص اعزاز و امتیاز حاصل ہے حضرت شاہ قاسم بن شاہ ابن
کی اولاد سے استاذی حبر الکامل علامہ مولانا شاہ سید احمد حسن صاحب محدث مرویؒ
جنکا ۱۳۲۳ھ کو انتقال ہوا مشاہیر روزگار اور فضلائے وقت سے تھے۔ علوم عقلیہ و نقلیہ میں آپکو
کمال تھا حضرت مولانا شاہ عبد الغنی صاحب و حضرت مولانا محمد قاسم صاحب نانوتوی و مولانا احمد علی صاحب
سہارنپوری و قاری عبد الرحمن صاحب پانی پتی و مولوی عبد القیوم صاحب دہلوی۔ ان حضرات سے آپنے تحصیل
علوم کی اور حضرت حاجی امداد اللہ صاحب سے مکہ مکرمہ میں خرقۂ خلافت و اجازت حاصل کی شبانہ روز
احادیث نبوی کا دور اور درس و تدریس علوم عقلیہ و نقلیہ مدت العمر آپکا مشغلہ رہا۔ آج وہ نفس قدسیہ
نُم کنومۃ العروس کی خواب راحت میں ہے جنکا نام سنکر لوگ ہر جانب سے فیضان حدیث و
تفسیر حاصل کرنیکو پروانہ وار آیا کرتے تھے کیا وقت تھا کہ نکات حدیث کی درافشانی ہوتی تھی اور
ایک وہ بھی زمانہ تھا کہ معانی قرآن کا مینہہ برستا تھا۔ آج وہ دن ہے کہ اُسوقت کی یاد ہزار آنسو رلاتی
ہے طاب اللہ ثراہ و جعل الجنۃ مثواہ کثرت سے طلباء آپکی تعلیم سے فاضل ہوئے
آپکے صاحبزادے مولوی سید حافظ محمد تحصیل علوم درسیہ میں مصروف ہیں۔ مد اللہ عمرہ و قدرہ۔

مخزن اسرار عرفانی اعظم الواصلین قدوۃ العارفین حضرت سید شرف الدین شاہ ولایت رحمۃ اللہ علیہ

قصبہ سہودرہ ضلع لاہور میں آپکی ولادت ہوئی۔ شیخ الشیوخ حضرت شیخ شہاب الدین سہروردیؒ کے خلفاء خاص
سے تھے۔ شیخ سعدیؒ کا قصہ جو بوستاں میں درج ہے

یکے دیدم از عرصہ رود بار
کہ پیش آمدم بر پلنگے سوار

عجب نہیں کہ
وہ آپکا ہی ہو کیونکہ یہ دونوں بزرگ ایک شیخ کے مرید ہیں اور حضرت شرف الدین کے حالات و خوارق کرامات سے
یہ ظاہر ہے کہ آپ شیر پر سوار رہتے تھے اور جمیع وحوش و طیور آپکے تابع تھے۔ حضرت سہروردیؒ نے
دریائے گنگ سے کوہ ہمالیہ تک آپکو ولایت تفویض کی تھی جسکی وجہہ سے آپ شاہ ولایت مشہور ہیں سلطان
فیروز تغلق بن جب کے زمانہ میں آپنے امروہہ وطن اختیار کیا اور کوہ ہمالیہ کے قریب ایک مقام عبادت کیلئے

خواجہ عطاء اللہ
خواجہ شاہ ثانی خطیر
خواجہ بزرگ
خواجہ احمد کامل
فتح شاہ
سید ماہن چودھری
سید علی اکبر چودھری
محمد فضل چودھری
عالم حبیب چودھری
نادر علی چودھری
لطف علی چودھری
محمد علی

خواجہ عبد العلی
شاہ خواجگی
شاہ ابوالعلاء
شاہ ولایت قصبہ برانس

انشاہی زمانہ میں منصب چودھرائی انکو تفویض ہوا

حضرت عبد العلیؒ اپنے والد
بزرگوار کے ہمراہ معہ اپنے بھائی
خواجہ احمدؒ کے اول مقام
سرنانی ضلع کرنال میں تشریف
لائے کچھہ عرصہ بعد یہاں کی آب و ہوا
پسندیدہ ہونیکی وجہہ سے خواجہ
عبد العلیؒ کو یہاں قیام کا حکم دیا
اور آپکے والد نخشب کو واپس
جانیکے عازم ہوئے اور خواجہ احمدؒ
کو اپنے ہمراہ لیجانا چاہا خواجہ احمد
بھی چونکہ یہاں رہنا پسند کرتے تھے
نخشب جانے سے انہوں نے انکار
کیا اور یہاں کے قیام کی اجازت
چاہی۔ اسپر حضرت خواجہ مودود
ثانیؒ نے فرمایا کہ اگر میرے ہمراہ
نہ آوگے تو تمہارا جنازہ ہمارے پیچھے
آویگا۔ آپنے جواب دیا کہ تم بھی نخشب
نہ پہونچوگے راستہ میں انتقال ہوگا
چنانچہ ایسا ہی دونوں صاحبوں کا
واقعہ ہوا اور اولاد ان دونوں
بھائیوں کی یہاں مقیم رہی۔

تجویز کیا۔ جب آپکا وقت وفات قریب ہوا تو امروہہ تشریف لائے بیان کیا جاتا ہے کہ چار درخت آپکے ہمراہ اس مقام سے آئے اور آپ ان پر سوار تھے۔ ۱۲۔ ماہ رجب ۵۸۲ھ آپکا وصال ہوا کشف و کرامات آپکے بعد ہیں اب تک آپکی درگاہ میں بچھو نہیں کاٹتا اور مزار کے باہر وہ اپنی خاصۂ ذاتی سے مجبور ہے چنانچہ زائرین ابتک اسکا ملاحظہ کرتے ہیں۔ آپکے صاحبزادے عزیز اللہ کی اولاد میں سے بڑے صاحب مراتب گذرے ہیں خاندان مع الاثار فت علی صاحب دربار کلاں و خاندان سید مظفر علی صاحب و سید اعزاز حسین و سید اعجاز حسین وغیرہم حسب تصریح سلاسل مذکورہ رؤساء باوقار و معززین اسوقت موجود ہیں۔ (از اسراریہ)

حضرت سلطان العارفین خواجہ قطب الدین مودود چشتی رحمۃ اللہ علیہ

آپکی اصل چشت ہے۔ علامہ نجم الدین عمر سے تحصیل علم کی اور اپنے والد بزرگوار حضرت خواجہ ابو یوسف رح سے خلافت پہونچی اور بعمر ۲۰ سال اپنے والد کے جانشین ہوئے۔ حضرت خواجہ احمد جام رح سے بھی آپکو اجازت ہوئی۔ آپکے دس ہزار نامدار اور جلیل القدر خلفاء ہوئے ۴۳۰ھ میں آپکی ولادت ہوئی۔ اور غرۂ رجب ۵۲۷ھ میں آپکا انتقال ہوا۔ خواجہ احمد رح حضرت مودود کے صاحبزادے اپنے والد کے جانشین ہوئے۔ اور کمالات باطن میں حضرت مودود کیطرح عروج حاصل کیا اور بکثرت مخلوق آپکے فیضان سے راہ یاب ہوئی آپکا طریقہ یہ تھا کہ شہر و دیہہ میں مکان نہیں بناتے تھے۔ حضرات چشت کے تصرفات ہندوستان میں خصوصیت کے ساتھ جاری ہیں اور ان حضرات کی اولاد بھی ہندوستان میں کثرت سے آباد ہے سادات مودودی سنبھل و امروہہ و سہسوان بریلی و خیرآباد و قادرآباد و دکن حیدرآباد و پانی پت و برانس و سرنائی ضلع کرنال و بستی سرہند و اجمیر شریف و دائرہ ریاست جیند و چاندپور ضلع بجنور کے۔ خواجہ مودود کی اولاد سے ہیں۔ خواجہ مودود کے دو صاحبزادے ہیں ایک خواجہ احمد جنکی اولاد میں خواجہ خطیر رح ہیں دوسرے ابو احمد رح جد شاہ ابوالاعلی صاحب رح ہیں انکی اولاد میں سادات سرنائی و برانس ضلع کرنال ہیں۔ شاہ ابوالاعلی صاحب قصبہ برانس کے شاہ ولایت تھے اور بادشاہ وقت سے یہ قصبہ آپکو جاگیر میں ملا آپکی اولاد ابتک یہاں آباد ہے۔ اور مارہرہ و بریلی و اجمیر و خیرآباد وغیرہ خواجہ احمد کی سلسلۂ اولاد سے ہیں جیسا کہ مذکور ہوا۔ اور اولاد خواجہ خطیر سب سادات نخشبی سے معروف ہیں (مقام نخشب کیطرف) اولاد خواجہ خطیر اسوقت تک موجود ہیں اور زمانہ سلطنت اسلام میں انکے مراتب و اعزاز کی ہمیشہ ترقی ہوتی رہی صاحب علم و فضل حضرات انمیں ہوئے ہیں موجودہ حضرات بھی علم و لیاقت جاہ و تمول میں خاص طور پر ممتاز ہیں۔ آخر میں حضرت مولانا امام الدین صاحب رح اکمل اولیاء مشاہیر علماء اور مقتداء وقت سے ہوئے ہیں۔ حضرت شاہ غلام علی صاحب کے خلیفۂ خاص تھے۔ طریقہ نقشبندیہ کا آپ سے فیض جاری ہوا آپکے علوم ظاہری و باطنی سے بکثرت مخلوق کو فائدہ ہوا۔ قوم جنات سے دو خادم ہمیشہ آپکی خدمت میں حاضر رہتے تھے اور بعد انتقال آپکے مکان میں ان اجنہ کا تصرف ابتک پایا جاتا ہے حضرت جدی امین اللہ شاہ آپکے جلیل القدر خلیفہ تھے۔ ۹ جمادی الاول ۱۲۸۰ھ میں حضرت مولانا امام الدین رح کا وصال ہوا۔ اور مقام امروہہ آپکے ساہو میں آپکا مزار ہے۔ سادات اس سلسلہ میں حضرت خواجہ ناصر الدین ابو یوسف و خواجہ مودود و خواجہ احمد رضی اللہ عنہم

۵ سید سعید حسن کے ہمجدی اشخاص ہیں سید علی حسن و امیر حسن ابنائے سید احمد علی بن چودھری سید اکبر علی بن سید لطف علی مذکور بسلسلہ سید امداد حسین بن سید اکرم علی بن سید اکبر علی مذکور انکا سلسلہ اولاد موضع کرت پور میں ہے۔

سیدنا حضرت حسن عسکری رضی اللہ عنہ

آپکی ولادت ۲۳۲ھ یا ۲۳۱ھ بروز پنجشنبہ ہوئی جمعہ کے روز ماہ ربیع الاول یا جمادی الاول ۲۶۰ھ مقام سرمن رای میں وفات پائی اور اپنے والد بزرگوار کے قریب دفن کئے گئے (عسکر) مقام سرمن رای کو کہتے ہیں۔ اسی کی طرف آپ منسوب ہیں۔ خلیفہ معتصم باللہ نے اس مقام کو رونق دی اور لشکر یہاں منتقل کر دیا تھا۔ اور وجہ نسبت یہ ہی بیان کیگئی ہے کہ خلیفہ متوکل باللہ نے آپکے والد کو اس لشکر میں امیر کر کے

یہ جملہ حضرات سلسلۂ مشائخ چشت بڑے پایہ کے اولیاء کرام ہوئے ہیں انمیں سے ہر ایک کے حالات کیلئے ایک مستقل تصنیف درکار ہے تبرکاً ان حضرات کا شجرۂ طریقت درج کیا جاتا ہے اور کتاب ان گرامی قدر بزرگوں کے اسم گرامی پر ختم کیجاتی ہے۔ باری تعالےٰ اپنے لطف و احسان و طفیل سید اکرم روحی فداہ صلی اللہ علیہ وسلم ان بزرگوں کی برکت اور فیضان سے عامۂ مسلمین اور ناظرین کو انکے سایہ میں روز قیامت محشور فرمائے اور اس مولف ناچیز کا ان حضرات کی برکت سے خاتمہ بخیر ہو اور بقیہ زندگی قرب حق اور اسکی طلب میں اختتام پاوے۔ ناظرین کتاب سے بھی امید کرتا ہوں کہ وہ اس ہیچمدان بے بضاعت کو دعائے خیر سے فراموش نفرماوینگے۔ اور سرکار محمد عبد الواحد علی خاں صاحب جنکی مساعی جمیلہ اور علم و اہل علم کی قدردانی سے یہ کتاب آج حلۂ تکمیل سے آراستہ ہوئی اور بحسن تقدیر جناب کو حضرت خواجہ غریب نواز سے ایک خاص نسبت ابد الآبد سے حاصل ہے۔ اور بخوبی اتفاق حضرت چشت پر ہی اسکا اتمام ہوا جسکو میں حضرات خواجگان چشت رحمہم کی بندہ نوازی کا یقین کرکے نعمت بے بہا خیال کرتا ہوں۔ اسلئے ممدوح کے حق میں خاص طور پر دست بدعا ہوں کہ معاون حقیقی انکے مقاصد دارین میں مدد فرماوے۔ مشاغل دینیہ اور ابنی الطاعات سے دولت ایمانیہ انکی بدر کامل ما وای آخرت کی رہبر ہو جو اصل منشاء آفرینش اور متاع زندگانی ہے۔ اور اصل دعا میں جملہ بزرگان کا توسل اختیار کرتا ہوں

وھوھذا

(۱)

ہے تمنائے قبولیت دعا کیواسطے — عرض ہے یا رب محمد مصطفےٰ کیواسطے
حمد ہے سب تیری ذات کبریا کیواسطے

ہے درود و نعت ختم الانبیا کیواسطے — اور سب اصحاب و آل مصطفےٰ کیواسطے
فضل کر میرے الٰہی مجتبےٰ کیواسطے

در بدر پھرتی ہے خلقت التجا کیواسطے — آسرا تیرا ہے پر مجھ بینوا کیواسطے
رحم کر مجھپر الٰہی اولیا کیواسطے

ان بزرگونکو شفیع لاہمین مومن کر لول — کیجیو یہ عرض میری انکی برکت سے قبول
ہاتھ اٹھاؤں جب یہ آگے دعا کیواسطے

پاک کر ظلمات و عصیان سے الٰہی دل مرا — کر منور نور عرفاں سے الٰہی دل مرا
حضرت نور محمد بر ضیا کے واسطے

ایسے مر بر کروں قربان یارب لاکھ عید — اپنے تیغ عشق سے کرلے اگر مجکو شہید
حاجی عبد الرحیم اہل عزا کیواسطے

کر دو بیداد و غم سے میر دل افگار ہیں — بار پاؤں جس سے ای باری کے دربار میں
شیخ عبد الباری شہ بے ریا کیواسطے

(۲)

شرک و عصیان و ضلالت سے بچا کر اکرم — کر ہدایت مجکو راہ صراط المستقیم
شاہ عبد الہادی پیر ہدی کیواسطے

دین و دنیا کی طلب سے سرفرازی مجھے — اپنے کوچے کی عطا کر ذلت و خواری مجھے
شاہ عضد الدین عزیز دوسرا کیواسطے

دے مجھے عشق محمد اور محمد یونس کن — ہو محمد ہی محمد ورد میرا رات دن
شہ محمد اور محمدی اتقیا کیواسطے

حب حق حب الٰہی حب لا احب — الغرض کردے مجھے محو محبت سب کا سب
شہ محب اللہ شیخ با صفا کیواسطے

گرچہ میں غرق شقاوت ہوں سراپا ہوں بعید — پر توقع ہے کرے مجھسے شقی کو تو سعید
بوسعید اسعد اہل ورا کیواسطے

قال ابر حال اثر سب مراتب مرکام — لطف سے اپنے مرے کر ملک دین کا نظام
شہ نظام الدین الٰہی مقتدا کیواسطے

ہے یہی بس مدعا میرا اور یہی ملک و مال — یعنی اپنے عشق میں کر مجکو با جاہ و جلال
شہ جلال الدین جلیل اصفیا کیواسطے

سیدنا حسن عسکری رضی اللہ عنہ

سر من رای میں بھیجا تھا اور وہ بیس سال ۹ ماہ یہاں مقیم رہے اسی وجہ سے آپ انکی اولاد عسکری کے لقب سے مشہور ہے آپکے ایک ہی صاحبزادے ابوالقاسم تھے سادات کبیر ولایت صوابیر والے اپنا سلسلہ آپ کیطرف منسوب کرتے ہیں (خلکان)

سیدنا ابو القاسم محمد المعروف بہ مہدی رضی اللہ عنہ۔ آپکی تاریخ ولادت میں کئی قول ہیں لیکن صحیح یہ ہے کہ ۸ شعبان ۲۵۵ھ میں آپکی ولادت ہوئی۔ مذہب امامیہ میں انکو مہدی موعود کہتے ہیں اور بہت تاویلیں کیجاتی ہیں۔ امام حسن عسکری رض کے انتقال کے وقت امام محمد کی عمر پانچ سال کی تھی۔ یہ بھی بیان کیا گیا ہے کہ آپ اپنے گھر کے تہہ خانہ میں اترے اور آپکی والدہ خمط یا نرگس نامی برابر آپکو دیکھتی رہی لیکن آپ واپس نہیں آئے اور یہ واقعہ ۲۵۶ھ کا ظاہر کیا جاتا ہے اور یہ کہ عمر آپکی ۹ سال کی تھی یا ۲۷۵ھ میں واقعہ ہوا۔ اور عمر آپکی ۱۷ سال کی تھی۔ اصل حال کیا ہے اسکا باری تعالیٰ بہتر داناہے۔ (خلکان)

سیدنا ابو القاسم محمد رض

حضرت خواجہ کے نذر کردیا تھا۔

گرچہ عالم میں الٰہی میں سعی بسیار کی — پر نہ کچھ تحفہ ملا لایق تری دربار کی (۱۰) اگرچہ یہ ہدیہ نہ میرا قابل منظور ہے — پر جو ہو مقبول کیا رحمت سے تیری دور ہے (۱۱) حد سے بدتر ہو گیا ہی حال مجھ ناشاد کا — کر مری امداد اللہ وقت ہی امداد کا
جان و دل لایا ہوں تجھ پر فدا کیواسطے — کشتگان تیغ تسلیم و رضا کیواسطے — اپنے لطف و رحمت بے انتہا کیواسطے

(از حضرت حاجی امداد اللہ صاحب رحمہ اللہ)

تمام شد

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی اِحْسَانِہٖ

باری تعالیٰ عز اسمہ بطفیل سرور کائنات و اہلبیت اطہار و صحابہ کرام و مشایخ سلاسل اربعہ اس کتاب کو قبول فرماوے اور ناظرین کے حق میں مفید ثابت ہو۔ آخر میں ناظرین کرام سے مکرر التماس کرتا ہوں کہ اگر بوجہہ کمی معلومات کوئی لغزش ہوئی ہو تو معاف فرماویں اور اسکی اصلاح سے نامۂ سیاہ کو مشکور فرمائیں تاکہ اس کار خیر میں شریک ہو کر اجر دارین کے مستحق ہوں وَالْعُذْرُ عِنْدَ کِرَامِ النَّاسِ مَقْبُوْلٌ

وَاٰخِرُ دَعْوٰنَا اَنِ الْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ط سُبْحَانَ رَبِّکَ رَبِّ الْعِزَّۃِ عَمَّا یَصِفُوْنَ ط وَسَلَامٌ عَلَی الْمُرْسَلِیْنَ ط وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ط

وصلی اللہ تعالیٰ علی خیر خلقہ محمد وآلہ واصحابہ اجمعین

برحمتک یا ارحم الراحمین

ہزار آفرین از جہاں آفرین — بر اولاد و اصحاب او اجمعین

ویلیہ ضمیمہ

اکثر مورخین اسلام اور تاریخ ہنود سے معلوم ہوتا ہے کہ راجگان ہند کا سلسلہ نسب یافث سے ملتا ہے۔ رؤساء لال خانیاں انہیں کی اولاد سے ہیں
باری تعالیٰ جسکو جاہ و ثروت عطا کرتا ہے اُسکو عقل سلیم بھی عنایت فرماتا ہے جو کبھی نہ کبھی اُسکو راہ راست پر لے ہی آتی ہے مگر یہ امر مخصوص بفضل ضرور ہے۔ اور فضل و رحمت اُسکے قبضۂ اختیار میں ہے جسکو چاہے
سرفراز فرمائے۔ ذٰلِکَ فَضْلُ اللّٰہِ یُؤْتِیْہِ مَنْ یَّشَاءُ اور بسا اوقات قدرت کسی خاص وجود کیلئے کسی دوسرے کی ہدایت کو اُسکا سبب قرار دیتی ہے چنانچہ اس خاندان میں
حاجی سرکار احمد علیخاں صاحب و نواب محمود علیخاں صاحب و نواب فیض علیخاں صاحب وغیرہ کے وجود نہایت مغتنمات سے تھے جنکو خلاصہ قوم کہنا
بجا ہے اور انکی ذات سے کثرت سے دینی و دنیوی مفاد حاصل ہوا۔ اول الذکر ممدوح کو تصوف میں ایک خاص مرتبہ حاصل ہوا عرصہ تک خانقاہ دہلی کے آپ سجادہ نشین رہے
اور انہیں حضرات کی موجودہ اولاد بھی فخر خاندان اور عمائد روزگار خیال کی جاتی ہے۔ ناظرین کو ظاہر ہے کہ میری اس تالیف جسکا اصل باعث سرکار محمد عبد الواجد علیخاں صاحب
کا شوق علمی ہے اور آپ اس خاندان کے سربرآوردہ رئیس ہیں اسلئے خصوصیت کے ساتھ آپکے سلسلے اور خاندانی حالات اس طریقے سے درج کئے جاتے ہیں جس سے اس
خاندان کے دیگر رؤساء و عمائد و معززین بھی اپنے سلاسل و حالات کی واقفیت سے فائدہ اُٹھائیں اور ناظرین کی معلومات میں ایک واقعہ تاریخی کا اضافہ ہو۔

اس خاندان کا مورث اعلیٰ جسکا اس خاندان کے اسلام لانے سے قریب تر زمانہ گذرا ہے لال سنگھ ہے جو قوم بڑگوجر کے اعیان ممتاز افراد سے تھا جسکی بکثرت اولاد ہے۔ اور بیشتر اپنے قدیمی
ہندو مذہب پر قائم ہیں اور وہ بھی اسی لقب سے لال خانی مشہور ہونے چاہئیں ہم چونکہ اسلامی طبقہ کا حال لکھتے ہیں اسلیے دیگر سلسلۂ اولاد ہنود سے قطع نظر اوّلاً یہ اظہار کرنا ضرور ہے کہ لال خاں اپنے والد کا
فرزند کلاں ولیعہد تھا جو اپنے باپ کے فوت ہونے پر جانشین رہا۔ اور جائے مستقر چوندہیر کو خوب رونق دی۔ دربار اکبری میں خاص اعزاز و وقار حاصل کیا اور خدمات شاہی بحسن اسلوبی انجام دیکر اکبر کے
دل میں ایک خاص اعتبار کی بنیاد ڈالی۔ چنانچہ محلات خاص بیگمات شاہی کی محافظت اسکے سپرد ہوئی اور مورد عنایات خاص ہوتے گئے۔ خطاب خانی جو اسوقت تک کسی راجپوت کو حاصل نہیں ہوا تھا اسکو
عطا ہوا اور یہ خطاب چونکہ اسلامی تھا اسوجہہ سے بعض مورخین نے محض لفظ خانی سے اسکا مسلمان ہونا سمجھ لیا حالانکہ اسکی کوئی اصل نہیں کیونکہ بظاہر اُسکے اسلام لانے کا تاریخ میں
پتہ نہیں چلتا البتہ اسکے جاہ و حشمت کا آفتاب دبدبہ کمال پر تھا آخر عمر تک داروغہ محلات شاہی رہا۔ اسکے گیارہ لڑکے تھے۔

راجہ سالباہن

لعل خاں کا بڑا لڑکا جو انجام خدمات شاہی میں اپنے باپ کے ہمراہ رہتا تھا بعد فوت ہونے لال سنگھ کے مناصب شاہی پر مامور ہوا اور بجائے باپ کے شاہجہاں بادشاہ نے اُسکو راجہ تسلیم کیا اور صلہ خدمات شاہی میں
منصب چار ہزاری کا اعزاز حاصل ہوا۔ چونکہ یہ ایک روشن خیال عالی دماغ شخص تھا دربار شاہی میں اپنے کمال درجہ رسوخ پیدا کیا اور منصب پنجہزاری کا اضافہ ہوا چونکہ یکے
بعد دیگرے اسکو دو منصب حاصل ہوئے۔ اسوجہہ سے بعض نے اسکا منصب چار ہزاری لکھا اور بعض نے پنجہزاری۔ اسوجہہ سے بظاہر اسکے منصب میں اختلاف واقع ہو گیا حالانکہ در حقیقت
کوئی اختلاف کی گنجائش نہیں ہے جیسا کہ ہمنے بیان کیا کیونکہ منصب کے بارہ میں دونوں روایتیں مستند ہیں پس تطابق کیلئے صورت مذکورہ سے بہتر کوئی اور صورت نہیں ہے۔ چونسٹھ
مواضعات کا علاقہ سالباہن پور بعہد صاحبقران شاہجہاں ۱۷۔ شوال ۱۰۴۹ھ کو حاصل ہوا اور باپ سے زیادہ مرتبہ حاصل کیا۔ عقل و فراست سے چونکہ دنیوی عروج کو پہونچ چکا
تھا۔ اُسی عقل رسا نے اسکی رہبری کی اور فضل خداوندی سے انقیاد اسلام قبول کیا جسکی مختلف روایات ہیں اور بعض مورخین نے اس بارہ میں بھی غلطی کی ہے۔ لہذا اصل واقعہ
اسلام متعلق جسقدر اقوال ہیں وہ درج کئے جاتے ہیں۔ ۱ اشرف نامہ جسکو نواب اشرف خاں بہادر بڑگوجر نے اپنے خاندان کے حالات میں ۱۸۵۵ء میں لکھا جو اب

قریب قریب نایاب کے ہے اسمیں لکھا ہے کہ راجہ اعتماد رائے بلا طمع جاہ و مال خلوص نیت سے اکبر بادشاہ کے عہد میں اسلام لائے۔ ۲ تاریخ برن میں جو شرف نامہ سے
بعد کو تالیف ہوئی لکھا ہے کہ جاٹو جی کی نسل میں لال سنگھ کو خطاب خانی دربار اکبر سے عطاء ہوا اور سالباہن بادشاہ کی خوشنودی مزاج کی غرض سے معہ پسر اعتماد رائے کے مسلمان
ہوگیا۔ اور ۷۴ مواضعات کا علاقہ سالباہن پور ۔شوال ۱۰۲۹ھ کو حاصل ہوا۔ ۳ مصنف تاریخ بلند شہر لکھتا ہے کہ سالباہن نے عہد شاہجہاں میں بہاسو کے گرد و اطراف میں
چونسٹھ مواضعات کی ریاست حاصل کی او اُسکا بیٹا اعتماد رائے عالمگیر کے زمانہ میں مشرف باسلام ہوا۔ ۶۴ مواضعات جس فرمان کے ذریعہ سے ملے وہ ۱۰۴۹ھ ۱۷ شوال کا اور
علاقہ کا نام پرگنہ سالباہن پور لکھا ہے۔ ۴ مرقع فیض میں یہ بھی لکھتے ہیں کہ بوجہ عنایات شاہی سالباہن کے نام سے یہ علاقہ موسوم کیا گیا۔ گو رسمہ اسمیں ۱۰۲۹ھ لکھا ہے
غالباً یہ چھاپے کی غلطی ہوگی جو بجائے ۱۰۴۹ھ لکھا گیا اور واقعہ اسلام بحوالہ اشرف نامہ عہد اکبر اول کی نسبت منسوب کیا ہے لیکن اشرف نامہ و مرقع فیض کے اقوال مذکورہ
میں یہ ہی اقوال صحیح ہیں کہ سالباہن معہ اپنے پسر اعتماد رائے کے بصدق و خلوص نیت زمانہ جہانگیر میں مشرف باسلام ہوئے جسکی نسبت صحیح روایات زبانی سے بھی اسطرح
ظاہر ہوتا ہے کہ حضرت امام ربانی جسوقت دہلی تشریف لائے ہیں جیسا کہ آپکا واقعہ خاص طور پر مشہور ہے۔ اور سالباہن کو صحبت علماء فضلاء اسلام کا اثر ابتداء سے ہی
حاصل تھا حضرت مجدد صاحبؒ کے خوارق عادات اور تصرفات سے اسمیں ایک اور اضافہ ہوگیا اور انکے طالع نے یاوری کی حضرت مجددؒ کے دست مبارک پر اسلام قبول کرلیا
و بیعت سے مشرف ہوکر شبانہ روز حضرت مجددؒ کی خدمت سے برکات دارین حاصل کرتے رہے۔ پس اس خاندان میں برکات اسلامی حضرت مجددؒ کا فیضان ہے جو شرف اسلام کے ساتھ
ایک دوسری خصوصیت کو بھی شامل ہے۔ چونکہ ہر قوم اپنے انساب و واقعات خاندانی سے جیسے خود واقف ہوتی ہے دوسرے انکو چنداں واقفیت نہیں ہو سکتی۔ بالخصوص وہ خاندان
جسکی ہمیشہ سے اولوالعزمی رفیق ہو اور حفاظت و حالات نسب کا مثل عرب کے اہتمام ہو۔ چنانچہ اس خاندان میں قوم جگا کا خاص اسی خدمت پر مامور ہے اور انکا یہی کام ہے کہ نسب و
حالات محفوظ رکھتے ہیں۔ ابتک ان لوگوں کے مکانات میں کوٹھے کے کوٹھے کاغذات کے بھرے رہتے ہیں جو محض نسبی یادداشت ہیں اور انکی تمام عمر کا سرمایہ یہی ہوتا ہے۔ ان
سے جو حالات صاف معلوم ہوتا ہے کہ جو روایات مشہورہ خواص خاندان ہیں ضرور ہے کہ صحیح ہوں۔ اور حضرت مجددؒ کے حالات سے اسکی مزید تائید ہوتی ہے کہ آپکی بدولت ہزار ہا خاندان
گروہ دائرہ اسلام میں داخل ہوئے۔ سالباہن کے پانچ پسر ہوئے جنمیں **راجہ اعتماد رائے** جانشین اور مقرب دربار جہانگیری ہوئے۔ تواریخ میں انکا تذکرہ بضمن دیگر واقعات
مذکور ہے اور موافق قول مصنف مرقع فیض کے عہد نور الدین جہانگیر میں مہم پشاور کو سر کیا اور سرکشان ملک کی تسخیر کی اور ہمیشہ ایسے شجاعانہ کارنامے ظاہر ہوئے
ذوالفقار خاں قوم چوہان ریبھہ جونڈلہ کی لڑکی تھا کنور سے انکی شادی ہوئی جنسے راجہ رمست خاں پیدا ہوئے **راجہ رمست خاں** کی تین شادیاں ہوئیں
ایک عاقل خاں کی بیٹی راج النساء موضع رجھیٹی ضلع میرٹھ جس سے رستم خاں قطب خاں دیوان رشید خاں طاہر خاں ہوئے۔ اور دوسری شادی قوم چوہان منڈاور
راج الور میں ہوئی جس سے ترسم خاں دلاور خاں ہوئے قوم چوہان کا سلسلہ نسب آخر میں درج ہے

آخر میں اس سلسلہ اس خاندان میں **سردار علیخاں و مردان علیخاں** ہوئے ہیں۔ سردار علیخاں اپنے بھائی مردان علیخاں کے پاس چھتاری سکونت رکھتے تھے
مرکہ ترکی پورہ وکونہ سے پہلے علاقہ اہار میں بدست دہقاناں شہید ہوئے اور بعد انتقال انکے **عوض علیخاں** پیدا ہوئے جنکو **مردان علیخاں** نے پرورش کیا
سن شعور کو پہنچکر گورنمنٹ عالیہ میں بعہدہ منصفی و صدر اعلیٰ ممتاز ہوئے اور جب مردان علیخاں نے اپنی اولاد کو جائداد تقسیم کی اسوقت انکو علاقہ ہردواگنج دیا اور بڈھانسی
سردار علیخاں نے دیا تھا عوض علیخاں نے بڈھانسی میں سکونت اختیار کی اور یہیں انکا انتقال ہوا عوض علیخاں کے صاحبزادے **سرکار احمد علیخاں صاحب** نقشبندی بجائے

بقول اصح بڈھانسی کے ڈاکہ میں کسی شکاری کی گولی سے شہید ہوئے۔ ۵ سردار علیخاں کے انتقال کے وقت یہ شکم مادر میں ۳ یا ۴ ماہ کے تھے انکی والدہ بعد چہلم منڈاور ۵ ۶ اچلی آئیں
یہاں پر یہ پیدا ہوئے اور بعمر دس بارہ سال حسب الطلب ٹھاکر مردان علیخاں چھتاری آئے وہاں اپنے تایازاد بھائیوں کے ساتھ تعلیم پاتے رہے۔

انکے مالک ریاست ہوئے۔ یہ نہایت پاک طینت اور نیک نیت شخص تھے۔ طبابت میں خاص دخل تھا۔ دو مرتبہ حج ادا کیا اور حضرت شاہ احمد سعید صاحب مہاجر مدینہ منورہ قدس سرہ سے اول شرف بیعت حاصل کیا اور حضرت شاہ صاحب کی ہجرت کے بعد بحکم حضرت حاجی دوست محمد صاحب قندھاری رحمۃ اللہ جو حضرت شاہ صاحب کے اجل خلفاء سے تھے مولوی رحیم بخش صاحب اجمیری ہرصوری جو حضرت حاجی صاحب کے خلیفہ خاص ہونیکی وجہ سے خانقاہ دہلی میں سجادہ نشین تھے انکی توجہات سے اکتساب سلوک و اجازت مطلقہ سے فائز ہوئے اور بعد انتقال مولوی صاحب جبکہ حاجی صاحب بغرض انتظام خانقاہ شریف مظہریہ دہلی تشریف لائے تو حاجی صاحب نے اپنی جانب سے آپکو خلافت عطا فرما کر بجائے مولوی رحیم بخش صاحب خانقاہ شریف میں سجادہ نشین فرمایا حالانکہ آپنے بخیال تعلقات خانگی و کسر نفسی انکار بھی کیا لیکن پذیرا نہوا۔ اسکے بعد جب آپ حرمین شریفین حاضر ہوئے تو بوجہ انتقال ہوجانے حضرت حاجی صاحب مرحوم کے مولانا شاہ عبدالغنی صاحب و صاحبزادگان حضرت شاہ احمد سعید صاحب سے استدعا کی کہ مجھکو اس خدمت سے معاف فرمایا جاوے۔ اور خانقاہ شریف کیواسطے کسی اور کو تجویز فرماویں چنانچہ آپکی درخواست پر مولوی ابی النبی صاحب مجددی رامپوری کی تجویز ہوئی اور بعد میں خانقاہ شریف انکے سپرد فرماکر وطن مراجعت فرمائی۔ ۱۲۹۷ھ میں آپکا وصال ہوا۔ آپکے خاندان میں جنکا انتقال ہوتا اکثر بڈہاسی آپکے مزار کے قریب دفن کئے جاتے ہیں قاعدہ ابتک جاری ہے

ریاست بہاسو اس ریاست کی نیکنامی کی مزید شہرت اور قابل قدر خدمات گورنمنٹ انگریزی کی ابتدا **نواب فیض علی خانصاحب** سے ہوئی۔ بوجہ تعلقات قدیمی کے جو ریاست جیپور سے تھے اپنے والد **محمد مراد علی خان** کی حیات میں جیپور تشریف لائے۔ یہاں اتفاق ملاقات ہزہائنس مہاراج ادھراج مہاراجہ رام سنگھ صاحب بہادر جی۔سی۔ایس۔آئی والئے جیپور سے ہوا۔ مہاراجہ صاحب نے پہلی ہی ملاقات میں انکو راج کے معزز عہدوں کیلئے موزوں خیال کرکے ۱۸۵۳ء میں اپنے ظل عاطفت میں لیا اور چند عہدوں کی تبدیلی کے بعد ۱۸۵۶ء میں بخشی فوج ریاست جیپور مقرر کیا اس عہدہ پر ہنوز ایک سال نہ ہوا تھا کہ ۱۸۵۷ء میں غدر ہوا۔ چونکہ نواب صاحب کے فوجی انتظام سے راج جیپور آفات غدر سے محفوظ تھا اسلئے ہزآنر لفٹننٹ گورنر آگرہ نے بذریعہ مسٹر ایڈن صاحب پولیٹیکل ایجنٹ راج جیپور ہزہائنس مہاراجہ صاحب بہادر سے بغرض انطفاء نائرہ غدر استدعاء امداد کی ہزہائنس نے نواب صاحب کو معہ دس ہزار فوج و چند زنبورک بارہ ضرب توپ روانہ دہلی کیا۔ پہلی منزل میں نواب صاحب نے دو میم اور چند بچوں کو میواتیوں کی قید سے چھڑایا اور پھر بارہ اعلٰی عہدہ داران انگریزی سرکار کی جان بچائی جنمیں ایک مسٹر ڈانلڈ اسٹوارٹ صاحب تھے جو بعہدہ کمانڈر انچیف ہند اور پھر فیلڈ مارشل انگلینڈ مقرر ہوئے بعد رفع غدر نواب مرحوم کی خدمات ایام غدر کی قدر فرماکر گورنمنٹ انگریزی نے خلعت گراں بہا اور سند زمینداری چار ہزار روپیہ مالگذاری دوام کیلئے معہ معافی چہارم حصہ مالگذاری حین حیات و خطاب خان بہادر اور مہاراجہ صاحب بہادر نے آٹھ ہزار سات سو روپیہ کی جاگیر دوام کیلئے عطا فرمائی۔ ۱۸۶۹ء میں ہزہائنس مہاراجہ صاحب بہادر جیپور نے بصلہ حسن کارگذاری معاہدہ سانبھر جو باہم گورنمنٹ انگریزی و راج جیپور ہوا تھا خلعت معہ زنجیر فیل و خطاب ممتاز الدولہ عطا فرمایا جسکو گورنمنٹ انگریزی نے بھی منظور فرمالیا۔ ۱۸۷۰ء میں گورنمنٹ نے نواب صاحب کو خطاب و تمغہ کمپینین سٹار آف انڈیا۔سی۔ایس۔آئی۔ عطا فرمایا ۱۸۷۱ء کو بادخال ایک لاکھ چالیس ہزار روپیہ مالگذاری علاقہ بہاسو گورنمنٹ سے مرفوع القلم کرائی۔ ۱۸۷۵ء کو بصلہ حسن ترتیب ریپورٹ انتظامیہ راج بڑودہ و حسن انتظام راج کوٹہ گورنمنٹ نے نواب صاحب کو خطاب و تمغہ نائٹ کمانڈر سٹار آف انڈیا کے۔سی۔ایس۔آئی عطا فرمایا اور ۱۸۸۸ء میں گورنمنٹ نے خطاب ممتاز الدولہ نواب صاحب کو نسلاً بعد نسل عطا فرمایا۔ ۱۸۸۹ء میں نواب صاحب بعد زیارت حرمین شریفین واپس آئے اور بلا ضرورت تقرر محکمہ بورڈ آف کنٹرول پیشگاہ ہزہائنس مہاراجہ صاحب بہادر جے پور سے دل برداشتہ ہوکر اپنے عہدہ ممبر رائل کونسل سے استعفٰی دیدیا۔ اگرچہ مہاراجہ رام سنگھ صاحب بہادر نے اور انکے بعد ہزہائنس مہاراجہ دھیراج سرسوائی مادھو سنگھ صاحب بہادر بالقابہ نے بہت چاہا کہ نواب صاحب اپنے عہدہ کو سنبھالیں مگر نواب صاحب عذر ضعیفی کرکے ٹال گئے رہے۔ بتاریخ ۲ صفر ۱۳۱۲ھ میں نواب صاحب مرحوم کا بمقام بہاسو انتقال ہوا۔

سرکار حاجی محمد عبدالواجد علی خاں صاحب چشتی قادری نقشبندی مجددی رئیس بڈھانسی و جاگیردار جگر سابق ممبر جوڈیشل کونسل ریاست جیپور

بقیہ بر صفحہ ۱۷۷

سے تالیف ہوئی اور میرا قیام آپکے دولتکدہ پر ہے پھر آپکی ممانعت توضیح حال لکھنے کو مانع ہے۔ البتہ بحکم من لایشکر الناس لایشکر اللہ میں آپکے خصائل لکھنے کی
جرأت کرتا ہوں جو دیگر رؤساء و عام اہل بصیرت کیلئے محرک خیر ہوں حضرت
ممدوح مادرزاد چشتی ہیں کیونکہ آپکی والدہ نے جناب کی روز پیدائش حضرت
خواجہ بزرگ اجمیریؒ کے نذر کردیا تھا۔ ۱۱-۱۲ سال کی عمر میں حضرت شاہ عبدالرحیم
صاحبؒ متوطن پنجاب سے خاندان چشتیہ صابریہ میں بیعت کی
مگر ان رگ کا بخوبی مشہور تھے عرصہ ۲۵-۳۰ سال تک یہی حال تھا معلوم ہوا
اسی اثناء میں اپنے حضرت مولوی رحیم بخش صاحب صدری سے خاندان
نقشبندیہ میں بیعت کی مولوی صاحبؒ کا انتقال ہونے
پر بحسن اتفاق
جناب حاجی
دوست
محمد صاحب
قدس سرہ
بغرض
انتظام
خانقاہ
جہاں شریف
دہلی
تشریف
لائے
یہاں تک پوتھی جاگہ بڑگوجران جس سے ملا اور مطابقت مرقع فیض شجرہائے بنسائولی
ہو گئی ہے۔
یہاں تک پوتھی جاگہ سے ملا اور مطابق مرقع فیض ہے۔
راجہ
لال سنگھ
عرف
لال خان
راجہ
سالباہن

بقیہ صفحہ ۱۶۸

بقیہ صفحہ ۱۸۰

کنور محمد اکرام علیخان
یہ نہایت لایق اور
سیر چشم عالی
حوصلہ مدبر تھے
اور اپنے بزرگ
اُلو العزمی کے
خیالات تھے لیکن
افسوس مرحوم کی عمر نے
وفا نہیں کی بعمر
۳۱ سال سنہ ۱۳۳۰ھ
راہی ملک بقا ہوئے۔

سر نواب فیاض علی خان بہادر

(جے پور)
سر آنریبل نواب فیاض علیخان صاحب بہادر ممتاز الدولہ بالقابہ وزیر اعظم
اپنے والد نواب فیض علیخاں صاحب مرحوم کے جانشین ہوئے۔ ہز ہائنس
مہاراجہ سر سوائی مادھو سنگھ صاحب بہادر بالقابہ والئی جیپور
اس نقصان کو محسوس فرما رہے تھے کہ جو نواب صاحب مرحوم کی علیحدگی سے راج
کو پہونچا جسکی تلافی یہ فرمائی کہ سنہ ۱۹۰۱ء میں نواب صاحب ممدوح کو باستحقاق
قدامت و ذاتی قابلیت یاد فرما کر بطور اپنے نائب کے ممبر رائل کونسل مقرر فرمایا
سنہ ۱۹۰۲ء کو ممتاز الدولہ ریزیڈنٹ ممالک متحدہ آگرہ و اودھ منجانب گورنمنٹ منتخب ہو کر
جشن تاجپوشی ہز مجسٹی ایڈورڈ ہفتم قیصر ہند بمقام لندن شامل ہوئے۔ سنہ ۱۹۰۳ء کو دربار
اعلان تاجپوشی ہز مجسٹی قیصر ہند بمقام دہلی مدعو ہوئے اور خطاب و تمغہ کمپینین سٹار آوف
انڈیا یعنی سی۔ ایس۔ آئی۔ سی۔ اور سنہ ۱۹۰۵ء کو بتقریب سالگرہ ہز مجسٹی قیصر ہند خطاب
نائٹ کمانڈر انڈین امپائر کے۔ سی۔ ایس۔ آئی۔ سے ممتاز ہوئے۔ آپ ہی کے عطیہ پچاس ہزار
میں ممتاز بورڈنگ تعمیر ہوا جسکا افتتاح ہز آنر سر جیمس ڈگس لاٹوش صاحب سی۔ ایس۔
آئی۔ کے۔ سی۔ ایس۔ آئی۔ لفٹنٹ گورنر ممالک متحدہ نے اکتوبر سنہ ۱۹۰۶ء کو فرمایا۔ اور
کے۔ سی۔ وی۔ او کا خطاب بعد ان خطابات مذکورہ کے اور عطا ہوا۔ آپکے مراتب عروج
و سربلندی کے واقعات نظام ریاست کی اسلوبی جو آپکی حسن تدابیر سے ہوئی اُسکی تفصیل
کیلئے ایک مستقل تصنیف درکار ہے نیز یہ کہ آپکے کارنامے اکثر انگریزی اور اردو رسالوں
میں شایع ہو چکے ہیں اس مختصر میں تفصیل کی احتیاج نہیں۔ آپکے خطاب کے۔ سی۔
وی۔ او ملنے پر میرے قابل دوست منشی حکیم الدینخاں نائب ناظم
گنگا پور نے ایک قصیدۂ تہنیت لکھا تھا جو ہدیۂ ناظرین ہے۔

جلایا تیری نعمت نے عدو کو آتش غم سے — ہوا ہے حاسدوں کا حال ابتر فرط ماتم سے
اگر جلنے سے ہو بیزار حاسد کیا تعجب ہے — نہیں ممکن بھرے زخم حسد جلت کی مرہم سے
مہاراجہ نے دی دربار میں جب کرسی اول — یہ ثابت ہو گیا افضل ہے تو ہر ایک قدم سے
نہایت ہی قلق ہے دشمنوں کو تیری نعمت کا — ہنسیں کیا خاک وہ انکو نہیں فرصت غم و ہم سے
وزیران سلف کو تجھ سے ہو کیونکر بھلا نسبت — ملا ہے رتبہ عالی تجھے خلاق عالم سے

کنور اکرام علیخان

علیخان ملیح

علیخان معظم

علیخان اعظم

کنور محمد خورشید علی
راج جے پور
عہدۂ جلیلہ
اسلوبی انجام
ہیں علمی
اخلاق و
نقشبندی
مجددی

اور ہمدردی آپکی
ورثہ پدری آپ نے
دی اور اپنی آسائش
وہاں پر تیار کرائے
ہیں آپکے صاحبزادے
کا کام کرتے ہیں۔

کنور محمد خورشید علی خان

عبد الرؤف خان

خاں کمانڈر انچیف
آپ عرصہ سے انسپکٹر
کا کام بحسن
وسے رہے
قابلیت پر
مروت

احسان الطاف

قابل تعریف ہے تقسیم
مڈل کو بہت کچھ ترقی
کیلئے رئیسانہ مکانات
ہیں جو اعلیٰ پیمانہ پر
عبد الوہاب خاں یا

عبد الوہاب خان

مشیر شاہِ انگلستان کا رتبہ کسکو حاصل تھا
متانت نکتہ سنجی کاردانی اور سخن فہمی
اگر تختِ وزارت پر نہ تو رونق فزا ہوتا
خطا ہے ہر خطابوں کے زبان پر نام کا لانا
یہی کیا کے۔ سی۔ آئی۔ ای اور سی۔ ایس۔ آئی بھی
ہر اول ہے ترے اعزاز کے لشکر کا یہ تمغہ
ہما کی جستجو ہیں کوہ و صحرا اسلئے چھانیں
حصول مدعا ہے منحصر تیری توجہ پر

دریچہ خانہ تھی کسکی بزم دانایانِ عالم سے
یہ جوہر حق تعالیٰ نے بھرا ہیں تجھ میں اکرام سے
مصیبت جھیلتی ہر لحظہ خلقت دستِ ظالم سے
دل آداب دان واقف ہے ممدوح مکرم سے
دیئے ہیں تحفے قیصر نے تجھے الطاف پیہم سے
یہی پیہم ندا آئی ہے اب اطرافِ عالم سے
یہ بس ہے تیرے قدموں کا نہ ہو یہ جدا ہم سے
وسیلہ کی نہیں حاجت کسی کو نوعِ آدم سے
مبارک ہو مرے ممدوح کو یہ بہجت شایاں

دقایت اپنے بندوں کی خدا نے تجکو سونپی ہے
رئیسوں کی یہ حالت ہے کہ تیری آستانہ کو
مثال گربۂ مسکیں بنایا تو نے شیروں کو
امیرانہ لقب نواب اور ممتاز دولت ہیں
عروج منزلت کا تیرے چرچا ہے زمانہ میں
یقیں لانے میں ہو کسکو تامل اب زمانہ بھر
صفت ادنیٰ یہ ہے تیری کہ آیا در پہ جو سائل
شناور ہیں نہیں جب بحرِ تیرے دریا حقیقت کا
مبارک ہو قلق دشمن کو جو ہے جاں بلب غم سے

حمایت میں تری آ کر ڈری کیوں نال رستم سے
ادب سے بوسہ دیتے ہیں ترا گر اپنے ادہم سے
دروغ اسمیں نہیں اصلا میں کہتا ہوں دم و جم سے
سر آنریبل بہادر بھی مفتخر ہیں تری دم سے
اضافہ کے۔ سی۔ وی۔ او کا ہوا ہے تازہ جلدم سے
ہوا ہے یکقلم سیراب تیرے فیض کے یم سے
بنایا تو نے مستغنی اُسے دینار و درہم سے
ادا کیا ہو سکے تیری ثنا ناچیز اعجم سے

محمد کا ہو سایہ فرقِ فیاض علی خاں پر
ملے نوح و خضر کی عمر یمن اسم اعظم سے

قوم چوہان

اولاد مہاراجہ پرتھی راج

قصبہ منڈاور راج الور میں اس خاندان کے مورث اعلیٰ راؤ حاجی چاند سمت ۱۴۹۹ بکرمی میں بعہد فیروز شاہ مشرف باسلام ہوئے انکی خداداد قابلیت کے باعث شہزادی سے شادی ہوئی اسی تعلق کی بنا پر بحکم شاہی جنگ منڈاسا میں لڑے اور انجام کار اسی لڑائی میں شہادت پائی۔ انکی اولاد میں سے راؤ یوسف علیخاں صاحب کا خاندان ریاست مذکورہ کے سرداران تعظیمی اور معززین خاص میں اول درجہ میں ہز ہائنس مہاراجہ الور انکی بڑی قدر کرتے ہیں۔ آپ اپنی ذاتی قابلیت اور اخلاق میں ممتاز اقران ہیں۔ راقم کو بھی عرصہ سے آپ سے نیاز حاصل ہے بڑی خوبی کے آدمی ہیں۔ آپکے ایک ہی صاحبزادہ ہیں جو ریاست الور کی طرف سے میو کالج اجمیر میں تعلیم پاتے ہیں

ف انکے چار بیٹے اور تھے کھڑک سنگھ
پاپٹرونی - ہمیر - مولاداس - کیرت سنگھ
تسئی - بھوجراج سروپ داسے -
مشہور بادشاہ دہلی
مہاراجہ پرتھی راج
راؤ
لالا جی
سنگت
لاکھن سنگھ
بھوم راج
رتن سنگھ
مانڈھن
منڈاور
انجن دی
مدن سنگھ
پدم سنگھ
موکل
دھیرا دے
انی سی
نانگ دی
بھاردے
هالو
هاسو
جهام
چاند جاجی
اودھو
معین الدین
کوبنها
عالم چند
نیرما
خورد
بل کرن
سبل سنگھ
احمد خان
جبیب خان
عمر خان
فیروز خان
دولت خان
کلاں
سادھول سنگھ
بھیکن خان
انکے ۳ بیٹے
اور تھے -
تارا چند و
لکھمی چند و
چندر سین
انکے ۵ بیٹے اور تھے
مہتاب خاں - صلابت خاں
شتاب خاں - اسد اللہ خاں
طالع مند خاں -
ناهر خان
گلاب خان
الپ خان
محمد یوسف علیخان
محمد قاسم علیخان
(تمام شد)

قطعہ تاریخ نتیجہ طبع سلیم فکر مستقیم عالم معقول و منقول حاوی فروع و اصول مکرمی جناب مولوی عبدالواحد صاحب فاروقی تھانوی میر منشی دربار الورد ام بالمجد والفضائل

ایہا الاخوان! شرع میں ہے گو، فخر بالآبا منہی عنہ
اس سے کسی کو ہو نہ یہ شبہہ، حکم بالاضداد ہے اسمیں حاشا
بات یہ ہے احکام شریعت۔ جتنے ہیں سب ہیں مبنی حکمت
فخر و تعلّی اپنے نسب پر۔ کبر کا اک شعبہ ہے مقرر
کوئی گنہ۔ ایسا نہیں صاحب، کبر نہ جسکا ہو باعث و موجب
اسکے سوا ہرگز نہیں کچھ شے، یہ کہ فلاں شخص ابن فلاں ہے
نفس تعلّم علم نسب کا۔ حال نہیں جس حال میں ایسا
ہوتی ہے معلوم اس سے قرابت بڑھتا ہے اُس سے جوش محبت
اصل تمدن گر ہے کوئی شے غور سے دیکھو گے تو یہی ہے
شبہہ نہیں کچھ اسمیں بھی اصلا۔ علم انساب اور رجال و سیر کا
راز یہی ہے اسمیں کہ کچھ ہو۔ ذکر سلف نافع ہے خلف کو
اُنمیں سے جو تھے عاقل و کامل، اور تھے اچھے جنکے مشاغل
اور جو بری بھی کسی کی تھی حالت۔ ذکر سے اُسکے ہوگی عبرت
خاصکر ایسوں کا ذکر کہ جنسے، سلسلے بھی ملتے ہوں نسب کے
ایسا مبارک علم عزیزو، نفع رساں اس حد تک ہو جو
ہاے مسلمانان جہاں میں۔ اب جو نہیں اگلوں کی سی شان
دین متین جبتک کہ رہے ہم تھے قایم، رو بہ ترقی رہتے تھے دائم
جبسے ہوئی ہے اُس سے غفلت، حال ہے اپنا قابل عبرت
اب بھی جو چاہیں ہم کہ ہماری، بدلیں یہ حالت حضرت باری
کیونکہ جناب رب العزت، اُنکی بدلتے ہی نہیں حالت
اسلئے بہتر ہے کہ مسلماں، دل سے ہوں دین کے تابع فرماں
علم نسب کا سیکھنا بھی جب، مانتے ہیں ماموربہ سب
بھول گئے تھے اہل قبائل، اپنے نسب ناموں کے سلاسل
بسکہ جناب فخر اماجد، حامی ملت عابد و زاہد
رکھتے ہیں درد دین منور، اپنے دل شفاف میں مضمر
اپنے اور علوم دیں میں، عالموں سے لکھوا کے کتابیں
ویسے ہی یہ سرکار ذیشاں، علم نسب کے لیے تھے کوشاں

پھر بھی تعلم علم نسب کو، شرع نے ٹھیرایا ہے ضروری
جو ہے محال اور ہونا جسکا۔ شان شریعت کے ہی منافی
چاہیئے لیکن چشم بصیرت۔ مصلحتیں سب دینگی دکھائی
اور ہے لبرا ے جان برادر، اصل اصول جمیع مناہی
نہی تھی اُس سے علی مناسب، ہوتی نہ کب ممانعت اسکی
جبکہ ہے ننگ ہر نسب وحی۔ وہ جو نہ رکھتا ہو جوہر ذاتی
بلکہ ہیں اُسمیں فائدے صدہا۔ جو ہیں نمایاں اور بدیہی
اور صلۂ رحم اُسکی بدولت۔ ہوتا ہے آساں سبکو کماہی
نشۂ الفت رکھتی ہے یہ۔ رہتا ہے ملکر خیال صحت اُسکی
دل میں ہر اک کے کرتا ہے پیدا خود بخود اک تحریک ترقی
گذرے ہیں اُنپر واقعے جو جو۔ انکے لئے ہیں ہیرو ہادی
ایسوں کے ذکر خیر کا حاصل، یوں تو بہر حال اچھا ہے ہی
دونوں میں ہے القصہ نصیحت۔ اہل سعادت کیلئے حکمی
ولولے پیدا کرتا ہے جیسے۔ شرح عیاں ہے سب ان کی
کیوں نہ بھلا ماموربہ ہو۔ شرع شریف کی رو سے قطعی
اسکا سبب گر غور سے دیکھیں، پائینگے ترک شرائع دیں ہی
کرتے تھے پورے اپنے عزائم، روک نہ سکتا تھا ہمیں کوئی
چھان رہے ہیں خاک مذلت، راہ سپر ہیں جانب پستی
پھر جو یہ غفلت ہم پہ ہے طاری، چاہیئے پہلے ہمکو بدلنی
اپنے قلوب کی جو کیفیت، وہ نہ بدلنا چاہیں خود ہی
حکم ہیں جتنے حتی الامکان، دھیان رکھیں تعمیل کا سبکی
فکر تھی اُسکی بھی سبکو انسب، اُسمیں مگر اک دقت یہ تھی
اور نہ تھا ہر شخص اسکے قابل، آپ ہی سلجھالیتا یہ گتھی
حاجی محمد عبدالواجد العلیخاں سرکار بڈہاسی
اسلئے ساعی رہتے ہیں اکثر۔ بہر رواج شرائع دینی
جیسے بتائی ہیں دین کی باتیں، اور دکھائی ہے رہ ترقی
شکر ہے آج وہ کار نمایاں، ہوگیا ختم بفضل الٰہی

جنکے سپرد یہہ کام ہوا تھا، قابل تحسین کام ہے اُنکا
والد ماجد شیخ طریقت، جنکے ہیں حضرت والا درجت
اُنکی یہ تالیف اللہ اللہ، قابل داد ہے ماشاء اللہ
کام کیا ہے دیکھو کیسا۔ رکھ دیا بھر کر کوزہ میں دریا
نام بھی **مرآۃ الانساب** اسکا، رکھا ہی کیسا صاف و مجلّی
حکم لحضور رسول مکرّم، صلی اللہ علیہ وسلم
اب وہ ہلال ملت بیضا، مطلع مطبع سے لو نکلا
اسمیں نسب کے شجروں کے شامل، ہی یہہ کمال لطف کا کامل
ہے یہہ عجالۂ نافعہ گویا، علم نسب دانی کے علاوہ

اور ہیں وہ صاحبزادۂ والا، خواجہ ضیاء الدین امروہی
خواجہ بہاء الدین والملت قطب زمان و مہاجر مکی
اس سے ہر ایک کو انشاء اللہ، پہونچیگا بیشک نفع کلی
کیوں نہو، ہے کس باپ کا بیٹا، اُس سے یہ جد و کد بن آئی
دیکھینگے اسمیں، سب آئینہ سا، شکل و شمائل اپنے نسب کی
پھر نسب دانی جو تھا محکم، سہل ہوئی تکمیل اب اسکی
دیکھیں مسلماں جلوہ اسکا، اور منائیں عید قومی
تذکرے بھی کچھ کرکے داخل، ڈالی ہی طرح رجال و سیر کی
کنز علوم رجال و سیر کا، خوبیاں جسمیں ہیں نامتناہی

اسکا سنین طبع جو چاہو سب سے یہی **فاروقی** کہہ دو
مرأۃ الانساب اب ہی عزیزو، مطلع عکس رجال و سیر بھی
سنہ ۱۳۳۵ھ

تقریظ دلپذیر ذوالفضل والمکارم عالی منصب والا منقبت مجی جناب محمد محمود علیخانصاحب صاحبزادہ ریاست ٹونک لازال مجدہم

تمام حمد و ثنا اُس ذات کو ہے جو یکتا ہے اپنی ذات و صفات میں اور یگانہ ہے اپنے بقا و ثبات میں اور درود و سلام بعد سرور کائنات **محمد مجید صلی اللہ علیہ وسلم** اور آپکی اولاد و اصحاب پر جنکا اتباع ہدایت عظمی ہے۔ **اما بعد**

اہل عرب میں۔ علم الانساب ہمیشہ قدر و منزلت و ضرورت کی نظر سے دیکھا گیا ہے۔ جو مرتبہ فن سپاہگری و شاعری کو عام نظروں میں حاصل تھا وہی حیثیت علم انساب کو بھی حاصل تھی۔ عربوں کو نہ صرف اپنے خاندان کا صحیح نسب یاد رہتا تھا بلکہ دیگر قبائل کے انساب بھی حفظ یاد رکھتے تھے۔ اکثر مواقع تفاخر پر اپنے نسب کے فخریہ اشعار پڑھا کرتے تھے۔ حتیٰ کہ اُنکی عورتیں بھی اس فن شریف سے خوب واقف ہوتی تھیں اس میں کلام نہیں کہ ہندوستان کے موخرین مسلمانوں نے اسلاف کے خلاف اس فن شریف سے ضرور تغافل برتا حالانکہ بوجہ امتداد زمانہ اور بضرورت اختلاط اقوام و نسل خاص اعتنا کی ضرورت ہے۔ تاہم ہزارہا خاندان ایسے ہیں کہ جنکے انساب آکا برو تک مدون ہو چکے ہیں اور ہزارہا ایسے ہیں کہ اُنکے نسب نامہ اُنکے پاس محفوظ ہیں۔ ہندوستان میں عام وسیع کتب خانوں کی کمی بلکہ فقدان مصنفین و مولفین کے حوصلوں کو پست اور اُنکے کاموں کو تنگ کر دیتا ہے۔ یہ شکایت ہر صنف تصنیف و تالیف میں ہے۔ فاضل مؤلف کی امنگوں کے واسطے ضرورت تھی کہ ہر حیثیت سے اُنکو استغنا حاصل ہوتا۔ میر مکرم مولف نے جو بعد جانفشانی و عرقریزی حضرت سیدنا آدم علیہ السلام کی اولاد کا شجرہ لکھا ہے وہ بہت سی خوبیوں کے لحاظ سے قابل تحسین و قدر ہے۔ باقتضاء ترتیب شجرہ تو مناسب تھا کہ سیدنا حضرت آدمؑ کا اسم گرامی مقدم ہو کر بیخ شجرہ قرار پاتا اور پھر انشعاب سلاسل ہوتا۔ مگر بلحاظ ترتیب تکوین عالم اسم اقدس (نور اول) صلی اللہ علیہ وسلم الفاً الفا کو سب سے اول درج کرنا فاضل مولف کی بہت اچھی جدت ہے اور سادات کرامؓ کے سلاسل علیحدہ درج کرنے سے سیدنا حضرت آدمؑ تک صلبی سلسلہ بھی صحیح رہتا ہے۔ **مرآۃ الانساب** میں آدم علیہ السلام سے لیکر ابتک ہم اپنے آبا و اجداد کے نام دیکھ رہے ہیں۔ صدہا اولیا۔ علماء فضلاء حکماء سلاطین۔ نوابوں کے نام اور بہتوں کے مختصر کام ہمارے پیش نظر ہیں۔ گویا آدم علیہ السلام سے لیکر ابتک کی ایک دنیا کو ہم عالم مثال میں دیکھ رہے ہیں۔ یا اولاد آدمؑ کا ایک چھوٹا سا مگر نہایت معزز و مقتدر رقبہ ہمارے سامنے ہے۔ اسلاف ہمارے ناموں اور کاموں کو نہیں جانتے مگر ہم اُنکے ناموں اور کارناموں سے واقف ہو رہے ہیں۔ اگر فاضل مؤلف جیسے حضرات دنیا میں نہوتے تو ہمکو دوربین کیسے

کیسے میسر آتی جس سے ہزار ہا برس گزشتہ کے بزرگوں کو ہم آج دیکھ رہے ہیں۔ کتاب کا ہر ورق عبرت اور معرفت کا منظر ہے

ہر ورقے دفتریست معرفت کردگار

تحقیق حالات وصحت انساب میں فاضل مؤلف نے حق سعی ادا کیا ہے۔ اکثر سلاسل اپنی خاص تحقیق کے مطابق لکھے ہیں بعض حضرات کے مرسلہ نسب نامے فاضل مؤلف کی تحقیق میں غیر صحیح ثابت ہوا اور اپنی تحقیق سے مطابق لکھے ہیں محض مرسل کے بھیجنے پر اعتبار نہیں کیا۔ نہایت استقصا سے کام لیا ہے تقطیع موزوں کاغذ عمدہ غرض ہر طرح قابل تحسین و قدر ہے۔ احقر فاضل مؤلف کی حسن سعی کی داد دینے میں دعا کرتا ہے کہ کتاب مرأۃ الانساب کو مقبولیت عام حاصل ہو اور قدردانی کے ہاتھ اسکی طرف کو شوق سے بڑھیں۔ مجھے امید ہے کہ کافہ انام خاص و عام ضرور قدر کرینگے اور انشاءاللہ تعالےٰ طبع ثانی میں بہت سے حضرات اپنے نسب نامے درج کرنیکو بھیجینگے۔ میں اُن حضرات کی خدمت شریف میں نہایت ادب سے عرض کرتا ہوں جو اپنے نسب اور اسلاف کے ناموں اور کاموں سے تغافل برتتے ہیں۔ وہ ایسی کتابوں کی طرف بھی ضرور توجہ فرمائیں اور اُنکی قدرشناسی فاضل مؤلف جیسے حضرات کے واسطے اعلےٰ علمی قومی کاموں کی زبردست تحریک ثابت ہوگی ورنہ ہماری بے توجہی کا آیندہ نتیجہ ہوگا

امروز گر از رفتہ حریفاں خبرے نیست
فردا است درین بزم کہ از ما اثرے نیست

یا الہ العالمین ہمکو ہمارے صالح اور تیرے مقبول بارگاہ اسلاف کا سچا اخلاف بنا دے اور "لَیْسَ مِنْ اَھْلِکَ" کے مصداق اولاد صالح سے ہمکو دور رکھ۔ رَبَّنَا اٰتِنَا فِی الدُّنْیَا حَسَنَۃً وَّفِی الْاٰخِرَۃِ حَسَنَۃً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ ط فقط

تقریظ نتیجہ فکر نقاد طبع وقاد ادیب اریب جناب منشی ظفر احسن صاحب علوی جھنجھانوی مقیم دہلی دائرۃ الادب

بحمداللہ تاریخ مسلمانوں کا مخصوص فن ہے۔ مسلمان اگر اُسپر فخر کریں تو خودستائی کے مجرم نہیں ٹھہرائے جا سکتے کیونکہ گذشتہ زمانے کو زندہ وحاضر رکھنے کا صحیح طریقہ دنیا کو اگر کسی نے بتایا تو وہ صرف فرزندان اسلام ہی ہیں۔ مرأۃ الانساب کو دیکھکر مجھکو اسکے مرتب و تالیف کرانیوالے عالی حوصلہ اور ستودہ صفات بزرگ **نواب محمد عبدالواجد علیخاں صاحب** عم فیضہ کی علم دوستی اور تاریخ نوازی پر پہلے خوشی ہوئی پھر تعجب (۱) خوشی اسلئے ہوئی کہ تاریخ کا بہت بڑا جزو علم الانساب ہے۔ اس عظیم الشان صنعت میں اب تک کوئی مستقل تصنیف اس تہذیب آئین کے ساتھ اردو میں نہ تھی۔ اور میں بلا خوف تردید کہہ سکتا ہوں کہ مؤلف نے مختلف سمندروں کو ایک کوزہ میں بند کر دیا۔ بلاشک وہ خانوادے جو تہذیب حاضرہ کی مہلک شعاعوں سے متاثر ہو کر اپنی نسبی وجاہت و شرافت کو ناقابل التفات سمجھکر از یاد رفتہ کر چکے تھے پھر زندہ اور تاریخ لکھنے والے انساب کی تلاش و تحقیق کی فکر سے ماضی کیلئے ہمیشہ کیواسطے اور استقبال کیلئے کم از کم دو صدیوں تک سبکدوش ہو گئے۔ بہت کم حضرات ایسے ہونگے جنکا سلسلہ یا جنکے اجداد اعلےٰ کا نام اسمیں نہو یعنی صرف اب اپنا سلسلہ معلومہ درج فرما کر اس کتاب کو اپنا نسب نامہ بنا سکتے ہیں۔ درحقیقت نواب صاحب کی اسلامی دنیا اور فن تاریخ میں یہ ایسی یادگار ہے جسپر آیندہ نسلیں فخر کیا کرینگی (۲) تعجب یوں ہے کہ سبحان اللہ اس زمانہ میں بھی ایسے علم دوست افراد اہل دولت میں موجود ہیں جو ہزاروں روپے علمی کاموں میں بلا کسی اثر و داب کے شہرت طلبی سے بے نیاز ہو کر محض علم پروری کیلئے عہد ماضی کی مثال پیش کرنیکے لیے صرف فرما سکتے ہیں حقیقت یہ ہے کہ مرأۃ الانساب کی واقعی تعریف جو اسکے بیش بہا فوائد پر حاوی ہو۔ میری زبان اور قلم سے ممکن نہیں

جناب نواب صاحب کی ذات کیلئے میں حضرت رب العزت کا شکر ادا کرتا ہوں اور کہہ سکتا ہوں کہ موصوف کا وجود منجملہ افضال خداوندی کے ایک فضل ہے۔ مرآۃ الانساب کی ترتیب و تالیف کہ حبیب جلیل مولانا ضیاء الدین صاحب علوی امروہی کی فکر و کوشش کا نتیجہ ہے۔ جو حضرات تاریخی مشکلات سے واقف ہیں وہ ہمارے معزز دوست کی محنت و تلاش و تحقیق کا اندازہ فرما سکتے ہیں ایک ایک نام کیلئے ہزاروں اوراق پھیرنے پڑتے ہیں۔ بنیاد دوں کا استوار کرنا تھا جسکو مولانا نہایت اچھے اسلوب سے کر چکے اور راسپردہ قوم کی جانب سے مبارکباد کے مستحق ہیں اسقدر فخر اس کتاب سے مجکو حاصل ہوا کہ یہ مہتم بالشان کارنامہ میرے ایک ہم نسب کے قلم سے وجود پذیر ہوا۔ میں ان بزرگوں کے ساتھ دائمی ہمنشینی کی خوشی میں حضرت رب العزت سے مستدعی ہوں کہ بطفیل رحمۃ اللعالمین نواب صاحب اور مولانا ضیاء الدین علوی اور مجکو اپنی دائمی برکت عنایت فرمائے۔ آمین

قطعہ تاریخ نادر بیمثال ناظم باکمال طباع بے نظیر واقف اصول و فروع جناب جودھری محمد امتیاز علیخاں صاحب سنبھلی نقشبندی مجددی خلیفہ حضرت محمد عثمان صاحب سجادہ نشین خانقاہ موسیٰ زئی و خانقاہ عنداں متصل قلات

بارشاد جناب عبد واجد	ضیاء الدین احمد کرد انشا
عجائب نسخۂ دلکش کتابے	بالفاظش در ناسفتہ سفتہ
جدا و لہا و تدبیر دوائر	زیر کارے خرد کارے گرفتہ
زہر اصل و فرع چوں شجر طوبےٰ	ہمہ صفحات را در بر گرفتہ
بصرف نقد و جنس و جہد ابلغ	بدار الطبع جیبور طبع گشتہ

چہ گفتہ امتیاز خستہ تاریخ
کتاب مرآۃ الانساب علیہ
۱۳۳۵ھ

خاتمۃ الطبع از مالک مطبع

علم انساب کی غالباً اردو زبان میں ایسی کتاب ہے جسکو مؤلف مولانا ضیاء الدین احمد صاحب علوی امروہی نے نہایت محنت شاقہ و جانکاہ کوشش سے ایک عرصہ میں فراہم کیا۔ فی الواقع یہ ایک بحر ذخار دریاء ناپید کنار تھا جسکو متعدد اوراق میں مجتمع کرکے ہدیۂ ناظرین کیا۔ جس سے مؤلف کی قابلیت علمی و لیاقت ذاتی کا کافی ثبوت واضح و لائح ہوتا ہے اسپر یہ جدت ہے کہ ہر قرن کے مشاہیر زمانہ حال سے تا حضرت آدم علی نبینا و علیہ الصلوٰۃ والسلام مخصوص طور پر بطرز جداگانہ عجیب و غریب طریق سے مع حالات ضروری مستثنیٰ پیرایہ میں درج فرمائے ہیں کہ جسکے دیکھنے سے ہر صاحب علم کو علاوہ معلومات تاریخی و سلسلۂ انساب ایک خاص مرقعہ ہبوط آدم علیہ السلام سے زمانہ حال تک گذشتہ واقعات و موجودہ حالات کا معلوم ہوگا۔ اگرچہ کتب تاریخ صفحہ ہستی پر اس سے ضخیم و مطول مدون ہیں مگر ان کے دیکھنے سے ہمارے طبائع کو جیسی چاہیے سیری نہیں ہوتی۔ اللہ تعالےٰ جل شانہ مؤلف و معاون کو اسی عرق ریزی و محنت کے صلہ میں بحق نبی کریم و جمیع انبیاء کرام علی نبینا و علیہ الصلوٰۃ والسلام و اصحاب کبار و آل اطہار و شہداء و صلحاء و ابرار قبولیت وافر بخشنے اور جزائے نیک عطا فرمائے

این دعاء از من و از جملہ جہاں آمین باد

احقر محمد عبد الرحیم

ہیں اپنے فرائض کو خداداد لیاقت اور دانائی سے انجام دیتے ہیں۔ آپکے آباء کرام میں سے **میر عابد خان** بعہد شاہجہاں بادشاہ دہلی میں آکر شہزادہ اورنگ زیب کے مقربوں میں داخل ہوئے جب اورنگ زیب اورنگ آرائے سلطنت ہوگئے تو عابد خان کو بتدریج منصب پنجہزاری عطا فرمایا اور دوبارہ منصب صدارت کل پر فائز ہوئے۔ ۲۴ ربیع الاول سنہ ۱۰۹۸ھ کو محاصرہ قلعہ گولکنڈہ میں بصدمۂ گولہ توپ گزرائے عالم بقا ہوئے انکی شادی دختر سعد اللہ خان وزیر شاہجہاں سے ہوئی تھی جنکے بطن سے میر شہاب الدین پیدا ہوئے۔ انکو پیشگاہ عالمگیر سے بتدریج منصب ہفت ہزاری و خطاب غازی الدین خاں بہادر فیروز جنگ عطا ہوا۔ اور سنہ ۱۱۲۲ھ میں انتقال ہوا۔ انکے بعد انکے فرزند **میر قمر الدینخاں** جنکو بادشاہ عالمگیر نے خطاب چین قلیچ خاں و منصب پنجہزاری عطا کرکے صوبہ داری بیجاپور مقرر کیا۔ شاہ عالم نے خطاب خان دوراں خاں اور صوبہ داری اودھ عطا کی مگر انہوں نے کچھ عرصہ کے بعد بوجہ ناموافقت امراء حضوری شاہی سے ترک منصب فرما کر لباس فقیری پہن کر دہلی میں گوشہ نشینی اختیار کی جہاندار شاہ نے کنج عبادت سے نکالکر منصب سابقہ پر بحال کیا۔ محمد فرخ سیر نے خطاب نظام الملک فتح جنگ۔ و منصب ہفت ہزاری و صوبہ داری دکن عطا کی۔ اور کچھ عرصہ بعد سنہ ۱۱۳۱ھ کو ملک دکن بزور شمشیر تسخیر کیا سلسلہ نسب آپکا جو تاریخ دکن میں لکھا ہے اسمیں اسماء اسطرح ہیں۔ حضرت شیخ شہاب الدین بن شیخ محمد بن بہاء الدین بغدادی بن عبداللہ بغدادی بن عبدالرزاق بغدادی بن عبداللہ بغدادی صوفی بن محمد سعید کشکی بن قاسم علی ردمی بن نصیر الدین بصری بن محمد قاسم کشکی بن عبداللہ بصری بن عبدالرحمن مکی بن ابوالقاسم مکی بن ابو محمد مکی بن محمد بن حضرت ابی بکر الصدیق رضی اللہ عنہ اور آداب المریدین تصنیف حضرت ابو النجیب ضیاء الدین سہروردی رحمۃ اللہ علیہ میں جو سلسلہ لکھا ہے وہ متن کتاب میں درج ہے۔

(تاریخ جامع و تاریخ دکن)

ضمیمہ صفحہ ۹۰ سلسلہ امیر کبیر نواب شمس الامراء بہادر حیدرآباد دکن
اولاد حضرت شیخ الشیوخ قطب الاقطاب فریدالدین شکر گنج رحمۃ اللہ علیہ
رؤساء حیدرآباد میں آپکا خاندان بڑا ذی عزت مانا جاتا ہے اور ریاست

خواجہ بدرالدین بن فریدالدین رح

حضرت گنج شکر رحمۃ اللہ علیہ

شیخ محمد

شیخ موسیٰ

شیخ معروف

شیخ ظہیرالدین

ساکن ملتو

شاہ عبدالحق

سالک

شیخ محمد دانشمند

شیخ داؤد

شیخ بہلول

شیخ فیروز

شیخ بہاءالدین

شیخ نور

شیخ نورالہدیٰ

شیخ فخرالدین

شیخ محمد رفیع الدین عرف شیخ منجھلے میاں

معروف بہ نواب شمس الامراء بہادر

میں انکے مراتب و اعزاز ہمیشہ سے نہایت عالی رہے - انکی اولاد موجودہ بھی مثل اپنے آباء کرام کے معزز و باوقار ہے - سلسلہ نسب انکا فاروق اعظمؓ سے ملتا ہے - اکثر سلاسل فاروقی راقم کی نظر سے گذرے لیکن کمی و بیشی اور بعض بعض اسماء کا فرق ہر سلسلہ میں پایا جاتا ہے جسمیں کوئی رائے قائم کرنا دشوار امر ہے اسلئے مجدد صاحب حسنیؒ کا سلسلہ جو حضرت ضیاء معصوم صاحب نے تصحیح فرمایا تھا متن کتاب میں درج ہے - اور طبع جدید مکتوبات امام ربانی میں خواجہ یوسفؒ اور شہاب الدینؒ کے مابین خواجہ محمدؒ اور خواجہ شہاب الدین و نصیر الدین کے درمیان خواجہ محمدؒ نہیں لکھا ہے - اور تاریخ دکن میں واعظ اصغر اور شیخ مسعود کے درمیان شیخ عبداللہ ثالث اور لکھا ہے جو دیگر سلاسل میں نہیں دیکھا گیا اور شیخ مسعود کے بعد شیخ نصیر الدین محمود سمعان بن شیخ شہاب الدین احمد فرخ کابلی لکھے ہیں -

(تاریخ دکن)

ضمیمہ سلسلہ نسب علی زماں خاں نواب منیر جنگ منیر الدولہ المخاطب بہ حیدر یار خاں بہادر امیر الملک سابق مدار المہام دولت آصفیہ

آپ دولت نظامیہ دکن کے اراکین و عمائد خاص سے ہیں نواب فیضمآب

روماں — ناجیہ — المرادی مراد[ا] — مصوحا — عمرو

قرن — اصوان — سعد — عمرو — جزء — مالک

عامر

ا؎ مراد المرادی یمنی الاصل جد اعلی حضرت اُویس قرنی رضی اللہ عنہ

حضرت اُویس قرنی رضی اللہ عنہ

علی — عبدالرحمن — عبدالرحیم

باسط

شمعون — امارہ — زبید — تقی — عسکری

اویس

اجہر — باقر — شاہ محمود — عمران — ابراہیم

ابراہیم — سلمعیل — باسط — عبدالرحمن — عبدالملک — عبدالرزاق

شیخ نقی

آصف جاہ ناصر الدولہ کے عہد میں اول عہدہ دیوانی پر مامور ہوئے اور دیگر خدمات بھی انجام دیں آپ ریاست کے اولوالعزم رؤساء سے تھے سلسلۂ نسب آپکا

خیر التابعین حضرت اویس رضی اللہ عنہ سے ملتا ہے جنکے مراتب اظہر من الشمس ہیں اصابہ بروایات صحیحہ نقل کیا ہے کہ حضرت اویسؓ کی نسبت حضورؐ نے ارشاد فرمایا کہ تمہارے پاس یمن سے ایک شخص آویگا جسکا نام اویسؓ ہوگا اور اسکی صرف والدہ ہوگی (اُسکے سوا کوئی عزیز نہوگا) اُسکو برص کی بیماری ہوگی اللہ تعالےٰ اُس (**اویسؓ قرنی**) کی دعا سے شفا دیگا مگر ایک دینار کے برابر سفیدی باقی رہیگی (گویا حضورؐ نے انکی یہ علامت بتلائی تھی) پس تم میں سے جو کوئی اسکو دیکھے اپنے لئے مغفرت طلب کرے۔ بہت روایات میں آپکی فضیلت آئی ہے حضور روحی فداہ صلی اللہ علیہ وسلم کے عاشق زار تھے۔ غلبہ محبت میں شہادت دندان مبارک حضورؐ کا حال سنکر اپنے تمام دانت توڑ ڈالے۔ عالی مرتبہ بزرگوں سے ہوئے ہیں حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے ہمراہ جنگ صفین ۳۷ھ میں آپ شہید ہوئے۔ (اصابہ)

(تاریخ دکن)

نواب تراب علیخان بہادر

سید محمد علی — علی رضا خان — محمد صفدر — محمد شمس الدین — حیدر — محمد رفیع — شیخ اویس — عبد المنان — شیخ نقی

ضمیمہ صفحہ ۱۶۷ اشاخ سادات نقوی مودودی اولاد سید کرم علی سنبھلی

سید کرم علی سادات سنبھل میں مشہور و اعیان سے گذرے ہیں شاہی بازہ میں انکو جاگیر عطا ہوئی ضلع علیگڈھ میں بھوج پور نوگانوہ نیلبڑی روڑ ابڑ وغیرہ سلسلا بعد نسل انکی اولاد میں ہی آخر میں میر وزیر علی صاحب مشاہیر روزگار ہوئے انکے مزاج میں آزادی تھی اکثر لطیفہ غیبی سے زمانہ ملازمت رہیا شاہ صاحب

بن خواجہ احمد مودود جد مودودیان سنبھل کے القاء فیض سے آپکو ہدایت ہوئی اکثر خوارق و کرامات آپکی طرف منسوب ہیں اور انکی دعاء سے دولت دینی و دنیوی سے کامگار رہوئے۔

عزیز اللہ

عبد القدوس — سید عمر — سید ناصر

محمد عون — سید موسیٰ — عبد الاعلیٰ — میر علی — بنیاد علی — محمد صادق

میر چاند — سید سلطان — کرم علی — محمد فضل — لطیف الدین — بشیر احمد

میر مہر علی — میر وزیر علی — آغا ضامن علی — میر لائق علی — میر اصغر علی — میر عبد العلی

میر قادر علی — آغا آفتاب علی — میر مہتاب علی — بنت — میر ذوالفقار علی

علیگڈھ میں آپ ممتاز روسا سے شمار کیئے جاتے تھے اکثر مجاذیب و فقراء سے انکو فیض ہوا ظاہری و باطنی لحاظ سے بزرگ ستودہ صفات بزرگ تھے

انکی قدیمی جائیداد عرصہ تک انکی اولاد میں ہی اسی تعلق کی بنا پر انکی اولاد علیگڈھ میں مقیم ہوگئی میر ضامن علی صاحب انکی اولاد سے ریاست جیپور میں عہدہ نایب بخشی فوج پر مامور ہیں نہایت خلیق اور بامروت شخص ہیں۔ اور اپنے اوصاف حمیدہ میں آباء کرام کی یادگار ہیں حضرت ضیا معصوم صاحب

(از خوارق مستان)

بسم اللہ الرحمٰن الرّحیم

ناموروباکمال شخصیات کے تذکرے وسوانح عمریاں عموماً ان کی وفات کے بعد لکھی جاتی ہیں تاکہ ان کے مکارم اخلاق وکارنامے آئندہ نسلوں کے لئے مشعل راہ کا کام دیں، یہاں جن نامور شخصیات کا تذکرہ کیا گیا ہے، ان کی منجملہ دیگر خصوصیات، ایک خصوصیت یہ بھی تھی کہ انہوں نے غیر علمی شہر میں رہ کر اپنی اولاد کی تربیت کچھ اس انداز سے کی کہ ان کا مزاج سراپا علمی و تحقیقی بن گیا اور ان کا فیض دور تک پہنچا، نیز یہ بھی ان کی حسنات سے ہے کہ ان کے خاندان کا تذکرہ پہلی بار قلمبند ہوا۔

ہماری یہ خوش قسمتی ہے کہ خاندان کے بعض افراد کا ذکر بھی اس میں آیا ہے وہ بحمد اللہ بقید حیات ہیں، انہیں میں نے جب دیکھا اور پایا ان کے متعلق اپنے تاثرات و مشاہدات صفحۂ قرطاس پر نقل کرتا چلا گیا، میں انہیں اس دور میں خیر خلف خیر سلف کا مصداق سمجھتا ہوں، ممکن ہے اخلاف میں کسی کی طبع نازک پر کوئی بات گراں گذرے لیکن یہ بات یاد رہنی چاہیے کہ یہ بھی ایک مسلّمہ حقیقت ہے کہ آدمی کے فخر کے لئے یہی کافی ہے کہ اس کی خامیاں بتائی جائیں تاکہ لوگ سمجھ سکیں کہ ان چند باتوں کے سوا اس میں سب خوبیاں ہیں، یہ باتیں دراصل اس کے کمال کا اعتراف ہے۔

میں عقیدت کو حقیقت سے بالاتر نہیں سمجھتا چنانچہ میں نے اپنی دانست میں اس مختصر تذکرے میں بزرگوں کی خوبیاں وخامیاں بیان کرنے میں کوئی کوتاہی نہیں کی ہے جہاں تک ہوسکا تصویر کو اپنے اصلی رنگ میں پیش کرنے کی کوشش کی ہے تاکہ ہم ''خذما صفا و دع ما کدر'' (وہ لو جو ستھرا ہے جو میلا ہے چھوڑو)۔ پر عمل کرکے اپنے اسلاف کا نمونہ بن سکیں، یہی وہ دعا ہے جس کی ہمیں تعلیم دی گئی ہے۔

رب اوزعنیی ان اشکر نعمتک التی	اے میرے رب، مجھے توفیق دے کہ میں تیرے
انعمت علی و علی و الدی	اس احسان کا شکر ادا کرتا رہوں جو تو نے مجھ پر
و ان اعمل صا لحا تر ضاہ وادخلنی	اور میرے والدین پر کیا ہے اور اپنی رحمت سے
برحمتک فی عبادک الصالحین	مجھ کو اپنے صالح بندوں میں داخل کر۔

(سورۃ النمل: آیت نمبر ۱۹)

محمد عبدالحلیم چشتی

۱۷/اپریل/۱۹۸۵ء

سینئر لائبریرین بیرو یونیورسٹی، کانو، نائیجریا۔

یہ تحریر چوبیس برس پہلے لکھی تھی جن کے متعلق لکھا تھا ان میں سے اکثر اللہ کو پیارے ہوگئے۔ میں نے اب ان میں چند مفید معلومات کا اور اضافہ کیا ہے۔ اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ اس سے پڑھنے والوں کو فائدہ پہنچے اور اسے حسن قبول حاصل ہو۔ (آمین)

محمد عبدالحلیم چشتی

۲۸/ذی الحجہ ۱۴۳۰ھ بمطابق ۱۶/دسمبر ۲۰۰۹ء

مشرف تخصص فی الحدیث جامعۃ العلوم الاسلامیہ

علامہ بنوری ٹاؤن کراچی

بسم اللہ الرحمٰن الرّحیم

تذکرۂ رحیمی

از

مولانا ڈاکٹر محمد عبدالحلیم چشتی

ہیں حسیں اور بھی پر تجھ میں ہے بات نئی
دھج نئی، گھات نئی، وضع نئی، بات نئی

میں نے جب آنکھیں کھولیں گھر کا کیا ذکر آس پڑوس تک سے صبح سویرے قرآن شریف پڑھنے کی آواز آتی تھی۔ اپنے بزرگوں کو قرآن مجید پڑھتے، خوشنویسی اور اللہ اللہ کرتے دیکھا کسب معاش کے لئے سوداگری کرتے تھے، یہی ان کا آبائی مشغلہ تھا، دس گیارہ بجے دن چڑھے دکان پر جاتے اور دن چھپے گھر آتے کھانا کھاتے نماز پڑھتے یاد اللہ کرتے کرتے سو رہتے تھے۔

محمد بخش: ۔ ہمارے دادا محمد بخش المتوفی ۱۳۳۷ھ بمطابق 1919ء کے اللہ بخشے تین بیٹے اور تین بیٹیاں تھیں۔ سب سے بڑے محمد عبدالغنی، منجھلے حافظ محمد عبدالکریم اور سب سے چھوٹے محمد عبدالرحیم تھے۔

محمد عبدالغنی: ۔ غالباً ۱۲۷۷ھ بمطابق ۱۸۶۰ء میں پیدا ہوئے جنہیں ہم بڑے ابا کہتے تھے، کتابی چہرہ اور دراز قد تھے، ڈاڑھی لمبی اور رنگ صاف تھا، ممکن ہے جوانی میں ڈیل ڈول اچھا ہو میں نے انہیں بڑھاپے

میں دیکھا تھا جب وہ ڈھل چکے تھے، صوم وصلوٰۃ کے پابند نیک ومتقی تھے، اپنا دھندا کرتے اور مست رہتے تھے، ان کی پہلی بیوی کا انتقال ہو گیا اس کے بطن سے دو بیٹیاں ہوئیں ایک کا نام صفیہ اور دوسری کا نام حمیدہ تھا دونوں صاحب اولاد تھیں صفیہ کا انتقال متھرا میں ہوا اور حمیدہ کا انتقال کراچی میں ہوا، دوسری شادی غالباً ۱۸۹۸ء میں کی، جن سے ایک لڑکی فاطمہ تھی اور تین لڑکے محمد عبد المغنی، محمد عبد الخالق اور مصطفیٰ تھے، مصطفیٰ سب سے چھوٹا تھا۔ اس نے میٹرک کیا پھر تجارت کرنے لگا لیکن عمر نے وفا نہ کی جوانی ۱۹۳۹ء میں داغ مفارقت دے گیا، بڑے ابا کو جب اس کی یاد آتی تڑپ اٹھتے سچ ہے۔

ایں ماتم سخت است کہ گویند جواں مرد

محمد عبد المغنیؒ:۔ موصوف ۷ اشعبان ۱۳۱۸ھ بمطابق ۱۹۰۰ء میں پیدا ہوئے، ۱۹۲۳ء میں بی۔ اے کیا، ۱۹۲۴ء میں منشی فاضل کیا، ۱۹۲۸ء میں فارسی میں ایم۔ اے کیا، ۱۹۳۰ء میں آبکاری کے محکمہ میں ملازم ہوئے، کچھ ہی دنوں بعد ۱۹۳۰ء میں مہاراجہ کالج جے پور میں لیکچرار کی آسامی پران کا تقرر ہوا، ۱۹۳۶ء میں ایم۔ اے کو پڑھانے لگے اور پروفیسر ہو گئے، جب ۱۹۴۷ء میں راجپوتانہ یونیورسٹی کا جے پور میں قیام عمل میں آیا تو عربی وفارسی کے صدر شعبہ رہے، ۱۹۵۲ء میں اس منصب سے سبکدوش ہوئے، اس زمانے میں یہ ڈگریاں اور یہ منصب شہرت کا اچھا ذریعہ تھے، یہ وہ دور تھا جب انگریز بہادر کا طوطی بولتا تھا، اور اس کی قلمرو میں سورج نہیں ڈوبتا تھا مسلمانوں میں انگریزی تعلیم کا بہت کم چلن تھا پھر راجستھان اور جے پور میں خاص طور پر مسلمانوں میں کسی کالج سے۔ بی۔ اے کر لینا ہی بڑی بات تھی۔ ایم۔ اے اس دور میں بہت بڑی بات تھی، ایم اے کرنے والا اس دور میں بڑا خوش نصیب ہوتا تھا، میں اگر یہ کہوں کہ راجپوتانہ میں پروفیسر صاحب پہلے ایم۔ اے تھے تو کچھ مبالغہ نہ ہوگا۔ دوسرے مسلمان پروفیسر حامی الدین خان تاریخ کے ایم۔ اے تھے۔

موصوف نے ۱۹۳۷ء میں جب ہماری زیریں منزل پر بالائی منزل تعمیر کرائی، جس کے استعمال کا انہیں جدّی اعتبار سے حق حاصل تھا، اس منزل کے بالائی حصہ پر نہایت جلی حروف میں ابا میاں نے ''محمد عبد الغنی۔ ایم۔ اے۔ منشی فاضل، پروفیسر مہاراجہ کالج جے پور'' بھی لکھ کر کندہ کرایا تھا جسے ہر آتا جاتا

پڑھتا اوران کے منصب سے آگاہ ہوتا تھا۔

انہوں نے معلوم ہوتا ہے طالب علمی کے زمانے میں اتنا پڑھ لیا تھا کہ پھر انہیں کتاب سے مراجعت کی کم ہی حاجت ہوتی تھی میں نے انہیں ایم۔اے کے پرچے جانچتے دیکھا ہے کتاب پڑھتے کم ہی دکھائی دیئے، صوم وصلوٰۃ کے پابند اور ذاکر وشاغل بزرگ تھے، حضرت حافظ شبیر علی چشتیؒ اور حضرت شیخ عبدالقادر رائے پوریؒ کے مجاز بیعت بھی تھے۔(۱)

ان کی زندگی بہت آسودہ وخوش حال گذری ہے یہ ''دنیا خورد وعقبیٰ برد کا مصداق تھے، میری سب سے بڑی بہن عائشہ آپا کے جو ۱۹۰۶ء میں پیدا ہوئی تھیں، ان کے شوہر تھے۔ ۱۹۴۷ء میں اہلیہ کے ساتھ حج کیا پھر ۱۹۶۷ء میں انہیں دوبارہ یہ سعادت حاصل ہوئی، سو یہ بھی چل بسے، اللھم اغفر له و ارحمه و انت خیر الراحمین۔ ان کے چار بیٹے اور چار بیٹیاں ہیں، سب سے بڑے بیٹے۔ محمد عبدالقدوس ہیں۔

محمد عبدالقدوس:۔ یہ ۱۳۴۴ھ بمطابق ۱۹۲۵ء میں پیدا ہوئے، منشی فاضل کیا اور پھر ایم۔اے کیا یہ عمر میں مجھ سے تین برس بڑے ہیں، کمشنر آفس کراچی میں گورنمنٹ ملازم تھے، بھٹو کے دور حکمرانی میں جب شریفوں پر بن آئی تھی، عزت سے سبکدوشی حاصل کی، موصوف کی پنشن پر گذر بسر ہے کنبہ بڑا نہیں رکھتے ایک لڑکی اور ایک لڑکا ہے، لڑکی بھی ایم۔اے تھی، اس کی شادی آغا بھائی کے لڑکے حافظ محمد عبدالودود ایم۔اے سے ہوئی تھی اس کا بھی انتقال ہوگیا، یہ بینک میں اسسٹنٹ ڈائرکٹر کے عہدۂ پر ممتاز رہے اور ان کا بیٹا محمد عبدالقوی ہے اس نے بھی ایم۔ایس۔سی کیا ہے اور اس کے بعد سینڈوز کمپنی میں ملازمت اختیار کی بعد میں کسی اور پرائیویٹ کمپنی میں ملازم رہا، اور اب اپنے والد کے ساتھ مستقلاً مسی ساگا کینیڈا منتقل ہوکر وہیں کی سکونت اختیار کرلی ہے اور الحمدللہ بقید حیات ہیں۔

محمد عبدالوھاب:۔ یہ ۱۳۴۸ھ بمطابق ۱۹۲۹ء میں پیدا ہوئے، ایم۔اے کیا ہے۔ بھولے بھالے

---

(۱) تاریخ وفات مورخہ ۷ رجمادی الثانی سن ۱۴۰۷ بمطابق ۸ رجنوری ۱۹۸۷ء۔ یہ چاشت کی نماز کے لئے وضو کررہے تھے دایاں پاؤں دھویا تھا کہ دل کا دورہ پڑا اور دن گیارہ بج کر ہینتالیس منٹ پر ہوا تھا غسل کے فرائض مولانا نعمانی کی نگرانی میں بھائی غضنفر صاحب نے انجام دیئے۔ اللہ مغفرت کرے۔ آمین۔

ہیں ریش مبارک بالکل سفید ہوگئی ہے۔ جو دیکھتا ہے کسی خانقاہ کا درویش سمجھتا ہے اسکول میں پڑھاتے تھے، باتیں مزے کی کرتے تھے مردوں سے زیادہ خاندان کی خواتین اور لڑکیاں ان کی باتوں سے مزے لیتی تھیں، یہ بزرگ دیدنی وشنیدنی تھے، بہت ہی مختصر کنبہ رکھتے ہیں نہ پوچھیں تو اچھا ہے ایک لڑکا عبدالقادر ہے اسے بزرگی وسادگی میں باپ سے کوئی نسبت نہیں ہے۔ عبدالوھاب کا بھی مورخہ ۱۰ مئی ۲۰۰۹ء کو انتقال ہو گیا۔ اناللہ وانا الیہ راجعون۔ اللھم اغفرله و ار حمه و انت خیر الر احمین۔

ڈاکٹر محمد عبدالباری عرف شمیم :۔ یہ ۱۳۵۳ھ بمطابق ۱۹۳۴ء میں پیدا ہوا۔ ۱۹۵۹ء میں ایم۔ بی۔ ایس کیا عابدہ خاتون سے جو ایف۔ آر۔ سی۔ ایس تھی شادی کی پھر لندن جا کر خود بھی ایف۔ آر۔ سی۔ ایس کیا، ناک، کان، حلق کا اختصاصی ڈاکٹر تھا۔ پھر مسقط صلالہ میں ملازمت اختیار کی۔ عابدہ خاتون سے ایک لڑکی ہے جس کا نام ڈاکٹر عارفہ ہے اس کی شادی بھی اس کے والد ہی نے کی تھی اس کے بعد ۱۹۸۸ء میں ڈاکٹر عابدہ خاتون کا بھی انتقال ہو گیا، دوسری شادی شمیم نے اپنے عزیزوں میں کی جس سے ایک لڑکا عمر ہے۔

محمد عبدالباسط عرف نسیم :۔ یہ ۱۳۵۹ھ بمطابق ۱۹۴۰ء میں پیدا ہوا، ایک اسکول میں استاد ہے، اس کا کنبہ بڑا ہے، بیگم بھی ایم۔ اے ہے اور خود بھی ایم۔ اے ہے۔ اب میاں بیوی دونوں رٹائرڈ زندگی گذار رہے ہیں اور خوش ہیں، اللہ تعالیٰ انہیں خوش رکھے۔

پروفیسر صاحب کی چار لڑکیاں ہیں۔

زھرہ :۔ یہ حافظہ ہے عبدالتواب سے اس کی شادی ہوئی ہے، اس کے آٹھ لڑکے اور چار لڑکیاں ہیں، جن میں دو عالم ہیں۔ عبدالمعز اور دو لڑکیاں حافظہ ہیں اور باقی ڈاکٹر انجینئر ہیں۔

قدسیہ رح :۔ اس کی شادی عبدالرؤف سے ہوئی، اس کی چار لڑکیاں ہیں اور چار ہی لڑکے ہیں، اس کی بھی ایک لڑکی خالدہ حافظہ ہے اور فرح بھی حافظہ ہے۔

اُم الخیر عرف زاہدہ:۔ یہ ایم۔ایس۔سی ہے اس کی شادی ڈاکٹر عابدہ خاتون کے بھائی حفیظ الرحمٰن سے ہوئی یہ نواب شاہ گرلز میڈیکل کالج سندھ میں لیکچرار تھی اور میڈیکل کالج سندھ کراچی سے رٹائر ہوئی۔اس کے تین لڑکے ہیں۔

اسماء:۔ یہ سب سے چھوٹی ہے، ایم۔اے ہے دہلی اسکول کراچی میں پڑھاتی تھی۔

محمد عبدالخالقؒ:۔ پروفیسر صاحب سے چھوٹے ہیں ۱۳۲۴ھ بمطابق ۱۹۰۶ء میں پیدا ہوئے، ۱۹۳۱ء میں بی۔ایس۔سی کیا، ۱۹۳۵ء میں ریلوے میں ہیڈکلرک رہے اور ۱۹۶۹ء میں سپرنٹنڈنٹ کے عہدہ سے سبکدوش ہوئے۔

ان کی شادی عائشہ آپا کی چھوٹی بہن ہاجرہ آپا سے ہوئی تھی وہ ایک لڑکی سردار زمانی کو چھوڑ کر جوانی میں اللہ کو پیاری ہوگئی غفر اللہ لہا وجعل الجنۃ مثواھا، یہ محمد عبدالقدوس صاحب کے عقد نکاح میں تھی، اس کا انتقال ۱۹۹۸ء میں ہوا۔محمد عبدالخالق صاحب فارغ اوقات میں طلبہ کو میٹرک کی تیاری کراتے تھے، یہ چھوٹا موٹا تعلیمی ادارہ ان کے گھر ہی میں قائم تھا، یہ ادارہ اپنی نوع کا غالباً پہلا ادارہ تھا اور علم کی بقا اور ان کی آمدنی کا اچھا ذریعہ تھا، اس عارضی تعلیمی ادارہ کا بڑا فائدہ یہ ہوا کہ جے پور میں ان کے شاگردوں کا سلسلہ پھیلتا چلا گیا اور ۱۹۴۷ء کے جے پور میں پڑھے لکھے اکثر ان کے شاگرد یا شاگردوں کے شاگرد ہیں۔

قوم جو حکمرانی کرتی ہے محکوم قوم اس کی تہذیب کو اپنا نا فخر سمجھتی ہے، خاندان میں پروفیسر صاحب کو پتلون پہنے ہیٹ لگاتے کبھی کبھی دیکھا، گھر میں انہیں انگریزی بولتے نہیں اخبار پڑھتے دیکھا تھا۔بھائی عبدالخالق صاحب کو انگریزی بولتے خوب دیکھا، ہیٹ لگانا اور نیکر پہننا تو گویا ان کی عادت سی تھی یہ اس وقت کی بات ہے لیکن قوم میں ایسے افراد کی کبھی کمی نہیں رہی جو شعوری یا غیر شعوری طور پر نظریہ درحیثیت دار (چلو ادھر کو ہوا ہو جدھر کی) کے قائل و عامل رہے ہیں۔جزرسی سے انہیں اپنے بھائی بہنوں میں زیادہ حصہ ملا ہے، آدمی اچھے اور مرنجان مرنج تھے، تقریباً ۱۹۵۷ء میں انہوں نے دوسری شادی کی اب ماشاء اللہ بڑا کنبہ ہے، ان کا ایک لڑکا محمد ذاکر مظاہر العلوم سہارنپور سے فارغ التحصیل ہے اور (مولانا حکیم

مفتی احمد حسن خان ٹونکی کے زیر نگرانی مفتی بھی بن گئے، باقی بچے انگریزی پڑھتے پڑھاتے ہیں)۔

حافظ محمد عبدالکریم:۔ یہ ۱۲۹۷ھ بمطابق ۱۸۶۲ء میں پیدا ہوئے تھے۔

حلیہ:۔ درمیانہ قد، آفتابی چہرہ، چوڑی پیشانی، چندیا صاف، موٹے اور توانا تھے، میرے بچپن میں ڈاڑھی میں مہندی لگاتے تھے، مزاج میں حدت تھی، سردی میں بھی کبھی پیشانی پر پسینہ آتا تھا، خوش خوراک و خوش پوشاک تھے، بچپن میں قرآن شریف حفظ کیا پھر حافظ ظفریاب خاں کو سنایا، انہیں قرآن مجید ایسا پختہ یاد تھا کہ پورا قرآن مجید محراب میں سناتے حفاظ سنتے رہتے کہیں متشابہ نہیں لگتا تھا، قرآن مجید سے انہیں بہت شغف تھا تجوید سے قرآن نہیں پڑھا تھا، لیکن ان کے مخارج ٹھیک تھے اور پڑھتے رہتے تھے، قرآن مجید سے انہیں سیری نہیں ہوتی تھی۔

خوشنویسی:۔ منشی بہاری لال جی اور ان کے چھوٹے بھائی منشی ہیرا لال جی سے خوشنویسی سیکھی تھی۔ خط پختہ و پاکیزہ تھا بطور پیشہ اس فن کو کبھی نہیں اپنایا تھا لیکن فن کو قابو میں کیا ہوا تھا، بڑھاپے میں بھی ان کی مشق جاری تھی۔

ابتداء میں ترپولیہ بازار جے پور میں دکان پر سوداگری کرتے تھے، غالباً ۱۹۳۰ء میں دکان چھوڑی اور قرآن مجید کی خدمت میں لگ گئے ۱۹۳۰ء میں مدرسہ تعلیم الاسلام جے پور سے ایسے وابستہ ہوئے کہ آخر دم تک بچوں کو قرآن مجید پڑھاتے اور حفظ کراتے رہے، فارغ اوقات میں گھر پر بھی یہی مشغلہ تھا، خاندان کے بچوں بچیوں کو قرآن اور اردو فارسی پڑھاتے لکھنا سکھاتے تھے، اور خود بھی خوشنویسی کی مشق کرتے رہتے تھے، موصوف نے مدرسہ سے وابستہ رہ کر قرآن مجید کی ایسی خدمت کی کہ کم کسی کو نصیب ہوگی۔

جوانی میں رنگین مزاج تھے ستار بجاتے تھے، اور دل بہلاتے تھے، میں نے بچپن میں انہیں ستار بجاتے دیکھا تھا، لیکن (التائب من الذنب کمن لا ذنب له) جس نے گناہ سے توبہ کی اس نے گویا گناہ کیا ہی نہیں کا مصداق تھے۔ بہت وضع دار بزرگ تھے دوستوں اور ان کی اولاد کے حقوق کی بھی رعایت کرتے تھے ہر ایک کے دکھ درد میں کام آتے، صلہ رحمی ان کا شعار تھا سب قرابت داروں کا خیال رکھتے تھے سب سے ملتے، سب کی خدمت کرتے تھے، ان کی شخصیت بہت بارعب تھی، چھوٹا بڑا ہر ایک ان کا ادب و

لحاظ کرتا۔ قرآن ان کے سینے میں نقش تھا ہر شخص ان کی تعظیم کرتا اور عزیز رکھتا تھا، طبیعت میں ایثار، مزاج میں انکساری تھی، کاموں کا تجربہ تھا بصیرت اچھی تھی ان گوناگوں صفات کی وجہ سے خاندان میں بڑوں کی موجودگی میں سربراہی انہی کو حاصل تھی سچ ہے۔ بزرگی بعقل است نہ بسال۔ غرض خاندان میں ہر مرض کی دوا حافظ جی تھے، ہم انہیں حافظ جی ابا کہتے تھے۔

حافظ جی ابا کے کوئی اولاد نہ تھی ان کی اہلیہ شکور آبی بی اور میری اماں بی حبیبا بی بی دونوں سگی بہنیں تھیں، میری سب سے بڑی ہمشیرہ عائشہ آپا اور میرے سب سے بڑے بھائی مولانا محمد عبدالرشید نعمانی کو انہوں نے گود لیا تھا، عائشہ آپا کی شادی میری ولادت سے بہت پہلے ہوگئی تھی، اس لئے ان کو تو میں نے ان کے مکان میں رہتے نہیں دیکھا، ابا میاں کو چچا جان کہتے سنا ہے ابا میاں کو ان کے شوہر بھی چچا جان کہتے تھے، ممکن ہے اسی نسبت سے وہ بھی ابا میاں کو چچا جان کہتی ہوں مولانا نعمانی کو میں نے حافظ صاحب کے یہاں کھاتے پیتے رہتے سہتے دیکھا ہے لیکن ان کی زبان سے ہمیشہ ابا میاں کو ابا میاں کہتے ہی سنا اور دیکھا ہے۔

حافظ صاحب ہم سب کے مربی تھے ہمیں غصہ کے ذرا تیز لگتے تھے، مگر میں نے انہیں مولانا نعمانی یا بڑے بھائی مولانا عبدالعلیم ندوی صاحب پر کبھی خفا ہوتے نہیں دیکھا یا تو یہ دونوں سدا کے نیک تھے کہ ان کے خلاف مزاج کوئی بات نہیں کرتے تھے یا وہ از راہ شفقت ومحبت ان سے چشم پوشی کرتے تھے یا ہمارے سامنے ڈانٹنا خلاف مصلحت سمجھتے تھے، یا ان کی طرف سے مطمئن تھے، اللہ انہیں غریق رحمت کرے مجھ پر تو بہت ہی مہربان تھے پاپوش مبارک سے میری تواضع کرتے تھے کیا مجال ہے ابا میاں، اماں بی، یا کوئی چھڑائے یا ان سے دو لفظ کہے یا میری ہمدردی کرے، گھر میں ایک بڑی بوڑھی تھیں جنہیں ہم منی اماں کہتے تھے اور ابا میاں انہیں پھوپھی منی کہتے تھے اللہ انہیں جنت نصیب کرے ان سے نہیں دیکھا جاتا وہ بیٹھی صدا لگاتی کہ بہت پتھر دل ہے اس کے اولاد نہیں دوسروں کی اولاد کا اسے کیا درد ایسا مارے ہے توبہ توبہ کبھی چوک میں جوتے پڑتے تو وہی آکر چھڑاتی تھیں۔ ہائے وہ دوسروں کی اولاد کو کب مارتے تھے وہ تو اپنی اولاد سمجھ کر مارتے تھے ان کے یہاں دوئی کب تھی اللہ تعالیٰ انہیں کروٹ کروٹ جنت نصیب کرے وہ

میری خیر خواہی کرتے تھے، انہوں نے بہت کوشش کی کہ مجھے قرآن حفظ کرائیں لکھنا پڑھنا سکھائیں تجارت سکھائیں لیکن میں ایسا بدشوق اور نکما، نالائق واقع ہوا تھا کہ پٹتا تھا میری سسکیاں بندھ جاتی تھیں مگر سبق یاد ہی نہیں کرتا تھا سچ ہے۔ **تہی قسمت راچہ سود از رہبر کامل**

اپنی جہالت میں اضافہ ہی کرتا رہا ان کی عنایت و مہربانی کا یہ عالم تھا کہ وہ جب کہیں جاتے مجھے ساتھ لیتے، راستے میں سبق یاد کراتے، میلے ٹھیلے میں لے جاتے، کھیل تماشے دکھاتے، مٹھائی دیتے، دلجوئی ودلداری کرتے طرح طرح سے بہلاتے، وقت ضائع نہ ہونے دیتے، اپنی گرفت میں رکھتے، غیرت دلاتے مگر میری روش میں فرق نہیں آتا، میں نہیں کہہ سکتا کہ انہیں میری اس روش سے کیسا کچھ دکھ پہنچا ہوگا اور میں نے انہیں کتنا آزردہ کیا ہوگا، ان کی برداشت و خیر خواہی دیکھئے، اور میری بدخواہی ملاحظہ فرمائے، میں انہیں دل میں کوستا، اللہ معاف کرے ایسے ناصح و مشفق کو کیا کچھ دل میں کہا ہوگا میری کیفیت بالکل ایسی ہی تھی جیسا قرآن نے کہا ہے۔ (**و لکن لا تحبو ن النا صحین**) تم خیر خواہوں کو نہیں چاہتے، اللہ تعالٰی انہیں ان کی دلسوزی و ہمدردی کا اپنی شایان شان بدلہ دے وہ کیسے شفیق و محسن تھے اور ہم کیسے نالائق و ذلیل۔ **اللھم اغفر لہ و وسع مدخلہ و ار حمہ ،و اجز ہ عنا خیر الجزاء.**

اللہ ہی بہتر جانتا ہے کہ انہوں نے میری نالائقی و بدشوقی کو دیکھ کر معلوم نہیں بارگاہ الٰہی میں میرے لئے کس درد و اخلاص و دلجمعی سے دعائیں کی ہونگی کہ میں اس لائق ہوسکا کہ آج ان کے متعلق دو لفظ لکھ سکا ورنہ اس کے سر چشمہ و فیض سے کتنے بندگان خدا سیراب ہوئے یہ سعادت کس کے حصہ میں آئی۔ **اللھم واعف عنہ و ارفع در جتہ ،و اجعل الفر دوس منزلہ۔**

میں جب ۱۹۴۲ء میں حیدرآباد دکن سے آیا، منشی کیا اور عربی پڑھنے لگا تو ایسے پیار سے مجھے اچھے میاں کہہ کر یاد فرماتے کہ دل پسیجنے لگتا معلوم ہوتا تھا کہ ان کی مراد برآئی جو چاہتے تھے وہ پالیا باتیں اس انداز سے کرتے جیسے کوئی اپنے بڑے سے کرتا ہے، میں ان کے اخلاق کریمانہ کو دیکھ کر دل میں پشیمان ہوتا اللہ اکبر کیا اخلاص وللّٰہیت تھی۔

بہت نفاست پسند تھے ان کا کمرہ اور بسترہ نہایت صاف اور ستھرا رہتا ہر چیز قرینہ سے جگہ پر رکھی ہوتی

تھی کمرے کی دیواروں پر طغرے آویزاں تھے قرآنی آیات وسبق آموز وعبرت انگیز اشعار سے جو نامور خوشنویسوں کے لکھے ہوئے تھے، کمرہ سجا ہوا تھا یہ چیزیں ہر آنے والے کے قلب ونظر کو اپنی طرف کھینچتی تھیں، سرہانے گھنٹہ لٹکا ہوا تھا اس کے پاس ایک وصلی پر ان کے ہاتھ سے یا کسی خوشنویس کے قلم سے نہایت خوش خط حسب ذیل شعر لکھا ہوا تھا۔

غافل تجھے گھڑیال یہ دیتا ہے منادی گردوں نے گھڑی عمر کی ایک اور گھٹادی

ان کا ذکر بھی مولوی احترام الدین شاغل عثمانی مرحوم نے اپنی کتاب ''صحیفہ خوشنویساں میں حسب ذیل الفاظ میں کیا۔

حافظ عبدالکریم:۔ جے پور وطن تھا۔ بساط خانہ کی تجارت کرتے تھے، منشی احسان الٰہی نارنولی کے شاگرد تھے اور عبدالرحیم خاطر کے برادر کلاں، صرف خط نستعلیق لکھتے تھے، خفی وجلی دونوں کی یکساں صفائی وشان تھی۔ جے پور میں انتقال ہوا۔

وفات:۔ آخری وقت برادر محترم آغا بھائی سورۂ یٰسین سنا رہے تھے کہ ایک جگہ متشابہ لگا تو دوبارہ پڑھنے کا اشارہ کیا اور جب صحیح پڑھا بس آخری ہچکی آئی اور جان جان آفرین کے سپرد کر دی انا للہ وانا الیہ راجعون۔

مادۂ تاریخ وفات

حافظ فرقان مجید محمد عبدالکریم (۱۹۴۶ء) علامہ روزگار حافظ عبدالکریم (۱۹۴۶ء)

حافظ عبدالکریم (۱۳۶۶ھ) (۱۹۴۶ء)

محمد عبد الرحیم خاطر جیپوری

نام ونسب:۔ محمد عبد الرحیم بن محمد بخش بن بلاقی بن چراغ محمد بن ہمت رحمہم اللہ تعالیٰ۔

ولادت:۔ موصوف نے تقریباً اٹھتر ۷۸ سال کی عمر میں وفات پائی تھی اس حساب سے سال ولادت ۱۲۹۵ھ بمطابق ۱۸۷۸ء قرار پاتا ہے۔

حلیہ:۔ گول چہرہ، دراز قد، کشادہ پیشانی، کشادہ سینہ، چندیا پر تھوڑے تھوڑے بال، موٹی آنکھیں بھری اور لمبی ڈاڑھی گلابی رو اور ڈیل ڈول اچھا تھا، بھائیوں میں سب سے چھوٹے تھے، ماں باپ کے فرمانبردار اور لاڈلے تھے۔

تعلیم وتربیت:۔ ابا میاں نے حافظ ظفریاب خان صاحب رام پوریؒ سے قرآن شریف پڑھا تھا اور منشی تک مہاراجہ کالج جے پور میں تعلیم حاصل کی، اس کالج سے فارسی میں منشی کا امتحان بھی پاس کیا تھا۔(۱) ابا میاں کو اردو فارسی دونوں زبانوں میں اچھی دستگاہ حاصل تھی۔ زبان وادب کا ذوق ان کی فطرت میں ودیعت کیا گیا تھا، ان کے ادبی ذوق سے اندازہ ہوتا ہے کہ انہوں نے اردو فارسی ادب کا گہرا مطالعہ کیا تھا، عربی کی تحصیل کسی مدرسہ میں رہ کر نہیں کی تھی، انگریزی اور ہندی کی عبارت بھی لکھتے تھے جو ان کی زبان وادب سے طبعی مناسبت محنت وذہانت کی روشن دلیل ہے حافظہ ویادداشت اچھی تھی جو پڑھتے یاد رہتا تھا۔

---

(۱) شمس العلماء مولانا عبد الرحمٰن جے پوری:۔ صاحب مرأۃ الشعراء اور مترجم مقدمہ ابن خلدون جو دہلی کے مشن کالج میں عربی وفارسی زبان کے پروفیسر تھے اس میں ۲۰ برس پڑھایا تھا کراچی میں ۱۹۵۳ء میں انتقال کیا۔ یہ ابا میاں کے مہاراجہ کالج جے پور میں ہمسبق تھے۔ میں بھی مولانا نعمانیؒ کے ساتھ ان سے ملا تھا دراز قد وجیہہ خوبصورت وخوب سیرت تھے اردو وفارسی کے ادیب وشاعر اور ادب عربی کے بالغ نظر عالم تھے جے پور کے وہی ایسے عالم تھے جنہیں انگریزی سرکار نے شمس العلماء کے خطاب سے نوازا تھا۔

تلاوت قرآن و ادعیہ ماثورہ:۔ انہوں نے قرآن مجید اگرچہ تجوید سے نہیں پڑھا تھا لیکن قرآن صاف اور خوش الحانی سے پڑھتے تھے اور مخارج بالکل درست تھے، ان کی قرأت میں درد و کیف اور دلکشی و جاذبیت تھی، وہ تلاوت شاہ عبدالقادر و شاہ رفیع الدین دہلوی کے اردو ترجمہ والے مصحف میں کرتے تھے، نماز میں جو رکوع اور سورتیں پڑھتے تھے ان کے معانی و مطالب سمجھتے تھے، اس لئے جب پڑھتے ان پر کیفیت طاری ہو جاتی تھی جس سے سننے والا بھی لطف اٹھاتا اور متاثر ہوتا تھا، وہ پارہ تبارک الذی کے علاوہ سورۃ التغابن، سورۃ یٰسین، سورۃ الطارق، سورۃ الحشر، سورۃ الصف، سورۃ المنافقون، سورۃ الجمعہ، سورۃ یوسف، سورۃ لقمان و سورۃ الفتح عموماً نماز میں پڑھتے تھے، انہیں حدیثیں بکثرت یاد تھیں، حدیثوں کے سینکڑوں چھوٹے چھوٹے جملے انہیں زبانی یاد تھے، اسی طرح ادعیہ ماثورہ کا بیشتر حصہ انہیں یاد تھا۔ الحزب المقبول از بر تھی۔ نماز کے بعد دعاؤں میں ادعیہ ماثورہ پڑھتے تو بلند آواز سے پڑھتے تاکہ بچوں کے کان ان دعاؤں سے مانوس ہو جائیں، اور یہ دعائیں انہیں بآسانی یاد ہو سکیں، کھانا کھانے کے بعد کی دعا، مسجد میں داخل ہونے اس سے نکلتے وقت کی دعا، سوتے وقت کی دعا ہمیں ان کے زور سے پڑھنے سے یاد ہوئی تھیں۔

شعر و شاعری:۔ طبیعت موزوں پائی تھی، شعر و ادب سے طبعی مناسبت تھی، زبان و ادب کا ذوق پاکیزہ و بلند تھا، اردو فارسی کے نامور شعراء کے ہزاروں شعر انہیں زبانی یاد تھے، برمحل پڑھتے تھے، گاہ بگاہ خود بھی شعر کہتے اور خاطر تخلص کرتے تھے، چنانچہ شاغل عثمانی نے موصوف کا تذکرہ صحیفۂ خوشنویساں میں کیا ہے نمونۂ کلام ہدیہ ناظرین ہے۔

حمد

حمد کے لائق تو ہی کرتا رہے — تو نے ہی پیدا کیا سنسار ہے
کرتا ہے تو عیب پوشی خلق کی — نام تیرا ساتر و ستار ہے
رحم کرتا ہے تو ہی اور تو ہی قہر — ہے تو ہی رحمان، تو ہی قہار ہے

عمر گذری ہے گنہ کرتے مجھے
میں ہوں عاصی اور تو غفار ہے

ہوگی طے کس طرح راہِ پُل صراط
سر پہ عصیاں کا بہت سا بار ہے

کچھ نہ کی نیکی اے خاطر جزبدی
اس کی رحمت پر ہی بیڑا پار ہے

(مطبوعہ غنچۂ نو بہار مطبع ابوالعلائی، آگرہ۔۱۳۲۲ھ/۱۹۰۴ء/۱۹۶۱ء بکرمی ہندی۔ص ۲۸،۲۹)

نعت

سلامُ اللہ وصلّی اللہ اے فیضانِ ربّانی
تری صورت سے ظاہر ہے مکرم رحم و رحمانی

ترے دربارِ اقدس میں ہر اک کو باریابی تھی
نہ پہرہ تھا، نہ چوکی تھی، نہ حاجب تھا، نہ دربانی

تری وہ شان ارفع ہے کہ جبریلِؑ امیں جیسے
کیا کرتے تھے آ آ کر خوشامد سے مگس رانی

خدا توفیق دے تم کو تو اے خاطرؔ کبھی تم بھی
شریکِ بزمِ اقدس ہو کے کرلو قلب نورانی

(مطبوعہ ''مظہر معرفت''، طبع شدہ ۱۹۳۵ء بحوالہ تذکرۂ شعرائے جے پور۔ص ۳۶ مرتبہ احترام الدین شاغل)

نعت

ملا ہے تجھ کو پٹہ دو جہاں کی پاسبانی کا
بجاتا ہے دو عالم ڈنکہ تیری شہجہانی کا

گرے بے ہوش ہو کر طور پر حضرت کلیم اللہ
کھلا پھر بھی نہ کچھ عقدہ انہیں رازِ نہانی کا

برہمن ہو گیا مومن، شجر آیا، حجر بولا
بیاں کیا ہو سکا مجھ سے تری مُعجز بیانی کا

ہوا منظور جب شاہِ دو عالم کو وصالِ حق
نہ رہنا پھر پسند آیا انہیں اس دارِ فانی کا

یہ نعتِ احمدِ مرسل ہے اے خاطر، ادب سے لکھ
ملے گا حشر میں ثمرہ تجھے اس جاں فشانی کا

(مطبوعہ غنچۂ نور بہار مطبع ابوالعلائی، آگرہ۔۱۳۲۲ھ/۱۹۰۴/۱۹۶۱، بکرمی ہندی۔ص ۲۸،۲۹)

(مطبوعہ غنچۂ نور بہار مطبع ابوالعلائی، آگرہ۔۱۳۲۲ھ/۱۹۰۴/۱۹۶۱، بکرمی ہندی۔ص ۲۸،۲۹)

نعت بحضور سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم (بزبان فارسی)

اے شہنشاہ جمال واے کمالِ دلبری
وے شہِ خوبانِ عالم، سرورِ پیغمبری

ہر دو عالم جاں نثارِ نرگس شہلائے تو
نرگسِ بیمار کے آرد بچشمت ہمسری

خادم درگاہِ والائے تو جبریلؑ امین
عاشقِ شیدائے تو جنؔ و بشر حورو پری

جلوۂ معراج تو اندر مکان ولا مکاں
از ملک ہم بہتری از انبیاء شُد برتری

حضرتِ موسیٰ کلیم اللہ شُد برکوہ طُور
تو کلیم اللہ شدی بر عرشِ خاصِ داوری

قم باذنی وانا الحق خودازیں جا گفتہ اند
دردلِ منصور سمشی کردۂ جلوہ گری

ایں تمنا دار خاطرؔ از خدائے لایزال
بہر خلاق جہاں بر سُوئے عاصی بنگری

آخری نظم

اے مری اردو زبان اللہ رے تیری یہ دھوم
کابل وز ابل مدینہ اور مکہ شام وروم

جرمن و امریکہ جاپان وفرانس واندلس
سب جگہ پر بولتے ہیں تا بہ لندن بالعموم

قائد ملت(۱) نے تیرا خود کیا تھا انتخاب
جانتے تھے گو زبانیں اور بھی عالی جناب

سندھی پنجابی بلوچی بنگلہ وانگلش بھی سب
سب کی سب موجود تھیں پیش نظر زیر نصاب

تیرے سر سہرا بندھا اور تو ہی سرکاری ہوئی
اوج پر اردو ترے بنگالی اب حاسد ہوئی

رشک آتا ہے اسے اب ہائے میں سوکن بنوں
کیونکہ یہ تو سب جگہ جاری وساری ہوئی

شور وغوغا اب مچاؤ تا کہ ہووے کچھ فساد
ہے یہی بنیاد بنگلہ دیش کی اے خوش نہاد

یہ اشعار بالکل آخری ایام کے ہیں۔ جب کہ بنگالی اور اردو زبان کے درمیان تنازعہ پیدا ہو گیا تھا۔

---

(۱) قائد ملت لیاقت علی خان شہید مرحوم وزیر اعظم پاکستان۔

خوشنویسی :۔ نامور خوشنویس منشی ہیرالال مونس بہار گو آنجہانی سے سیکھی تھی، خط پاکیزہ و پختہ تھا نوک پلک، کشش اور دائرے دیکھنے کے لائق تھے، اس فن کو شوقیہ سیکھا تھا، پھر اسے بھی کسب معاش کا ذریعہ بنایا، فن خوشنویسی میں انہیں کمال حاصل تھا، خط نسخ و نستعلیق کے استاد تھے، خط غبار و شفیعہ کیا ہر نوع کا خط لکھنے پر قادر تھے، انگریزی ہندی لکھنے پر بھی پوری قدرت حاصل تھی، جلی و خفی دونوں خط بلا تکلف خوب لکھتے تھے، ان کے نوشتے پر کسی شاعر کا حسب ذیل شعر صادق آتا ہے۔

نظر آتی خدا کی ہے قدرت　　　　قابل دید اس کی ہے ندرت

ان کے قطعات و وصلیاں دیکھیے مرصع نگاری کا اعلیٰ نمونہ ہیں، حرفوں کی ساخت اور ان کے جوڑ ایسا معلوم ہوتا ہے جیسے جواہر جڑے ہوئے ہیں۔

حرفوں کو کیا کہوں جو جواھر جڑے نہیں　　　　ہے مرصع نگار ہے کاتب نرا نہیں

وصلیوں پر اردو فارسی کے عبرت انگیز و سبق آموز اشعار لکھتے تھے جن سے ان کے پاکیزہ مذاق، للّٰہیت و دین سے شیفتگی کا اندازہ کیا جاسکتا ہے جس میں بعض بطور گلے از گلزار ے۔ مرقع رحیمی میں ملاحظہ فرمائیں۔

موصوف نے خوشنویسی کے فن میں ایسی بصیرت پیدا کی تھی کہ نامور خوشنویسوں اور ماہر خطاطوں کے قطعوں اور وصلیوں کو ان کے دستخطوں کے بغیر ایک نظر دیکھتے ہی طرز خط سے پہچانتے اور اساتذہ فن کے نوشتوں کے مابین فرق و امتیاز کو بتاتے تھے، ان کے طرز نگارش و خصوصیات قلم کو خوب جانتے تھے فرماتے تھے یہ عبدالرشید دیلمی کا قلم ہے یہ میر پنجہ کش کا لکھا ہوا ہے۔ یہ آغا مرزا کی تحریر ہے، یہ اعجاز رقم کا شاہکار ہے، یہ پروین رقم کا نوشتہ ہے۔

ایسے ارباب بصیرت اور اساتذہ فن متحدہ ہندوستان میں معدودے چند تھے، جے پور میں ان کا اس فن میں کوئی ہمسر نہ تھا، حیدر آباد دکن میں ان کا سارا وقت دفتر میں پورا ہو جاتا تھا، فن کے مظاہرہ کا وہاں کوئی موقعہ نہ تھا، ساری عمر جے پور میں گوشۂ گمنامی میں بسر ہوئی اس لئے ان کی شہرت پورے ہندوستان

میں نہ ہوسکی۔

شادی:۔ والدین نے ان کی شادی ان کے بڑے بھائی حافظ محمد عبدالکریم صاحب کے ساتھ کی تھی دو حقیقی بھائیوں کو دو حقیقی بہنیں شکوراً بی بی اور حبیباً بی بی بیاہی گئیں۔

دکان:۔ غالباً ۱۹۰۰ء میں کسب معاش کی خاطر ترپولیہ بازار میں نواب فیاض علی خان صاحب کی حویلی کے نیچے بساط خانہ کی ایک دکان کی تھی، یہ دکان کیا تھی جے پور کی نامور شخصیات کی بیٹھک اور چھوٹی موٹی علمی اکیڈمی تھی، یہاں سوداگری و کتابت کی جاتی اور خوشنویسی سکھائی جاتی تھی، علمی چرچا رہتا تھا سہ پہر کو یہاں علماء، شعراء، صوفیا اور ہندوستان کے مشاہیر اہل علم جن کا ورود جے پور میں ہوتا آتے تو علمی گفتگو شعر و سخن کی باتیں ہوتیں لطیفے بیان ہوتے تاریخی واقعات معرض بحث میں آتے تھے۔ جے پور میں یہی اس دکان کی وہ خصوصیات تھیں جن میں یہ سب سے ممتاز و یکتا تھی۔

میں نے بچپن میں صوفی ہدایت علی نقشبندی رامپوری مولانا قدیر بخش بدایونی صدر مدرس مدرسہ تعلیم الاسلام المتوفی ۱۹۵۲ء(۱) مولانا بدرالدین سہوانی داماد مولانا شبیر احمد سہوانی، حافظ حمید اللہ پیش امام جامع مسجد جے پور حامد حسن خان ان کے بڑے بھائی حامی الدین خاں رامپوری، مولانا حیدر حسن خان شیخ الحدیث ندوۃ العلماء لکھنؤ(۲) برادر خورد مولانا محمود حسن خان ٹونکی صاحب معجم المصنفین، سید طلحہ پروفیسر اورنٹیل کالج لاہور اور ہندوستان کے نامور لغوی ادیب مولانا ابوعبداللہ محمد سورتی المتوفی ۱۹۴۴ء جیسی نادرۂ روزگار ہستیوں اور پاکیزہ نفوس کو گفتگو کرتے دیکھا اور بھی شخصیات تھیں جن کی صورتیں یاد ہیں نام حافظہ میں محفوظ نہیں۔

ایک زمانے میں اس دکان پر اہلحدیثوں نے ڈیرے ڈالے ہوئے تھے، ابا میاں دیندار و خدا ترس انسان تھے، حافظ یوسف مرحوم صاحب حقیقۃ الفقہ آتے انہیں حدیثیں سناتے دکھاتے کہتے یہ حدیث صحیح بخاری میں ہے اسے مسلم نے نقل کیا ہے اور امام ابوحنیفہؒ کا مسلک اس حدیث کے سراسر خلاف ہے، انہیں حدیثیں سننے کے بعد مجال سخن نہ تھی سر تسلیم خم کرتے اور عمل پیرا ہو جاتے ان کی یہ کیفیت تھی۔

اگر بخشے زہے قسمت، نہ بخشے تو شکایت کیا

سر تسلیم خم ہے جو مزاج یار میں آئے۔

بچپن میں ابا میاں کو رفع یدین کرتے اور بلند آواز سے آمین کہتے دیکھا تھا، یہ اسی کا اثر تھا، اس دور میں ان پر اہلحدیثوں کا رنگ چڑھا ہوا تھا چنانچہ حافظ یوسف کی کتاب حقیقۃ الفقہ کی کاپی ابا میاںؒ نے لکھی تھی، اس کے آخر میں ایک قطعہ میں اس کی تاریخ طبع چھپی ہے فرماتے ہیں۔

اس سے ان کی حدیث وسنت سے گرویدگی کا اندازہ کیا جا سکتا ہے بھائی جان (مولانا نعمانیؒ) نے دوران تعلیم دکان پر جب اہل حدیث کے دلائل کو سنا اور ابا میاں کو حنفیہ کا مسلک جن احادیث وآثار پر مبنی تھا، ان سے آگاہ کیا، انہوں نے حافظ یوسف کو وہ حدیثیں دکھائیں بتائیں دونوں طرف سے احادیث کا تبادلہ ہونے لگا جس طرح شاہ عبدالقادر دہلویؒ کے جواب نے ان کے بھتیجے شاہ اسماعیل شہیدؒ کو لا جواب کیا تھا کہ ایک مردہ سنت پر عمل کرنے سے سو شہیدوں کا اجر اس وقت ملتا ہے جب اس کے مقابلے میں کوئی دوسری سنت موجود نہ ہو یہاں دوسری سنت آہستہ آمین کہنے اور رکوع کے وقت رفع یدین نہ کرنے کی موجود ہے یہ بات جب ابا میاں کے علم میں آئی، انہوں نے دونوں باتیں چھوڑ دیں۔(۱)

امیر دیر وحرم سے الگ جو جاتے ہیں وہ ڈیڑھ اینٹ کی مسجد الگ بناتے ہیں

یہ دکان جس کی حیثیت ایک مجلس علمی (Academi) کی تھی اس نے مولانا نعمانیؒ کو مناظرانہ ادب کے مطالعہ پر مائل کیا انہوں نے احناف کی کتابوں کو غائر نظر سے دیکھا ان کی بالغ نظری اور تفقہ کے قائل ہو گئے اسی تعلق سے وہ اپنے آپ کو نعمانی لکھتے ہیں۔

---

(۱) اہل حدیث اور ظاہریہ میں فقہی بصیرت و گہرائی نہیں ہے اس لئے یہ (امام ابوحنیفہؒ، مالکؒ، شافعیؒ، احمد بن حنبلؒ) کے مسلک سے گریز کرتے اور شاذ حدیثوں پر عمل کر کے ڈیڑھ اینٹ کی مسجد الگ بناتے ہیں۔

یہ دکان ہم خرما و ہم ثواب کا مصداق تھی اس سے گھر کا خرچ چلتا اور ان کے علمی ذوق کی تسکین ہوتی تھی اس لئے انہوں نے ۱۹۴۲ء میں دکان اس وقت چھوڑی جب ان کی آنکھیں جواب دے رہی تھیں اور اس پر بیٹھنے والا کوئی نہیں رہا تھا، یہ دکان جے پور میں بیالیس ۴۲ برس تک اہل علم کی بیٹھک رہی اور یہاں علم کا چراغ روشن رہا۔

مطبع رحیمی :۔ ابا میاں کے استاد منشی ہیرالال جی نے غالباً ۱۹۰۰ء میں ایک پریس اپنے نام پر (ہیرالال پریس) ترپولیہ بازار میں قائم کیا تھا۔ جس سے ہندی اور فارسی کی متعدد کتابیں شائع کی گئی تھیں، اُپنشد اور داراشکوہ کی ''سر اکبر'' اس پریس میں اشاعت پذیر ہوئی تھیں، منشی ہیرالال جی کے مرنے کے بعد ۱۹۲۱ء میں اس پریس کو ابا میاں نے خریدا، اور اس کا نام رحیمی پریس (مطبع رحیمی) رکھا یہ ترپولیہ بازار میں نواب صاحب کی حویلی کے سامنے واقع تھا، اردو کی بعض کتابیں اس پریس سے شائع کی گئی تھیں، مرأۃ الانساب، مؤلفہ ضیاء الدین امروہوی جس کی کاپی بھی ابا میاں نے لکھی تھی، ۱۹۳۵ء میں اس پریس میں پندرہ ہزار کی تعداد میں سفید اور حنائی کاغذ پر طبع کی گئی تھی، میں نے بچپن میں وہ پتھر دکان اور گھر پر دیکھے تھے۔

اس دور میں جن پریسوں نے جے پور میں اردو کی خدمت کی ان میں رحیمی پریس کی خدمات ناقابل فراموش ہیں، انہی وجوہ سے شاغل جے پوری نے اس پریس کا تذکرہ اپنی کتاب ''صحیفۂ خوشنویساں'' میں کیا ہے۔

دفتر معجم المصنفین سے وابستگی :۔ ۱۹۳۸ء میں جب مولانا محمود حسن خان ٹونکی (۱) کی تالیف معجم المصنفین (جو عربی زبان میں ان علماء اسلام کے تذکرہ و تراجم پر مشتمل ہے جن سے کوئی تصنیف و تالیف یادگار ہے) کی تدوین و ترتیب نو کے لئے حیدرآباد دکن میں دائرۃ المعارف العثمانیہ کے زیر انتظام دفتر کا قیام عمل میں آیا اس میں مولانا نعمانی اور ابا میاںؒ کا تقرر بھی ہوا موصوف نے کم و بیش چھ ۶ برس یہاں کام کیا

(۱) ولادت تقریباً ۱۲۷۸ھ۔ انتقال ۱۳۶۶ء، یہ مولانا حیدر حسن خان صاحب سے چار برس بڑے تھے۔

اور۱۹۴۴ء میں جے پور آ گئے۔

اخلاق وعادات:۔ اخلاق وعادات ایسی تھیں کہ ہر شخص ان سے مل کر خوش ہوتا کبھی کسی کو ان سے شاکی نہیں پایا۔ جو احباب و اہل علم دکان پر آتے نہایت خندہ پیشانی سے انہیں خوش آمدید کہتے خوش اخلاقی و انکساری سے باتیں کرتے خود بھی ہنستے اور ان کو بھی ہنساتے تھے۔

شفقت ومحبت:۔ وہ بہت نرم دل ونہایت شفیق تھے اولاد پر بہت شفقت فرماتے تھے آیت شریفہ

یاایھاالذین آمنو اان من ازواجکم واولادکم عدوالکم فاحذروھم وان تعفواوتصفحووتغفروافا ن اللہ غفور الرجیم۔ (آیت نمبر۲۴ سورۃ التغابن)	اے لوگوں جو ایمان لائے ہو، تمہاری بیویوں اور تمہاری اولاد میں سے بعض تمہارے دشمن ہیں، ان سے ہوشیار رہو، اور تم عفوودرگذر سے کام لو اور معاف کردو تو اللہ غفور رحیم تمہارے مال اور تمہاری اولاد تو ایک آزمائش ہیں اور اللہ ہی ہے جس کے پاس بڑا اجر ہے۔

اس آیت پر عمل کرتے تھے، بڑے سے بڑا نقصان کرتے کچھ نہ کہتے، خفا نہیں ہوتے ہاتھ لگانا جانتے نہ تھے مارنا پیٹنا آتا نہ تھا۔ بہت پیار محبت سے باتیں کرتے، اور ساتھ بٹھا کر کھلاتے تھے، ان کے ساتھ بیٹھ کر کھانے میں مزہ آتا تھا، ادلے کی بوٹیاں، گودے والی نلیاں، گردے اور سینے کی کڑیاں مجھے بہت پسند تھیں۔ فرماتے بیٹے کھاؤ روٹیوں میں گھی لگواتے، دکان سے تشریف لاتے، مجھے کندھوں پر بیٹھا کر لاتے، راستے سے مٹھائی کے دونے دلواتے جن سے صبح کا ہمارا ناشتہ ہوتا تھا۔

اللھم الرحمھما کما ربیانی صغیرا (سورۃ بنی اسرائیل آیت نمبر۲۴)

ترجمہ:۔ پروردگار عالم ان پر رحم فرما، جس طرح انہوں نے رحمت وشفقت کے ساتھ مجھے پالا تھا۔

صبر وشکر اور رضا بالقضاء:۔ وہ بہت ہی صابر وشاکر تھے، جوان بیٹی ہاجرہ کا انتقال ہوا بعض لڑکے اور لڑکیاں بچپن میں مرگئیں، صبر کیا، اماں بی سے سنا تھا کہ پیارے میاں کا جب انتقال ہوا، بہت دل

گرفتہ ہوئے اور دعا کی! بار الہی بہتر نعم البدل عطا فرما۔اس کے بعد میں پیدا ہوا۔آنکھیں جیسی نعمت چھن گئی، پڑھنے لکھنے سے جاتے رہے، دنیا تاریک ہوگئی، گھر پکڑ لیا کبھی حرف شکایت زبان پر نہیں آیا، میری والدہ ماجدہ جوان کا ہر طرح خیال رکھتی تھیں، جب انتقال کر گئیں، دم نہ مارا۔ان کے معمولات میں کوئی فرق نہیں آیا اس کی رضا پر راضی اور ہر حال میں شاکر رہے، یہی شان عبدیت ہے، یہ اونچا مقام ہے۔

تحمل وبرداشت:۔ تحمل و برداشت کے پیکر تھے، خلاف مزاج بات پر انسان کو جلد غصہ آجاتا ہے، بعض اوقات اپنے آپ کو قابو میں رکھنا مشکل ہوتا ہے، عزت نفس ہر ایک کو عزیز ہوتی ہے، اس پر جب بن آتی ہے انسان جان کی پروا نہیں کرتا، بر سر عام مجمع میں کسی شریف کو برا بھلا کہنا گالیاں دینا اور اس کا سب کچھ سننا کچھ نہ کہنا، انتقام کی قدرت کے باوجود خاموش رہنا اور اپنوں کو بھی خاموش رہنے کی تاکید کرنا بہت برداشت ہے، ایک بار میں نے دیکھا کہ ان کے عزیز اور چھوٹے نے انہیں گالیاں دیں، انہوں نے اس کے ارمان نکلنے دیئے، یہ انہی کا ظرف تھا۔

جگر میں چٹکیاں لیتے ہیں وہ دل کو مسلتے ہیں

جو کچھ کہئے تو کہتے ہیں میرے ارماں نکلتے ہیں

ایک مرتبہ غالباً ۱۹۴۶ء میں مظفر میاں انہیں بتائے بغیر میرے پاس دیوبند آگئے جواں سال جگر گوشہ جو ہر وقت آنکھوں کے سامنے رہتا ہو اس کا گھر میں اطلاع کیئے بغیر پردیس چلے جانا کیا کچھ ماں باپ کی پریشانی، رنج وناراضگی کا موجب ہوگا اس امر کا اندازہ ایک باپ ہی کر سکتا ہے۔

اس نے جب مجھے یہ بات بتائی، میں نے اسے جلدی واپس بھیجا، یہ جب ان کے پاس پہنچا اس سے یہی کہا، شاباش بیٹا شاباش۔ان کا یہ طنز بھی بہت شفقت آمیز تھا، مقصد یہ تھا، ہائے کوئی ایسا کام کرتا ہے، طنز بہت لطیف کرتے تھے، جو شیٔ لطیف سے بہرہ ور ہوتا ہے وہی اس سے لطف اٹھاتا ہے، یہ اسلوب شفقت ومحبت کی وجہ سے اختیار کیا تھا کچھ اور کہتے تو اس کا دل آزردہ ہوتا اور اسے آزردہ پاتے خود بھی آزردہ ہوتے، خاموش ہوگئے۔

جگر کو داغ، کلیجے کو زخم، دل کو ملال　　　جناب عشق نے بھیجے ہیں ارمغاں کیا کیا

اماں بی:۔ بہت بھولی بھالی، سیدھی سادھی خاتون تھیں، ہیرا پھیری، چالا کی جانتی نہ تھیں ابا میاں کے خلاف مزاج کوئی بات ہو جاتی، ان پر خفا ہو جاتے تھے، میاں بیوی میں اس قسم کی نوک جھونک ہو جاتی ہے۔

ایثار وسخاوت:۔ طبیعت میں سخاوت تھی کوئی فقیر دکان پر آتا کہتا اللہ کے نام پر دو جو ہوتا دیتے، ورنہ معذرت کرتے، مجھے یاد ہے، ایک مرتبہ گھر میں آٹا نہ تھا دکان سے واپسی پر آٹا گھر لانا تھا تاکہ گھر میں چولھا جلے، اور روٹی پک سکیں، راستہ میں فقیر ملا، اس نے کہا، میں فاقہ سے ہوں، اللہ کے نام پر دو، جو پاس تھا اسے دے دیا اور خالی ہاتھ گھر آ گئے۔

و یو ثر و ن علی انفسھم	اور اپنی ذات پر دوسروں کو ترجیح دیتے ہیں خواہ اپنی
و لو کا ن بھم خصاصہ (سورۃ الحشر آیت نمبر ۹)	جگہ خود محتاج ہوں۔

دکان سے جو لاتے گھر میں دیتے یا راہ خدا میں، پاس کچھ نہ رکھتے تھے، اللہ پر توکل تھا۔ فرماتے تھے جس نے صبح دیا وہ شام کو بھی دے گا پھر حدیث پڑھتے۔

تغد و اخما صا و تر و ح بطانا	پرندے صبح خالی پیٹ بھوکے نکلتے ہیں اور شام پیٹ بھرے لوٹ جاتے ہیں۔

خودداری و بے نیازی:۔ طبیعت میں خودداری و غیرت اور مزاج میں بے نیازی تھی، زندگی میں انہیں اولاد سے کوئی مالی فائدہ نہیں ہوا، نہ انہوں نے کبھی کسی سے کوئی توقع رکھی، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی حسب ذیل دعا ان کے ورد زبان رہتی تھی۔

اللھم اکفنی بحلالک عن حرامک	اے اللہ حرام کے بدلے تو مجھے بقدر حاجت حلال
و اغنی بفضلک عمن سو اک	روزی عطا فرما اور اپنے فضل سے اپنے ماسوا سے بے نیاز کر۔

انہوں نے خوب کمایا اور خرچ کیا ان کے جب تک ہاتھ پاؤں چلتے رہے قرض لیا تو ادا بھی کیا

جب گھر بیٹھ گئے پھر اپنی اولاد سے بھی کسی کام کے لئے نہیں کہا نہ کسی قسم کی خدمت لی، ان کا اصول ہی یہ تھا۔۔۔دیکھو اپنی بات اپنے ہاتھ ہے۔ انہوں نے اپنے اخلاص وصدق نیت کو کبھی مجروح نہیں کیا۔ ان اجری الا علی اللہ اللہ ہی اجر دے گا پر نظر رکھی۔

وعدہ کی پاسداری و پابندی:۔ وعدہ کرتے نبہاتے، وقت دیتے پابندی کرتے، کوئی کچھ لکھوا تا جو وقت کسی کو دیتے اس کا کام وقت سے پہلے تیار کر کے رکھتے، وہ وعدہ خلافی سے بچتے تھے، کسی کو شکایت کا موقعہ نہیں دیتے کسی وجہ سے تاخیر ہوتی، شرمسار ہوتے، وجہ بتاتے، معذرت کرتے تھے۔

قرض کی ادائیگی اور قرض داروں سے خاموشی:۔ تاجروں میں لین دین ہوتا ہے تجارت اس کے بغیر نہیں ہوتی ابا میاںؒ کا ابتدائی دور نہایت خوشحالی کا دور تھا، پریس تھا، دکان تھی، نوکر چاکر تھے، آمدنی خوب تھی، بیٹیوں کی شادی دھوم دھام سے کی دولت ٹھکانے لگی، پریس چھوٹا، دکان اور کتابت سے گھر کا خرچ چلنے لگا، سیر چشم تھے، خرچ خوب کرتے تھے، جو سامان لیجاتا روپے دینے میں ہیرا پھیری کرتا نوبت قرض کی آگئی، ادائیگی جب ہو جب قرض داردیں وہ لے لوٹ ہو گئے جن سے لیا تھا ان کی ادائیگی رہ گئی، دکان میں سامان گھٹنے لگا، آمدنی کم اور تنگ دستی بڑھنے لگی ۱۹۳۸ء میں مولانا محمود حسن خان ٹونکیؒ کی معجم المصنفین کی تدوین وترتیب نو کے سلسلہ میں دائرۃ المعارف العثمانیہ حیدرآباد دکن گئے، تو مجھے دکان پر بٹھایا گیا، میں لاابالی، نہ علم نہ تجربہ نہ ہر وقت کسی بڑے کی سرپر موجودگی، حافظ صاحبؒ نگرانی کرتے تھے، لیکن ان کے اوقات مقرر تھے مجھے کھلی چھٹی مل گئی اس طرح دکان کی بربادی میں جو کمی رہ گئی تھی وہ میرے ہاتھوں پوری ہوئی، حیدرآباد میں سب سے پہلا کام یہ کیا کہ ہر ایک کا قرض ادا کیا جن پر قرض تھا انہیں دو چار بار یاد دہانی کرائی، انہوں نے کچھ اثر نہ لیا، فرمایا ان کی نیت ادا کرنے کی نہیں، خاموشی اختیار کی تقاضا کرنا بھی چھوڑ دیا، اللہ مغفرت کرے کھا کر ہی مر گئے۔

تصوف وسلوک:۔ غالباً ۱۹۰۸ء میں سلسلہ نیازیہ نظامیہ چشتیہ میں مولانا محمد ابراہیم روحی ٹونکیؒ المتوفی ۱۳۵۲ھ بمطابق ۱۹۳۶ء سے بیعت ہوئے انہی سے منازل سلوک طے کئے اور خرقہ خلافت سے سرفراز

ہوئے، (ا) انکساری وفروتنی اور اخفاء حال طبیعت میں بہت تھا کسی کو یہ بھی نہیں بتاتے تھے کہ وہ کسی سے بیعت ہیں یا کسی صاحب نسبت بزرگ کے خلیفہ ومجاز ہیں نہ کسی کو بیعت کرتے تھے، فرماتے تھے، تصوف کا حاصل، احکام شریعت کی بجا آوری کرتے رہنا اور کسی لمحہ یاد الٰہی سے غافل نہ رہنا ہے۔

حقیقت یہ ہے کہ یہ بات کہنا آسان ہے اس پر عمل کرنا اسے نبھانا آسان نہیں، وہ اپنے معمولات کے بہت پابند تھے، نماز پنجگانہ مسجد میں جماعت سے ادا کرتے، جلد مسجد جاتے اور کوئی کام نہ ہوتا تو دیر سے آتے تھے، نماز بہت اطمینان سے پڑھتے تعدیل ارکان کا خیال رکھتے تھے، جے پور میں دکان پر ہوتے تو ظہر وعصر نواب صاحب کی حویلی کی مسجد میں پڑھتے مغرب کا وقت راستے میں ہو جاتا تو کسی بھی مسجد میں پڑھ لیتے، ورنہ عموماً مغرب عشاء اور فجر منھیاروں کی مسجد میں ادا کرتے تھے، تہجد کا بہت اہتمام فرماتے تھے، رات میں جلد سوتے اور آخر شب میں جلد اٹھتے تھے۔

حیدرآباد دکن میں صوفی صاحب سے شہرت کی وجہ:۔ اللہ کی شان ہے انہوں نے جتنا اخفاء حال چاہا اتنی ہی ان کی شہرت وقبولیت ہوئی ۱۹۴۰ء میں جب میں ابا میاںؒ کے ہمراہ حیدرآباد دکن گیا تو معجم المصنفین کے دفتر میں ہر شخص کو انہیں صوفی صاحب قبلہ کے لقب سے یاد کرتے پایا یہ لقب میرے لئے اجنبی تھا، میں نے اپنے ہوش میں کبھی ابا میاںؒ کو صوفی صاحب کہتے کسی کو نہیں سنا تھا کچھ دنوں بعد معلوم ہوا کہ یہ دارالشفاء (بلدیہ حیدرآباد) کی مسجد میں تہجد کی نماز پڑھ رہے تھے، بجلی کڑکی یہ اس کی زد میں تھے، اس کے گرتے وقت یہ ذرا جگہ سے ہٹے منارہ مسجد کا کنارہ اسی جگہ آکر سجدہ ریز ہوا۔

توڑی واعظ نے اگر گردن مینا ناسخ   مے پرستوں نے بھی مسجد کا منارہ توڑا

سچ ہے، جسے اللہ رکھے اسے کون چکھے، ورنہ کبھی کے واصل بحق ہو گئے ہوتے صبح جب اس واقعہ کی شہرت ہوئی تو مولانا عبدالقدوس صاحب ہاشمی ندویؒ نے انہیں صوفی صاحب قبلہ کہنا شروع کیا پھر کیا تھا اس لقب سے مشہور ہو گئے۔

تربیت:۔ ابا میاں کی تربیت کا انداز نرالا تھا۔ راست کم ہی کچھ کہتے، جب موقع پاتے ایسا انداز اختیار

کرتے کہ بات بچے کے ذہن میں نقش ہو جاتی، کہیں دو میں تکرار ہوتی، ایک دوسرے کو برا بھلا کہتا ہوتا، فرماتے جو کسی کو برا بھلا کہتا ہے ویسا ہی سنتا ہے، جو گالی دیتا ہے گالی کھاتا ہے، ذوق نے کیا خوب کہا ہے۔

بد نہ بولے زیر گردوں گر کوئی میری سنے

ہے یہ گنبد کی صدا جیسی کہے ویسی سنے

کبھی صائبؒ کا مصرعہ پڑھتے۔

؎ ایں زر قلب بہر کس کہ دہی باز دہد

یہ کھوٹا سکہ تو جسے دے گا وہ تجھے لوٹا دے گا۔

دکان پر سائل وفقیر آتا رہتا تھا میں جانتا تھا کہ یہ روز آتا ہے پیشہ ور فقیر ہے، کہتا بابا آگے بڑھو، کبھی لہجہ بدل جاتا، فرماتے فقیر سے نرمی سے کہتے ہیں پھر آیت شریفہ پڑھتے۔

وَاَمَّا السَّائِلَ فَلَا تَنْهَرْ جو مانگتا ہو اس کو نہ جھڑک۔

بچوں کی عادت ہوتی ہے، راہ چلتے جانور کو چھیڑتے مارتے ہیں، میں تھا ہی نالائق چھیڑ دیتا، فرماتے، جانور کو نہیں ستاتے اور یہ شعر سناتے۔

چہ خوش گفت فردوسی پاک زاد　　　کہ رحمت برآں تربت پاک باد

میازار مورے کہ دانہ کش است　　　جاں دارد و جان شیریں خوش است

دیکھا گیا ہے بعض لوگوں کو بات بات پر غصہ آتا ہے، ذرا سی بات میں آپے سے باہر ہو جاتے ہیں، حدود کا خیال نہیں رکھتے، کسی کو طیش میں دیکھتے تو شاہ ظفر کا یہ شعر پڑھتے۔

ظفر ہر گز آدمی نہ جانئے گا ہو وہ کیسا ہی صاحب فہم و ذکا

جسے عیش میں یاد خدا نہ رہی جسے طیش میں خوف خدا نہ رہا

وہ فجر کے وقت مسجد جاتے ہمیں جگاتے، نماز پڑھو، ہم اٹھتے پھر پڑ جاتے نیند آتی سو جاتے، عشاء کی

نماز کے لئے اٹھاتے ،فرماتے نماز پڑھ کر سو جاؤ ،ایسی عادت ڈال گئے کہ فجر وعشاء بھولے سے بھی نہیں چھوٹتیں۔

وہ نہایت خاموشی واطمینان سے لڑکوں کے رجحان طبع کو دیکھتے تھے ان کا میلان علم کی طرف پاتے تو اس راہ پر گامزن رہنے دیتے چنانچہ مولانا نعمانی کی علم سے دلچسپی دیکھی اور مطالعہ کا شوقین پایا کوئی مداخلت نہیں کی بلکہ ان کی معلومات کو سراہا جن کتابوں کی فرمائش کی انہیں مہیا کیں دلائل سے خصم کو قائل کرنے پر ان کی حوصلہ افزائی کی لیکن جس بیٹے کا رجحان طبع کھیل کود کی طرف دیکھا اس کا ماحول بدلا دینی علوم کے لئے جگر گوشوں کو دیس سے پردیس بھیجنے میں بھی تامل نہ کیا چنانچہ مجھ سے بڑے آغا میاں (مولانا عبدالعلیم ندویؒ) جنہیں کشتی وکبوتر بازی کا شوق تھا جے پور سے سورت ڈابھیل بھیجا، جب علم کا شوق ہو گیا، انہیں مولانا حیدر حسن خاں شیخ الحدیث ندوۃ العلماء المتوفی ۱۳۶۱ھ کی خدمت میں پہنچایا انہوں نے ندوۃ العلماء لکھنؤ میں پڑھا اس نسبت سے ندوی لکھتے ہیں۔

میں نرانکما، نالائق تھا گھر کے کم وبیش ہر فرد کی میرے بارے میں یہی رائے تھی، کہ یہ سرکش ونالائق ہے۔ اس لئے کہ میں کسی کی سنتا نہ تھا ہر ایک کے منہ آتا تھا، ایسے لڑکے کے بارے میں کب کوئی اچھی رائے رکھ سکتا ہے، اسے ہر شخص برا کہتا اور برا سمجھتا ہے، بقول ریاضؔ میری یہ کیفیت تھی۔

ریاض ان کو چھیڑا ہے تم نے ہم نہ مانیں گے

وہ تم کو کوستے ہیں جب تمہارا نام آتا ہے

جب میری نالائقی وسرکشی کی داستان سنی اور دکان دیکھی، مجھ سے کچھ نہیں کہا، بس کہا تو یہ کہا تم میرے ساتھ حیدر آباد چلو، مجھے کب تامل تھا، یہ غالباً ۱۹۴۰ء کا واقعہ ہے، ہم جے پور سے حیدر آباد دکن کو چلے، سفر سقر بھی ہے اور ظفر بھی، یہ سفر میرے لئے سقر ہی کا نمونہ تھا، بقول میرؔ۔

بس کے پہلے پہل کا تھا یہ سفر — آفتیں ساری آپڑیں سر پر

یہ دوسری جنگ عظیم کا زمانہ تھا ریل گاڑی کے ڈبوں میں ریل پیل بہت ہوتی تھی، آدمی مور وملخ کی طرح بھرے ہوتے تھے، تل دھرنے کو جگہ نہ ہوتی تھی، جس ریل گاڑی میں ہمیں سوار ہونا تھا اس ریل

گاڑی کے ڈبوں میں فوج براجمان تھی اسے سکندرآباد (حیدرآباد دکن) اترنا تھا، جوں توں کر کے باپ بیٹے ڈبے میں گھس گئے، نہ لیٹنے کی جگہ نہ بیٹھنے کا آرام، سفر لمبا مثل ہے سولی پر بھی نیند آتی ہے، میں سہارے سے نیند بھر کر سو رہا مگر ابا میاں اللہ اللہ کرتے رہے اور اسٹیشنوں پر اتر کر نماز پڑھتے رہے انہیں نیند نہ آتی تھی نہ آئی، وہ بے کل ہی رہے، قہر درویش بر جان درویش اردو میں مثل ہے سفر اور سقر میں ایک نقطہ کا فرق ہے، اس کی حقیقت اسی سفر میں کھلی لیکن۔

یہ سفر میرے لئے وسیلہ ہے ظفر کا۔

یہ سفر میری زندگی کا ایسا موڑ اور ایسا سفر ہے جہاں سے میں جہالت سے تو نہیں نکل سکا لیکن جہالت کا احساس ہوا، اور میرے علمی سفر کا آغاز سمجھئے، اسی منزل سے ہوا۔ جس کا اس وقت مجھے شعور بھی نہ تھا، کسی عربی شاعر نے خوب کہا ہے۔

اتانی ھواھا قبل أن أعرف الھویٰ　　　فصادف قلبا فارغا فتمکنا

اس محبوبہ (علم) کی محبت اس وقت آئی جب میں محبت کو پہچانتا نہ تھا۔ اس نے دل خالی پایا تو دل میں جم گئی۔

حیدرآباد پہنچے تو دارالشفاء منزل میں اترے یہ معجم المصنفین کا دفتر تھا، یہاں مجھے نورتن کا دربار ملا، نہایت شائستہ، مہذب، تعلیم یافتہ افراد کا مجمع دیکھا، کھانے کی نشست ہوتی، میر مجلس مولانا سید عبدالقدوس ہاشمی ندویؒ ہوتے یہ بلا کے ذہین، سخن فہم، سخن سنج، فی البدیہ شعر کہنے والے ہر موضوع پر بولنے والے شگفتہ قلم، شگفتہ مزاج، مولانا عبدالرحمٰن چشتی ٹونکی، مولانا نعمانی، محمد رمضان کاتب، ڈاکٹر میر معظم علی علوی، زکریا مائل، علمی نکتوں، لطیفوں، ادبی چٹکلوں، سیاسی تبصروں سے مجلس باغ و بہار ہوتی تھی، اس ادارے میں نامور علماء ادباء و شعراء کو دیکھنے کا اتفاق ہوا۔ ماہر القادری یہاں آتے رہتے تھے بھائی صاحب کو گھیر گھار کر کبھی شطرنج کھیلنے لگتے تھے، اس زمانے میں محسوسات ماہر کی کتابت ابا میاں نے کی تھی۔

یہاں مجھے ابا میاں نے مولوی اسماعیل میرٹھی کی کتاب کمک اردو پڑھائی، قرآن مجید پڑھایا، ایک ادھ بار کسی فاحش غلطی پر چٹکی بھی بھری تھی، یہ ابا میاں کی خفگی کی انتہا تھی، اللہ اکبر حدود شریعت کا کتنا لحاظ رکھتے تھے، پھر مدرسہ نظامیہ میں داخل کرایا۔

اس علمی مجلس نے مجھے شعر وسخن سے آشنا کیا میں کتب خانہ آصفیہ میں جاتا اور اردو شعراء کے دواوین نکلوا کر پڑھتا تھا، شعر سے طبعی مناسبت نہ ہونے کی وجہ سے شعر گوئی نہ کر سکا لیکن نامور شعراء کے نام وکلام سے واقف ہوا۔

معلوم نہیں ابا میاں کی فراست ودانائی تھی یا باطنی تصرف تھا کہ وہ سمجھ گئے اسے علم کا نشہ چڑھا ہے جو مرتے دم تک اترتا نہیں، ع یہ وہ نشہ نہیں جسے ترشی اتار دے۔

انہوں نے ڈیڑھ دوسال بعد ۱۹۴۲ء میں مجھے بھائی جان (مولانا نعمانی) کے ساتھ گھر بھیجا، فرمایا منشی کرو، بڑے بھائی (آغا میاں) کے ایک دوست مولانا شریف الحسن صاحب شیر کوٹی فاضل دیو بند جے پور میں سلاوٹوں کے محلہ میں قیام پذیر تھے، دار العلوم دیو بند کی طرف سے سفیر بن کر آئے تھے چندہ جمع کر کے مدرسہ دیو بند بھیجتے تھے، اور پنجاب یونیورسٹی سے منشی کے امتحان کے طلبہ کو تیاری کراتے تھے، ان کے پاس مجھے بٹھایا گیا، انہوں نے چھ ہفتوں میں تیاری کرائی، چمڑے کے بستہ بند کے پٹکے سے پٹائی کرتے تھے، گاہ بگاہ میری بھی ہوئی۔

ابا میاںؒ کی دعاء وتوجہ نے علم کی محبت دل میں ایسی بٹھائی تھی کہ یہ سختی بھی جھیل گئے، امتحان دیا ۱۹۴۲ء میں بزرگوں کی دعا سے کامیاب ہوا۔ حوصلہ بڑھ گیا بھائیوں کی رائے ہوئی کہ اسے منشی فاضل کرایا جائے، یا انگریزی پڑھائی جائے، فوری طور پر منشی فاضل کی تیاری میں لگا، تھوڑے دنوں بعد ابا میاںؒ حیدر آباد سے جے پور آگئے، فرمایا عربی پڑھو، دینی تعلیم حاصل کرو، چنانچہ جہاں بڑوں نے پڑھا تھا، میں بھی وہیں پہنچا، مولانا قدیر بخش بدایونیؒ سے مدرسہ تعلیم الاسلام میں کافیہ تک پڑھا تھا کہ ابا میاںؒ نے بھائی جان (مولانا نعمانی) سے کہا اسے دیو بند بھیجو، یہ ندوۃ المصنفین کے رفیق تھے، لغات القرآن لکھ رہے تھے، انہوں نے حامد الانصاری غازی کو (جو قاری محمد طیب مہتمم دار العلوم دیو بند کے داماد تھے اور ندوۃ المصنفین چھوڑ کر دار العلوم کے دفتر اہتمام سے وابستہ ہو گئے تھے، خط لکھا داخلہ ہو گیا)۔ یہاں چھ برس شوال ۱۳۶۳ء سے ۱۳۶۹ھ مئی ۱۹۴۹ء تک علوم دینیہ کی تکمیل کی یوں ابا میاںؒ کی دیرینہ آرزو پوری ہوئی بعد ازاں مولانا نعمانی کا ساتھ رہا اور ان کی تربیت وعلمی صحبت نے نکھارا اوروں سے بھی فائدہ پہنچا، لیکن ابا میاںؒ کی دعاؤں سے

علم کا چسکا ایسا لگا کہ میں اب تک تین مرتبہ دائیں آنکھ کا کورنیا corneaلندن جا کر تبدیل کرا چکا ہوں۔ لیکن پڑھنا لکھنا نہیں چھوٹتا، دن بغیر مطالعہ نہیں گذرتا۔ اپنی جہالت کا احساس ہر لمحہ بڑھتا ہے اور علم کی جستجو رہتی ہے، جی نہیں بھرتا، رب زدنی علما۔ میرے رب میرا علم بڑھا تارہ۔

ابا میاں نے ہر موڑ پر کچھ اس انداز سے تربیت و رہنمائی کی کہ ان کی مراد بر آئی اور ہم علمی راستے سے نہ بھٹکے اس ڈگر پر چلتے رہے، یہ انہی کی نیکیوں کا صلہ ہے۔

اے باد صبا ایں ہمہ آوردۂ تست

راج ہٹ، بالک ہٹ، تریا ہٹ، جوگی ہٹ، ایک مشہور مثل ہے، ان کی ضد کو طرح دیجاتے تھے، بھائیوں میں اختلاف ہونا خاص طور پر جہاں الفت و محبت ہوتی ہے اختلاف ہو جاتا ہے، پھر خدانخواستہ مولویوں میں اختلاف ہو تو ہر طرف دلائل ہوتے ہیں، اور ہر ایک اپنے آپ کو برسر حق سمجھتا ہے، ایسا کوئی موقعہ آتا تو کسی کی جانبداری نہیں کرتے، دونوں کو سمجھاتے پھر خاموشی اختیار کرتے، انہوں نے زمانہ دیکھا تھا، سمجھتے تھے وقتی جوش ہے، جاتا رہے گا، حالات معاملات سلجھا دینگے، آگے چل کر دونوں کو پشیمانی ہوگی، ایسا ہی ہوتا ہے اور ایسا ہی ہوا۔

اخلاص وحسن عمل:۔ دین سے محبت اور علماء وصوفیاء کی صحبت نے ان کے قلب ونظر میں دین ایسا رچا یا اور اس کی عظمت ایسی بٹھائی تھی، کہ وہ دینی تعلیم کی تحصیل اور اس کی خدمت ونشر علم کو حاصل زندگی سمجھتے تھے، ان کی دلی آرزو تھی، کہ میری ساری اولاد عالم بنے اور دین کی خدمت کرے ان کی کیفیت فقیہہ شمس الائمہ ابو محمد عبدالعزیز حلوائی بخاری المتوفی ۴۵۶ھ کے باپ احمد بن نصر حلوائیؒ کی سی تھی جو مٹھائی بیچ کر پیٹ نہیں بھرتے، علماء وفقہاء کو مٹھائی پیش کرتے ان سے دعا کی درخواست کرتے کہ میرا بیٹا بھی عالم وفقیہہ بن جائے، چنانچہ ان کے اخلاص نیت ودعا کی برکت سے ان کے بیٹے کو شمس الائمہ کا اعزاز ملا اس نسبت سے یہ حلوائی مشہور ہوئے ورنہ یہ تو فقیہہ تھے حلوائی نہ تھے۔

ابا میاںؒ نے اس دور میں اولاد کو دینی علوم سے آراستہ کرانے کا فیصلہ کیا جب کہ کم وبیش ہر شخص اپنی اولاد کو انگریزی پڑھانے کا خواہش مند تھا۔

داغ نے کیا خوب کہا ہے۔

بعد مدت کے یہ اے داغؔ سمجھ میں آیا　　　وہی دانا ہے، کہا جس نے نہ مانا دل کا

اس لئے عالم کیلئے مسجد کی امامت، یا کسی دینی مدرسہ کی ملازمت یا کہیں کی خطابت زندگی کی معراج تھی، پھر عیش و آرام کو تجنا، سرکاری منصب و وجاہت کے دروازے اپنے اوپر بندھ رکھنا، یہ وہ کٹھن مراحل تھے جن سے ہندوستان میں برطانوی سامراج میں ایک عالم کا گذرنا ناگزیر تھا ایسے ناسازگار حالات میں ارباب عزیمت نے اپنی اولاد کے لئے یہ راستہ اختیار کیا، ان حوصلہ مند ارباب صدق وصفا میں ابا میاںؒ بھی تھے، یہ ان کا اخلاص وحسن عمل تھا کہ ان کے اس اقدام سے اپنوں اور غیروں سب کو فائدہ پہنچا جب تک ان کی آنکھوں میں دم اور ہاتھ میں قلم رہا اولاد پر خرچ کیا کتابیں نقل کر کے دیں۔ جب آنکھیں پڑھنے لکھنے کے لائق نہ رہیں، گھر بیٹھ رہے، اپنے توکل واخلاص کو کبھی مجروح نہیں کیا، انہیں زندگی میں اگر کسی امر کا افسوس رہا تو اس امر کا رہا کہ وہ اپنے دو چھوٹے بیٹوں محمد عبدالعظیم عرف مظفر لطیف اور محمد عبدالرحمٰن عرف غضنفر میاں کو عالم نہ بنا سکے، لیکن نِيَّةُ الْمُؤمِن خير من عمله، مومن کی نیت اس کے عمل سے بہتر ہے، ان کا ارادہ انہیں بھی عالم بنانے کا تھا لیکن انہیں موقعہ نہ مل سکا اس لئے ان کا اجر کہیں نہیں گیا (مظفر لطیف تو اللہ کو پیارے ہو گئے، غضنفر میاں ان شاء اللہ دینی علوم کی اشاعت میں ہمہ تن مصروف ہیں الرحیم اکیڈمی کے نام سے ان کا ایک اشاعتی ادارہ ہے جس سے سینکڑوں نادر علمی تصانیف شائع کر کے اہل علم میں قبول عام حاصل کر رہے ہیں)۔

یہ ان کی خوش قسمتی تھی کہ انہوں نے اپنی زندگی میں دیکھا کہ ان کا سب سے بڑا بیٹا مدرس، مصنف اور وقت کا نامور عالم بنا، جس کی تصنیفی و تدریسی خدمات سے علمی دنیا کو فائدہ پہنچا، جس نے اردو عربی میں نہایت مفید تالیفات کیں، بعض اہم علمی گتھیوں کو سلجھایا، تاریخی حقائق سے پردہ اٹھایا، ہندوستان اور اسلامی دنیا کے نامور اہل علم شیخ الحدیث مولانا محمد زکریا کاندھلوی ثم مدنیؒ، مفتی مہدی حسن شاہجہانپوریؒ، عبد الفتاح ابوغدہؒ نے ان کی تحقیقات سے فائدہ اٹھایا اور ان کی علمی تحقیقات سے بیرونی دنیا کو روشناس کرایا۔

اللہ تعالیٰ نے ان کی اولاد میں سب کو صاحب اولاد کیا ان کا سلسلہ بہت پھیلا، ان کی اولاد کے علوم

میں بھی برکت رکھی، انہیں اہم موضوعات پر لکھنے اور نئی تحقیقات پیش کرنے کی توفیق بخشی، ان کے پوتا پوتیوں نواسے نواسیوں کی اولاد میں بہت حافظ ہیں، ایسے خوش نصیب خانوادے ہندوستان و پاکستان میں انگلیوں پر شمار کئے جا سکتے ہیں اور پھر ان کی اولادوں میں یہ سلسلہ جاری ہے اس میں عالم بھی بن رہے ہیں، اور جدید علوم سے بھی بہرہ ور ہو رہے ہیں اللہ تعالیٰ اس میں مزید اضافہ فرمائے۔ (آمین)

کلمة طیبة کشجر ة طیبة اصلها — ایک بات ستھری، جیسے ایک درخت ستھرا، اس کی جڑ
ثا بت و فر عها فی السماء تو ء تی — مضبوط ہے، اور ٹہنی آسمان میں لاتا ہے پھل دیتا ہے
ا کلها کل حین با ذن ر بها — وقت پر اپنے رب کے حکم سے۔

(آیت ۲۴/۲۵ سورۃ ابراہیم)

ان کا حسن عمل اس امر کا مصداق ہے، **ذ لک فضل اللہ یو تیه من یشاء و اللہ و اسع علیم** (آیت ۵۴ سورۃ مائدۃ) یہ اس کا فضل ہے جسے چاہتا ہے عطا کرتا ہے، اللہ وسیع ذرائع کا مالک ہے اور سب کچھ جانتا ہے۔

زندگی میں تین کام:۔ ان کے اوقات زندگی بہت منضبط تھے وہ وقت ضائع کرنا نہیں جانتے تھے، زندگی میں ان کے تین ہی کام تھے، ۱۔ دکان پر سوداگری، ۲۔ کتابت، ۳۔ اور اللہ اللہ کرنا، فضول کاموں سے بچتے، بے کار باتوں سے گریز کرتے تھے، دکان پر ہر قسم کے لوگ آتے رہتے تھے، ایک بار بعض کیمیا کے شوقین اور مہوس بھی آئے، انہوں نے سونا بنانے کے نسخے بتائے یقین تو نہ آیا لیکن ان کے کہنے سے دو چار نسخے آزمائے، کامیابی کے آثار نہ پائے، چھوڑ دیا فرماتے تھے۔

حرص وطمع سہ حرف دارد و ہر سہ تہی، حرص وطمع میں تین حرف ہیں، اور تینوں نقطوں سے خالی ہیں، حرص وطمع سے کبھی کچھ حاصل نہیں ہوتا۔

جوانی میں پان کھاتے اور حقہ پیتے تھے، فرماتے تھے دانت پان کھانے سے جلدی گرے، گورے چٹے تھے، پان ان پر خوب کھلتا تھا، بدن سڈول تھا، شیروانی کرتا پہنتے خوب سجتا تھا چلتے تیز تھے اور ان کی زبان ذکر اللہ سے تر رہتی تھی۔

اہلیہ کا انتقال:۔ اماں بی بہت نیک خدمت گذار وخدا رسیدہ خاتون تھیں بھری گود خالی ہو جاتی، جوان بیٹی مر جاتی، ان کے صبر کا دامن نہیں چھوٹتا ہر حال میں شاکر رہتی، چولھے ہانڈی اور گھر کے کام کاج کر کے نماز روزہ کرتی تھیں اس میں ان کی زندگی پوری ہوگئی، ۱۹۴۹ء کے آخر میں جب دیوبند سے آیا تو دیکھا بیماری سے سوکھ کر کانٹا ہوگئی تھیں، تھوڑے دنوں میں حالت غیر ہوگئی جانکنی کے وقت سرہانے بیٹھے سورہ یسین سنا رہا تھا۔ جب میں آیت شریفہ ''سلامٌ قولاً مِن ربّ الرحیم'' ترجمہ رب رحیم کی طرف سے ان کو سلام کہا گیا ہے، پر پہنچا روح قفس عنصری سے پرواز کر گئی، یہی ان کے حسن خاتمہ کی دلیل ہے ان کی قبولیت کا اندازہ حسب ذیل واقعہ سے کیا جا سکتا ہے۔

ایک مرتبہ بستی نظام الدین (دہلی) سے تبلیغی جماعت جے پور آئی اس نے ہمارے چوک میں تقریر کی میواتیوں کی تقریر بہت سادہ دل پذیر ہوتی ہے وہ دل سے نکلتی اور دل میں اترتی ہے۔

اماں بی ان کی تقریر سے متاثر ہوئیں ان کے منہ سے بیساختہ نکلا اے اللہ جب مروں یہ نیک بندے میری نماز جنازہ پڑھیں مجھے کندھا دیں۔

عجیب حسن اتفاق ہے ۱۹۴۹ء میں جب انتقال ہوا۔ وہی تبلیغی جماعت ہندوستان سے آکر مکی مسجد کراچی میں ٹھہری ہوئی تھی، انہیں اطلاع کی گئی، نماز جنازہ وتدفین میں شریک رہی میوہ شاہ قبرستان کراچی کے دھوبی گھاٹ کی طرف قبرستان میں انہیں دفن کیا گیا تھا، اللہ کی شان ہے آج مزار کا نام ونشان بھی نہیں ہے، جس جگہ دفن کیا گیا تھا، وہاں مکان تعمیر ہو چکا ہے۔

کل من علیها فان ویبقی وجهه ربک ذوالجلال والاکرام (سورۂ الرحمٰن آیت ۲۷)	ہر چیز جو اس زمین پر ہے فنا ہو جانے والی ہے اور صرف تیرے رب جلیل وکریم ذات ہی باقی رہنے والی ہے۔

بر مزار ما غریباں نے چراغاں نہ گلے

نے پر پروانہ سوزد نے صدائے بلبلے

بے گناہوں کی اسی کوچہ میں مٹی ہے خراب

دادخواہوں کو یہاں زیست سے ملتا ہے جواب

وفات:۔ ابا میاں ۱۷ر جمادی الاولیٰ ۱۳۷۳ھ کو میری سب سے بڑی ہمشیرہ عائشہ آپا سے ملنے بہار کالونی گئے شام ہوگئی انہوں نے کھانے پر اصرار کیا کھانا تناول کیا، رات گئے پی اینڈٹی کالونی آئے طبیعت خراب ہوئی علاج کے لئے عرض کیا گیا، آمادگی ظاہر نہ فرمائی، لیٹے رہے ۱۸ جمادی الاولیٰ ۱۳۷۳ھ مطابق ۲۴ جنوری ۱۹۵۴ء کو جب کاروان عمر غالباً اٹھترویں منزل طے کر رہا تھا، قبیل مغرب حالت بگڑی اور روح قفس عنصری سے پرواز کر گئی۔

ابا میاںؒ کا ۱۹۴۸ء سے ۱۹۵۳ء تک شو مارکیٹ لارنس روڈ پر لکشمی نواس مینشن میں قیام رہا تھا، قریب ہی گاڑی احاطہ میں ایک چھوٹی سی مسجد الانہ تھی پھر وہ دوبارہ کئی منزلہ بنائی گئی اس مسجد میں پنجگانہ نمازیں جماعت سے پڑھتے تھے، امام وموذن اور پابندی سے مسجد میں آنے والے نمازی انہیں جانتے تھے، اس مسجد میں ایک مجذوب بھی پانچ وقت کی نماز جماعت سے پڑھتا تھا، اس کا جذب بھی عجیب تھا ہمہ وقت طاری رہتا تھا، جو کہتا تھا وہ سمجھ میں نہیں آتا تھا، لیکن امام کی تکبیر تحریمہ پر اس کا جذب ختم ہوتا اور سلام امام کے بعد اس کا جذب شروع ہو جاتا تھا نماز جنازہ سے قبل دیکھا کہ امام وموذن اور مقتدی اور یہ مجذوب، پی اینڈٹی میں جہاں جنازہ تیار تھا، آئے نماز جنازہ میں شرکت کی گذری کے قبرستان میں تدفین تک شریک رہے مگر اس عرصہ میں اس مجذوب پر خاموشی طاری رہی بعد تدفین اس کا جذب پھر عود کر آیا، اور ایک ہی رٹ زبان پر جاری تھی، کامیاب گیا کامیاب گیا گذری کے پہاڑی قبرستان میں ایک چھوٹی سی پہاڑی پر دفن کئے گئے، قبر پر نہ کوئی لوح ہے اور نہ کتبہ لیکن مزار آج تک محفوظ ہے۔(۱)

---

(۱) گورکن بھی صاحب قبر کا منتظر تھا، پوچھا گیا " کس کا انتظار ہے "، کہنے لگا کہ مجھے ایک عرصہ دراز گذرا کہ میں یہاں قبریں کھودتا ہوں یہ سارا پہاڑی علاقہ ہے، یہاں کی زمین انتہائی سنگلاخ پتھریلی ہے اور بہت دیر میں ایک قبر کھد کر تیار ہوتی ہے لیکن اس قبر کو جب میں نے کھودنا شروع کیا تو بغیر کسی زحمت کے کھودتا چلا گیا، اور ایسا معلوم ہوتا تھا کہ گویا مٹی از خود اوپر آرہی ہے۔ اس لئے میں بھی صاحب قبر کا چہرہ دیکھنا چاہتا ہوں۔ اللهم اغفرله و ارحمه و انت خير الراحمين ۔ غضنفر عفی عنہ

کتب خانہ واساتذۂ فن کی مشقوں اور وصلیوں کا ذخیرہ:۔ انہوں نے اپنی اولاد کو عالم ہی نہیں بنایا ان کی علمی سرگرمیوں کی بقاء وترقی کے لئے ناسازگار حالات میں بھی اردو عربی وفارسی کی نادر واہم کتابیں فراہم کیں، بعض قلمی نسخے خریدے، بعض کتابیں خود نقل کر کے ان کے علمی تشنگی کو دور کیا چنانچہ موصوف نے توضیح الافکار لمعانی تنقیح الانظار مؤلف محمد بن اسماعیل الامیر المتوفی ۱۱۸۲ھ کے آخر میں لکھا ہے کہ یہ نسخہ اپنے بیٹے محمد عبدالرشید کے لئے نقل کیا ہے۔

خود چونکہ خوشنویس، ناشر وصاحب مطبع تھے، ذوق علمی ونظر وسیع تھی، اس لئے بہترین مطبعوں اور نامور خوشنویسوں کی لکھی ہوئی، اچھے کاغذ پر چھپی ہوئی کتابیں جمع کی تھیں، ہندوستان کے قدیم ومشہور ترین مطابع میں مصطفیٰ خان بن روشن خان حنفی کے مطبع مصطفائی لکھنوء اور ان کے برادر خورد عبدالرحمٰن خان کے مطبع نظامی کانپور کی مطبوعات کو منشی نولکشور کی مطبوعات کے مقابلہ میں زیادہ پسند کرتے تھے، آگرہ کے مطابع میں مفید عام پریس آگرہ کی مطبوعات کی تعریف کرتے تھے، جس کے متعلق کسی شاعر نے کہا ہے۔

مفید عام پریس آگرہ کا اچھا ہے　　　کہ ہند میں چھپائی کا یاں شہرہ ہے۔

رعد پریس کانپور کی چھپی ہوئی کتابوں کے بھی دلدادہ تھے، دلی کے قدیم مطابع میں مطبع العلوم دہلی، مطبع امو جان اور عبدالاحد کے مطبع مجتبائی کی شائع کی ہوئی کتابوں کی قدر کرتے تھے، مطبع مجتبائی میرٹھ کی شائع شدہ کتابوں کو دل سے چاہتے تھے، اس لئے کہ ان کے یہاں اچھے کاتب اور نامور خوشنویس کاپی لکھتے تھے، تصحیح کا بھی اہتمام کیا جاتا تھا، کاغذ، چھپائی اور سرورق قابل دید ہوتا تھا، ایسی کتابیں کیوں مرغوب خاطر نہ ہوں۔

کتاب ایسی نہ کیوں ہو دل کو مرغوب　　　خط نسخ اچھا تو نستعلیق تھا خوب

یہ ذخیرہ کتب کم وبیش ہر فن کی کتابوں پر مشتمل تھا، اور اتنا زیادہ ذخیرہ تھا کہ میں نے جے پور میں کسی کے یہاں ذاتی ذخائر کتب میں نہیں دیکھا یہ کتب خانہ مولانا نعمانی کے تصرف میں رہا اور صحیح معنی میں انہوں نے اس سے فائدہ اٹھایا، آنکھیں بنوانے کے بعد ابا میاںؒ جب لکھنے پڑھنے کے لائق نہیں رہے کسی

سے کچھ نہیں کہا، نہایت خاموشی سے گھر بیٹھ رہے، مظفر میاں سے چھوٹا موٹا دھندہ کرایا وہی ان کی روزی کا حیلہ ہوگیا، یہ اس کی سعادت مندی تھی کہ یہ ان کی خدمت کرتا رہا انہوں نے ساری عمر کھلایا تھا وہ بہت غیرت مند تھے ان کی طبیعت پر اس کی یہ خدمت بھی گراں تھی۔

بقول ناسخ ان کی یہ حالت تھی۔

وہ تو کیا مرتا ہے بس غیرت سے مرا جاتا ہوں میں۔

آخری ایام میں ان کے پاس نقد کچھ نہ تھا مکان وسامان جے پور میں رہ گیا تھا، یہاں ایک کتب خانہ اور اساتذۂ فن خوشنویسوں کی وصلیوں اور مشقوں کا نادر ذخیرہ ہی عمر بھر کا سرمایہ تھا، بڑے لڑکے سب عالم اور برسر کار تھے گو آمدنی زیادہ نہ تھی لیکن ان کی گذر بسر ہوتی تھی، وہ سمجھتے تھے کہ انہوں نے اپنے ذوق کے مطابق کتابوں کا کچھ نہ کچھ ذخیرہ کیا ہے، ان کا ذوق علمی ہے یہ احتیاج کے مطابق آج نہیں کل کتب خانہ بنالیں گے اب انہیں ان کتابوں کی چنداں احتیاج نہیں، (الحمدللہ آج ہر ایک کے پاس اپنی ضروریات کے مطابق نہایت عمدہ کتب خانہ موجود ہے) انہوں نے اپنا سارا علمی ذخیرہ مظفر میاں کو دے دیا، یہ علم سے محروم رہا ہے، تو ان کے علمی سرمایہ سے کیوں محروم رہے، اس نے خدمت کی اس کا صلہ بھی انہوں نے اسے اپنی زندگی میں دے دیا، اس نے رفتہ رفتہ پورا ذخیرہ فروخت کر دیا جس کی بیشتر کتابیں آج نیشنل لائبریری کراچی میں موجود ہیں اور وصلیاں وقطعات نیشنل میوزیم کراچی کی زینت ہیں۔(۱)

اولاد واحفاد:۔ ابا میاں کے پہلے چار لڑکیاں ہوئیں، اور پانچ لڑکے اور درمیان کے اللہ کو پیارے ہوگئے سب سے بڑی عائشہ آپا، دوسری حاجرہ آپا تیسری قریشی آپا اور چوتھی رقیہ آپا تھی محمد عبدالرشید نعمانی موصوف میرے بڑے بھائی ہیں۔ ۱۸/ذی العقدہ ۱۳۳۲ھ بمطابق ۲۹ ستمبر ۱۹۱۵ء میں محلہ بساطیان میں پیدا ہوئے، میں نے انہیں شیروانی پہنے اور عربی کی موٹی موٹی کتابیں اٹھائے مدرسہ تعلیم الاسلام جاتے دیکھا ہے ان کے سرہانے کتابوں کی الماری اور صندوق رکھے ہوئے تھے، انہیں جب دیکھا کتاب پڑھتے اور کتابیں الٹ پلٹ کرتے جھاڑتے دیکھا کھانا کھا کر بستر پر جاتے تو بھی سرہانے سے کتاب اٹھاتے اور

---

(۱) مظفر بھائی کے بقول کچھ وصلیاں لاہور میوزیم میں منتقل ہوگئی ہیں۔

لیٹے لیٹے کتاب پڑھتے رہتے، جب نیند کا غلبہ ہوتا کتاب تکیہ کے پاس رکھتے اور سو رہتے، میں نے اپنے خاندان میں ان سے زیادہ پڑھنے کا شوقین اور کتابوں کا رسیا نہیں دیکھا۔

اس دور میں انہیں اسماعیل بن اسحاق القاضی المتوفی ۲۸۲ھ کا مثیل پایا، جس کے متعلق ابوھفان عبداللہ بن احمد المتوفی ۲۵۷ھ کا بیان ہے۔

اما اسماعیل بن اسحا ق فانی مادخلت الیه الا رأیته ینظر فی کتاب او یقلب کتباً اویقضها۔	لیکن اسماعیل بن اسحاق کے پاس جب بھی میں آیا انہیں کتاب دیکھتے یا کتابیں الٹتے پلٹتے یا جھاڑتے دیکھا۔

ہر وقت ان کے منہ سے کتاب لگی رہتی تھی چنانچہ نوعمری میں آنکھوں پر زور پڑا اور ان کے عینک چڑھی، ساری عمر لکھا پڑھا اور پڑھایا اس لئے انہیں اصلاح کی کبھی حاجت نہیں ہوئی، اردو عربی دونوں زبانیں خوب لکھتے تھے مطالعہ نہایت وسیع تھا، جس موضوع پر قلم اٹھاتے تھے، خوب داد تحقیق دیتے تھے ۱۹۳۳ء میں مولوی فاضل و ۱۹۳۴ء میں منشی فاضل کیا، لیکن ان امتحانات سے انہیں کوئی دلچسپی نہ تھی، ۱۹۳۴ء میں ندوۃ العلماء لکھنوء میں رہ کر شیخ الحدیث مولانا حیدر حسن خان سے ترمذی پڑھی اور خصوصی استفادہ کیا جوانی ۱۹۳۷ء میں کمانے کا خیال ہوا تو گھر میں نہ کہا کہ اجازت نہ ملتی بریلی کا رستہ لیا۔ مجھے یاد ہے سہ پہر سے گھر میں کھسر پھسر ہونے لگی، آپا بی (میری خالہ) حافظ جی ابا، ابا میاںؒ اور اماں بی کی نیندیں اڑگئیں، پڑھے لکھے تھے، ہشیاری کی، اسٹیشن سے خط ڈاک میں ڈالا کہ میں بریلی مولانا یٰسین کے مدرسہ میں جا رہا ہوں دوسرے دن خط ملا تو دھوم مچی کہ بریلی گئے ہیں۔

۱۳۵۷ھ بمطابق ۱۹۳۸ء دائرۃ المعارف العثمانیہ حیدر آباد دکن میں دفتر معجم المصنفین سے وابستہ ہوئے اور چار برس اس میں کام کیا ۱۹۴۰ء میں شادی ہوئی ۱۹۴۲ء کے اواخر میں ندوۃ المصنفین دہلی میں لغات القرآن لکھنا شروع کی ۱۹۴۵ء کے اواخر میں ایک سال تبلیغ کے سلسلے میں بستی نظام الدین میں قیام رہا اگست ۱۹۴۲ء میں جے پور آ گئے اور یہیں لغات القرآن لکھتے رہے غالباً اکتوبر ۱۹۴۷ء میں کراچی پاکستان آئے، یہاں مولانا محمد صادق صاحب سندھی المتوفی ۱۹۵۳ء کے مدرسہ مظہر العلوم کھڈہ کے کتب خانہ کی

فہرست مرتب کی ۱۹۴۹ء میں دارالعلوم ٹنڈ والٰلہ یار سے وابستہ ہوگئے اور یہاں ۱۹۵۰ء تک تدریسی خدمات انجام دیں، ۱۹۵۵ء میں مولانا محمد یوسف بنوریؒ کے مدرسہ اسلامیہ (جامعۃ العلوم الاسلامیہ) میں تدریسی خدمات انجام دینے لگے ۱۹۶۲ء میں یہاں سے ماہنامہ رسالۂ بینات نکالا ۱۹۶۳ء میں الجامعۃ الاسلامیہ بہاولپور کی یونیورسٹی بننے کے بعد نائب شیخ الحدیث کی حیثیت سے ان کا تقرر ہوا۔ آخر میں شیخ التفسیر اور صدر شعبہ ہوکر ۱۶ ستمبر ۱۹۷۶ء میں اس منصب سے سبکدوش ہوئے، پھر مولانا محمد یوسف بنوریؒ کے مدرسہ سے وابستہ ہوگئے اب یہاں تخصص کے طلبہ کے نگران اعلیٰ کے فرائض انجام دیتے رہے اور تحقیقی مقالات کی نگراں رہے، اور تین بار حج بیت اللہ سے مشرف ہوئے پہلی مرتبہ پھر ۱۹۷۹ء میں اہلیہ کے ہمراہ حج کیا۔ ۱۹۴۵ء میں حضرت شاہ عبدالقادر رائپوریؒ سے بیعت ہوئے، سلوک وارشاد کا سلسلہ بھی موصوف سے قائم ہے، ان کی وجہ سے خاندان میں بدعات ورسوم کا خاتمہ ہوا عقائد درست ہوئے، جے پور میں تبلیغ کا کام شروع ہوا تدریسی خدمات کی وجہ سے پاکستان میں ان کے تلامذہ کا ایک وسیع سلسلہ پایا جاتا ہے۔ علمی و تحقیقی خدمات نہایت وسیع ومتنوع ہیں، اس دور میں موصوف سلف کی یادگار تھے، میرے مربی ومحسن اور استاد وباپ کی جگہ تھے، بعض علوم اصول حدیث ورجال حدیث، طبقات حنفیہ میں ان کی نظیر پاکستان میں مشکل ہی سے مل سکے گی، اللہ تعالیٰ نے موصوف کی ذات سے امت کو زیادہ فائدہ پہنچایا۔

اولاد:۔ دولڑکے محمد عبدالمعید ومحمد عبدالشہید اور تین لڑکیاں امۃ الرحمٰن، امۃ اللہ اور امۃ الرحیم ہیں محمد عبدالمعید نے ۱۹۶۹ء میں عین شباب کے عالم میں انتقال کیا بہت ہی نیک باادب ماں باپ کا خدمت گذار صالح اور سخی تھا، سب سے چھوٹی بیٹی امۃ الرحیم کا بھی جوانی میں انتقال ہوا۔

عبدالشہید سلمہ کراچی میں پیدا ہوا، قرآن مجید حفظ کیا درجہ رابعہ تک نیوٹاؤن کے مدرسہ میں تعلیم حاصل کی، بھائی صاحب کے بہاولپور منتقل ہونے کے بعد مفتی فاروق رحمۃ اللہ علیہ کے مدرسہ میں پڑھا پھر شاہ ولی اللہ کالج منصورہ سے امتیازی درجات کے ساتھ مولوی، مولوی عالم اور مولوی فاضل کے امتحانات پاس کئے۔

کراچی یونیورسٹی کے شعبہ عربی سے بی۔اے آنرز اور ایم۔اے امتیاز کے ساتھ کیا بعد میں اسی

شعبہ سے پی۔ایچ۔ڈی کیا اور جامعۃ الریاض سعودی عرب سے الدبلوم العالی حاصل کیا ۱۹۷۳ء سے کراچی یونیورسٹی کے شعبہ عربی میں تدریس سے وابستہ ہے متعدد مرتبہ صدر شعبہ کے فرائض انجام دیئے ہیں۔ متعدد کتابوں کے مؤلف ہیں اور شیخ زاید اسلامک سینٹر کے ڈائریکٹر بھی رہے ہیں اب موصوف ڈین فیکلٹی آف آرٹس کراچی یونیورسٹی کے عہدہ پر فائز ہیں حضرت نفیس شاہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے مجاز و خلیفہ ہیں۔(۱)

مولانا نعمانی کی دو صاحبزادیاں امۃ الرحیم اور امۃ اللہ بھی حافظ قرآن ہیں امۃ الرحیم مرحومہ نے کینیڈا میں متعدد بچیوں کو قرآن مجید پڑھایا امۃ اللہ بھی امریکہ کے شہر بفیلو میں ڈاکٹر اسماعیل کے قائم کردہ دینی مدرسہ میں فی سبیل اللہ قرآن مجید پڑھاتی ہے۔

بھائی صاحب کے دامادوں میں ڈاکٹر محمد احمد قمر پی۔ایچ۔ڈی اور جامعۃ العلوم الاسلامیہ علامہ بنوری ٹاؤن کے فاضل ہیں رابطہ عالم اسلامی میں اعلیٰ عہدوں پر فائز رہے ہیں اور ایک عرصہ سے مکہ مکرمہ میں مقیم ہیں ان کا ایک بیٹا عبدالقاہر قمر بھی پی۔ایچ۔ڈی ہے۔

دیگر دامادوں میں ضیاء خورشید چارٹرڈ اکاؤنٹنٹ ہیں اور پروفیسر شمیم احمد فلسفہ نفسیات اور اسلامیات میں ایم۔اے ہیں اور کیڈٹ کالج پٹارو سے صدر شعبہ اسلامیات کی حیثیت سے ریٹائرڈ ہوئے ہیں۔اس وقت بفیلو کے دینی مدرسہ میں استاد اور مہتمم کتب خانہ ہیں ڈاکٹر اسماعیل صاحب سے ان کو اجازت بیعت بھی حاصل ہے۔

تالیفات:۔ (۱) اردو میں لغات القرآن۔(۲) امام ابن ماجہ اور علم حدیث۔(۳) یزید کی شخصیت اہل سنت کی نظر میں۔(۴) شہداء کربلا پر افتراء۔(۵) قصاص عثمانؓ اور حضرت علیؓ۔(۶) ناصبیت تحقیق

(۱) محمد عبدالشہید کی تین لڑکیاں اور چار لڑکے ہیں ماشاء اللہ لڑکے لڑکیاں سب حافظ ہیں تینوں لڑکیاں مدرسہ عائشہ صدیقہ للبنات کی فاضلہ ہیں۔سب سے چھوٹی لڑکی مدرسہ میں بھی ہے لڑکوں میں سب سے بڑا عبدالحمید نبیل شعبہ عربی کراچی یونیورسٹی میں لیکچرار ہے عبدالمجید بلال کراچی یونیورسٹی میں امام و خطیب ہے عبدالوحید حارث نے انگلش میں ڈبل ایم۔اے اور اسلامیات میں ایم۔اے کیا ہے قرآن مجید بہت عمدہ پڑھتا ہے، انگریزی کا بہترین شاعر ہے اس وقت فاسٹ یونیورسٹی میں انگریزی کا استاد ہے سب سے چھوٹا عبدالمعید انٹر کر رہا ہے اور ایک دینی مدرسہ میں زیر تعلیم ہے۔(غضنفر عفی عنہ)

کے بھیس میں ۔(۷)تبصرہ بر المدخل فی اصول الحدیث للحاکم النیشاپوریؒ۔(۱)عربی میں، ما تمس الیه الحاجه لمن یطالع سنن ابن ماجه (اب یہ کتاب بیروت سے الامام ابن ماجه و کتابه السنن کے نام سے شیخ عبدالفتاح ابوغدہ کی تحقیقات کے ساتھ شائع ہوئی ہے)،مکانة الامام ابی حنیفه فی الحدیث ،مقدمہ کتاب التعلیم تالیف امام مسعود بن شیبہ سندھی پر عربی مقدمہ وتعلیقات، دراسات اللبیب فی الاسوة الحسنته بالحبیب تالیف ملا معین سندھی،ذب ذبابات الدراسات عن المذاهب الاربعة المتناسبات تالیف مخدوم عبداللطیف سندھیؒ۔

محمد عبدالعلیم ندوی عرف آغا میاں :۔ موصوف میرے بڑے بھائی ہیں ۷/دسمبر ۱۹۱۹ء میں پیدا ہوئے لڑکپن سے انہیں کشتی وکبوتر بازی کا شوق رہا ہے،ابا میاں نے انہیں سورت ڈابھیل بھیجا ،جب علم سے لگاؤ ہوا تو ندوۃ العلماء لکھنوء میں شیخ الحدیث مولانا حیدر حسن خان ٹونکیؒ کی خدمت میں پہنچایا ان کی زیر تربیت رہ کر ندوۃ العلماء میں پڑھا اسی نسبت سے ندوی لکھتے ہیں ۱۹۴۰ء میں اورنٹیل کالج لاہور سے مولوی فاضل کیا ۱۹۴۱ء میں دائرۃ المعارف العثمانیہ حیدرآباد دکن میں دفتر معجم المصنفین میں کام کیا ۱۹۴۲ء میں شادی کی،اورجے پور میں جواہرات کا بیوپار کیا ۱۹۴۹ء میں کراچی آئے،یہاں ایک اسکول میں پڑھایا،اور ابن الجزریؒ کی کتاب الحصن الحصین کا قول متین کے نام سے اردو میں ترجمہ وشرح جسے اصح المطابع نور محمد کارخانہ تجارت کتب نے شائع کیا، میں موصوف حیدرآباد سندھ منتقل ہوگئے ،لطیف آباد میں قیام کیا۔تاریخ انتقال ۲۹ رستمبر ۱۹۸۷ء۔

ان کے چھ لڑکے اور تین لڑکیاں ہیں،سب سے بڑا لڑکا محمد عبدالمقیت ہے اس نے اردو ادب میں پی۔ایچ۔ڈی کیا،ہمارے خاندان میں اردو ادب میں یہ پہلا پی۔ایچ۔ڈی ہے کراچی میں سندھ مسلم کالج میں لیکچرار رہا اور مختلف مراتب پر فائز ہوکر ریٹائر ہوا اس نے حیدرآباد سندھ سے ایک اردو ماہنامہ نکالا تھا جو

---

(۱) یہ سب کتابیں الحمدللہ الرحیم اکیڈمی سے شائع ہوچکی ہیں۔اس کے علاوہ الامام ابن ماجه وکتابه السنن تالیف نعمانی کو شیخ عبدالفتاح ابوغدہ نے اپنے مقدمہ وتحقیق کے ساتھ بیروت سے شائع کیا،یہ بھی عکسی الرحیم اکیڈمی کراچی سے شائع ہوگئی ہے،علاوہ ازیں مکانة الامام ابی حنیفه فی الحدیث بھی شیخ عبدالفتاح ابوغدہ کی تحقیق کے اور مصنف کے مزید اضافہ کے ساتھ الرحیم اکیڈمی سے شائع ہوگئی ہے،اور مقالات محدث نعمانی بھی ان شاء اللہ عنقریب شائع ہوجائینگے۔غفنفر عفی عنہ

اس کے ادبی ذوق کا آئینہ دار ہے اس کے دو تین شمارے ہی شائع ہوئے بس اور ان کی ایک لڑکی اور ایک لڑکا ہے اور یہ دونوں امریکہ میں مقیم ہیں۔

محمد عبد الودود:۔ جے پور میں ۲۳ جمادی الثانی ۱۳۶۶ھ بمطابق ۱۵ مئی ۱۹۴۷ء کو پیدا ہوا۔ حافظ قرآن ہے اس نے ایم۔اے کیا اور بینک میں آفسر ہے ۱۹۸۰ء میں شادی ہوئی اس کی دو لڑکیاں اور ایک لڑکا ہے۔

محمد عبد الوارث:۔ یہ بھی حافظ ہے۔ اس نے بی۔کام کیا بینک میں ملازم ہو گیا۔ کچھ عرصہ بعد جرمنی چلا گیا وہیں شادی کی اور آباد ہو گیا۔

محمد عبد المغیث:۔ ۱۰ر جنوری ۱۹۶۰ء کو پیدا ہوئے۔ حافظ ہے ایم۔ بی۔ بی ایس ڈاکٹر ہے آغا بھائی نے لڑکوں کی اس طرح تربیت کی ہے کہ عبد الودود نے مڈل کے ساتھ حفظ کی بھی تکمیل کر لی۔ عبد الوارث اور عبد المغیث نے جس سال میٹرک کیا اس سال قرآن مجید بھی پورا حفظ کیا۔ خاندان میں یہ امتیاز انہی کے لڑکوں کو حاصل ہے۔ لڑکیوں میں بڑی لڑکی عذرا نے بی۔اے کیا ہے نظام الدین سے اس کی شادی ہوئی ہے اور صاحب اولاد ہے۔

محمد عبد الحلیم عرف اچھے میاں:۔ ۶ر اپریل ۱۹۲۹ء میں پیدا ہوا، ابتداء میں حافظ جی ابا نے قرآن مجید کے ابتدائی تین پارے یاد کرائے ۱۹۳۶ء میں دکان سنبھالی اور تجارت کی، ۱۹۴۰ء میں حیدر آباد دکن چلا گیا غالباً ۱۹۴۱ء میں مدرسہ نظامیہ حیدر آباد میں پڑھنے کے لئے بٹھایا گیا ۱۹۴۲ء میں حیدر آباد سے جے پور آیا ۱۹۴۲ء میں منشی کیا پھر مدرسہ تعلیم الاسلام میں عربی پڑھی شوال ۱۳۶۳ھ ستمبر ۱۹۴۳ء میں دار العلوم دیوبند بھیجا گیا یہاں پڑھتا رہا ۱۹۴۷ء میں کراچی آ گیا ۱۲ر ستمبر ۱۹۴۸ء میں دار العلوم دیوبند گیا اور موقوف علیہ اور دورہ کیا شعبان ۱۳۶۳ھ مئی ۱۹۴۹ء میں کراچی آیا۔ ریڈیو پاکستان کراچی میں مولانا احتشام الحق تھانویؒ کے یہاں تفسیر قرآن میں معاون کی حیثیت سے کام کرتا رہا۔

کچھ عرصہ آل پاکستان ہسٹاریکل سوسائٹی کراچی میں ریسرچ اسسٹنٹ کی حیثیت سے کام کیا۔ پھر ۱۹۵۵ء میں لیاقت نیشنل لائبریری سے وابستہ ہوا۔ اور یہاں کم وبیش چودہ برس کام کیا، اپریل ۱۹۶۸ء میں اورنٹیل کٹیلاگر کی حیثیت سے کتب خانہ جامعہ کراچی میں کام کیا اور ترقی کر کے اسسٹنٹ لائبریرین ہوا۔ نومبر ۱۹۷۷ء سے ہیرو یونیورسٹی کانو میں سینئر لائبریرین کی حیثیت سے کام کرتا رہا۔

۱۹۵۳ ء میں میٹرک کیا، ۱۹۵۷ء میں مولوی فاضل کیا ۱۹۶۷ء میں جامعہ کراچی سے اسلامیات میں ایم ۔ اے کیا۔ ۱۹۷۱ء میں جامعہ کراچی سے علم کتب خانہ میں ایم ۔ اے کیا، ۱۹۸۱ء میں اسلامی کتب خانوں کے موضوع پر اسی جامعہ سے پی ۔ ایچ ۔ ڈی کیا۔

۱۹۵۷ء سے معارف اعظم گڈھ اور دیگر علمی رسائل میں مقالات لکھ رہا ہوں، ۱۹۵۷ء میں حیات وحید الزماں لکھی۔

۱۹۵۸ء میں تحفۃ الاخیاء ترجمہ مشارق الانوار کو فقہی ترتیب پر مرتب کیا۔

۱۹۵۹ء میں نصیحۃ المسلمین مؤلف مولانا خرم علی بلہوریؒ کو از سر نو ترتیب دیا۔

۱۹۶۳ء میں عجالۂ نافعہ کا اردو ترجمہ اور اس کی شرح فوائد جامعہ کے نام سے لکھی۔

۱۹۷۲ء میں البضاعۃ المزجاۃ لمن یطالع المرقاۃ فی شرح المشکوٰۃ لکھی جو مکتبہ امدادیہ ملتان سے شائع ہوئی یہ عربی میں ہے۔

اس دوران تذکرۃ الخلیل کی ترتیب نو کی۔

۱۹۶۱ء میں الاتقان فی علوم القرآن کے ترجمہ پر نظر ثانی اور مقدمہ لکھا۔

پہلی شادی ۱۹۴۰ء میں ہوئی تھی لیکن اس کا انتقال ہو گیا دوسری شادی ۲۷ / ذوالحجہ ۱۳۷۲ھ بمطابق ۲۸ / اگست ۱۹۵۴ء میں کی جس سے چار لڑکے اور آٹھ لڑکیاں ہیں۔

۱۔ محمد الاول، یہ حافظ ہے۔

۲۔ محمد الثانی، یہ بھی حافظ ہے جامعۃ العلوم الاسلامیہ کراچی میں دورۂ حدیث تک تکمیل کر کے اول پوزیشن حاصل کی، بعد ازیں تخصص فی الحدیث مولانا نعمانیؒ کی نگرانی میں کیا اور ممتاز رہا، بعد ازیں سندھ یونیورسٹی

سے پی ۔ ایچ ۔ ڈی کیا۔ اور اب تک دسیوں تحقیقی مقالات جو مختلف رسائل میں طبع ہوئے، اور متعدد کتابیں بھی تصنیف کر چکا ہے ۔ جس پر کئی بار صدارتی ایوارڈ سے نوازا گیا ہے اور مسلسل روزنامہ جنگ میں ان کے مضامین شائع ہوتے رہتے ہیں، اردو یونیورسٹی کراچی میں اسسٹنٹ پروفیسر کے عہدہ پر فائز ہیں اور متعدد اہل علم ان کی زیرنگرانی پی ۔ ایچ ۔ ڈی کر چکے ہیں۔

۳۔ محمود۔ یہ بھی حافظ اور عربی میں ادیب فاضل اور ایم ۔ اے ہے اور ڈیفنس اسکول ڈی ۔ ایچ میں پڑھاتا ہے۔

۴۔ حماد۔ اس نے بھی انٹر کیا ہے۔

۵۔ حبیبہ۔ یہ حافظ ہے۔ اس کی شادی مولانا نعیم الدین صدیقیؒ مشیر امور مذہبی جامعہ کراچی سے ہوئی، یہ صاحب اولاد ہے۔

۶۔ بشریٰ یہ بھی حافظ ہے اس کی شادی مولانا عبدالحلیم خان ناظم کتب خانہ جامعۃ العلوم الاسلامیہ کراچی سے ہوئی ہے، یہ بھی ماشاء اللہ صاحب اولاد ہے۔

۷۔ شاکرہ۔ یہ بھی حافظ قرآن ہے اس کی شادی شکیل احمد خاں سے ہوئی ہے اور صاحب اولاد ہے۔

۸۔ سلمہ بھی حافظ ہے۔ اس کی بھی شادی ہو چکی ہے اور صاحب اولاد ہے۔

۹۔ ذکیہ۔ ہومیو پیتھک ڈاکٹر ہے۔ یہ بھی شادی شدہ ہے۔

۱۰۔ راشدہ۔ یہ بھی ہومیو پیتھک ڈاکٹر ہے۔

۱۱۔ سلمہ، ۱۲۔ نقیہ، ۱۳۔ صفیہ۔ ان کی شادی عظیم الدین سے ہوئی ہے مدرسہ عائشہ کی فاضلہ اور ایم ۔ اے ہے۔

محمد عبدالعظیم عرف مظفر میاں:۔ میرے چھوٹے بھائی ہیں۔ یہ ۱۳۵۹ھ بمطابق ۱۹۳۰ء میں پیدا ہوئے ابتداء میں چھوٹی موٹی تجارت کی ۱۹۴۷ء میں پاکستان آگئے سٹی پوسٹ آفس کراچی میں ملازمت کی اور ۱۹۸۰ء میں اس سے سبکدوش ہو گئے، ۱۹۴۹ء میں میٹرک کیا، اور ادیب کا امتحان دیا۔ ۱۹۵۴ء میں شادی کی ماشاء اللہ صاحب اولاد ہیں، نیک وصالح ہیں، ۱۳۰۲ھ میں مکتبہ اہل سنۃ وجماعۃ کراچی ۱۹ قائم کیا

اس سے حسب ذیل کتابیں اب تک شائع ہو چکی ہیں۔

ا۔شہداء کربلا پر افتراء از مولانا محمد عبد الرشید نعمانیؒ۔

۲۔ یزید کی شخصیت۔

۳۔ کتاب الآثار لامام ابی حنیفہؒ۔

۴۔قصاص عثمانؓ اور حضرت علیؓ۔

۵۔ کریما۔ جلی وخفی، اردو منظوم ترجمہ، اور انگریزی ترجمہ۔

۶۔ یزید علماء دیوبند کی نظر میں، از ڈاکٹر قاری محمد ضیاء الحق۔اب یہ تمام کتابیں الرحیم اکیڈیمی سے شائع ہوگئی ہیں۔

اولاد:۔ (۱) سعیدہ۔ (۲) احمد مرحوم۔ (۳) محمد عبد الواسع۔ (۴) محمد عبد الرافع۔ (۵) محمد عبد النافع۔ (۶) عفت ناہید۔ (۷) محمد عبد الجامع عرف طارق۔ (۸) محمد عبد الصانع عرف شارق۔ (۹) شازیہ۔ (۱۰) مبشرہ۔ (۱۱) محمد عبد المنیر۔ (۱۲) محمد عبد الوالی عرف فیصل۔ (۱۳) امۃ اللطیف عرف حناء۔ (۱۴) محمد عبد المتعالی، عرف نعمان۔ (۱۵) میمونہ عرف ثناء۔

محمد عبد الرحمٰن غضنفر:۔ یہ میرے سب سے چھوٹے بھائی ہیں ۱۹۳۶ء میں پیدا ہوئے عربی فارسی مدارس عربیہ میں پڑھی لیکن تکمیل نہیں کی۔ابتداء میں تجارت کی پھر پوسٹ آفس میں ملازمت اختیار کی بعد ازاں سعودی عرب میں کسی کمپنی میں ملازم ہو کر چلے گئے وہاں تین سال کام کیا۔اسی اثناء میں عمرے اور حج کیے، یہ ہرفن مولیٰ ہیں اردو فارسی میں شعر کہتے ہیں، موٹر رکشہ بھی چلاتے رہے ہیں، کسی کو تعویذ درکار ہوں تو اس سے بھی دریغ نہیں فرماتے ہیں۔ہومیو پیتھ ڈاکٹر بھی مستند ہیں کوئی بیمار ہو تو علاج معالجہ میں بھی انہیں پس وپیش نہیں ہے کتابیں جمع کرنے کا شوق ہے آج کل علمی ودینی ترقی اور اپنی آخرت کی بہتری کی خاطر دینی کتابیں شائع کرتے ہیں اور شب وروز اس میں سرگرم عمل ہیں۔چنانچہ ایک کثیر رقم سے الرحیم اکیڈمی یعنی (دار النشرۃ العلمیہ) قائم کی ہے۔آدمی باغ و بہار ہیں، جتنی دیر آپ ان کے پاس بیٹھیں گے

حضرت مولانا حیدر حسن خان ٹونکیؒ:۔ حاجی امداد اللہ مہاجر مکیؒ کے خلفاء میں سے تھے، حاجی امداد اللہؒ نے انہیں جو سند خلافت عطا کی تھی وہ مطبوعہ تھی، اس کی فوٹو کاپی ہدیہ ناظرین ہے، حضرت مولانا حیدر حسن خان ٹونکیؒ بھی اپنے خلفاء کو یہی سند دیتے تھے چنانچہ مولانا نعمانیؒ کو دی تھی، اس پر مولانا حیدر حسن خانؒ کے دستخط بھی موجود ہیں، یہ میں نے مولانا نعمانیؒ کے پاس دیکھی تھی۔

اس سے معلوم ہوتا ہے کہ حاجی امداد اللہؒ ہجرت کے بعد اس طرح کی مطبوعہ سند خلافت واجازت اپنے خلفاء کو دیا کرتے تھے، یہ سلسلہ مکہ مکرمہ میں شروع کیا تھا، اس لئے کہ وہاں شامی اہل علم حضرات ان سے وابستہ تھے ان کی وجہ سے حضرت نے اجازت نامہ عربی میں چھپوایا تھا اسی وجہ سے اس نوع کا مطبوعہ خلافت نامہ تذکرۃ الخلیل میں نظر سے نہیں گزرا۔ اس اجازت نامہ کی فوٹو کاپی ہدیہ ناظرین ہے۔(۱)

(۱) ان کا تذکرہ نقوش ''شخصیات نمبر'' لاہور ۱۹۵۴ص ۱۹۸ میں ملاحظہ فرمائیں۔

ابامیاں محمد عبد الرحیم خاطر رحمہ اللہ سلسلۂ عالیہ چشتیہ میں شرف بیعت رکھتے تھے اور سلوک کی تکمیل مولانا حکیم محمد ابراہیم خان رُوحی ٹونکی رحمہ اللہ (المتوفی ۲۶ فروری ۱۹۳۴ء) سے کی تھی۔ ابامیاں ان کے خلیفۂ مجاز تھے لیکن کسی کو بیعت نہیں کیا اور اس میں اخفاء ایسا کیا تھا کہ قریبی حضرات کو بھی اس کا علم نہ تھا۔

سلسلہ طریقت حسب ذیل ہے:۔

محمد عبد الرحیم خاطر، حضرت مولانا محمد ابراہیم خان رُوحی، حضرت شاہ محمد علی، حضرت شاہ سکندر علی، حضرت غلام محمد شاہ کشمیری عرف مسکین شاہ، حضرت شاہ نیاز احمد بریلوی، حضرت شاہ فخرالدین دہلوی، حضرت شاہ نظام الدین اورنگ آبادی، حضرت شاہ کلیم اللہ جہاں آبادی رحمہم اللہ تعالیٰ۔

خلافت نامہ

الٰہی عاقبت برادر دینی مسمّی شیخ عبدالرحیم صاحب رابالخیر والعافیۃ بادبالنبی وآلہ الاٗ مجاد بحق رب العباد ونیز برادر دینی شیخ موصوف رااجازت بیعت دادم کما اَجازنا شیخنا ومرشدنا مولانا محمد علیشاہ قدس سرہ العزیز باید کہ شیخ موصوف حسب توفیق الٰہی پابند شریعت وصوم وصلوٰۃ مدام باشند ومعروف باشاعت واعلاء کلمۃ اللہ تعالیٰ خود رادانند۔ فقط والسلام

العبد

محمد ابراھیم عفی عنہ روحی چشتی نظامی

بقلم خود

شجرۂ چشتیہ معینہ نظامیہ فخریہ نیازیہ مسکینیہ منظومہ مجید اللہ خاں صاحب متخلص بخاور، جیل پریس (ریاست) جھالاواڑہ، ۱۳۳۰ھ (۱۹۰۰ء) ص ۹ تذکرہ روحی میں الہام الدین خان نے اس شجرہ کا ذکر نہیں کیا ہے۔ اس لئے ہم نے اس کا یہاں ذکر کیا ہے۔

الحمد للہ والمنہ کہ بہنگام محمود و آوان مسعود حسب الارشاد پیر و مرشد

حضرت مولوی محمد علی شاہ صاحب

این شجرہ المسمی بہ

شجرہ چشتیہ معینیہ نظامیہ فخریہ نیازیہ مسکینیہ

منظومہ محمد مجید اللہ خان رضا صاحب خلف

صاحبزادہ الحسنی صالح محمد خان صاحب ضیا مرحوم المتخلص بہ خاور

در مطبع محمدی سرکار ٹونک باہتمام غالب علیخان مہتمم مطبوع شد

مولانا محمد ابراہیم روحی ٹونکی رحمہ اللہ کا اجازت نامہ خلافت مجاز کا عکس ملاحظہ فرمائیں۔

اب درد فراق سے ہوں میں سقیم اے مظہر ذات خدائے کریم

مرشد مولانا شاہ ابراہیم اے صاحب علم و یقین مدد

الٰہی عاقبت برادر دینی مسمی شیخ عبدالرحیم صاحب لہ بالخیر والعافیۃ بام

بالنبی آلہ الامجاد بحق رب العباد و نیز برادر دینی شیخ موصوف را

اجازت بیعت دادم کما اجازنا شیخنا و مرشدنا مولانا محمد علی شاہ قدس سرہ العزیز

بایدکہ شیخ موصوف حسب توفیق الٰہی پابند شریعت و صوم و صلوٰۃ مداوم باشند و معروف

جماعت و لعلہ کلمہ اللہ تاخود ... فقط والسلام

محمد ابراہیم روحی چشتی نظامی

فقط

(۱) مولانا حکیم محمد ابراہیم روحی کی وفات ۱۱ ذیقعدہ ۱۳۵۲ھ / بمطابق ۲۶ فروری ۱۹۳۴ء کو ہوئی۔ ان کا مزار شریف بھی بھیرہ (ٹونک) اپنے شیخ مولانا محمد علی شاہؒ کی درگاہ شریف کے چبوترے پر ہی ہے۔ خورشید روحی" کے تعارف کے ذیل میں صفحہ ۱۶۷ و ۱۶۸ پر دو قطعات جناب منشی عبدالرحیم صاحب خوشنویس جے پوری متخلص بہ خاطر نے لکھے ہیں۔ (تذکرہ روحی ص: ۱۲-۱۳، طبع ٹونک، راجستان، رجب المرجب ۱۳۹۶ھ / جون ۱۹۷۶ء۔

مطبوعات الرحیم اکادمی

(۱)أسوة الرسول الاکرم:تالیف الدکتورعبدالحی العارفیؒ، تعریب وتخریج:اختر حسن السیدالحسینی.................. /۲۰۰

(۲)اوجز السّیرلخیر البشر: الامام ابوالحسن احمدالقزوینی الرازیؒ:الجواھر السنیه فی السیرةالنبویه: للامام تقی الدین محمدالفاسیؒ.. /۳۰

(۳) الصّلات والبُشرفی الصلاة علی خیر البشر:للامام شیخ الاسلام مجدالدین محمد بن یعقوب الفیروز آبادیؒ.......... /۱۵۰

(۴)الامام ابن ماجهؒ وکتابه السّنن:تالیف للشیخ محمدعبدالرشیدالنعمانیؒ:تحقیق وتقدیم:للشیخ عبدالفتاح ابوغدهؒ..... /۴۰۰

(۵)التّبیان فی آداب حملة القرآن:للامام شرف الدین النوویؒ: فتح الکریم المنان فی آداب حملةالقرآن: المقری الکبیر الضبّاع المصری.. /۴۰

(۶)العالم والمتعلم روایةابی مطیع عن ابي حنیفةؒ:رساله ابی حنیفة: الیٰ عثمان البتی عالم اهل البصرة الفقه الاکبر:روایة ابی مطیع عن ابی حنیفةؒ:شرح الفقه الاکبر للامام ابي منصورمحمدالحنفی السمرقندیؒ.................. /۳۰

(۷)الانتصاروالترجیح للمذهب الصحیح: المظفرجمال الدین بن فرغل بن عبدالله البغدادی سبط ابن الجوزیؒ.. /۳۰

(۸) الانصاف في بیان سبب الاختلاف:للشاہ ولی الله المحدث دهلویؒ.عربی،اردو.................. /۶۰

(۹) إصلاح غلط المحدثین:للامام ابی سلیمان محمدبن ابراهیم الخطّابیؒ:
شرح الفاظه وخرّج احادیثه وعلّق علیه:صلاح محمدمحمدعویضه.................. /۶۰

(۱۰) کتاب المغنی في ضبط الاسماء لرواةالانباء: العلامة المحدث محمدطاهربن علی الفتنی صاحب مجمع بحار الانوار حققه وعلق علیه:فضیلة الشیخ زین العابدین الاعظمیؒ.
ومعه (فصول) من مقدمة التوشیح شرح الجامع الصحیح:للحافظ جلال الدین السیوطیؒ.................. /۲۵۰

(۱۱)اللآلی المصنوعه فی الروایات المرجوعه:العلامة المحدث الفقیه السیدمحمدمهدی حسن الشاهجهانفوریؒ.. /۳۰

(۱۲) السیف المجلّی:للعلامه المفتی السیدمهدی حسن الشاهجهانپوریؒ.................. /۳۰

(۱۳)إمعان النظرشرح نخبة الفکر:العلامةالقاضی محمداکرم النصرفوری السندیؒ
خرّج نصوصه وقدّم له:الدکتورابوسعیدغلام مصطفیٰ القاسمی السندیؒ.................. /۲۵۰

(۱۴)اصول التخریج ودراسة الاسانید:الدکتورمحمدالطحان.................. /۱۸۰

(۱۵) الوجیزفی اصول الفقه:الدکتوروهبة الزحیلی.................. /۱۲۰

(۱۶) المدخل فی اصول الحدیث:للحاکم النیشابوری،تبصره بر المدخل علامه محدث محمدعبدالرشید النعمانیؒ........ /۱۰۰

(۱۷) المقصود: منسوبةالیٰ الامام ابی حنیفة نعمان بن ثابتؒ،
ومتن البناومتن التصریف العزی: کلهم فی التصریف للعلامه ابي الفضائل ابراهیم بن عبدالوهاب الجرجانیؒ........ /۳۰

یارب الکرام وشوق الفیاض

شجرۂ مبارکہ حضرات چشتیہ صابریہ قدس اللہ اسرارہم وافاض علینا برکاتہم وفیوضہم ونفعنا بصحبتہم وبہم شفاعتہم وکراماتہم آمین یا اللہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

سبحانک اللہم وبحمدک اسئلک باسمک اللہ الاعظم …… | وبجاہ سیدنا محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ……

وبجاہ سیدنا علی بن ابی طالب …… رضی اللہ عنہ | وبجاہ سیدنا امام حسن بصری …… رضی اللہ عنہ

وبجاہ سیدنا عبد الواحد بن زید …… رضی اللہ عنہ | وبجاہ سیدنا فضیل بن عیاض …… رضی اللہ عنہ

وبجاہ سیدنا سلطان ابراہیم بن ادہم …… رضی اللہ عنہ | وبجاہ سیدنا حذیفہ مرعشی …… رضی اللہ عنہ

وبجاہ سیدنا ابو ہبیرۃ البصری …… رضی اللہ عنہ | وبجاہ سیدنا ممشاد علو دینوری …… رضی اللہ عنہ

وبجاہ سیدنا ابو اسحاق شامی …… رضی اللہ عنہ | وبجاہ سیدنا ابی احمد ابدال چشتی …… رضی اللہ عنہ

وبجاہ سیدنا ابو محمد محترم …… رضی اللہ عنہ | وبجاہ سیدنا ابو یوسف چشتی …… رضی اللہ عنہ

وبجاہ سیدنا مودود چشتی …… رضی اللہ عنہ | وبجاہ سیدنا حاجی شریف زندنی …… رضی اللہ عنہ

وبجاہ سیدنا عثمان ہارونی …… رضی اللہ عنہ | وبجاہ سیدنا امام الطریقۃ معین الدین حسن سجزی …… رضی اللہ عنہ

وبجاہ سیدنا قطب الدین بختیار کاکے …… رضی اللہ عنہ | وبجاہ سیدنا فرید الدین شکر گنج …… رضی اللہ عنہ

وبجاہ سیدنا مخدوم علاؤ الدین صابر …… رضی اللہ عنہ | وبجاہ سیدنا شمس الدین ترک پانی پتی …… رضی اللہ عنہ

وبجاہ سیدنا جلال الدین پانی پتی …… رضی اللہ عنہ | وبجاہ سیدنا عبد الحق ردولوی …… رضی اللہ عنہ

وبجاہ سیدنا شیخ احمد ردولوی …… رضی اللہ عنہ | وبجاہ سیدنا شیخ محمد ردولوی …… رضی اللہ عنہ

وبجاہ سیدنا قطب العالم عبد القدوس گنگوہی …… رضی اللہ عنہ | وبجاہ سیدنا جلال الدین تھانیسری …… رضی اللہ عنہ

وبجاہ سیدنا نظام الدین بلخی …… رضی اللہ عنہ | وبجاہ سیدنا ابو سعید گنگوہی …… رضی اللہ عنہ

وبجاہ سیدنا شیخ محب اللہ الہ آبادی …… رضی اللہ عنہ | وبجاہ سیدنا شاہ محمدی …… رضی اللہ عنہ

وبجاہ سیدنا شاہ محمد مکی …… رضی اللہ عنہ | وبجاہ سیدنا شاہ عضد الدین …… رضی اللہ عنہ

وبجاہ سیدنا عبد الہادی امروہی …… رضی اللہ عنہ | وبجاہ سیدنا عبد الباری امروہی …… رضی اللہ عنہ

وبجاہ سیدنا الحاج عبد الرحیم شہید ولایتی …… رضی اللہ عنہ | وبجاہ سیدنا ومولانا وہادینا میانجی شاہ نور محمد جھنجھانوی …… رضی اللہ عنہ

ارحم العبد الضعیف فقیر امداد اللہ چشتی

والاخ العزیز حبیب حسن وارزقہما محبتک ومعرفتک وحظا وافرا من برکاتہم وکمالاتہم وزدہما ذوقا وشوقا الی لقائک یا ارحم الراحمین

وصلی اللہ تعالی علی سیدنا محمد وعلی آلہ واصحابہ وبارک وسلم

شاہا ز کرم برمن درویش نگر
بر حال من خستۂ دلریش نگر
ہرچند نیم لایق بخشایش تو
برمن منگر بر کرم خویش نگر

قد طبع فی المطبع المجتبائی بمکۃ المعظمۃ زادہا اللہ
شرفا وتعظیما

حضرت مولانا قدیر بخش بدایونیؒ

مولانا قدیر بخش بن حافظ بخش بدایونیؒ ایک علمی خانوادہ کے چشم و چراغ تھے دراز ہاتھ اور دراز قد تھے، شریفوں کا پہناوا شیروانی میں ملبوس رہتے تھے۔ ان کے والد مولانا عبد المقتدر بدایونیؒ کے شاگرد تھے، مولانا قدیر بخش بدایونی نے تکمیل علوم کے بعد شمس العلوم بدایون میں ۱۹۱۲ء سے ۱۹۲۳ء تک معقولات و منقولات بڑھائیں، جب کے مسلمانوں میں اس زمانہ میں عربی لکھنے پڑھنے والے طالبعلم بہت کم ہوتے تھے مولانا ہدایت علی رام پوریؒ نے ان کا تقرر جون ۱۹۲۴ء سے مدرسہ تعلیم الاسلام میں پچاس روپے ماہوار پر کیا (۱)، ۱۹۵۴ء تک یہاں پڑھایا، اور افتاء کی خدمت انجام دی، استعداد اچھی تھی ہر کتاب پڑھایا کرتے تھے، مرنجان مرنج بزرگ تھے، انہیں عزت واحترام سے دیکھا جاتا تھا، بدایون مکتب خیال کے تھے، لیکن داعی نہیں تھے، یہی وجہ ہے کہ ان کے زمانے میں جے پور میں کبھی مذھبی خلفشار نہیں ہوا، اہلحدیث ضرور اپنے مذہب کی طرف دعوت دیتے تھے، حقیقت الفقہ ان کی علمی سرگرمی کی معراج تھی، مؤلف کتاب براہ راست عربی کتابوں سے استفادہ سے قاصر تھے، اردو ترجموں سے نقل کر کے لکھتے رہتے تھے، اور مولانا نعمانی ان کی سرکوبی کرتے رہتے تھے۔

مولانا نے ۶۵ برس پڑھایا، اور ۲۶ برس جے پور میں افتاء کی خدمت انجام دی، اور یہ مفتی اعظم راجستھان تھے، پھر پاکستان میں حیدر آباد سندھ آئے، یہیں انتقال ہوا، اور یہیں مدفون ہیں۔

تقرر نامہ کا عکس ملاحظہ فرمائیں۔

---

(۱) مولانا رامپوریؒ نے مولانا قدیر بخش کو جو تنخواہ کا مراسلہ تحریر کیا ہے اس میں انہیں ضیاء العلماء کے نام سے یاد کیا ہے۔

مراسلہ از دفتر دار العلوم شمس العلوم بدایوں (یوپی)

نشان مراسلہ ...872......

مورخہ ۱۱- اکتوبر سنہ ۱۹۲۳ء

بخدمت جناب مولانا مولوی مفتی محمد قدیر بخش صاحب مدرس دوم مدرسہ شمس العلوم بدایوں

منجانب مہتمم صاحب مدرسہ شمس العلوم بدایوں

عنوان: منظوری رخصت بغرض روانگی جے پور اور صداقت نامہ کارگزاری

جناب مکرم۔ السلام علیکم

آپ کی رخصت مسند عیہ امسال بغرض روانگی جے پور منظور کی جاتی ہے، نیز یہ کہ آپ نے سنہ ۱۹۱۲ء سے سنہ ۱۹۲۳ء تک مدرسہ کی جو شاندار خدمات انجام دی ہیں اور جس محنت سے جملہ فنون معقولات و منقولات و مذہبیات متوسطات و منتہیات کی تعلیم دی ہے اُس پر آپ کا شکریہ ادا کیا جاتا ہے۔

نیز یہ اعتراف ہو کہ آپ نے اپنے فرائض کو نہایت خوش اسلوبی و قابلیت سے ادا کیا اور کبھی طلبہ کو کبھی شکایت کا موقعہ نہ دیا۔

میں امید کرتا ہوں کہ آپ واپسی پر پھر اپنے قدیم مدرسہ کو عزت بخشیں گے۔

دستخط مہتمم دار العلوم

[illegible]

بسم اللہ الرحمن الرحیم

فضیلت پناہ لیاقت دستگاہ ضیاء العلما مولوی قدیر بخش ولد مولوی حافظ بخش زاد علمہ وفضلہ

آپ کا تقرر مدرسہ تعلیم الاسلام سوائی جے پور مین تاریخ ۱۷ ذیقعدہ سنہ ۱۳۴۲ ہجری مطابق یوم شنبہ
مطابق ۲۱ جون سنہ ۱۹۲۴ عیسوی سے بحیثیت صدر المدرسین ومعلم علوم عربیہ بمشاہرہ (۵۰)
پچاس روپیہ ماہوار سکہ کلدار کیا گیا ہے۔ مدرسہ بلا کسی خاص ایسی شکایت کے جس سے تعلیمی یا انتظامی
معاملات مین خرابی واقع ہو آپکو کم از کم ایک سال تک علحدہ نہین کریگا۔ اور آپ بھی اس
میعاد مقررہ سے قبل بشرطیکہ آپ کے ساتھہ خلاف ورزی معاہدہ مدرسہ کیطرف سے ظہور
مین نہ آئے ملازمت مدرسہ سے علحدگی اختیار نہ کرسکین گے۔ اس مدت معہودہ کے بعد اگر آپ
مستعفی ہونا چاہین گے تو تین ماہ قبل مہتمم مدرسہ کو اطلاع دینی ہوگی۔
امید ہے کہ آپ اپنا کار متعلقہ دیانت داری اور مستعدی سے انجام دیتے رہین گے لھذا
یہ پروانہ تقرری آپکو دیا جاتا ہے۔ سنداً اپنے پاس رکھین۔ فقط۔

دستخط مہتمم مدرسہ تعلیم الاسلام جے پور

خادم

فرامینِ نبوی
ترجمہ و شرح
مکاتیبُ النبی ﷺ
تالیف
محدث ابو جعفر دیبلی المتوفی ۳۲۲ھ
از
پروفیسر ڈاکٹر محمد عبدالشہید نعمانی
(چیئرمین شعبہ عربی، جامعہ کراچی)
امام ابو حنیفہ رحمہ اللہ
کی
تابعیت
اور
صحابہ رضی اللہ عنہم سے ان کی روایت
از
پروفیسر ڈاکٹر محمد عبدالشہید نعمانی
(چیئرمین شعبہ عربی، جامعہ کراچی)
ناصبیت
تحقیق کے بھیس میں
محمود احمد عباسی کے تازہ اٹھائے
ہوئے فتنہ کا علمی اور تحقیقی جائزہ
از
محقق العصر مولانا محمد عبدالرشید نعمانی مدظلہ
اکابر صحابہ
اور
شہداء کربلا پر افتراء
حضرت علی رضی اللہ عنہ اور قصاصِ عثمان رضی اللہ عنہ
تاریخِ اسلام کے ایک نہایت اہم اور نازک مسئلے کا علمی و تحقیقی جائزہ
تالیف
محقق العصر شیخ الحدیث
مولانا محمد عبدالرشید نعمانی مدظلہ العالی
یزید کی شخصیت
اہلِ سنت کی نظر میں
ناصبیوں کے ۱۲ شبہات کے جوابات
از
مولانا محمد عبدالرشید نعمانی رحمۃ اللہ علیہ
الصِلاتُ والبُشَر
في الصّلاةِ على خيرِ البَشَر
تاليف
الإمام شيخ الإسلام مجد الدين محمد بن يعقوب
الفيروزآبادي (صاحب القاموس) المتوفى ۸۱۷ھ
حققه وعلق عليه
محمد نور الدين عبد بان الجزائري
تذکرۃ المحدثین
حصہ اول
اس میں دوسری صدی ہجری کے آخر سے چوتھی صدی ہجری کے اوائل
تک کے مشہور اور صاحبِ تصنیف محدثین کرام کے حالات و سوانح اور
ان کی خدماتِ حدیث کی تفصیل بیان کی گئی ہے
حصہ دوم
اس میں چوتھی صدی ہجری کے نصف آخر سے آٹھویں صدی ہجری کے اکثر
مشہور اور صاحبِ تصنیف محدثین کرام کے حالات و سوانح اور ان کی خدمات
کی تفصیل بیان کی گئی ہے
مرتبہ
مولانا ضیاء الدین صاحب اصلاحی
المدخل
فی اصول الحدیث
تالیف الامام الحاکم ابی عبد اللہ محمد بن عبد اللہ الحافظ
البیع النیسابوری المتوفی سنۃ ۴۰۵
رحمہ اللہ تعالی
تبصرہ بر
المدخل فی اصول الحدیث للحاکم النیشاپوری
جو علمِ اصولِ حدیث کی بہت سی نادر اور قیمتی معلومات پر مشتمل ہے
از
محقق العصر مولانا محمد عبدالرشید نعمانی رحمۃ اللہ علیہ
مطبوعات: الرحیم اکیڈمی اے ۷/۱۷ اکرام آباد، لیاقت آباد، کراچی موبائل: ۰۳۲۲-۲۸۶۷۴۸۰